رسول، جمہور علماء کے نزدیک وہ ہے جو کتاب یا شریعتِ جدیدہ رکھتا ہو۔ یا شریعتِ قدیمہ کے ساتھ قوم جدید کی جانب مبعوث کیا گیا ہو۔ جیسا کہ حضرت اسماعیل علیہ السّلام قبیلہ بنو جرہم کی جانب مبعوث ہوئے۔ اور نبی وہ ہے جو صاحب وحی ہو۔ خواہ کتاب جدید یا شریعتِ جدیدہ یا قوم جدید رکھتا ہو یا نہ رکھتا ہو۔ رسول اور نبی کے درمیان عموم و خصوص کی نسبت کے اس آیت کریمہ سے مستفاد ہونے کی وجہ یہ ہے کہ اگر دونوں کے درمیان تساوی کی نسبت ہوتی تو یہاں ضمیر لوٹانے کا موقعہ تھا، نہ کہ اسم ظاہر لانے کا۔ اندریں صورت خاتم النبیین کے بجائے خاتمھم فرمایا جاتا۔ اور خاتم النّبیّین میں جو اسم ظاہر لائے وہ اسی نکتہ کے لیے لائے تاکہ کلمہ عموم سے ہر قسم کی نبوت کا اختتام سمجھا جائے۔ اور آپؐ کے بعد نبوّت کے بالکلیہ منقطع ہونے کی صاف صاف تصریح ہو جائے۔ پس یہ طرز نبی کے عموم اور رسول کے خصوص پر دلالت کرتا ہے۔ اور معلوم ہے کہ یہ عام، خاص کے بغیر اسی صورت میں پایا جاتا ہے جبکہ وحی تو ہو مگر بغیر کتاب یا شریعتِ جدیدہ کے، اسی مادۂ افتراق کی خاطر عنوان کو ضمیر لانے کے بجائے اسم ظاہر کی طرف تبدیل فرمایا۔ پس اس نکتۂ جزیلہ کو سمجھ لینے کے بعد معلوم ہوگا کہ یہ آیت کریمہ جس طرح نبوتِ تشریعیہ کے انقطاع پر نصِّ قطعی ہے اس سے کہیں بڑھ کر نبوت غیر تشریعیہ کے انقطاع پر نصِ قطعی ہے۔ اس لیے کہ ضمیر لانے کے بجائے اسم ظاہر اسی مقصد کے لیے واقع ہوا ہے کہ لفظِ 'خاتم النبیین' سے ہر قسم کی نبوتِ عامہ کے منقطع ہونے کی صراحت کر دی جائے۔ اس ملحد کو قلّتِ علم اور کثرتِ جہل کی بناء پر اس کی درایت نہ ہو سکی۔ والحمد للّٰہ الذی عافانا مما ابتلاہ بہ۔

ؑ حضرت شاہ عبدالقادرؒ 'موضح القرآن' سورۂ مریم میں فرماتے ہیں: "رسول وہ ہے جو کتاب رکھتا ہو یا امت"۔ لور محمد عفی عنہ

۱۹۔۔۔۔اور خاتم الانبیاءؐ انبیاء کرام کی اس تعداد کو جو اُن کے شخصی تغایر پر مبنی ہے ختم کرنے کی وجہ سے خاتم الانبیاء ہیں، نہ کہ کسی اور لحاظ سے، اور جس طرح کہ بالغ مردوں کے حق میں آپؐ کی ابوت ہر اعتبار سے منقطع ہے، اور تبنّی بھی باطل ہوئی، اسی طرح اُمّت سے بالغ مردوں میں نبوت کی بھی کوئی قسم باقی نہیں رہی اور نہ اس کا باقی رہنا مقدّر ہوا اور اس کا توارث اور استفادہ بھی باقی نہ رہا۔ البتّہ اس کے بدل میں آپؐ کی شخصی نبوت دائم قائم ہے، کیونکہ موصوف خود موجود ہے، جیساکہ حدیث میں آتا ہے کہ "انبیاء کرام اپنی قبروں میں زندہ ہیں، نماز پڑھتے ہیں"[1] اور اسی بناء پر اس سورت میں فرمایا: وَاَزْوَاجُهٗٓ اُمَّهٰتُهُمْ[2] پس دیگر تمام تعلقات کو باقی رکھا، مگر سلسلۂ نبوّت کو باقی نہیں رکھا۔

۲۰۔۔۔۔اور حاصل آیت کا مع لحاظ قصّۂ تبنّی کے یہ ہے کہ تم لوگ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم سے سلسلۂ ابوت کو جاری سمجھتے ہو، جو کہ اجرائے نبوت کے مناسب ہے، اس کے برعکس ہماری تقدیر میں آپؐ کے ذریعہ اجرائے نبوت نہیں، بلکہ آپؐ پر نبوّت کا اختتام مقدّر ہے، پس اسی وجہ سے لفظِ ابوت کو ذکر کیا، نہ کہ لفظ تبنّی کو۔ حالانکہ نزولِ آیت کے وقت آپ کا کوئی فرزند موجود ہی نہ تھا، پس لفظ تبنّی کا ترک کرنا اسی نکتہ کے لیے ہے ورنہ بظاہر حقِ مقام یہ تھا کہ ابوت کو نہیں بلکہ تبنّی کو باطل کیا جاتا۔

۲۱۔۔۔۔اور شاید ارشادِ نبوی: "ہم میراث نہیں چھوڑتے ہیں جو کچھ ہم چھوڑ جائیں وہ صدقہ ہے"[3] اسی آیت کریمہ سے ماخوذ ہے یعنی نہ تو مال کی وراثت جاری ہوگی اور نہ نبوت کی، جو کہ باپ سے بیٹے کو میسّر ہوا کرتی ہے، چنانچہ آیت کریمہ: يَّرِثُنِيْ وَيَرِثُ مِنْ اٰلِ يَعْقُوْبَ[4] اور آیت وَوَرِثَ سُلَيْمٰنُ دَاوٗدَ[5] میں علماء نے دونوں احتمال لکھے ہیں، گویا فرمایا گیا ہے کہ یہاں دونوں وراثتیں نہیں، بلکہ ایک ہی رسالت اور ختم نبوّت ہے جو تا قیامت ایک ہی رہے گی۔ ہمیشہ اسی کے سایۂ عاطفت میں نفع اندوز ہوا اور اجرائے وراثت کا انتظار مت رکھو۔

۲۲۔۔۔۔اور شاید اسی تناسب سے حضرت علیؓ کے حق میں فرمایا کہ "تم مجھ سے وہی تعلق رکھتے

---

۱ فتح الباری ص ۳۵۲ ج ۶ مجمع الزوائد ص ۲۱۱ ج ۸ ۲ الاحزاب: ۶ ۳ مشکوٰۃ ص ۵۵۰ ۴ مریم ۶

۵ النمل: ۱۶

ہو جو ہارونؑ کو موسیٰؑ سے تھا۔ مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں۔" کیونکہ منشاء استثناء ذاتِ علیؓ کو ذاتِ ہارونؑ سے تشبیہ دینا نہیں ہے، اس لیے کہ حدیث کے لفظ یہ نہیں کہ "تم بمنزلہ ہارون کے ہو" بلکہ یہ ہیں کہ "تم مجھ سے وہی علاقہ رکھتے ہو جو ہارونؑ کو موسیٰؑ سے تھا" یعنی ایک تعلق کی تشبیہ دوسرے تعلق کے ساتھ ہے۔ مطلب یہ ہے کہ جس طرح موسیٰ علیہ السلام نے ہارون علیہ السلام کو مانگ کر لیا تھا میں نے بھی تجھ کو مانگ کر لیا ہے۔ لیکن اس اخوت سے نبوت بطور ورثہ کے حاصل نہیں ہوگی، اور خصائص صہ۲۴۹ج۲ میں طبرانی کی روایت سے یہ الفاظ نقل کیے ہیں "مگر یہ کہ نہ نبوت ہے نہ وراثت"

۲۳——— اثباتِ ابوت سے وراثت نبوی جاری ہونے کا وہم ہو سکتا تھا، اور جب آیت کریمہ میں ابوت کی نفی کر دی گئی تو استدراک ختم نبوت کے ساتھ مناسب ہوا اور ظاہر ہے کہ حضرت علیؓ کی نبوت مقدر ہوتی تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی اتباع میں ہی ہوتی، لیکن وہ بھی مقدر نہ ہوئی۔ پس نبوت کی اس قسم کا نکالنا ہی خالص الحاد ہے اور محض اپنی خواہش نفسانی کو پورا کرنے کے لیے ہے اور بس۔

۲۴——— اور جب کسی کام کا صاحب اختیار مالک خود ہی فیصلہ کر دے کہ فلاں سلسلہ، جو فلاں حد سے شروع ہوا تھا، ہم اسے فلاں حد پر ختم کر دیں گے۔ اب اگر کوئی شخص اس مقررہ حد کے بعد بھی تاویل و تحریف کے ذریعہ اس سلسلہ کا جاری رہنا تجویز کرتا ہے تو اس کے معنیٰ یہ ہوئے کہ وہ اس مالک مختار سے معارضہ اور مقابلہ کرتا ہے اور اس کے کلام کا مذاق اڑاتا ہے، کیونکہ صاحب امر تو اس سلسلہ کے بقاء کی مدت بیان کر کے اس کی آخری حد مقرر کرتا ہے، اور یہ سرکش خود اسی کے رُو برو اس کے کلام کے ایسے خود تراشیدہ معنیٰ بیان کرتا ہے جو اس کے مقصود و مدّعا کی عین ضد ہیں

۲۵——— پس (ارشادِ خداوندی کے مطابق) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے قبل کا زمانہ اجرائے نبوت کا دور تھا (اس لیے انبیاء کرامؑ یکے بعد دیگرے تشریف لاتے رہے) اور خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم پر وہ دور ختم ہو چکا اور زمانہ آخر تک آپؐ کی نبوت کے ذیل میں شامل ہو گیا۔ (الغرض جب نبوت محض عطیۂ الٰہی ہے اور اللہ تعالیٰ[1] خود اعلان

---

[1] مشکوٰۃ ص ۵۶۳ بحوالہ بخاری و مسلم

کر چکا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر سلسلۂ نبوت ختم کیا جاتا ہے، آپؐ کے بعد کوئی شخص اس منصب پر فائز نہیں ہوگا، اس صریح اعلان کے بعد بھی جو شخص اجرائے نبوت کا مدعی ہے وہ گویا اللہ تعالیٰ سے مناقشہ کرتا ہے کہ نبوت کی فلاں قسم تو ابھی باقی تھی (نعوذ باللہ) آپ نے غلط فہمی سے مطلقاً ختم نبوت کا اعلان کر دیا۔ لیکن سوال تو یہ ہے کہ کسی کام کے ختم کرنے میں صاحبِ اختیار کے ساتھ مناقشہ کیوں؟ آخر وہ کس وقت ختم کرتا ؟ (اور کس کے مشورے سے کرتا) جب مالک مختار اور حکیم مطلق کی جانب سے سلسلۂ نبوت کے بالکلیہ اختتام کا اعلان ہو چکا تو) اس کے بعد یہ سوال کرنا (کہ نبوت کیوں ختم ہو گئی؟ اور یہ کہنا کہ وہ دین تو لعنتی دین ہے جس میں نبوت کا سلسلہ جاری نہ ہو) یہ ٹھیک اسی طرح کی کٹ حجتی ہے جو حدیث میں مذکور ہے کہ "لوگ ہر بات میں بیہودہ سوالات کیا کریں گے۔ یہاں تک کہ کہا جائے گا کہ ساری چیزیں تو اللہ تعالیٰ نے پیدا کی ہیں، اللہ تعالیٰ کو کس نے پیدا کیا؟"[1] لا حول ولا قوۃ الا باللہ۔

۲۶ —— اور کسی کام کی انتہا کبھی تو فقدانِ قابل کے سبب ہوتی ہے (کہ اب کوئی ایسا آدمی ہی میسر نہیں آتا جو اس کام کو کرنے کی صحیح اہلیت رکھتا ہو، اس لیے مجبوراً وہ کام بند کر دینا پڑتا ہے، اور) یہ نقص ہے۔ اور کبھی کسی کام کی انتہا بسبب ارادۂ فاعل کے ہوتی ہے کہ وہ اس کام کو نقطۂ کمال تک پہنچا کر ختم کر دینا چاہتا ہے اور یہ (نقص نہیں بلکہ عین) کمال ہے۔ (چنانچہ ختم نبوت کے مسئلہ میں یہی دوسری صورت پیش آئی ہے کہ نبوت کو اس کی معراجِ کمال تک پہنچا کر اسے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذاتِ عالی پر ختم کر دیا گیا۔)

۲۷ —— حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کا ارشاد ہے کہ "آپؐ کو خاتم الانبیاء کہو مگر یہ نہ کہو کہ آپؐ کے بعد کوئی نبی نہیں"[2] (اس سے قادیانی گروہ نے استدلال کیا ہے کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی اللہ عنہا کے نزدیک آیت خاتم النبیین اجرائے نبوت کے خلاف نہیں۔ مگر اس سے یہ استدلال کرنا قادیانی ملاحدہ کی کج فہمی ہے۔ کیونکہ اول تو یہ قول بلا سند ہے، جو لائق اعتبار نہیں، بالفرض اس کو تسلیم بھی کر لیا جائے تو اس کے دو صحیح محمل ہو سکتے ہیں

---

[1] مشکوٰۃ ص ۱۸ بحوالہ بخاری و مسلم [2] درّ منثور ص ۲۰۴ ج ۵

ایک) احتمال یہ ہے کہ انھوں نے یہ ارشاد اس وہم کو رفع کرنے کے لیے فرمایا ہو کہ آپؐ کے بعد معاذ اللہ آپؐ کی نبوت کا قصہ بھی ختم ہوا، اور اب اس کا حکم بھی باقی نہیں رہا۔ یا یہ کہ آپؐ کے بعد کا زمانہ، زمانۂ فترت کی مانند ہو گیا۔ (اس خیال باطل کی تردید کے لیے فرمایا کہ یہ تو صحیح ہے کہ آپؐ خاتم النبیین یعنی آخری نبی ہیں آپؐ پر سلسلۂ نبوت ختم کر دیا گیا، اب کوئی شخص منصبِ نبوت پر فائز نہیں ہوگا، مگر اس سے یہ نہ سمجھا جائے کہ آپؐ کا دورِ نبوت بس آپؐ کی زندگی تک ہی محدود تھا، اور زمانۂ مابعد کے لیے نہ کوئی نبی ہے، نہ کسی نبوت کا حکم باقی ہے۔ نہیں! بلکہ خاتم النبیینؐ کی نبوت کا حکم تاقیامت جاری و ساری رہے گا) جیسا کہ یہ بھی احتمال ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تشریف آوری کے پیش نظر فرمایا ہو (یعنی خاتم الانبیاء کا مطلب یہ ہے کہ آپؐ کے بعد کوئی شخص منصبِ نبوت پر فائز نہیں ہوگا۔ یہ نہیں کہ آپؐ سے قبل کے تمام نبی مر چکے ہیں اور اب کوئی سابق نبی بھی نہیں آئے گا۔ بہرحال حضرت صدیقہؓ کے ارشاد سے قادیانی گروہ کا اجرائے نبوت پر استدلال کرنا حمق و غباوت ہے)

۲۸ ——— شاگرد کا استاذ کے علم کو سیکھ لینا اور اپنی فطری استعداد کے مطابق اس سے کمالات کا استفادہ کرنا اہل جہان کی عادت ہے، اسی طرح مرید کا مُرشد سے استفادہ کرنا بھی موجود و معلوم ہے، لیکن یہ صورت کہ کسی شخص میں نبوت منعکس ہو جائے اور صحبت و ریاضت اور کمالِ اتباع کی بدولت اسے مقام نبوت حاصل ہو جائے، یہ ایک لایعنی دعویٰ ہے جس سے دین سماوی کی پوری تاریخ ناآشنا ہے، محض لفاظی ہے جو مفہوم و معنیٰ سے عاری ہے، خالی عنوان جس کے تحت کوئی مُعنوَن نہیں اور نہ اس پر کوئی واقعی حکم مرتب ہو سکتا ہے، اس کی مثال ایسی سمجھئے کہ ایک شخص دعویٰ کرتا ہے کہ وہ بادشاہ کا ظل و بروز ہے اور ——— اس "بروزی اتحاد" کی وجہ سے اسے بادشاہ کا نام و مقام حاصل ہو گیا ہے (لہٰذا شاہی محلات اور حشم و خدم اب اس کے زیرِ تصرف ہیں اور ملک کا تمام نظم و نسق اب بادشاہ کے بجائے اس کے سپرد ہے ظاہر ہے کہ ایسا شخص واقعتاً بادشاہ کا مُحب و عاشق نہیں کہلائیگا، بلکہ اسے سرکش، غدار اور باغی

تصور کیا جائے گا، اور) وہ سزائے بغاوت کا مستحق ہوگا اور اپنے کیفرِ کردار کو پہنچ کر رہے گا۔ (ٹھیک اسی طرح جو شخص آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے ظلّی اتحاد کا دعویٰ کر کے نبوت کے نام و مقام اور حقوق کو اپنی طرف منسوب کر کے یہ کہے اب میں محمد رسول اللہ ہوں، رحمۃ للعالمین ہوں، اور تمام دنیا کی نجات آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی کے بجائے اب میری اتباع میں منحصر ہے۔ ایسا شخص اگر پاگل اور دیوانہ نہیں تو اسلام کا غدار اور محمدؐ صلی اللہ علیہ وسلم کا باغی ہے اور وہ جرمِ بغاوت و ارتداد کی بناء پر قتل کا مستحق ہے)

۲۹۔۔۔۔ اور معلوم رہے کہ حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم سے استفادہ کے ذریعہ نبوت کا جاری ہونا اس آیت کریمہ میں عربیت کے لحاظ سے بھی باطل ہے۔۔۔۔ کیونکہ حرف لکنؔ "قصر قلب" کے لیے آتا ہے اور اس کا مابعد، ما قبل کے بدل میں واقع ہوتا ہے، اور وہ دونوں جمع نہیں ہو سکتے۔ بلکہ ان دونوں کے درمیان تبادل اور تنازع شرط ہے تاکہ بدل اور مُبدَل منہ جمع نہ ہو جائیں۔ جیسا کہ کتب نحو و معانی میں تفصیل سے ذکر کیا گیا ہے۔۔۔ آیت کریمہ میں 'لکن' سے ما قبل ابوت کی نفی ہے اور 'لکن' کے بعد ختم نبوت کا اثبات ہے، اور اہل فہم پر مخفی نہیں کہ ابوت اور ختم نُبوّت کے درمیان بلا واسطہ کوئی تنافع نہیں کہ مؤخر الذکر، اوّل الذکر کے بدل میں واقع ہو سکے اور 'لکن' کے استعمال کی شرط پوری ہو جائے، بلکہ دونوں جمع ہو سکتے ہیں۔ پس آیت کی تفسیر وہی ہے جو ہم اوپر ذکر کر چکے ہیں۔ یعنی ابوت سے اجرائے نبوت کا وہم ہو سکتا تھا، اس لیے ابوت کی نفی کر کے اس کے بدل میں ختم نبوت کو رکھا گیا۔ کیونکہ سُنّتِ سابقہ کے مطابق بقائے ابوت اور ختم نبوت کے درمیان ایک طرح کا تدافع تھا خوب سمجھ لو۔

۳۰۔۔۔۔ نبوت درحقیقت انبیاء کرامؑ کی تکمیل ذات کے لیے نہیں ہوتی، کیونکہ تکمیلِ ذات تو ولایت ہے جو نبوت کا ایک ذیلی شعبہ ہے۔ بلکہ نبوت یا تو تشریع کے لیے ہوتی ہے یا شریعت کی حفاظت و بقاء اور اُمّت کی سیاست و نگہداشت کے لیے (یہ نکتہ ملحوظ رکھ کر غور کرو گے تو معلوم ہوگا کہ حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم

کے بعد نبوت کی ضرورت ہی ختم ہو چکی، کیونکہ) یہاں شریعت خود اوج کمال تک پہنچ چکی ہے (چنانچہ اعلان فرما دیا گیا: اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ (المائدہ: ۳) اور شریعت کی بقاء وحفاظت کی کفالت خود حضرت حق جلّ شانہٗ نے اپنے ذمہ لے رکھی ہے۔ چنانچہ ارشاد ہے: اِنَّا نَحْنُ نَزَّلْنَا الذِّکْرَ وَ اِنَّا لَہٗ لَحَافِظُوْنَ (الحجر: ۹) لہٰذا اب نہ تشریع کے لیے اجرائے نبوّت کی ضرورت رہی، نہ شریعت کی حفاظت کے لیے۔ چنانچہ تم دیکھتے ہو کہ واقعہ میں بھی وہ محفوظ ہے۔ (رہی سیاست امت، تو وہ خلفاء کے سپرد ہو چکی ہے) اور تکمیل نفسی کا شعبۂ ولایت (جو اولیاء اُمّت کے سپرد کیا جا چکا۔ الغرض آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کے بعد کوئی منصب ایسا باقی نہ رہا جس کے لیے کسی نئے نبی کی ضرورت ہو۔)

۳۱ــــــ اور شاید لفظِ 'ختم' کا استعمال عرفِ لغت میں اشخاص کے ساتھ زیادہ مناسب ہے اور لفظِ 'انقطاع'، وصفِ رسالت و نبوت کے ساتھ انسب ہے، نہ کہ اشخاص کے ساتھ۔ لفظِ 'ختم' ما قبل کے امتداد کو چاہتا ہے اور یہ امر 'انقطاع' کے مفہوم میں معتبر نہیں۔ پس قرآن نے فرمایا کہ (وہ) اشخاص (جنہیں نبی کہا جاتا ہے) ختم ہو لیے (اور ان کی فہرست مکمل ہو گئی) اور حدیث نے بتلایا کہ یہ عُہدہ ہی باقی نہیں رہا، یا یوں کہو کہ یہ منصب بند کر دیا گیا (چنانچہ ارشاد نبوی ہے:

اِنَّ الرِّسَالَۃَ وَالنُّبُوَّۃَ قَدِ انْقَطَعَتْ	بیشک رسالت و نبوت منقطع ہو چکی،
فَلَا رَسُوْلَ بَعْدِیْ وَلَا نَبِیَّ (ترمذی)	پس میرے بعد نہ کوئی رسول ہوگا نہ نبی)

۳۲ــــــ عالم کی موجودہ صورت نہ تو ابتداء ہی سے کامل پیدا کی گئی ہے اور نہ تماثلِ ادوار واکوار سے ظہور پذیر ہوئی، بلکہ بطور تربیت تمہید سے مقصود کی جانب ترقی ہوتی رہی، جیسا کہ جواہر و احجار، نباتات و اشجار اور حیوانات و انسان میں مشاہد ہے۔ چونکہ مخلوق کا آغاز نفسِ واحدہ سے کیا گیا اور پھر اسے عروج و کمال تک پہنچایا گیا، تو اس سے معلوم ہوا کہ کامل ترین ذات حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلّم کو کامل ترین دَور ہی میں لایا جاتے گا، نہ کہ اس کے برعکس۔ اور جس طرح کہ عالم کی ابتداء آدمِ صوری و زمانی سے ہوئی ہے، نہ کہ کسی اعتباری و اضافی سے۔ اسی طرح انتہاء بھی ایسے خاتم پر ہونی چاہیے جو

ؔ الحجر: ۹

صورۃً و معنیً دونوں طرح کا خاتم ہو۔ یعنی اس کے بعد اصل نبوت اور کمالِ نبوت دونوں کا انقطاع ہو جائے، نہ کہ وہ فقط اضافی و معنوی خاتم ہو۔ اور یہی مُدّعا ہے حدیثِ عرباض بن ساریہؓ کا کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے ارشاد فرمایا: "میں اللہ تعالےٰ کے ہاں خاتم النبیینؐ لکھا ہوا تھا۔ جبکہ حضرت آدمؑ ہنوز آب و گل میں تھے"[1] مراد یہ کہ آغازِ کار ہی سے یہ امر ملحوظ تھا کہ سلسلۂ نبوت کا اختتام مجھ پر ہوگا، زمانہ کے اعتبار سے بھی اور کمال کے اعتبار سے بھی۔ اب اگر آپؐ کی خاتمیت کو حقیقی نہیں بلکہ اضافی فرض کریں تو آدم علیہ السلام سے تقابل فوت ہو جاتا ہے، اور حدیث بے ربط ہو جاتی ہے اور یہ مضمون احادیث میں بار بار آیا ہے۔

۳۳۔۔۔۔۔۔ اور مخفی نہ رہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے نبوت کے تمام دائرہ کو اور اس کے مقام و مسافت کو اوّل سے آخر تک طے فرمایا ہے۔ اور اسی بناء پر اوّل و آخر میں ظہور فرمایا، اور آپؐ اس تمام دَورہ پر حاوی ہوئے۔ اندریں صورت کسی شخص کا آپؐ کے بعد آنا۔ اگرچہ آپؐ سے استفادہ کے ذریعہ آئے۔ آپؐ کے حق میں ایک نقص ہے، گویا آپؐ بذاتِ خود اس مرحلہ کو طے نہیں کر سکے۔ اس نکتہ کو خوب سمجھ لینا چاہیے کہ یہ غبی شقی قادیانی اس سے محروم رہا ہے۔

۳۴۔۔۔۔۔۔ اور فتوحات کے باب ۳۸۷ میں اس نوعیت کے خواتم اور فواتح پر کچھ بحث کی ہے، اور ان خواتم کے زیرِ سیادت سابقین کو رکھا ہے، نہ کہ بعد میں ان سے استفادہ کرنے والوں کو، کیونکہ اس صورت میں ختم علی الاطلاق صادق نہیں رہتا۔

۳۵۔۔۔۔۔۔ اور یہ امر بھی قابلِ لحاظ ہے کہ منتہائے کمال اگر باعتبارِ لِمْ کے مبدا ہے تو باعتبارِ اِنْ کے مرتب اور مستنبد ہے، جو کہ مؤخّر ہوتا ہے، اور شاید قوسِ نزولی و عروجی میں، جو صوفیائے کرام کے یہاں مقرر ہے اور غالباً آیت کریمہ "یَتَنَزَّلُ الْاَمْرُ بَیْنَهُنَّ"[2] میں اور پھر "مِنَ اللّٰهِ ذِی الْمَعَارِجِ"[3] میں اسی کی جانب اشارہ ہے، اسی طرح ہوتا ہوگا۔ اور شاید اس قسم کے خواتم میں ختمِ معنوی یعنی ختم کمالات کی ظاہری صورت سُنّت اللہ میں یہی ختمِ زمانی ہوگی، کیونکہ ہر معنیٰ کے لیے ایک صورتِ مناسبہ ہوتی ہے، اسی طرح

---

[1] مشکوٰۃ ص ۵۱۳ بحوالہ شرح السنّۃ و مسند احمد [2] الطلاق: ۱۲ [3] المعارج ۳

ہر مرتبہ و منزلت بھی کسی مناسب صورت میں ہی جلوہ گر ہوتی ہے ــــ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کو چونکہ فاتح اور خاتم بنانا منظور تھا تو اس کی صورت یہی ہو سکتی تھی کہ آپ کو باعتبارِ علم کے مبدا قرار دیا جاتے اور باعتبارِ زمانہ کے سب سے آخر میں رکھا جاتے۔ مشہور اشراقی فلسفی شیخ شہاب الدین مقتول، تقدم و تاخر کی تمام اقسام کا مرجع تقدم و تاخرِ زمانی کو قرار دیتا ہے

۳۶ ــــ اور یہ امر بھی سمجھ لینا چاہیے کہ لفظ 'ختم' کے مدلول کا تعلق ما قبل سے ہے، نہ کہ ما بعد سے ــــ پس مدلولِ آیت کے مطابق آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کا جو تعلق انبیاء کرام سے ہے، وہ تمام تر خاتمیت کا تعلق ہے، اور یہ تعلق انبیاء سابقین سے ہے، نہ کہ بعد میں آنے والے نبیّوں سے۔ اور انبیاء سابقین کو آپؐ کی زیرِ سیادت رکھا گیا کیونکہ کسی پیشرو کا بعد میں آنے کی اتّباع کرنا مؤخر الذکر کی سیادت وکمال کو زیادہ واضح کرتا ہے بہ نسبت اس کے برعکس (کہ بعد میں آنے والے اپنے پیشرو کی اتّباع کیا ہی کرتے ہیں، الغرض انبیاء سابقین بمنزلہ رعیّت کے ہیں اور حضرت خاتم الانبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم بمنزلہ سلطان الانبیاء کے ہیں) اور قاعدے کی بات ہے کہ رعیّت کے پہلے سے موجود ہوتی ہے، تب سلطان ان کے بعد آتا ہے۔ جیسا کہ شبِ معراج میں انبیاء کرامؑ، بیت المقدس میں جمع ہونے کے بعد نماز کے لیے امام کے منتظر تھے۔ غرضیکہ جو چیز اجتماع کا مقتضا ہو وہ اجتماع کے بعد ہوتی ہے، نہ کہ اس سے قبل ــــ چنانچہ حضرت آدم علیہ السّلام کے قصّہ میں بھی یہی ہوا کہ سامان پہلے سے مہیّا کیا گیا، اور خلیفہ بعد میں لایا گیا۔

۳۷ ــــ اور[1] کسی شخصیّت پر کمال کا ختم ہو جانا اور مقصد کا اس پر پورا ہو جانا بذاتِ خود

---

[1] قادیانی یہ مغالطہ دیا کرتے ہیں کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کا 'نبی ساز' ہونا آپؐ کی بہت بڑی فضیلت ہے اور 'ختم نبوت' کو تسلیم کرنے سے یہ فضیلت فوت ہو جاتی ہے۔ آگے دور تک اسی مغالطہ پر بحث چلی گئی ہے کہ اول تو 'نبی ساز' کا افسانہ محض سخن سازی اور طبع کاری ہے۔ قرآن وحدیث میں کہیں اس کا ذکر نہیں، پھر آپ کی خاتمیت جو اعلیٰ درجہ کی فضیلت ہے، اس کے معارض ہے، اور اگر اس کو تسلیم بھی کر لیا جاتے تو آپؐ کا

اعلیٰ درجہ کی فضیلت سے ہے، جو نبی ساز ہونے کے مغالطہ سے معارض ہے۔ پس اگر ان دونوں فضیلتوں کو جمع کرنا ہو تو اس کی بس یہی صورت ہے کہ انبیاء سابقین کو آپؐ کے زیر سیادت رکھا جائے اور آپؐ کو ختم کنندۂ کمال یقین کیا جائے، کیونکہ آپؐ کے بعد بھی اگر نئے نبیوں کی آمد باقی ہو تو اس سے تو یہ ثابت ہوگا کہ (آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تشریف آوری سے بھی) مقصدِ نبوت ہنوز پورا نہیں ہو سکا۔ بلکہ تشنۂ تکمیل ہے (اس سے ہر فہیم سمجھ سکتا ہے کہ حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد سلسلۂ نبوت کا جاری رہنا آپ کی فضیلت و منقبت کو ظاہر نہیں کرتا بلکہ اس سے آپؐ کی تنقیص ہوتی ہے کہ سب سے اعلیٰ و افضل ہونے کے باوجود آپ مقاصدِ نبوت کی تکمیل نہیں کر سکے، تبھی تو مزید انبیاء کے بھیجنے کی ضرورت لاحق ہوتی۔)

۳۸ ــــــ مختصر یہ کہ انبیاءِ سابقین کے دور میں زمانہ چونکہ ممتد تھا۔ اس لیے انبیاء کرام کو تکمیل کار کے لیے یکے بعد دیگرے لایا جاتا رہا۔ اور جب عالم کی بساط لپیٹ دینے کا ارادہ فرمایا گیا تو نوبت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم تک پہنچی اور (چونکہ آپؐ کی آمد سے مقاصد نبوّت کی تکمیل ہو گئی اور کوئی حالتِ منتظرہ باقی نہ رہی، اس لیے) اس سلسلہ کو ختم فرما دیا اب یہ شبہ کرنا کہ (اگر آپؐ کے بعد نبوّت کا دروازہ بند ہو تو آپ کی) نبوت "نبی ساز" نہیں رہے گی، محض شیطانی وسوسہ اور سوفیانہ و احمقانہ قیاس آرائی ہے، اور براہ راست صاحبِ اختیار مالک الملک کے ساتھ مزاحمت ہے۔

۳۹ ــــــ اور اس کٹ حجتی کا آغاز سب سے پہلے ابلیس نے کیا تھا جس کی وراثت وہ اپنی ذرّیت کے لیے چھوڑ گیا ہے۔ حق تعالیٰ تو فرماتے ہیں کہ ہم نے حضرت خاتم الانبیاءؑ صلی اللہ علیہ وسلم کو "نبیوں کے ختم کرنے والا" بنایا ہے، اور یہ شقی (مرزا) کہتا ہے کہ آپؐ نبی تراشنے کے لیے تشریف لائے ہیں۔ حق تعالیٰ شانہٗ سے ایسا صریح مقابلہ و مناقضہ ابلیس نے کیا تھا جس کی وراثت اس شقی کو پہنچی ہے۔

(حاشیہ صفحہ گزشتہ) "نبی ساز" ہونا انبیا سابقین کے اعتبار سے ہے، اس میں دونوں باتیں جمع ہو جاتی ہیں۔ منہ

۴۰ ـــــ اور یہ شتی نبوّت کو قوّتِ مولّدہ پر ، جو ابقائے نوع کے لیے ہوتی ہے اور جو انواعِ متناسلہ میں پائی جاتی ہے ، قیاس کرتا ہے ۔ جبکہ حق تعالےٰ عہدۂ نبوّت ہی کے ختم ہونے کا اعلان فرماتے ہیں ، اور اس نوع ہی کو ختم کر رہے ہیں ـــــ واللہ یقول الحق وھو یھدی السبیل۔

۴۱ ـــــ پس حق تعالےٰ نے مجموعۂ شخص اکبر میں کہ مجموعۂ عالم ہے ، ایک خاص نظام ملحوظ رکھا ہے ، اور کمالِ عالم کو سرورِ کائنات صلّی اللہ علیہ وسلّم پر ختم فرما دیا ہے ۔ "کسی شئے کا مقصد ذہن میں سب سے اوّل ہوتا ہے اور وجود میں وہ سب کے بعد آتا ہے ۔" احقر نے ایک نعت میں کہا ہے : "اے ختم رسل ! آپؐ کی اُمّت سب سے بہتر اُمّت تھی ، اس لیے سب کے بعد وجود میں آئی ، جس طرح کہ درخت کا ثمرہ اصل مقصود ہوتا ہے اور فصل کے آخر میں وجود پذیر ہوتا ہے ۔"

۴۲ ـــــ اور جانتے ہو کہ جو کثرت کہ وحدت کی طرف راجع اور اس کے رشتہ میں منسلک نہ ہو وہ شیرازۂ منتشر کی طرح ہے ، جو رفتہ رفتہ فنا ہو جاتا ہے ۔ اور جس چیز میں جس قدر وحدت قوی تر ہوگی ۔ وہ اسی قدر زیادہ معزز ہوگی اور اس کی صورتِ نوعیّہ سب سے افضل تر ہوگی ۔ انسان کی روح ، پھر اس کے جسم ، پھر دیگر کائنات و موالید میں درجہ بدرجہ غور کرو ۔ کہ یہ بکھرے ہوئے سامان کی طرح نہیں ہیں اور نہ عناصر کی مانند ہیں ، جو کہ مادہ ہے ۔ اسی وجہ سے فلاسفہ کہتے ہیں کہ مادہ سے کثرت ہے اور صورت سے وحدت ۔

۴۳ ـــــ (حضرت خاتم الانبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم کی بعثت سے کتاب نبوت کی تمت تمام ہو چکی اور سلسلۂ نبوّت ایک خاص نظام کے مطابق پایۂ تکمیل کو پہنچ چکا ، اس کے بعد مرزا قادیانی کی یہ کج بحثی کہ "وہ دین ، لعنتی دین ہے جو نبی ساز نہ ہو" (فضلِ خداوندی پر اعتراض ہے ، اگر یہی منطق ہے تو نعوذ باللہ) گذشتہ اُمّتوں کو بھی اپنے نبیوں کے مقابلے میں یہ کہنے کا حق حاصل تھا کہ اس کی کیا وجہ ہے کہ تمہی لوگوں کو نبوّت کے لیے مخصوص و منتخب کیا گیا ؟ اور یہی معارضہ ابلیسِ لعین نے اللہ تعالیٰ سے

سے کیا تھا کہ امرِ خلافت کا مدار آپ کے انتخاب و اجتباء پر کیوں ہے؟ یہی کج بحثی بطورِ وراثت، ابلیس سے اس مدعی (قادیانی) کو پہنچی ہے۔

اور حقیقۃ الامر یہ ہے کہ جس طرح کہ پہلی اُمتیں انبیاءِ سابقین کے زیرِ سایہ زندگی بسر کرتی تھیں اور مشیّتِ الٰہیہ کے مطابق نبوّت کے علاوہ دیگر مراتبِ قرب حاصل کرتی تھیں اور اُمت کے کسی فرد کو یہ حق نہیں تھا کہ وہ انبیاءِ کرامؑ سے مقابلہ آرائی کرے اور نہ وہ اس معاملہ میں کٹ حجتی کر سکتا تھا (اسی طرح اُمتِ محمدیہ بھی قیامت تک آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی نبوت کے ظلِّ رحمت میں زندگی بسر کرے گی اور نبوّت کے علاوہ جس قدر مراتبِ قُرب، کسی کے حق میں اللہ تعالےٰ کو منظور ہیں انہیں حاصل کریگا لیکن اس کٹ حجتی کا کسی کو حق حاصل نہیں کہ کسی اُمتی کو مقامِ نبوت کیوں نہیں عطا کیا جاتا؟) پس جیسا کہ اُس نبی کی نسبت اُس زمانہ میں اپنی اُمت کے ساتھ تھی اسی طرح اب مشیّتِ الٰہیہ یہ ہے کہ وہی نسبتِ واحدہ آخیر زمانہ تک قائم رہے اور یہ تعلق پوری اُمّت کے ساتھ ختمِ عالم تک باقی رہے۔

۴۴ــــ اور ترمذی کی حدیث نے ہر غم و فکر سے اہلِ ایمان کو شفاءِ صدر عطا کر دی ہے (اور قادیانی ملاحدہ کے تمام وسوسوں کا جواب شافی دے دیا ہے) آپؐ نے فرمایا کہ "رسالت و نبوت بند ہو چکی ہے پس میرے بعد نہ کوئی رسول ہوگا اور نہ نبی"۔ راوی کہتے ہیں کہ یہ خبر لوگوں کو شاق گذری (کہ رسالت و نبوت تو ایک رحمت تھی اس کا انقطاع، اُمّت کے لیے موجبِ حرمان ہوگا) آپؐ نے فرمایا: "لیکن مبشّرات باقی ہیں"۔ انھوں نے عرض کیا: یا رسول اللہ! مبشرات سے کیا مراد ہے؟ فرمایا: "مومن کا خواب! اور یہ اجزاءِ نبوّت میں سے ایک جز ہے"۔ یہ حدیث حسن صحیح ہے[۱]۔ اس حدیث نے اسی قلق کا ازالہ کیا ہے (جو آج قادیانی ملاحدہ کی جانب سے پیش کیا جاتا ہے) اور صاحبِ 'فتوحات' نے بھی باب ۳۲۳ میں اس سلسلہ میں کچھ تحریر فرمایا ہے۔

۴۵ــــ اور چونکہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے زیرِ سیادت تمام انبیائے سابقین ہیں

---

[۱] سنن ترمذی: ابواب الرؤیا ص ۹۲ ج ۲

اور محشر میں تمام انبیاء کرام آپؐ ہی کے جھنڈے تلے ہوں گے، اور نیز چونکہ آپؐ نبی الانبیاء ہیں، جیسا کہ علماء عارفین نے تصریح کی ہے۔ اس سبب انبیاء سابقین نے آپؐ کی ماتحتی میں آکر اس باب میں، بعد میں آنے والے نبیوں سے مستغنی کر دیا ہے، اور اب مزید انبیاء کی حاجت نہیں رہی۔ اور یہ بات صادق آئی کہ آپؐ ایسے نبی ہیں کہ اپنے ماتحت انبیاء رکھتے ہیں، مگر وہ انبیاء سابقین ہیں، نہ کہ آپؐ کے بعد میں آنے والے۔ نظامی فرماتے ہیں: "آپؐ ایسے نبی ہیں کہ سب سے آگے نکل گئے۔ حق تعالیٰ نے ختم نبوت کا منصب محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے سپرد کیا۔"

۴۶ ـــــ اور یہی مدعا ہے حدیث "نَحْنُ الْاٰخِرُوْنَ السَّابِقُوْنَ"[1] کا۔ یعنی "ہم سب کے بعد آئے اور سب سے آگے نکل گئے"۔ اور یہی مفہوم ہے اس حدیث کا کہ آپؐ نے فرمایا: "میں تخلیق میں سب نبیوں سے پہلے تھا۔ اور بعثت میں سب سے آخر میں آیا۔" یہ حدیث ابن ابی شیبہ اور ابن سعد وغیرہ نے روایت کی ہے۔ اور اس کی تفسیر ایک دوسری حدیث میں آئی ہے کہ آپؐ نے فرمایا: "میں اللہ تعالیٰ کے نزدیک 'خاتم النبیین' لکھا ہوا تھا۔ درآنحالیکہ آدم علیہ السلام ہنوز آب و گل میں تھے۔" اس کو بغوی نے شرح السنہ میں اور امام احمد نے مسند میں روایت کیا ہے، جیسا کہ 'مشکوٰۃ' میں ہے[2]۔ اور "لکھا ہوا ہونے" سے مراد محض نبوت کا مقدر ہونا نہیں، کیونکہ یہ چیز تو تمام انبیاء کرام میں مشترک ہے۔ بلکہ اس سے خلعتِ نبوت اور اختصاصِ الٰہی کے ساتھ مشرّف ہونا مراد ہے۔ یہاں سے یہ بھی معلوم ہوا کہ نبوت محض عطیۂ ربانی ہے۔ محنت و ریاضت سے حاصل نہیں ہوتی۔ اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو سب سے اوّل اس خلعت کے ساتھ مشرف کیا گیا، گویا عالم وجود میں آپؐ جس وقت بھی چاہیں اس تشریف و تکریم کے ساتھ آراستہ اور اس منصب پر فائز ہوں۔

اور امام مسلم نے حضرت عبداللہ بن عمرو بن عاص رضی اللہ عنہما سے یہ حدیث روایت کی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا کہ "بیشک اللہ تعالیٰ نے

---

[1] مشکوٰۃ ص ۱۱۹ بحوالہ بخاری و مسلم [2] مشکوٰۃ ص ۵۱۳

آسمان و زمین کی تخلیق سے پچاس ہزار برس پہلے مخلوق کی تقدیریں لکھیں اور 'الذکر' میں تحریر فرمایا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم 'خاتم النبیین' ہیں یہ حدیث 'مواہب لدنیہ' میں صحیح مسلم کے حوالے سے نقل کی ہے، مگر صحیح مسلم کے موجودہ نسخہ میں یہ پوری حدیث ان الفاظ میں مجھے نہیں ملی۔

اور حضرت علی کرم اللہ وجہہٗ سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے شمائل میں مروی ہے کہ "آپ کے دونوں شانوں کے درمیان مُہرِ نبوت تھی، اور آپ خاتم النبیین تھے"
(شمائل ترمذی)

'خاتم' یعنی جس چیز سے کسی چیز پر مُہر کی جاتی ہے وہ لگاتے وقت تو سب سے آخر میں ہوتی ہے، لیکن نظرِ ثانی میں وہ سب سے اوّل واقع ہوتی ہے، اور سب سے پہلے اسی کو کھولا جاتا ہے۔ مسند طیالسی ص ۳۵۴ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے اسی مضمون کی جانب اشارہ ہوا ہے[1]

---

[1] مسند طیالسی کی جس حدیث کا حضرت مصنف نور اللہ مرقدہٗ نے حوالہ دیا ہے، اس کا مضمون یہ ہے کہ جب لوگ طلبِ شفاعت کے لیے علی الترتیب حضرت آدم، حضرت نوح، حضرت ابراہیم اور حضرت موسیٰ (علی نبینا وعلیہم الصلوات والتسلیمات) کے بعد حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی خدمت میں حاضر ہوں گے تو وہ یہ کہہ کر عذر کر دیں گے کہ مجھے اور میری والدہ کو معبود بنایا گیا۔ اس کے ساتھ وہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضری کا مشورہ دیتے ہوئے فرمائیں گے۔

ولکن ارأیتم لوان متاعاً	لیکن یہ بتاؤ کہ اگر کچھ سامان کسی ایسے
فی وعاءٍ قد ختم علیہ أکان	برتن میں ہو جو سربمہر کر دیا گیا ہو، تو
یوصل الی ما فیہ حتی	جب تک اس مُہر کو نہ کھولا جائے
یفض الخاتم؟	کیا اس برتن کے اندر کی چیز تک
فیقولون: لا۔ فیقول: فان	رسائی ممکن ہے؟ حاضرین اس کا جواب
محمداً صلی اللہ علیہ وسلم	نفی میں دیں گے تو آپ فرمائیں گے کہ

۱۴۔۔۔۔۔اس کے بعد یہ شُبہہ کرنا کہ "دین کامل وہ ہے جو نبی ساز ہو" اس کے جواب میں کہا جائے گا کہ اگر حصولِ نبوّت کا مدار علیّت بالطبع اور ایجابِ ذاتی پر ہے۔۔۔۔ جیسا کہ ابلیس سے بحث کی تھی، اور یہی کٹ حجتی بطورِ وراثت اس کی اولاد (مرزا قادیانی وغیرہ) کو نصیب ہوئی۔۔۔۔ تو یہ ایک ایسا امر ہے جو خدا تعالیٰ نے پہلے ہی دن تسلیم نہیں کیا۔ اور اگر نبوّت کا حصول اللہ تعالیٰ کی مشیّت و ارادہ پر موقوف ہے تو ہم کہیں گے کہ نبوّت، شرف و اختصاص کی وہ خلعتِ فاخرہ ہے جو ہر کسی کی قامت پر راست نہیں آتی۔

اور یہاں معاملہ کی نوعیت کچھ اور ہے وہ یہ کہ سلسلۂ نبوّت کو اس کے کمال کی آخری حد تک پہنچا کر ختم فرما دیا گیا اور نہیں چاہا گیا کہ اسے انحطاط پر ختم کریں۔ اور نبوت کا یہ اختتام اس وقت ہوا جبکہ کارِ نبوّت ختم ہولیا۔ مقصدِ نبوّت پایۂ تکمیل تک پہنچ گیا، اور عالم کے خاتمہ کا وقت قریب آپہنچا۔ نیز حکمتِ خداوندی نے نہ چاہا کہ حضرت رسالتمآب صلی اللہ علیہ وسلم سے اُمّتِ مرحومہ کا تعلق واسطہ در واسطہ ہو، بلکہ یہ چاہا گیا کہ ایک ہی تعلق اوّل سے آخر تک پوری اُمّت کو شامل و محیط ہو۔ نیز یہ نہیں چاہا گیا کہ اُمّتِ مرحومہ کے لیے جن امور پر ایمان لانا ضروری ہے ان میں

حاشیہ صفحہ گزشتہ

قد حضر الیوم الحدیث	پھر محمد صلی اللہ علیہ وسلم آج یہاں موجود
(مسند طیالسی ص ۳۵۴ مطبوعہ حیدر آباد دکن)	ہیں۔ ان کی خدمت میں جاؤ۔"

حضرت عیسٰی علیہ السلام کا اس تشبیہ سے مقصد یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم 'خاتم النبیّین' ہیں، لہٰذا جب تک نبیوں کی مُہر کو نہ کھولا جائے اور آپ شفاعت کا آغاز نہ فرمائیں تب تک انبیاء علیہم السلام کی شفاعت کا دروازہ نہیں کھل سکتا۔ اور نہ کسی نبی کی شفاعت کا حصول ممکن ہے۔ لہٰذا تم لوگ سب سے پہلے حضرت خاتم النبیّین صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہو، 'پہلے نبیوں کی مہر' کو کھولو۔ آپ سے شفاعت کا آغاز کراؤ، تب کسی اور نبی کی شفاعت ممکن ہے۔ واللہ اعلم (مترجم)

سے کوئی جز باقی رہ جائے، کہ آئندہ کسی مدعیٔ نبوت سے انکار سے وہ کافر ٹھہریں، بلکہ یہ چاہا گیا کہ ان کا ایمان تمام انبیاء سابقین کے پورے سلسلہ کو حاوی ہو، کیونکہ حضرت خاتم الانبیاء صلے اللہ علیہ وسلّم پر ایمان لانا تمام انبیاء سابقین (علیہم السلام) پر ایمان لانے کو متضمن ہے، اور خاتم الانبیاءؐ پر ایمان لانے کے بعد اس سلسلہ کا کوئی جزو ایمان باقی نہیں رہ جاتا۔

۴۸۔ــــ موضح القرآن میں سورۂ اعراف کی آیت وَالَّذِیْنَ هُمْ بِاٰیٰتِنَا یُؤْمِنُوْنَ کے ذیل میں اس مضمون کی جانب اشارہ ہوا ہے اور سورۂ حج میں بھی[1]

اور یہی مدّعا ہے اس آیتِ کریمہ کا: (اَلْیَوْمَ اَكْمَلْتُ لَكُمْ دِیْنَكُمْ وَاَتْمَمْتُ عَلَیْكُمْ نِعْمَتِیْ وَرَضِیْتُ لَكُمُ الْاِسْلَامَ دِیْنًا۔[2]

حافظ ابن کثیرؒ اس آیت کے ذیل میں لکھتے ہیں:

"یہ اس اُمت پر حق تعالےٰ شانہٗ کا سب سے بڑا انعام ہے کہ ان کے لیے ان کے دین کو کامل کر دیا۔ اس لیے وہ اپنے دین کے سوا کسی اور دین کے اور اپنے

---

[1] سورۂ اعراف کی آیت[۱۵۶] کے ذیل میں حضرت شاہ صاحبؒ لکھتے ہیں: "شاید حضرت موسےٰ علیہ السلام نے اپنی اُمّت کے حق میں دنیا اور آخرت کی نیکی کی جو دُعا مانگی مراد اس سے یہ تھی کہ سب اُمّتوں پر مقدم رہیں۔ فرمایا کہ میرا عذاب اور رحمت کسی فرقے پر مخصوص نہیں۔ سو عذاب تو اسی پر جس کو اللہ چاہے اور رحمت سب کو شامل ہے، لیکن وہ خاص رحمت لکھی ہے ان کے نصیب میں جو اللہ کی ساری باتیں یقین کریں، یعنی آخری اُمّت کو سب کتابوں پر ایمان لاویں گے۔ سو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اُمّت میں جو کوئی آخری کتاب پر یقین لاوے وہ پہنچے اس نعمت کو، اور حضرت موسیٰ علیہ السلام کی دعا ان کو لگی۔"

اور سورہ حج کی آخری آیت کے ذیل میں لکھتے ہیں: "یعنی پسند کیا تم کو اس واسطے کہ تم اور اُمّتوں کو سکھاؤ، اور رسول تم کو سکھاوے، اور یہ اُمّت جو سب سے پیچھے آئی سب کی غلطی اس پر معلوم ہوئی، سب کو راہ صحیح بتاتی ہے۔" [2] المائدہ: ۳

نبی (صلوات اللہ وسلامہ علیہ) کے سوا کسی اور نبی کے محتاج نہیں۔ اسی واسطے اللہ تعالیٰ نے آپؐ کو خاتم الانبیاء بنایا، اور تمام جنّ و انس کی طرف مبعوث فرمایا۔"
(تفسیر ابن کثیر)

پس اہلِ حق نے سلسلۂ نبوّت کے اختتام کو نعمت و رحمت شمار کیا ہے (جب کہ قادیانی کے نزدیک یہ نعمت معاذ اللہ لعنت ہے) اور یہی مصداق ہے ارشادِ خداوندی: وَمَآ اَرْسَلْنٰكَ اِلَّا رَحْمَةً لِّلْعٰلَمِيْنَ[1] کا۔ یعنی "ہم نے آپؐ کو تمام جہان والوں کے لیے سراپا رحمت بنا کر بھیجا ہے۔"

۴۹ـــــ اور حق تعالیٰ آیاتِ کریمہ میں تمام اُمتوں کو ایک طرف اور اس اُمتِ مرحومہ کو دوسری طرف رکھتے ہیں، اور پوری اُمت کو اوّل سے آخر تک ایک ہی اُمت شمار کرتے ہیں، اس سلسلہ کی چند آیات ملاحظہ فرمائیے۔

۱ـــ كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ الآیۃ (آل عمران : ۱۱۰)

۲ـــ وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا (البقرہ : ۱۴۳)

۳ـــ فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ شَهِيْدًا (النسا : ۴۱)

۴ـــ لِيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ شَهِيْدًا عَلَيْكُمْ وَتَكُوْنُوْا شُهَدَآءَ عَلَى النَّاسِ (الحج : ۷۸)

۵ـــ وَيَوْمَ نَبْعَثُ فِيْ كُلِّ اُمَّةٍ شَهِيْدًا عَلَيْهِمْ مِّنْ اَنْفُسِهِمْ وَجِئْنَا بِكَ شَهِيْدًا عَلٰى هٰٓؤُلَآءِ۔ (النحل : ۸۹)

اور حق تعالیٰ شانہٗ خاتم الانبیاءؐ کی بعثت کو قیامت کے متصل رکھتے ہوئے آپؐ کے اور قیامت کے درمیان کوئی اُمت نہیں رکھتے (پس جب تمام امم سابقہ کو ایک طرف اور اُمتِ مرحومہ کو دوسری طرف رکھا گیا اور خاتم الانبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم کو قیامت کے متصل مبعوث فرما کر اُمتِ مرحومہ کا دامن قیامت تک وسیع کر دیا گیا تو اس سے صاف معلوم ہوا کہ آپ آخری نبی

[1] الانبیاء : ۱۰۷

ہیں۔ اور آپؐ کے بعد قیامت تک کوئی نبی نہیں۔ بلکہ قیامت تک اُمّت مرحومہ پر آپؐ ہی کا سایۂ نبوّت و رحمت محیط رہے گا۔ والحمد للہ)

۵۰ ـــــ اور (قادیانی ملحد کا یہ کہنا کہ "وہ دین لعنتی دین ہے جس میں نبوت کا سلسلہ جاری نہ ہو" اس کے جواب میں) بطورِ معارضہ کہا جائے کہ وہ دین، دینِ رحمت نہیں جس کے تمام اجزاء پر آدمی ایمان لائے، مگر باوجود اس کے محض کسی شقی کی نبوت کے انکار سے کافر ٹھہرے۔ نیز قادیانی سے یہ سوال کیا جائے کہ آیا دین کے بارے میں بھی یہی منطق جاری ہوگی کہ وہ دین، دینِ رحمت نہیں جو نئے دین کو پیدا نہ کرے۔ نیز یہ امر بھی دریافت طلب ہے کہ اس شقی کی نُبوّت، جس نے اب تک کوئی نبی پیدا نہیں کیا، اور نہ اس پر وہ راضی ہے۔ اس پر بھی لعنت ہے یا کیا ہے؟

۵۱ ـــــ اور گذشتہ بحث سے آپ نے یہ سمجھ لیا ہوگا کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلم کو "واسطۃ العقد" (ہار کے درمیانہ موتی) کی حیثیت سے عالمِ وجود میں نہیں لایا گیا کہ آپؐ کا تعلق سابقین سے کچھ اور نوعیت کا ہوتا اور لاحقین سے کسی دوسری نوعیت کا۔ نہیں، بلکہ آپؐ کو صدرِ جلسہ کی حیثیت سے لایا گیا ہے کہ ساری تمہید پہلے ہوا کرتی ہے، اور صدرِ جلسہ کی آمد کے بعد جلسہ کا اختتام ہو جاتا ہے، اور مقصد ختم ہو جانے کے بعد سوائے کوچ کا نقارہ بجانے کے اور کوئی کام باقی نہیں رہ جاتا، ورنہ لازم آئے گا کہ مقصد ابھی تک پورا نہیں ہوا۔

۵۲ ـــــ (قادیانی نے نبوت کو بادشاہت پر قیاس کرتے ہوئے کہا ہے کہ شہنشاہ وہی کہلاتا ہے جو اپنے ماتحت بہت سے بادشاہ رکھتا ہو۔ اسی طرح آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کا کمالِ نبوّت اسی وقت ظاہر ہو سکتا ہے جب کہ آپؐ کے فیض نبوّت سے بہت سے نبی وجود میں آئیں۔ لیکن) اس شقی غبی نے بزعم خود کمال ثابت کرتے ہوئے آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی تنقیص کا التزام کیا ہے۔ کیونکہ شہنشاہ کو اپنے ماتحت بادشاہوں اور جانشینوں کی ضرورت اس لیے پیش آتی ہے کہ مقصد ہنوز نامکمل ہے، کیونکہ سلطنت کا سلسلہ جاری ہے۔ (اس کے برعکس آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی تشریف

آوری سے مقصد رسالت پایۂ تکمیل تک پہنچ چکا) اور کوئی حکیم و دانا مقصد کی تکمیل کے بعد کام کو جاری نہیں رکھا کرتا۔ (اب اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کے بعد بھی انبیاء کے مبعوث ہونے کی ضرورت باقی ہے تو اس کے صاف معنیٰ یہ ہیں کہ آپؐ مقصدِ رسالت کو پایۂ تکمیل تک پہنچانے سے معاذ اللہ قاصر رہے ہیں۔ اس سے بڑھ کر آپؐ کی تنقیص اور کیا ہو سکتی ہے) پس ایک طرف مقصد کی تکمیل کو اور دوسری طرف اس شق کے قیاس کو رکھ کر دونوں کا اچھی طرح موازنہ کرو۔

۵۳ــــــ علاوہ ازیں یہ کہنا کہ "شہنشاہ" اپنے ماتحت بادشاہوں کو پیدا کیا کرتا ہے نہایت سطحی بات ہے۔ ورنہ واقعہ یہ ہے کہ ایک ہی شخصی سلطنت ہوتی ہے جو کارپردازی کے لیے اپنے ماتحت نائب مقرر کرتی ہے، اور ولی عہد اصل کی غیر موجودگی کے سبب مقرر کیا جاتا ہے ـــ ان تمام لوگوں کی ضرورت محض اس بناء پر پیش آتی ہے کہ بادشاہ کی ذات تن تنہا حکومت کا تمام کاروبار چلانے سے قاصر ہے۔ اور یہاں اگر آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کے بعد انبیاء کی پیدائش اعمال نبوت کے لیے (فرض کی جائے تو غلط) ہے۔ کیونکہ ذات سرور کائنات صلی اللہ علیہ وسلّم نے اس سے کفایت فرمادی ہے اور اگر نئے نبیوں کی آمد محض ان کی ذات کے لیے ہے، اُمت اور اعمالِ اُمت سے انہیں کوئی سروکار نہیں، تو درحقیقت یہ نبوّت ہی نہیں۔ باقی رہی سیاست اور اُمّت کی نگہداشت، تو حدیث میں ختم نبوّت کا اعلان کر کے سیاستِ اُمّت کو خلافت پر چھوڑ دیا ہے اور روحانی تربیت کا منصب ولایت کے سپرد ہے جو نبوّت کا ایک ضمنی شعبہ ہے۔ (الغرض خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلّم کے بعد جدید نبوت کا کوئی مصرف ہی باقی نہ تھا، اس لیے یہ منصب ختم کر دیا گیا۔)

۵۴ــــــ اور یہاں ابلیس کی بحث کی مراجعت کی جائے، جس کا خلاصہ شہرستانی نے کتاب الملل والنحل میں یہ ذکر کیا ہے کہ اسے اللہ تعالیٰ کے علم و قدرت میں کلام نہیں تھا بلکہ اس کی حکمت پر اعتراض تھا[۱] اور اس ہیچمدان کے نزدیک اسے متعدد

---

[۱] شہرستانی نے مقدمۂ ثالثہ میں ابلیس اور ملائکہ کے درمیان مناظرہ نقل کرنے (باقی اگلے صفحہ پر)

اصول میں کلام تھا، اور اس کی اصل بحث اس امر میں تھی کہ (نبوت و رسالت اور دیگر مواہب الٰہیہ کا مدار) ایجاب بالذات اور طبعی صلاحیت پر ہے؟ یا کہ حق تعالےٰ شانہٗ کے ارادہ و اختیار اور مشیت پر؟ (ابلیس شق اوّل کا قائل تھا، یہی وجہ ہے) کہ وہ ہر کام کی علّت کے بارے میں اُلجھتا ہے اور (اس کے برعکس) آدمؑ اور اولادِ آدمؑ (کا مسلک یہ ہے کہ وہ خدا تعالےٰ کے کسی فیصلہ پر چون وچرا نہیں کرتے کہ یہ تقاضائے عبدیت کے خلاف ہے، بلکہ وہ) معاملہ کو صاحب معاملہ (جلّ شانہٗ) کے سپرد کرکے اطاعت وتسلیم بجا لاتے ہیں اور اپنی عبدیت پر نظر رکھتے ہیں، (اور سچ پوچھو تو آدمیت کی محبوب ترین ادا یہی عبدیت اور تفویض وتسلیم ہے۔ چنانچہ انسانیت کے گلِ سرسبد اور اولادِ آدمؑ کے مایۂ افتخار سیّدنا محمّد صلّے اللہ علیہ وسلّم کا سب سے بڑا وصف یہی بیان کیا گیا ہے) کہ عبدہٗ و رسولہٗ۔ اور (اس کے مقابلہ میں) شیطان

(حاشیہ صفحہ گزشتہ)

ہوتے لکھا ہے کہ ابلیس نے فرشتوں سے کہا:

"میں مانتا ہوں کہ باری تعالےٰ میرا اور ساری مخلوق کا معبود ہے، وہ عالم ہے، قادر ہے، اس کی قدرت و مشیت پر بحث نہیں ہو سکتی کیونکہ وہ جب کسی چیز کا ارادہ کرے تو اس کے کلمۂ "کن" سے وہ فوراً وجود میں آجاتی ہے، وہ حکیم بھی ہے، مگر اس کی حکمت پر چند سوالات متوجہ ہوتے ہیں، فرشتوں نے پوچھا وہ سوال کیا ہیں، اور کتنے ہیں؟ وہ ملعون بولا: سات!"

"اللہ تعالےٰ نے فرشتوں سے فرمایا: "اس سے کہو کہ تو اپنے پہلے اقرار میں، کہ میں تیرا اور ساری مخلوق کا معبود ہوں، صادق اور مخلص نہیں۔ کیونکہ اگر تو واقعی تصدیق کرتا کہ میں الٰہ العالمین ہوں تو "یہ کیوں؟ اور وہ کیوں؟" کی منطق کے ساتھ مجھ پر حکم چلانے کی کوشش نہ کرتا۔"

(دیکھئے الملل والنحل برحاشیہ کتاب الفصل لابن حزم ص۱۰ تا ص۱۳) مترجم

ہے جو مالک کے اختیار میں نزاع کرتا ہے اور ہر بات کی علت میں اُلجھتا ہے۔

۱؎ آیت کریمہ و اذ قال ربك للملائكة انى جاعل فى الارض خليفة متعدد مسائل و فوائد پر مشتمل ہے۔ چنانچہ اس میں ایمان باللہ کے بعد مسئلہ نبوت ہے اور یہ کہ اللہ تعالےٰ ایسے بندوں کو مبعوث فرمائیں گے جن کی اطاعت فرض ہوگی اور یہ کہ اللہ تعالےٰ کی اطاعت جبھی معتبر ہے جبکہ اس کے حکم سے اس کے مامور کی اطاعت کی جائے، اور یہی اللہ تعالےٰ کی اطاعت کے لیے حد فاصل اور فیصلہ کن معیار ہے اور یہی مطلب ہے حق تعالےٰ اس ارشاد کا کہ "حکم مانو اللہ کا اور حکم مانو رسول کا[۱]" نیز اس ارشاد کا کہ: "اور ہم نے نہیں بھیجا کوئی رسول مگر اس واسطے کہ اس کا کہا مانا جائے اللہ کے حکم سے[۲]" نیز اس حدیث کا جس میں آپؐ نے ایک خطیب کو فرمایا تھا کہ: "یوں کہہ کر جو شخص نافرمانی کرے اللہ کی اور اس کے رسول کی[۳]" اس حدیث میں قرآن کریم سے اقتباس کرتے ہوئے اللہ و رسول کو الگ الگ ذکر فرمایا۔ کسی شخص کا اپنی عقل سے کسی کی اطاعت کرنا یہ درحقیقت اللہ تعالےٰ کی اطاعت نہیں بلکہ اپنے نفس کی اطاعت ہے۔ اللہ تعالےٰ کی اطاعت تو جب متحقق ہوتی ہے جبکہ اس کے حکم سے کسی دوسرے کی اطاعت کی جائے (چنانچہ قصۂ ابلیس و آدم میں شیطان نے خدا کو سجدہ کرنے سے انکار نہیں کیا، بلکہ اس کے حکم پر حضرت آدم علیہ السلام کے سامنے سربسجود ہونے سے انکار کیا جس کے بارے میں خدا تعالےٰ نے حکم دیا تھا اس لیے خدا کا نافرمان اور منکر ٹھہرا) نیز اس آیت میں یہ مسئلہ بھی ہے کہ حُسن و قُبح شرعی ہے یا عقلی ؛ اور تعدیل و تجویز، اسماء و احکام اور وعدہ وعید کے مسائل بھی ہیں۔ یہ تو شہرستانی نے ذکر کیے ہیں۔ نیز اس میں یہ مسئلہ بھی ہے کہ خیر و شر کی تقدیر اللہ تعالےٰ کی جانب سے ہے، اور یہ کہ علوم کی انتہاء اللہ تعالےٰ کے علم پر ہوتی ہے، اسی واسطے آدم علیہ السلام کو اسماء کی تعلیم دی۔ اور یہ کہ انسان کا شرف عبدیت اور توبہ و انابت میں ہے اور یہ کہ اللہ تعالےٰ سے کوئی باز پرس نہیں کرسکتا، اور وہ سب سے باز پرس کرسکتا ہے۔ نیز اس میں مراحم ملکیہ (شاہانہ نوازشوں) کا مسئلہ ہے اور یہ کہ یہ (اللہ کے رحم و کرم سے فیض یاب ہونے کی) آخری تدبیر ہے (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

۱؎ النساء: ۵۹ ۲؎ النساء: ۶۴ ۳؎ صحیح مسلم ص ۲۸۶ ج ۱

اور اس قصّہ (آدمؑ و ابلیس) سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ایمان میں خلل قابلِ برداشت نہیں ہاں اعمال میں تقصیر اور کوتاہی ہو تو قابلِ مغفرت ہے۔

۵۵ ــــــ اور جب قرآن کریم نے اعلان کر دیا کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم اشخاصِ انبیاءؑ کے خاتم ہیں تو (اس کے معنیٰ اس کے سوا اور کیا ہیں کہ انبیاء کرامؑ کی جو تعداد علم الٰہی میں طے شدہ تھی آپؐ پر اس کا اختتام ہو چکا۔ آپؐ سلسلۂ انبیاء کے آخری فرد تھے۔ آپؐ کے بعد اب کوئی ایسی شخصیت باقی نہیں رہی جس کا نام انبیاء کی فہرست میں درج ہو۔ لہٰذا آپؐ کے بعد حصولِ نبوت کا دروازہ بالکلیہ بند ہو چکا، اور اب) مجازانہ اتحاد (یا ظلّ و بروز وغیرہ کا دعویٰ بھی) نبوّت کے اجراء و بقاء کے لیے سود مند نہیں ہو سکتا۔ اس لیے کہ یہ امر قطعی و بدیہی ہے کہ تمام انبیاء کرامؑ اپنی شخصیّت کے اعتبار سے الگ الگ اشخاص ہیں (ان کے اسی شخصی تغایر کے لحاظ سے ان کی ایک قطعی تعداد علمِ الٰہی میں معیّن ہے جس میں کمی بیشی نہیں ہو سکتی) اور نصِ قرآن اسی تغایرِ اشخاص پر مبنی تعداد کو ختم کرنے کے لیے وارد ہوتی ہے نہ کہ وساطت وعدمِ وساطت پر (مدار رکھنے کے لیے۔ لہٰذا یہ کہنا) کہ (خاتم النبییّن کے بعد بلا واسطہ نبوّت کا دروازہ تو بند ہے، مگر بالواسطہ نبوت کا دروازہ کھلا ہے) یہ قرآن کی تحریف اور اس کے مقصود کو باطل ٹھہرانا ہے جس کا منشاء محض شیطانی فریب اور خواہشِ نفس کی پیروی ہے۔ اس لیے کہ اگر بالفرض نبوت بالواسطہ بھی (کسی شخص کو حاصل) ہوتی تب بھی تعدُّدِ اشخاص سے تو الگ نہیں ہو سکتی تھی، (بلکہ لامحالہ ایسے شخص کی نبوت بھی فہرستِ انبیاءؑ میں ایک نئے نبی کا اضافہ کرتی) حالانکہ قرآن نے اس قصہ ہی کو ختم کر دیا، اور تمام نبیوں کا ان کے اشخاص کی مجموعی تعداد کے اعتبار سے احاطہ کیا ہے) نہ کہ نبوت کی کسی خاص قسم کے اعتبار سے (پس قرآن یہ نہیں بتاتا کہ نبوت کی فلاں فلاں قسمیں ختم ہو چکی ہیں اور فلاں قسم ابھی باقی ہے۔ نہیں! بلکہ وہ تو یہ اعلان کرتا ہے کہ

(حاشیہ صفحہ گذشتہ) اور ہر گنہگار پر اس کا اطلاق ہوتا ہے۔ کیونکہ اس کی رحمت اس کے غضب سے بڑھی ہوئی ہے۔ نیز اس میں انبیاء کرام کے تمام مخلوق سے افضل ہونے کا مسئلہ ہے۔ نیز ایجاب و اختیار کا مسئلہ بھی ہے۔ منہ

نبیوں کی کل تعداد، جو عنداللہ مقرر تھی، وہ ایک ایک کرکے پوری ہو چکی ہے۔" لہٰذا نبوت کی تقسیم کرنا اور بالواسطہ، بلاواسطہ، مستقل غیر مستقل کی رٹ لگانا قرآن کی نظر میں سراسر لغو ولا یعنی ہے۔)

۵۶ ــــــ ب علاوہ ازیں اتحادِ محبانہ، ولولۂ عاشقانہ، فناءِ محویت اور اس طرح کی دیگر اصطلاحات کا اطلاق، باب عشق میں ہوتا آیا ہے، اور یہ کسی قدر وجہ تسمیہ بھی پیدا کر سکی ہیں۔ لیکن سب کچھ حقیقت واقعیہ پر محمول نہیں، بلکہ احوال اور خیال آفرینی کے قبیل سے ہیں، چنانچہ مشہور ہے کہ "فقر خیال بندی کا نام ہے"۔ اور (اگر کسی از خود رفتہ عاشق نے "من تو شدم، تو من شدی، من جان شدم تو تن شدی۔ تاکس نگوید بعد ازیں من دیگرم، تو دیگری" کا نعرہ لگایا تو اس کے یہ معنی نہیں کہ سچ مچ عاشق و معشوق کی ذات متحد ہو گئی اور اب ان کی دونوں شخصیتوں کے الگ الگ احکام باقی نہیں رہے، بلکہ یہ تصورات کی دنیا میں عاشق و معشوق کو نقطۂ نظر میں ایک سمجھنے اور اس سلسلہ میں تیز نگہی کا مظاہرہ کرنے کے باب سے ہے، یہ نہیں کہ (ان خیالی تصورات سے) حقائق بدل جائیں اور احکام میں تغیر و تبدل ہو جائے (کہ نعوذ باللہ بندہ پر خدا کے یا خدا پر بندہ کے احکام جاری ہونے لگیں یا کوئی فنافی الرسول کا مدعی واقعتہ محمد رسول اللہ بن بیٹھے)

۵۷ ــــــ اور عالم خیال اپنے دائرے میں ایک وسیع مملکت رکھتا ہے، اور یہ تمام کا تمام امثال و صُوَر کے قبیل سے ہے، نہ کہ حقیقتِ واقعیہ کے باب سے۔ اور اس کے آثار و احکام اِس جہان میں مشاہد و معلوم نہیں ہیں۔ لہٰذا ان فدویانہ الفاظ اور از خود رفتہ لوگوں کے اقوال کی بناء پر شریعتِ سماویہ اور قانون الٰہی کے احکام کو بدل ڈالنا الحاد و زندقہ ہے۔

ان احوال و اقوال کے بارے میں زیادہ سے زیادہ جو کچھ کیا جا سکتا ہے وہ یہ ہے کہ ان کی اصلاح و تاویل کی جائے اور ان کے قائلین کی گلو خلاصی کی صورت پیدا کی جائے، یہ نہیں کہ ان کے ذریعہ دوسروں کی گردن ناپی جائے۔ اور جو کچھ کہ اس ملحد نے حقیقۃ الوحی صہ۲ میں کہا ہے۔ مع قل یا عبادی کی تفسیر باطل کے، یہ قرآن کا

شیوہ نہیں ہے [1]

اور فرق ظاہر جس میں مرتبۂ نفس الامر بھی شامل ہے۔ اس کو لغو قرار دینے کا راستہ باطنیہ اور حلولیہ ہمیشہ سے ہموار کرتے آئے ہیں۔ اور قرآن کریم انہی تحریفات کی اصلاح کے لیے نازل ہوا ہے جو مختلف ادیان میں (اس قسم کے لوگوں کی کج فہمی سے) پیدا ہوگئی تھیں۔ مثلاً یہود میں عقیدۂ رجعت، اور نصاریٰ و ہنود میں عقیدۂ حلول۔ (اب انہی تحریفات کو قرآن میں ٹھونسنا بدترین ظلم و الحاد ہے۔)

۵۸ —— اور معلوم رہے کہ علماءِ ظاہر، ظاہر شریعت سے باطن کی طرف جاکر، اور خود کو فرمانِ الٰہی و نبوی کی صورت میں مقید کرکے سلامتی میں رہے ہیں۔ خواہ حقیقت و مستی تک بلا کم و کاست پہنچے ہوں یا صرف اطاعتِ فرمان میں کوشاں رہے ہوں۔ جیسا کہ علمائے باطن، باطن سے ظاہر کی طرف آتے ہوئے پوشیدہ اسرار و رموز کے اظہار میں کبھی کبھی ٹھیک نشانے پر اپنا تیر نہیں لگا سکے، اور یہیں سے اختلاف رونما ہوا۔ یہی سبب ہے کہ بسا اوقات انھوں نے ایسی چیزیں بیان فرمائیں جو دوسروں کے فہم تک نہ پہنچ سکیں، باوجودیکہ انھوں نے بسوط اور ضخیم کتابیں لکھی تھیں۔ اور ایک صاحب فن عالم یہ سمجھتا ہوگا کہ اس قدر توضیح و تشریح کے بعد اب کونسی بات لوگوں کی استعداد سے بالاتر رہی ہوگی، مگر واقعہ یہ نہیں، بلکہ سیکڑوں اور ہزاروں اموراب بھی فہم سے بالاتر رہ گئے ہیں۔ اور خود صوفیاء کرام نے وصیت فرمائی ہے کہ اجنبی لوگ، جو ہمارے "حال کا ذوق" نہیں رکھتے، وہ ہماری کتابوں کا مطالعہ نہ کریں [2]۔ خود انہی کی وصیت کے بعد اور کیا چاہتے ہو؟ ابن خلدون نے مقدمہ میں اس

---

[1] اس مقام میں مرزا کے بیان کا خلاصہ یہ ہے کہ فنا و محویت کی حالت میں نبیوں پر بطور استعارہ "خدا" اور "خدا کے بیٹے" کا اطلاق کیا جاتا ہے۔ اسی بناء پہ قل یعبادی میں لوگوں کو "رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے بندے" کہا گیا ہے۔ مترجم۔

[2] علامہ شعرانیؒ نے اس پہ بہت اچھی بحث کی ہے دیکھئے الیواقیت ص ۱۰، ج ۱۔ مترجم

سلسلہ میں کچھ لکھا ہے ؎

۵۹ ـــــــ اور معلوم رہے کہ ایمان اور کفر کے ما بین حدِ فاصل صرف ایک حرف ہے اور وہ ہے انبیاء کرامؑ پر ایمان لانا اور ان کی تعلیم و ہدایات پر انحصار کرنا۔ یہی چیز ہے جو ایمان و کفر کے درمیان امتیاز کی لکیر کھینچتی ہے ورنہ تمام قومیں اثباتِ باری تعالےٰ کے مسئلہ میں بعض بعض چیزوں کا اعتقاد رکھتی ہیں، لیکن حق تعالےٰ کے وجود کو تسلیم کر لینے بعد وہ اس کی جانب سے آمدہ تعلیم و ہدایات پر انحصار نہیں کرتیں، بلکہ حقوقِ عبدیّت کی ادائیگی میں اپنی خواہشات کی پیروی کرتی ہیں۔ بخلاف ادیانِ سماویہ کے (کہ ان کا تمام تر انحصار ہدایاتِ ربانی پر ہے۔ جن کی تعلیم انبیاء علیہم السّلام کے ذریعہ دی گئی ہے) اور یہ جو بعض ملاحدہ کا خیال ہے کہ "انبیاء کرام کی تعلیم اگر صحیح بھی ہو تب بھی ان کی ذات پر ایمان لانے کو کیوں جزوِ ایمان قرار دیا جائے" یہ خیال مسخ فطرت کی علامت ہے۔ کیونکہ جب ہم نے خدا تعالےٰ کی جانب سے نازل شدہ ہدایات پر انحصار کیا تو لامحالہ خدا اور بندوں کے درمیان پیغامبروں کی ضرورت لاحق ہوئی اور ہدایات کا توقّف ان کی ذات پر ٹھہرا۔

۶۰ ـــــــ نیز یہ بھی معلوم رہے کہ حضرات انبیاء اور حُنفاء کی عبادت محض عبدیّت ہے، کہ وہ (ہمیشہ) تفویض و تسلیم اور ربّ العالمین پر توکّل کے راستہ (پر گامزن رہتے ہیں، اس) کے علاوہ اپنی جانب سے ایک حرف بھی درمیان میں نہیں لاتے، نہ (احکامِ خداوندی میں) اپنی عقل کا کوئی دخل دیتے ہیں۔ اس لیے کہ عبد مطلق اپنی ناچیزی و بے مائیگی اور تمام معاملات و اختیارات کو آقا کے سپرد کرنے کے سوا اور کوئی مطمح نظر نہیں رکھتا۔ بخلاف صابئین کے، جن میں بُت پرست بھی شامل ہیں، کہ وہ عبادت کا طریقہ اپنی عقل سے تجویز کرتے ہیں اور اعمالِ سفلیہ کے ذریعہ علویات کی تسخیر سے رسومِ عبادت بجا لاتے ہیں۔ مثلاً ہیکل اور مورتیاں بنانا اور منتر جنتر پڑھنا وغیرہ ـــ گویا ان کی عبادت کا حاصل ایک قسم کا جادو اور عملِ تسخیر ہے۔ یہ فرق ہے انبیاء اور غیر انبیاء کے دین میں۔

؎ مقدمہ ابن خلدون ص ۲۷۴۔ بابؔ ، فصل ۱۱

۶۱۔۔۔۔۔۔ اس عالم میں عقلاء و علماءؒ اور عارفین کے کسی گروہ کے درمیان اختلاف رائے کبھی ختم نہیں ہوا، سوائے انبیاء علیہم السلام کے۔ کہ ان حضرات میں سے کسی ایک نے بھی نہ کبھی دوسرے نبی کی ہجو کی، نہ اس کی کسی بات پر رَدّ کیا۔ پس سلامتی اس میں ہے کہ ان کے احکام کی باطنی حکمت کا مطالبہ نہ کیا جائے، بلکہ بغیر چون وچرا اور بحث ومباحثہ کے ان کی اطاعت کی جائے۔

عالم تشریع، جو عالم تکوین کی سطح ہے، اس میں سبب اور مسبّب کا باہمی ربط بسا اوقات (اتنا دقیق ہوتا ہے کہ اربابِ نظر کو بھی) نظر نہیں آتا، اطاعت شعار عاقل و بالغ کے لیے زیبا نہیں کہ اس سطح کو توڑ کر باطنی ربط و تعلق کے مطالبہ میں اُلجھے۔ اور باطنی حکمت اور اندرونی حقیقت کے کھل جانے تک قانونِ الٰہی کی تعمیل کو معطل رکھے، شیطان کی ضد اور ہٹ دھرمی درحقیقت یہی تھی (کہ جب تک سجدۂ آدم کی حکمت نہ بتائی جائے اس وقت تک فقیر تعمیلِ حکم سے قاصر ہے) بخلاف سنّتِ انبیاء (علیہم السلام) کے (کہ ان کا ذوق احکامِ الٰہیہ کے بارے میں یہ ہے:

زباں تازہ کردن با قرارِ تو
نینگیختن علت از کارِ تو

۶۲۔۔۔۔۔۔ چونکہ حضراتِ صوفیاءؒ کے محاورات و اصطلاحات کا سلسلہ ایک علیحدہ اور مستقل سلسلہ ہے (اس لیے فنِ تصوّف کی اصطلاحات کو اگر فقہ و عقائد اور دیگر علومِ ظاہری سے گڈمڈ کر دیا جائے تو اس سے الحاد و زندقہ کے سوا اور کوئی نتیجہ برآمد نہیں ہوگا۔ چنانچہ) یہ مُلحد (بھی یہی کرتا ہے کہ) فنِ تصوّف کے بعض اجزا کا سرقہ کرکے انہیں علومِ ظاہری کے بعض اجزاء سے جوڑ دیتا ہے اور اس قطع وبرید سے الحاد کا نتیجہ نکال لیتا ہے جو کہ ایماندار اور مومن کا شیوہ نہیں ہے۔

سادہ لوح، سادہ منش یا محروم القسمت لوگ اس کے اس دعوی کو دیکھ کر کہ "میں نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی پیروی سے مرتبۂ نبوت پایا ہے" نقدِ ایمان اس کے ہاتھ فروخت کر دیتے ہیں۔ وہ سمجھتے ہیں کہ یہ شخص سچ مچ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم

کے فدا کاروں میں سے ہوگا ، لیکن وہ نہیں جانتے کہ اس نے آیت (ختم نبوت)
کی تاویل و تحریف یہی تو کی ہے (کہ جو شخص فنا فی الرسول ہو، اسی کو نبوت ملتی ہے)
اور اسی زندقہ کے ذریعہ اس نے نبوّت کا دروازہ کھولا ہے، اس لیے اس کو (اپنی
مطلب برآری کے لیے) اس دعویٰ (فنائیت) کے اصرار و تکرار کے بغیر چارہ نہیں۔
اور (یہ صرف اسی دجال پر منحصر نہیں، بلکہ) سب دجّالوں نے یہی کیا ہے (کہ محویت و
فنائیت ایسے بلند بانگ دعوؤں سے مخلوقِ خدا کی آنکھوں میں خاک ڈالی) یہاں تک
کہ دجالِ اکبر بھی شروع میں اپنی نیکی و پارسائی کا مظاہرہ کرے گا، جیسا کہ
فتح الباری میں روایت نقل کی ہے[1]۔ بعد ازاں تدریجاً دعویٰ خدائی تک پہنچے گا۔ ورنہ
اگر وہ ابتداء میں پارسائی و پرہیزگاری کی نمائش نہ کرتا تو اس کی دعوت کو فروغ اور
مقبولیت حاصل نہ ہو سکتی۔ اسی طرح یہ دجّالِ (قادیان) بھی دعویٰ اتّباع (محض اپنی مطلب
براری کے لیے کرتا ہے، جس) میں وہ متفرد نہیں ہے۔

۶۳ـــــــ اور (مرزا قادیانی ایک طرف تو بڑی شدّ و مدّ سے کہتا ہے کہ حصولِ نبوت کے
لیے "سیرت صدیقی کی کھڑکی" کھلی ہے، اور اتباعِ نبوی کی وساطت سے اس اُمّت میں
بھی نبوّت کا سلسلہ جاری ہے۔ لیکن) اسی کے ساتھ اجرائے نبوّت سے جو اصل
غرض تھی، (یعنی اپنے تئیں نبی بلکہ 'آخری نبی' ثابت کرنا) اس کو بھی اپنے ہمراہ رکھا کہ
(ابوبکر صدیق رضی اللہ عنہ سے لے کر آج تک) نہ اگلوں میں سے کوئی شخص اس مرتبہ
(نبوت) تک پہنچا، نہ بعد میں آنے والوں میں سے (کسی کو یہ مرتبہ نصیب ہوگا) کسی بندۂ
خدا کو یہ ہدایت نہ ہوئی کہ (اس 'نئے نبی' پر ایمان لانے سے پہلے اس سے
کم از کم اتنا ہی پوچھ لیتا کہ حضرت!) جب نبوّت کا دروازہ کھلا ہے تو پھر (آپ
کے سوا کسی دوسرے کے لیے یہ شجرۂ ممنوعہ کیوں ہے؟ آخر دوسروں کے حق میں)
یہ رکاوٹ کہاں سے نکل آئی؟ گویا (مرزا نے) سارے اصول، دوسروں پر نبوت
کا دروازہ بند کرنے اور اپنے لیے کھولنے کے واسطے وضع کیے ہیں۔ دوسروں

---

[1] باب ذکر الدجّال ص ۹۰، ج ۱۳

پر نبوت کے بند ہونے کے ثبوت میں ختم نبوت کو پیش کرتا ہے اور اپنے لیے نبوت کا دروازہ کھول لیتا ہے۔ دیکھئے رسالہ ترکِ مرزائیت ص ۲۹، ۳۶ - نیز مصباح العلیہ ص ۱۹۔

۴۴ــــــ مرزا کہتا ہے کہ "پہلے انبیاء جو بنی اسرائیل میں حضرت موسیٰؑ کے دین کی تائید کے لیے آئے، ان کی نبوت اتباع کا ثمرہ نہ تھی، بخلاف اس اُمّت کے" [۱] اس سلسلہ میں وہ اگر کچھ کہہ سکتا ہے تو یہی کہہ سکتا ہے کہ انبیاء بنی اسرائیل کی نبوت میں موسیٰ علیہ السلام کی ذات کا دخل نہیں تھا۔ لیکن یہ بات اس کے کلام سے غیر شعوری طور پر اس دین میں بھی لازم آتی ہے، کیونکہ وہ کہتا ہے کہ "وہ دین لعنتی دین ہے جس میں نبوت کا سلسلہ جاری نہ ہو" [۲] پس اس نے اجرائے نبوت کو دین کا

---

[۱] اس سلسلہ میں رسالہ "مراق مرزا" ص ۱۱ سے مرزا کا تناقض بھی ملاحظہ فرمائیے، حاشیہ حقیقۃ الوحی ص ۹۷ میں کہتا ہے :

"اور بنی اسرائیل میں اگرچہ بہت نبی آئے، مگر ان کی نبوت موسیٰ کی پیروی کا نتیجہ نہ تھا، بلکہ وہ نبوتیں براہِ راست خدا کی جانب سے ایک موہبت تھیں موسیٰ کی پیروی کا اس میں ایک ذرہ کچھ دخل نہ تھا"

اس کے برعکس اخبار الحکم مؤرخہ ۲۴ نومبر ۱۹۰۲ء ص ۵ کالم ص ۲ میں کہتا ہے کہ :

"حضرت موسیٰ کی اتباع سے ان کی امت میں ہزاروں نبی ہوئے"

اور مثل مشہور "دروغ گورا حافظہ نباشد" کے مطابق اسے یہ بھی یاد نہ رہا کہ دینِ موسوی میں تو حضرت موسیٰ علیہ السلام کی اتباع سے ہزاروں نبی ہوئے اور دینِ متین (محمدی علی صاحبہ الصلوٰۃ والسلام) میں صرف یہی ایک شقی ہوا، اور اگر کوئی شخص یہ نکتہ ایجاد کرے کہ "دورِ سابق میں اتباع شرط نہیں تھی اور اب شرط ہے"

تو یہ بھی باطل ہے۔ کیونکہ ہر نبی قبل از نبوت کسی دینِ حق پر ضرور عمل پیرا تھا۔ اور حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم نبوت سے قبل الہام سے عبادت کرتے تھے۔ منہ۔

[۲] حقیقۃ النبوۃ ص ۱۴۲ ضمیمہ ۳

خاصۂ لازمہ قرار دیا، ذات نبوی درمیان سے نکل گئی۔ دیکھئے عشرہ کاملہ ص ۵۷، اشدالعذاب ص ۴۲، ضرورۃ الامام ص ۲۰ اور رسالہ ترکِ مرزائیت ص ۴۷/۴۰ میں اس سے بھی واضح تر عبارت ہے۔

۶۵ــــــ یہاں مرزا نے "فنا فی الرسول" کی شرط کو بھی ملحوظ نہیں رکھا، جیسا کہ (اشدالعذاب کے) ص ۴۴ میں اس کا دعویٰ نقل کیا ہے، اور نہ ختم نبوت کی اس کے سوا کوئی تاویل و تحریف کردہ شریعت جدیدہ نہیں رکھتا، اور اسی طرح (اشدالعذاب کے) ص ۴۹ میں صرف یہ تاویل کی ہے کہ (اس کی شریعت) شریعتِ جدیدہ نہیں۔

پس آیتِ ختمِ نبوت کی تحریف، ان عبارتوں میں، جو کہ آخری دور کی عبارتیں ہیں، دوسری تحریف کی جانب منتقل ہوگئی، اور "فنا فی الرسول" کی شرط بھی ضروری نہ رہی، پس جب تک کہ اجرائے نبوت کے لیے "فنا فی الرسول" کی شرط تھی۔ تب تک تو شریعت بھی تجویز ہو سکتی تھی۔ گو شریعتِ جدیدہ نہ سہی اور جب شریعت جدیدہ نہ ہونے کی شرطِ ملحوظ نظر ٹھہری تو شرطِ اوّل درمیان سے جاتی رہی اور اس کی ضرورت نہ رہی۔
اسی طرح ان خیالی "الہامات" میں بھی۔ جن کو وہ اِدھر اُدھر سے لے کر جوڑتا اور ان کا نام "وحی" رکھ لیتا ہے۔ جیسا کہ حقیقۃ الوحی ص ۱۰۱ وغیرہ میں ہے۔ نبی و رسول کا لقب اپنے لیے بغیر کسی قید کے لگاتا ہے اور اس کے نا خلف (مرزا محمود) نے تصریح کی ہے کہ اس کے باوا کی "وحی" میں نبوت کے ساتھ ظلّی، بروزی اور انعکاسی وغیرہ کی کوئی قید نہیں ہے، یہ تمام الفاظ اس کے باپ نے محض تواضع کے طور پر لکھے ہیں[1]

۶۶ــــــ اور آیت ختم نبوۃ کی تیسری تحریف قادیانی نے حقیقۃ الوحی ص ۹۷، ۲۸ میں ایجاد کی ہے کہ خاتم نبوت، نبوت کو بند کرنے کے لیے نہیں، بلکہ اسے جاری کرنے کے لیے ہے۔ (چنانچہ صفحہ ۲۸ پر لکھتا ہے: "اور بجز اس کے کوئی نبی صاحب خاتم نہیں، ایک وہی ہے جس کی مہر سے ایسی نبوت بھی حاصل ہو سکتی ہے"۔ اور صفحہ ۹۷ پر لکھتا ہے:

---

[1] اشدالعذاب ص ۴۷ بحوالہ اخبار الحکم ۲۱ اپریل ۱۹۲۸ء حقیقۃ النبوۃ ص ۱۲۳ منہ

"اللہ جلّ شانہٗ نے آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کو صاحبِ خاتم بنایا۔
یعنی آپ کو افاضۂ کمال کے لیے مُہر دی جو کسی اور نبی کو ہرگز نہیں دی گئی،
اسی وجہ سے آپ کا نام خاتم النّبیّین ٹھہرا، یعنی آپ کی پیروی کمالاتِ
نبوت بخشتی ہے اور آپ کی توجہ روحانی "نبی تراش" ہے، اور یہ
قوت قدسیہ کسی اور نبی کو نہیں ملی"

حالانکہ محاوراتِ لغت میں لفظ 'خاتِم'، خواہ 'تا' کے کسرہ کے ساتھ ہو جس کے معنیٰ
ختم کنندہ کے ہیں، یا تا کے فتحہ کے ساتھ ہو، جس کے معنیٰ ہیں "وہ چیز جس سے کسی
چیز کو ختم کیا جائے"۔ بہر دو صورت "خاتم القوم" کی ترکیب میں (یعنی جبکہ یہ لفظ
کسی جماعت کی طرف مضاف ہو) "آخری فرد" کے سوا کسی اور معنیٰ کے لیے نہیں آتا،
اور علمائے لغت نے تصریح کر دی ہے کہ جب یہ لفظ کسی قوم کی جانب مضاف
ہو تو خواہ فتحہ کے ساتھ ہو یا کسرہ کے ساتھ، اس وقت اس کے ایک ہی معنی ہوتے
ہیں یعنی "اس قوم کا آخری فرد"۔

اور اصلِ لغت یہ ہے کہ 'خاتِم' بالکسر کے معنیٰ ہیں "انجام و اختتام تک پہنچانے والا"
کیونکہ اسم فاعل صیغۂ صفت ہے اور 'خاتَم' بالفتح کے معنی ہیں: "وہ شخص یا چیز جس
کے ذریعہ کسی شئے کو انجام و اختتام تک پہنچایا جائے"۔ کیونکہ یہ اسم ہے نہ کہ صفت،
جیسا کہ علمائے صَرف پر مخفی نہیں (آیت میں فتحہ اور کسرہ کی دونوں قرائتیں متواتر ہیں۔
خاتِم بھی، اور خاتَم بھی۔) اور حاصل دونوں قراءتوں کا ایک ہی ہے یعنی "آخری نبی" یا
"انبیاء کرام کی جماعت کا آخری فرد" اور بس۔ اس کے علاوہ باقی سب تعبیرات فروعی ہیں۔
پس اصل معنیٰ کا ترک کر دینا ناروا ہے، اور فروعی تعبیرات کی نہ کوئی اہمیت ہے، نہ ان کا
کوئی ضرر ہے۔ الّا یہ کہ حق تعالےٰ نے (مرزا قادیانی کی طرح) کسی شخص کو ہدایت سے
محروم و بے توفیق کر دیا ہو۔ اور (یہ جو ہم نے کہا کہ دونوں قراءتوں کا ایک ہی حاصل ہے) یہی
مطلب ہے اس قول کا جو بعض مفسرین نے امام لغت ابو عبیدہؒ سے نقل کیا ہے کہ "خاتم
بالکسر اصل ہے" یعنی اس مقام میں مرجع مراد، اور ملک علّام کے کلام کا حقیقی مقصد

مدعا یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نبیوں کے ختم کنندہ ہیں۔ اور ابو عبیدہ کا یہ قول "کیونکہ آیت کی تاویل یہ ہے کہ آپؐ نے ان کو ختم کر دیا۔ لہٰذا آپؐ ان کے خاتم ہیں"۔ (یہاں تاویل کے لفظ سے کسی کو غلط فہمی نہیں ہونی چاہیے، کیونکہ) "تاویل کے معنیٰ اہل لغت کی اصطلاح میں "ظاہر سے ہٹانے" کے نہیں، بلکہ تخریج وجہ اور مآل مراد کے بیان کرنے کے ہیں۔ فی الجملہ ابو عبیدہؒ کی مراد یہ ہے کہ دونوں قرائتیں اشتقاق اور مدلول کے لحاظ سے مشترک ہیں۔ معالم التنزیل میں آیت خاتم النبیین کی تفسیر میں لکھا ہے:

"اللہ تعالیٰ نے آپؐ کے ذریعہ نبوت کو ختم کر دیا، امام عاصم کی قراءت میں خاتَم بفتح تا بطور اسم ہے۔ یعنی "آخری نبی" اور دوسروں کی قراءت میں خاتِم بکسر تا، صیغہ اسم فاعل ہے کیونکہ آپؐ نے نبیوں (کی تعداد) کو ختم کر دیا۔ لہٰذا آپ ان کے ختم کنندہ ہیں۔ ابن عباسؓ فرماتے ہیں کہ اللہ تعالیٰ کی مراد یہ ہے کہ اگر مجھے آپؐ کے ساتھ نبیوں (کے سلسلہ) کو ختم نہ کر دینا ہوتا تو میں آپؐ کو ایسا بیٹا عطا کرتا جو آپ کے بعد نبی ہوتا۔"

یہی مضمون عامۂ تفاسیر میں ذکر کیا گیا ہے، حتیٰ کہ جلالین جیسی مختصر تفاسیر میں بھی۔

۶۷ ـــــــ اور چونکہ آیت میں لفظ خاتَم (بفتح تا) بمعنی ما یختم بہ الشئی ہے (یعنی جس کے ذریعہ کسی چیز کو ختم کیا جائے) اس لیے اگر کسی نے خاتَم کے معنیٰ مُہر کے لیے تو چنداں خلاف تحقیق نہیں گیا (کیونکہ مہر لگا کر بھی کسی چیز کو ختم کیا جاتا ہے) پھر قرآن کریم کی عبارت میں یہ تو نہیں کہ آپؐ مُہرِ نبوت ہیں (بلکہ یہ ہے کہ آپؐ نبیوں پر مُہر ہیں) اور یہ بھی نہیں کہ آپؐ صاحبِ مُہر ہیں، جو کہ مُہر لگانے والا ہوتا ہے۔ بلکہ (آیت میں تو یہ ہے کہ) آپ کی ذات گرامی خود مُہر ہے جو دوسروں پر۔ اور وہ انبیاء سابقین ہیں۔ لگا دی گئی۔ (پس صاحب مُہر آپؐ نہ ہوئے بلکہ اللہ تعالیٰ ہوئے کہ اللہ تعالیٰ نے آپؐ کے ذریعہ سلسلۂ انبیاءؑ پہ مُہر لگا کر اسے ختم کر دیا) بہرحال اس کے اصل معنیٰ ہیں "انجام تک پہنچا دینا" اور اس کے تمام فروعی معنیٰ اس حقیقت سے معرّا نہیں۔

۶۸ ـــــــ مرزا کرامات الصادقین ص ۱۹ میں لکھتا ہے:

"پس یہ خیال کہ گویا جو کچھ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم نے قرآن کے بارے میں فرمایا ہے اس سے بڑھ کر ممکن نہیں۔ بدیہی البطلان" حالات قادیانی[۱]

(گویا قرآن کے علوم و معارف، آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلم سے بڑھ کر مرزا قادیانی نے بیان کیے ہیں۔ نعوذ باللہ من الحمق والغوایۃ)

۶۹ــــــ اور جب کہ مرزا نے شریعت[۱] اور تجدید احکام کا دعویٰ بھی کیا ہے، جس کی نوعیت مجددینِ اُمّت کی تجدید جیسی نہیں، تو ساری تاویلات ہاتھ سے نکل گئیں، اور فراغِ کُلّی حاصل ہوگیا۔ دیکھیے۔ اشد العذاب ص ۳۸ (اربعین ۴ ص ۶ متن و حاشیہ) اور "انعکاس" جو مرزا کی چوتھی تحریف ہے، اشد العذاب ص ۱۲، اشتہار "ایک غلطی کا ازالہ" مصباح العلیہ اور اوائل حواشی نزول المسیح میں دیکھی جا سکتی ہے۔

۷۰ــــــ اور جس حالت میں کہ اس نے حقیقی شریعت کا دعویٰ کیا ہے، خواہ نئی شریعت نہ سہی، پھر یہ بھی کہتا ہے کہ قرآن کی تفسیر اور قبول حدیث کا مدار اس کی وحی پر ہے، نہ کہ اس تواتر پر جو صدرِ اوّل سے آج تک چلا آتا ہے، اور یہ کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلم پر ابنِ مریم، دجال، یاجوج و ماجوج اور دیگر بعض امور کی حقیقتِ واقعیہ کما ہی منکشف نہیں ہو سکی[۲]، جیسا کہ اس شقی پر منکشف ہوئی ہے۔ ان تمام حالات میں اس کی تجدید دیگر مجددینِ دین کی مثل نہ رہی۔ اور اسے تمام قیود سے سبکدوشی اور فراغِ کلّی حاصل ہوگیا۔ یہ وہی مثل ہوئی کہ "میں کہتا ہوں، تم لُچّے گنو۔" اگرچہ اس نے "شریعتِ جدیدہ" کا دعویٰ لفظی طور پر نہیں کیا، لیکن اس کا مصداق وصول کرلیا۔

ع "چھُپ کر پیو شراب کہ قاضی کا خوف ہے۔"

۷۱ــــــ نیز معلوم رہے کہ اس نے شریعت کا دعویٰ اُن علماؒ کے مقابلہ میں کیا ہے جو آئندہ کسی شریعت کی آمد کو ناممکن فرماتے تھے، اور ان کی گفتگو شریعتِ جدیدہ ہی میں تھی۔ اس لیے کہ شریعت سابقہ جو پہلے سے موجود ہے، اسی کا مکرر آجانا، یا وحیِ سابق کے الفاظ کاٹ چھانٹ کر نئی وحی بنا لینا، جیسا کہ یہ ملحد کرتا ہے، ایک بے مقصد بات

---

[۱] توضیح مرام ص ۹-۱۰ میں مرزا لکھتا ہے کہ نبوت تامہ اس کے نزدیک وہ ہے۔ جس میں شریعت ہو۔ منہ

[۲] ازالہ اوہام ص ۲۸۲ طبع پنجم

سے ہے جو کوئی نتیجہ نہیں رکھتی۔ پس ان حضرات کے مقابلہ میں اس کا دعوئ شریعت کرنا شریعتِ جدیدہ کے دعویٰ کو مستلزم ہے۔ (علماء فرماتے تھے کہ نئی شریعت نازل نہیں ہو سکتی، مرزا نے کہا مجھ پر نازل ہوئی ہے، بتلایئے یہ شریعتِ جدیدہ کا دعویٰ ہوا یا نہیں؟) علاوہ ازیں یہ ملحد کہتا ہے کہ جہاد میرے آنے سے منسوخ ہو گیا، اور آئندہ حج قادیان کی طرف ہوا کرے گا۔ اور جو شخص قادیان کا چندہ ادا نہ کرے وہ اس کی بیعت سے خارج ہے، جو اس کے نزدیک خروج عن الاسلام کے مترادف ہے، پس زکوٰۃ سب چندۂ قادیان میں منحصر ہو گئی۔ دیکھئے کادیہ ص ۹، (بتایئے نئی شریعت اور کسے کہتے ہیں؟)

۴۲۔ اور یہ بھی معلوم رہے کہ مجدّدین کی تجدید کی مثال ایسی ہے جس طرح کہ کلمہ طیبہ لا الٰہ الا اللہ سے ایمان کی تجدید کی جاتی ہے۔ یعنی دین کی مٹی ہوئی باتوں کو از سرِ نو تازہ کر دینا۔ یہ نہیں کہ وہ دینِ متین میں کوئی اضافہ کرتے ہوں۔ (اس کے برعکس مرزا نے ارکانِ ایمان میں اپنی نبوت و مسیحیت اور وحئ قطعی پر ایمان لانے کا اضافہ کر دیا، اور دین کے بیسیوں اعمال و عقائد میں ترمیم و تنسیخ کر ڈالی۔ ظاہر ہے کہ اس کو تجدید نہیں کہہ سکتے، بلکہ یہ تو نئی شریعت اور نیا دین ہوا۔)

۴۳۔ اور یہ بھی معلوم رہے کہ شریعت کا جدید ہونا یا نہ ہونا یہ دو قسمیں تو قابلِ فہم تھیں، لیکن اس ملحد نے ایک تیسری قسم ایجاد کی ہے کہ وہ صاحب شریعت ہے، لیکن وہ شریعت بطور تجدید ہے نہ کہ جدید۔ (شریعت کی ایک نئی قسم شریعتِ تجدید ایجاد کر کے) اور اس کا نام بھی شریعت رکھ کر اس نے صاحب شریعت ہونے کا دعویٰ کیا۔ اور اس نئی قسم کی شریعت کا فتویٰ یہ ہے کہ جب تک کہ اس ملحد کی اتباع کا واسطہ نہ ہو (دین اسلام کی پیروی) موجب نجات نہیں ہے، بلکہ آدمی کافر رہتا ہے۔ پس (جبکہ اس نئی قسم کی شریعت کا حکم بھی وہی ہے جو شریعتِ جدیدہ کا ہے تو) شریعت تجدید اور شریعتِ جدیدہ کا فرق یکسر درہم برہم ہو گیا، اور (مرزا کا یہ کہنا کہ میں نے شریعت کے ایک شوشے کو بھی منسوخ نہیں کیا، یہ) منسوخ کرنے یا نہ کرنے کی بات سب بے معنیٰ

ہوئی (کیونکہ جب مرزا کی "شریعتِ تجدید" نے یہ اصول طے کر دیا کہ "شریعتِ محمدیہ" کی اتباع موجب نجات نہیں، بلکہ مرزا کی "شریعت تمہدیہ" کی اتباع میں نجات منحصر ہے اور اس کا منکر کافر ہے تو "شریعت محمدیہ" کالعدم اور معطل ٹھہری، اس کے باوجود مرزا کا یہ کہنا کہ "میں نے شریعت محمدیہ میں کوئی تبدیلی نہیں کی، اور نہ اس کے کسی حکم کو منسوخ کیا" محض ابلہ فریبی نہیں تو اور کیا ہے؟)

اور جس طرح کہ وہ عموماً اپنے کلام کے نتیجہ و مآل کو نہیں سمجھتا بلکہ اندھوں کی طرح چلتا ہے۔ اسی طرح اس نے یہاں بھی ایک حرف تک نہیں سمجھا۔ (بس یونہی اندھا دھند شریعت بطور "تجدید" کا دعویٰ ہانک دیا) اور تقدیر مبرم نافذ ہے کہ فہم اس سے سلب ہو چکا ہے اور اس کی تعلیم میں کوئی چیز ایسی نہیں پائی جاتی جس میں خبط و خلط اور تناقض و تہافت نہ ہو، جو کہ کسی صحیح الدماغ سے وقوع پذیر نہیں ہو سکتا، پس اس کے الہام و دعاوی سے ہی نہیں بلکہ اس کی لیاقت و قابلیت سے بھی ہاتھ دھو لیجئے۔ واللہ الہادی۔

۷۴۔۔۔۔۔۔ اور "حقیقۃ الوحی" ص ۶۷ میں دعویٰ کرتا ہے کہ اس نے یہ ساری نعمت شکمِ مادر ہی میں وصول کر لی تھی۔ گویا اتباع وغیرہ محض کہنے کی بات ہے نہ کرنے کی۔ اور "تتمہ حقیقۃ الوحی ص۶۸" اور "تریاق القلوب ص۳۷۹ مطبوعہ ۱۹۲۲ء" میں اور ہی نغمہ الاپتا ہے۔

۷۵۔۔۔۔۔۔ پس آیت: مَا كَانَ مُحَمَّدٌ أَبَا أَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ وَلَٰكِن رَّسُولَ اللَّهِ وَخَاتَمَ النَّبِيِّينَ ختمِ انبیاء اور ختمِ نبوت کے اعلان کے لئے نازل ہوئی ہے اور اس امر کا اعلان کرتی ہے کہ اب آپ کے بعد کسی اور نبی کا انتظار نہیں ہے، جیسا کہ قبل ازیں انبیاءِ سابقین میں سے ہر پہلا نبی اپنے بعد آنے والے نبی کی خبر دیتا رہا ہے (اب بجائے اس کے ختم نبوت کا اعلان کر کے بتا دیا گیا کہ آئندہ کسی نئے نبی کی آمد منتظر نہیں ہے) یعنی محمد صلی اللہ علیہ وسلم تم میں سے کسی کے ساتھ ابوت کا تعلق نہیں رکھتے، بلکہ اس کے بجائے رسالت و ختم نبوت کا علاقہ رکھتے ہیں کہ یہ تعلق دائمی ہے۔ اور یہ کلام بذاتِ خود مربوط ہے، اس کا ربط ابوتِ معنویہ کے اثبات پر موقوف نہیں، جیسا کہ قراءتِ شاذہ میں (وھو اب لھم) آیا ہے۔ کیونکہ کسی شاذ پر مدار نہیں رکھنا چاہیئے۔ اور شاید مردوں کی تخصیص اس امر کے پیشِ نظر ہے کہ بچوں

اور عورتوں میں نبوت نہیں۔ اس لیے صرف مردوں ہی کا ذکر کرنے کی حاجت تھی ۔ اور "اَحَدٍ مِّن رِّجَالِكُمْ" میں تنکیر سے مدعا یہ ہے کہ اپنی جانب سے گھر بیٹھے حصّے مت لگاؤ کہ آپؐ فلاں کے باپ ہیں یا فلاں کے ۔ نہیں! آپؐ تم میں سے کسی ایک کے بھی باپ نہیں ہیں۔ اس لیے ان خیالات کو یکسر چھوڑ دو ، اور فُلاں فُلاں کے نام مت لو ۔

۴۷ ــــــ اور انبیاءؑ میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا خاتم ہونا آپؐ کے مخصوص فضائل و کمالات میں سے خود آپؐ کا اپنا ذاتی کمال ہے ، (اس کا حصول) امت سے کوئی واسطہ نہیں رکھتا (جبکہ مرزائی عقیدے کے مطابق آپؐ کا خاتم ہونا مرزا کے "اُمتی نبی" ہونے پر موقوف ہے ورنہ آپ کی خاتمیت نعوذ باللہ باطل ہو جائیگی) اور اُمت کا آپؐ سے صرف اتنا تعلق بھی کافی نہیں کہ آپؐ کے کمال خاتمیت کا اعتقاد رکھا جائے ، (بلکہ آپؐ کی خاتمیت اُمت سے عملی تعلق کا تقاضا کرتی ہے اور وہ ہے تاقیامت آپؐ کی رسالت ونبوت سے وابستگی) کیونکہ آیت کی غرض یہ ہے کہ اُمت سے آپؐ کا رشتۂ ابوت ٹوٹ چکا ہے اور اس کے بجائے رسالت و نبوّت کا رشتہ ہمیشہ کے لیے پیوستہ ہو چکا ہے ، پس جیسا کہ اُمت سے آپؐ کی ابوت کلّی طور پر منقطع ہے ۔ اسی طرح آپؐ کے بعد نبوّت کا وجود بھی کلّی طور پر منقطع ہونا چاہیے ۔ آپؐ کی اکملیت کا اعتقاد تو ایک امرِ ذہنی ہے جو آئندہ نئی نبوتِ تشریعیہ کے بھی منافی نہیں (پس آپؐ کی خاتمیت کا اعتقاد کافی نہ ہوا) بلکہ معتدبہ تعلق ، عملی تعلق ہے ۔ بلکہ یہ اعتقاد تو اس امر کے بھی منافی نہیں کہ اعتقاد کنندہ (آپؐ کی اُمت میں بھی داخل نہ ہو بلکہ اس) کا شمار کسی اور نبی کی اُمت میں ہو ، جیسا کہ اُمم سابقہ بھی حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم ، کی اکملیت کا اعتقاد رکھ سکتی تھیں [1]

---

[1] مرزائی لوگ کہا کرتے ہیں کہ خاتم النبیین کے معنی "اکمل النبیین" ہیں ، مندرجہ بالا عبارت میں مصنّف امامؒ نے ان کے اس الحاد کو ردّ فرمایا ہے ۔ جس کا حاصل یہ ہے کہ اوّل تو یہ آیت کے مدعا کے خلاف ہے ۔ پھر یہ معنی نئی نبوت تشریعیہ آنے کے بھی منافی نہیں پس اگر خاتم النبیین کے معنی

۷۷۔۔۔۔۔۔۔اور ارشاد خداوندی وَ اِذْ اَخَذَ اللّٰہُ مِیْثَاقَ النَّبِیّٖنَ الآیۃ (۱) میں جس اخذ میثاق کا ذکر ہے اس کی تفسیر میں دو احتمال ہیں) یا (۱) تو اس سے رسولوں کے حق میں انبیاء کرامؑ سے اطاعت و فرمانبرداری کا عہد لینا مراد ہے کہ یہ امر بہت ہی اہم اور مہتم بالشّان ہے اور یا (۲) اس سے مراد) انبیاء بنی اسرائیل سے بنو اسماعیل کے خاتم النّبیّینؐ کے حق میں عہد لینا اور انہیں اس امر سے آگاہ کرنا ہے کہ نبوّت بنو اسرائیل سے بنو اسماعیل کی جانب منتقل ہو جائے گی، کہ یہ امر بھی نہایت اہم ہے۔ یہ اخذِ عہد اس واقعہ کے مشابہ ہے کہ فرشتوں کو حضرت آدم علیہ السّلام کی خلافت کی پیشگی اطلاع دے کر انہیں اطاعت کا حکم دیا گیا۔ لیکن (ان دونوں احتمالوں میں سے مؤخّرالذکر تفسیر زیادہ راجح ہے، کیوں کہ) لفظ "النّبیّین" کو جمع اور، لفظ "رسول" کو مفرد لانا۔ نہ کہ بلفظِ جمع "رسل" معرفہ یا نکرہ موصوفہ۔ اور ثُمَّ جَاءَکُمْ میں اس رسول کی آمد کو کلمۂ "تراخی" "ثُمَّ" سے ذکر کرنا تفسیرِ ثانی کا مؤید ہے۔

ظاہر آیت نے تمام نبیوں کو ایک طرف رکھا ہے اور ان سب کے بعد آنے والے رسول کو دوسری طرف۔ اور لفظ "ثُمَّ" سے معلوم ہوا کہ "وہ رسول" تمام انبیاء کرام کے بعد آئے گا، یہ نہیں کہ یہاں انبیاء کرام کے درمیان وقتاً فوقتاً آنے والے رسولوں کا تذکرہ ہو۔ اور لفظ "مصدّق" سے معلوم ہوا "وہ رسول" انبیاء کی جانب مبعوث نہیں ہوگا، بلکہ اپنے تمام پیشرو انبیاء کرام کی تعلیم کی تصدیق کرنے والا ہوگا، انبیاء کرام سے جو عہد و قرار لیا گیا اس سے اصل مقصود ان کی اُمتوں کو بتانا اور آگاہ کرنا ہے کہ اس عظیم الشّان رسول کی آمد کے وقت ضائع نہ ہو جائیں، اور (ان کو لازم ہے کہ) قومی امور و معاہدات میں بعض کو قائم مقام کُل کے تصور کریں، پس حضرت عیسٰی علیہ السلام کا آپؐ کے زمانہ کو) پالینا (اور بعد از نزول آپؐ کی تصدیق و اتباع کرنا تمام انبیاء علیہم السلام کی نیابت کے لیے) کافی ہے۔ اور شاید تو اُردو رسولِ لاحق کا رسول و نبیِّ سابق پر (بایں

اکمل النّبیّین کے ہوں تو گویا صرف یہی نہیں کہ معاذ اللہ آپ کے بعد نیا نبی آسکتا ہے بلکہ نئی شریعت بھی اُتر سکتی ہے۔ نئی اُمت بھی بن سکتی ہے اور نیا دین بھی تبدیل ہو سکتا ہے۔

(۱) آل عمران : ۸۱

معنیٰ کہ رسولِ متأخر کی آمد متقدم کی حیات میں ہوتی ہو، اور دونوں نے ایک دوسرے کی تصدیق کی ہو۔ ایسا تواترّد حضرت عیسیٰ علیہ السلام اور) حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلّم کے سوا کسی اور جگہ نہیں ہوا کہ اللہ تعالےٰ نے (شاید اسی مقصد کے لیے حضرت عیسیٰ علیہ السلام کو آسمان پر زندہ) اُٹھا لیا۔ (تاکہ وہ آخری زمانہ میں نازل ہوکر تمام انبیاء کرام کی جانب سے آنحضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلّم کی تصدیق کریں، اور میثاق النّبیّین میں جس ایمان و نصرت کا انبیاء علیہم السلام سے عہد و قرار لیا گیا تھا وہ اپنی ظاہری شکل میں بھی پورا ہوجائے۔ ہرچند کہ حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلّم کی صداقت اپنے ساتھ اس قدر داخلی دلائل و شواہد رکھتی ہے کہ ان کے بعد کسی خارجی شہادت کی ضرورت نہیں رہ جاتی، تاہم یہ چاہا گیا کہ آپؐ کی تصدیق خارج سے بھی ہو، کیونکہ) جو تصدیق کہ خارج سے ہو وہ (بداہتہً) اولیٰ و اَنسب ہے بہ نسبت تصدیقِ داخلی کے۔ (چنانچہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم نے تمام انبیاء کرام علیہم السلام کا مصدّق بن کر ان سب کے لیے تصدیقِ خارجی مہیا کی، اور ان سب حضرات کی جانب سے حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے آپؐ کی تصدیق کرکے "تصدیق از خارج" مہیا کردی۔ الغرض آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم انبیاء سابقین کے مصدِّق بھی ہیں اور مصدَّق بھی) اور (چونکہ) یہ وصف مُصدِّقیت آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہی کا مشہور وصف ہے جو قرآن مجید میں مذکور ہے (اس سے واضح ہے کہ ثُمَّ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مُّصَدِّقٌ لِّمَا مَعَكُمْ کا مصداق آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم ہی کی ذاتِ گرامی ہے، اور آپؐ ہی کے حق میں تمام انبیاء کرامؑ سے ایمان لانے اور نُصرت کرنے کا عہد لیا گیا) اور یہی تفسیر متبادر ہے اس آیت کی دوسری قراءت: واخذ اللہ میثاق الذین اوتوا الکتاب سے کہ تمام اہل کتاب کو ایک جانب رکھا اور اس رسول کو دوسری جانب۔ (خلاصہ یہ کہ آیت میں دو قراءتیں ہیں، ایک قراءت میثاق النبیین کی ہے) اور دوسری قراءت میں واذاخذ اللہ میثاق الذین اوتوا الکتاب آیا ہے اور جانتے ہو کہ تعدّدِ قراءت، بلاغت کے مختلف اعجازی نکات کے سبب ہوتا ہے، کیونکہ وہ تمام نکات ایک عبارت میں جمع نہیں ہوسکتے۔ پس ان کے تعدّد کی

وجہ سے تعدّدِ قراءت رُونما ہوجاتا ہے۔

پس (جب یہ ثابت ہؤا کہ خاتم النّبیّین کے معنیٰ "آخری نبی" کے ہیں تو) آخر کیا وجہ ہے کہ ہم آیت کے ظاہری اور کھلے کھلے معنی سے ہٹ کر تاویل رکیک کا رُخ کریں ؟ ظاہری معنی کے چھوڑنے پر کونسی دلیلِ قطعی قائم ہوئی ہے ؟ نفسانی خواہش کے بے سروپا خیالات پر ایمان رکھنا مومن کا کام نہیں ہے۔

۸ ۔۔۔۔ اور (خاتم النّبیّین کی ترکیب) "یوسفُ احسنُ الاخوۃ" اور فلانٌ اعلمُ بغداد" کی ترکیب جیسی بھی نہیں جس میں مضاف الیہ بمعنٰی مفعول بہٖ نہیں ہوتا ، اور حُسن و علم بھی مطلق ہیں (بخلاف اس کے "خاتم النّبیّین" میں مضاف الیہ مفعول بہٖ کے معنٰی میں ہے۔ اور (لفظ "خاتم النبیین" سے جس مضمون کو ادا کیا گیا ہے) ایسے موقعوں پر اصل اور معروف کلام یوں تھا کہ "آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی ابوت منقطع اور نبوت دائم ہے" مگر دوامِ نبوت کو لفظِ ختم سے تعبیر فرمایا گیا تاکہ دوامِ نبوت کی دلیل بھی ساتھ کے ساتھ پیش کر دی جائے ، کیونکہ آپؐ کی نبوّت کے "تا قیامت دائم رہنے کی علّت یہی تو ہے کہ آپؐ پر نبوت ختم اور سلسلۂ انبیاء کا اختتام ہوچکا۔ پس یہ قرآن کریم کا اعجاز ہے کہ اس نے آپ کی نبوّت کے دوام اور اس کی علّت دونوں کو ایک لفظ "خاتم النّبیّین" میں بیان فرما دیا) پس خود اسی لفظ میں بحثیں پیدا کرنا فہم مقصود سے کوسوں دور ہے ، ورنہ (اگر لفظ "خاتم النبیین" سے آپ کی نبوّت کے دوام کا بیان کرنا منظور نہ ہوتا ، صرف ایک فضیلت و منقبت کا اظہار مقصود ہوتا تو) جس طرح کہ اصلِ رسالت کا ذکر کیا تھا۔ اسی طرح اصل نبوت کو ذکر کرتے اور مثلاً اس قسم کے الفاظ فرماتے: ولکن رسول اللّٰہ ونبیًّا من المقربین ، جیساکہ تفسیر روح المعانی میں ابن مسعودؓ کی قراءت ولکن نبیًّا ختم النبیین نقل کی ہے۔

۹ ۔۔۔۔ اور کسی خاص فرد کے لحاظ سے نہیں بلکہ مجموعی اُمّت کے اعتبار سے اگر آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلم کو آپؐ کی ابوت معنویہ کا لحاظ کرتے ہوئے باپ کہا جاتا تو اس کی گنجائش ہوسکتی تھی۔ جیساکہ ازواج مطہرات کے لیے اُمّ المومنینؓ کا محاورہ رائج ہے۔ مگر یہ محاورہ بھی

چونکہ صورۃً خلافِ مقصود کا وہم دلاتا تھا، اس لیے رائج نہیں ہو سکا۔ چنانچہ عقیدۃ الاسلام (ص۲۰۱ طبع اول) میں اکلیل سے منع نقل کیا ہے۔

۸۰ ـــــ آیت کی مراد یہ ہے کہ جس طرح آپؐ بیٹا نہیں چھوڑیں گے، اسی طرح دوسرا نبی بھی نہیں آئے گا، اور جس طرح آپؐ خَلَف چھوڑ کر نہیں جائیں گے اسی طرح دوسرا پیغمبر بھی نہیں آئے گا جو آپ کا خلیفہ ہو۔ پس آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم بطور رکنیت "کسی مرد کے باپ" نہیں، بلکہ آپؐ بطورِ لقب رسول اللہ اور خاتم النّبیّین ہیں۔ اس لیے یہ نہیں فرمایا: "ولکن رسول اللّٰہ و نبیاً خاتم النّبیّین" کیونکہ یہ پورا عنوان، لقب نہیں تھا، گویا قرآن مجید نے اصحابِ جُمل کی طرح لقب ارشاد فرمایا ہے۔

اور یہ لقب محض تأخرِ زمانی کی بناء پر اتفاقی نہیں ہے بلکہ کسی اہم خصوصیت کا آئینہ دار ہے۔ یعنی چونکہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم آخری زمانہ میں تشریف لائے۔ محض اس تأخّرِ زمانی کو بتانے کے لیے یہ لقب نہیں ہے، بلکہ مرادِ الٰہی یہ ہے کہ ہم نے سلسلۂ نبوّت خاتم الانبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم پر ختم کر دیا۔ اور سلسلۂ انبیاء کی آخری حدّ آپؐ کی ذات کو ٹھہرانا محض اتفاقی نہیں، جو مفضول کے لیے بھی ہو سکتی تھی، بلکہ یہ کسی اہم ترین خصوصیت کی بناء پر ہے، جو آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی ذاتِ اقدس میں پائی جاتی ہے۔

۸۱ ـــــ اور واضح رہے کہ رسول اور نبی کے درمیان منقّح فرق وہی ہے جو اکثر علماء نے بیان فرمایا ہے اور جو پہلے گذر چکا ہے اور حقِ لغت کا تقاضا بھی یہی ہے، کیونکہ "رسول" کے معنی ہیں "فرستادہ اور پیغام لے جانے والا" اور ظاہر ہے کہ فرستادۂ خداوندی کو کتاب یا احکام شرعیہ کے سوا اور کیا چیز دے کر بھیجا جائے گا؟ اور "نبی" کے معنی ہیں خبر دہندہ، جو وحی قطعی کے ذریعہ خبر دیتا ہو، اگرچہ جدید شریعت نہ رکھتا ہو اور اس کا وظیفہ اُمت کی سیاست و نگہداشت ہے۔ چنانچہ حدیث میں انبیاء بنی اسرائیل کا اُن کی سیاست و نگہداشت کرنا ذکر فرمایا ہے[1] اسی طرح حدیث میں آتا ہے کہ "ایک نبی گذرا تو اس کے ساتھ ایک ہی دو آدمی تھے۔ اور ایک نبی گذرا تو اس کے ساتھ ایک بھی آدمی نہیں تھا"[2] یہ

---

[1] مشکوٰۃ ص۳۲۰ [2] مشکوٰۃ ص ۴۵۲، بحوالہ بخاری و مسلم

حدیث بھی اس مضمون پر دلالت رکھتی ہے کہ نبی کا وظیفہ اور اس کا تعلق اپنی اُمّت کے ساتھ کیا ہوتا ہے [۱]

۸۲ــــــ اور یہ مقولہ کہ "حضرت شاہ عبدالعزیزؒ خاتم المحدثین تھے" (اس پر قیاس کرتے ہوئے قادیانیوں نے کہا ہے کہ جس طرح شاہ عبدالعزیزؒ کے خاتم المحدثین ہونے کے یہ معنی نہیں کہ ان کے بعد کوئی محدث نہیں، اسی طرح آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے خاتم النبیین ہونے کا یہ مطلب نہیں کہ آپؐ کے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا۔ اس کا جواب ہے کہ اس مقولہ میں بھی خاتم المحدثین بمعنی "آخری محدث" ہی کے ہے مگر) اس اطلاق اور محاورے کی وجہ یہ ہے کہ کوئی شخص خصائص اور کمالاتِ مخصوصہ کا ختم کنندہ ہوتا ہے، پس ان خاص کمالات کے ختم کا لحاظ کرتے ہوئے اس پر خاتم کا اطلاق کر دیتے ہیں، پھر اس کے ساتھ یہ بھی ملحوظ ہے کہ اطلاق کنندہ کو نہ تو زمانۂ مستقبل کے حال کی تحقیق ہوتی ہے، نہ مستقبل کا علم ہوتا ہے، نہ اسے غیب کا علم ہے، نہ پردۂ غیب میں جو کچھ پوشیدہ

---

[۱] اور 'فتوحات' میں جو کچھ لکھا ہے وہ منتشر اور غیر منقح کلام ہے، اکثر جگہ تو انھوں نے یہ کہا ہے کہ "نبی بھی شریعت رکھتا ہے، مگر وہ اس کی ذات سے مختص ہوتی ہے"۔ لیکن حضرت ہارونؑ کے حق میں اتنی بات بھی تسلیم نہیں کی۔ اور ایک جگہ کہا ہے کہ "نبی کی شریعت دوسروں کے حق میں واجب نہیں، بلکہ ان کے اختیار پر ہے"۔ اور نوحؑ سے قبل کے انبیاء کو کسی رسول کے ماتحت نہیں رکھا۔ اور اس انتشارِ کلام کا سبب یہ ہے کہ شریعت نہ ہونے کی صورت میں شیخ کو نبی کی کوئی خدمت نظر نہیں آتی۔ اور اسی وجہ سے انھوں نے نبوت کی ایک نئی قسم "نبوت غیر تشریعی بمعنیٰ ولایت" نکالی۔ حالانکہ نبی کی جو خدمت متن میں ذکر کی گئی ہے وہ ایک عظیم خدمت اور جلیل القدر وظیفہ ہے، اور علماء جو نبی کے لیے غیر تشریعی نبوت کے قائل ہیں، وہ اس قسم کے تکلفات اور اس کو ولایت کے معنی میں لینے سے مستغنی ہیں، اور کتبِ سماویہ کے عرف سے اور انبیاء بنی اسرائیل۔ جو شریعتِ موسوی کے پیرو تھے اور وحی کے ذریعے اُمّت کی سیاست اور اخبار کرتے تھے۔ ان کے حالات سے بھی یہی بات مفہوم ہوتی ہے۔ پس اس کو خوب یاد رکھو اور دعا میں ہمیں نہ بھولو۔ منہ

۵۰

ہے، اس کی ذمہ داری اس پر عائد ہوتی ہے، بلکہ وہ صرف اپنی معلومات اور وقتی علم کے اعتبار سے بطور مسامحت و سہل انگاری کے، اس بات پر اعتماد کرتے ہوئے کہ اس کا مخاطب اس کی مراد کو سمجھ جائے گا یہ فقرہ استعمال کرتا ہے اور بشر کبھی ناتمام بات بھی کہہ دیتا ہے اور تمام قیود و شرائط کا احاطہ نہیں کرتا۔ چونکہ اظہار خصوصیت کی حاجت تھی اس لیے محاورہ بنا لیا تاکہ اس خصوصیت کو ختم زمانی کے بغیر بھی ادا کر سکیں۔

۸۳ ـــــــ نیز یہ کہنا تو معقول ہے کہ فلاں عالم، فلاں کے مقابلہ میں لائقِ شمار اور قابلِ اعتبار نہیں، مگر یہ کہنا کہ "فلاں نبی، فلاں کی بہ نسبت کوئی اعتبار نہیں رکھتا" یہ نہ تو معقول ہے، نہ رائج ہے (کیونکہ اس محاورہ کے معنٰی یہ ہیں کہ فاضل کے مقابلہ میں مفضول کالعدم ہے اور وہ کسی گنتی میں نہیں۔ ظاہر ہے کہ کسی نبی کے بارے میں یہ کہنا کہ وہ ناقص ہے، یا اس کی کوئی حیثیت نہیں۔ یا اس کا وجود و عدم برابر ہیں، نہ صرف صریح گستاخی ہے بلکہ کفر ہے، جیسا کہ ارشاد نبوی: لا تخیروا بین الانبیاء[1] کے ذیل میں علما نے تصریح فرمائی ہے۔ اور پھر) جس طرح کہ لا الٰہ الا اللہ میں (یہ) تاویل نہیں (ہو سکتی کہ اللہ تعالےٰ کے سوا اور خدا تو ہیں، لیکن اللہ تعالےٰ کے مقابلے میں نہ ہونے کے برابر ہیں۔ کیونکہ یہ تاویل نہ صرف شرک ہے بلکہ اس میں منصب الوہیت کی بھی توہین ہے۔ اسی طرح خاتم النبیین میں، جس کی تفسیر خود آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے لا نبیّ بعدی کے ساتھ فرمائی ہے، یہ تاویل نہیں چل سکتی کہ آپؐ کے بعد نبی تو ہیں، مگر وہ اس قدر بونے اور پستہ قد ہیں کہ آپؐ کے مقابلہ میں ان کا وجود و عدم برابر ہے۔ کیونکہ مسئلہ الوہیت کی طرح یہاں بھی اوّل تو ختم نبوت کا انکار ہے جو صریح کفر ہے، دوم منصبِ نبوت کی اہانت ہے اور یہ بجائے خود کفر ہے، بخلاف اس فقرہ کے کہ "شاہ صاحب خاتم المحدثین تھے" یہاں تاویل صحیح ہے، کیونکہ یہ کہنا بجا ہے کہ شاہ صاحبؒ کے مقابلہ میں بعد کے تمام محدثین طفلِ مکتب ہیں اور بوقتِ مقابلہ ان کی کوئی حیثیت نہیں۔

یہاں سے یہ بھی معلوم ہوا کہ ایک فقرہ ایک جگہ استعمال کیا جائے تو صحیح ہے اور اسی نوعیت کا فقرہ دوسری جگہ استعمال کیا جائے تو غلط ہے، وجہ اس کی یہ ہے کہ)

---

[1] مشکوٰۃ صہ ۵۰۷۔

اس قسم کے امور میں اصل مدار محاورہ کے جاری ہونے پر ہے، محض قیاس پر نہیں اگرچہ (کسی محاورہ کے صحیح ہونے کے لیے) جزئی علاقہ کا ثبوت ضروری نہیں، لیکن نوعِ علاقہ کا ثبوت بھی کافی نہیں۔ بلکہ اصل مدارِ ذوق اور استقراء پر ہے۔

ع " ہر سخن وقتے و ہر نکتہ مکانے دارد" یہ ہے توجیہ اور تخریج اس محاورہ کی۔

۸۴ ـــــ اور پھر یہ تو کہہ سکتے ہیں کہ فلاں شخص محدثی ختم کر گیا۔ اب اس جیسا کوئی دوسرا محدث نہیں آئے گا، مگر یہ نہیں کہہ سکتے کہ فلاں شخص نبوت ختم کر گیا، اب اس جیسا کوئی اور نبی نہیں آئے گا۔ کیونکہ پہلی چیز فضائل کسبیہ میں سے ہے اور اس میں اشتراک بکثرت ہے، خود ممدوح کے زمانہ بھی بہت سے لوگ اس کے ساتھ اس فضیلت میں شریک ہوں گے، پس لوگ فرق مراتب پر نظر رکھتے ہیں اور مماثل کو تو خاتمیت کے منافی سمجھتے ہیں مگر کم مرتبہ لوگوں کے وجود کو اس کے منافی نہیں سمجھتے، اور اس سلسلہ میں اٹکل اور تخمین سے بات کرنا روا سمجھتے ہیں۔ بخلاف باب نبوت کے۔ کہ وہ کمالاتِ وہبیہ میں سے ہے، اس میں ظنّ و تخمین کے ساتھ بات نہیں کرتے، بلکہ کفِّ لسان کرتے ہیں۔ کیونکہ یہ اِخبار بالغیب کا باب ہے، اس میں اطلاعِ الٰہی کا منتظر رہنا چاہیے اور محض اندازوں اور تخمینوں پر اقدام نہیں کرنا چاہیے ۔ پھر یہ (خاتم المحدثین والا) محاورہ بھی نزول قرآن کے زمانہ میں رائج نہ تھا۔ بلکہ بعد میں پیدا ہوا، جیسا کہ فاتح المحدثین کا محاورہ اختیار نہیں کیا گیا۔ پس قرآن کریم کو زمانۂ مابعد کے پیدا شدہ محاوروں پر نہیں ڈھالنا چاہیے۔

۸۵ ـــــ اور کہا کرتے ہیں کہ فلاں شخص جود و سخاوت کو ختم کر گیا، مگر یہ نہیں کہتے کہ ولایت و کرامت کو ختم کر گیا۔ کیونکہ یہ رجم بالغیب ہے۔ پس یہ ہے سبیل ان محاورات کی، نہ کہ محض قیاسات و تلبیسات ۔ گویا اس نوعیت کے حکم میں حکم کنندہ کے مقام و مرتبہ اور مَبلغِ علم و فہم کو ملحوظ رکھا جاتا ہے۔

۸۶ ـــــ اور معلوم رہے کہ اہلِ عرف 'فاتح' اور 'خاتم' دونوں کو نہیں جانتے پہچانتے، الّا یہ کہ اٹکل دوڑائیں اور تخمینہ لگائیں، یا پھر انہیں بعد از وقوع اس کا علم ہوتا ہے، مثلاً

لوگوں نے دیکھا ایک بادشاہ نے سلطنت قائم کی، اسے قوی اقتدار اور اعلیٰ درجہ کی حکمرانی حاصل ہوئی، بعدازاں اس کے جانشین آئے اور انھوں نے اس کی قائم مقامی کی (اور اس کی قائم کردہ سلطنت کا سلسلہ ایک مدت تک قائم رہا) اب اہلِ عرف نے دیکھا کہ یہ منصب بادشاہی سب سے پہلے سلطان اوّل نے کھولا تھا، اس لیے اس کو 'فاتح' کہنے لگے اور 'فاتح' کا یہ علم انہیں بعد از وقوع حاصل ہوا اور مثلاً انھوں نے کسی شخصیت کو ظنّ و تخمین سے خاتم کمالات سمجھا تو اسے "خاتم" کہہ دیا، ورنہ بجز شاذ و نادر صورتوں کے انہیں خاتمیتِ حقیقی کا مشاہدہ نہیں ہوتا، پس لفظ 'خاتم' کا اطلاق اکثر و بیشتر اٹکل اور تخمینے کے طور پر کرتے ہیں، بخلاف اطلاقِ 'فاتح' کے، کہ بسا اوقات اس کا مشاہدہ بھی رکھتے ہیں۔ نیز اہلِ عرف کی نظر اس نظامِ کلّی پر نہیں ہوتی جو مجموعۂ کائنات میں جاری و ساری ہے، بلکہ صرف منتشر جزئیات تک محدود ہوتی ہے، کیونکہ انہیں نظامِ کلّی کا علم نہیں، جو حق تعالیٰ نے اس مجموعۂ عالَم میں ودیعت رکھا ہے۔

تم جانتے ہو گے کہ اہلِ معقول نے کثرت کے چار مرتبے قرار دیے ہیں۔ کلّ واحد۔ کثرتِ[۱] محضہ جس میں ہیئت اجتماعی ملحوظ نہ ہو، وہ کثرت[۲] جسمیں ہیئتِ اجتماعی بطور عروض ملحوظ ہو، وہ کثرت[۳] جس میں ہیئتِ اجتماعی بطور دخول ملحوظ ہو۔ جو کثرت کہ ایک سلسلہ میں منسلک ہو کر وحدت تالیفی رکھتی ہو اہلِ عرف۔ کو اس کے مبدا و منتہا کا اکثر و بیشتر ٹھیک ٹھیک ادراک نہیں ہوتا۔ الّا یہ کہ انہیں تجربہ ہو جائے ورنہ اکثر وہ اٹکل اور تخمین ہی سے کام لیتے ہیں اس نوعیت کے کثیر منتظم میں 'خاتم' سب سے آخر میں ہوتا ہے۔ مثلاً معمار چونکہ تعمیر کے پورے سلسلہ سے واقف رہے (کہ اس کا آغاز فلاں جگہ سے ہوگا، اور اختتام فلاں جگہ پر ہوگا) اس لیے وہ تعمیر میں اس کی رعایت رکھتا ہے۔ بخلاف دیگر امور کے کہ لوگ ان کے نظام کو نہیں جانتے (اس لیے اس کی کماحقہ قطعی رعایت بھی نہیں رکھ سکتے، بلکہ ظنّ و تخمین سے کام لینے پر مجبور ہیں) اور نظاماتِ الٰہیہ میں فاتح و خاتم اس طرح واقع ہوتے ہیں، کہ خاتم، خاتمِ کمال ہوتا ہے

اوراس کی علامت خارج میں ختم زمانی رکھی گئی ہے۔ پس اس ختم نعانی کا ــ جو امورِ الٰہیہ کے کثیر منتظم میں ختم کمالی پر مبنی ہوتا ہے اور جس سے اہلِ عرف غافل ہیں۔ اچھی طرح وزن کر لینا چاہیے۔ کیونکہ محاورۂ اہلِ عرف اور محاورۂ حضرت حق کا باہمی فرق اسی پر مبنی ہے اوراس کو سمجھ لینے سے قادیانی ملاحدہ کا وہ مغالطہ، جو شاہنشاہ اور شاہانِ ماتحت کی مثال دے کر "نبی ساز" نبی کو اس پر قیاس کرنے سے پیدا ہوتا ہے، از خود درہم برہم ہوجاتا ہے، اور بات کی تہ اور مغز سخن پر اطلاع حاصل ہوجاتی ہے۔ واللّٰہ الموفق

۸۷ــــ پس وحی کی تحقیق کو۔ جو حقیقت الامر سے بال برابر بھی اِدھر اُدھر نہیں ہوتی اٹکل بازوں کی اٹکل پر قیاس نہیں کرنا چاہیے، اور نہ طبقۂ وحی کو شاعرانہ خیال آرائی پر محمول کرنا چاہیے۔ اسی وجہ سے فرمایا ہے: "ہم نے آپؐ کو شعر نہیں سکھایا، اور نہ وہ آپؐ کے لائق ہے۔" (سورہ یٰسٓ : ۶۹) شعر سے مراد خیال بندی ہے کہ شاعروں کے محاورات کی دنیا ہی الگ ہے، اوران کے محاورات عام لوگوں کے محاورات اور عرف عام کی بول چال سے جداگانہ ہیں۔

اور قرآن کا اعجاز جیسا کہ ترکیب میں ظاہر ہوتا ہے۔ اسی طرح مفردات کے انتخاب میں بھی ظاہر ہوتا ہے۔ کہ کسی حقیقت کو تعبیر کرنے کے لیے ــ خصوصاً جبکہ وہ حقیقت مشکلات میں سے ہو۔ ایسا لفظ اختیار کیا جاتا کہ اس جیسا ادنیٰ با لحقیقت لفظ لانا انسانی طاقت سے خارج ہے۔ پس محاورۂ قرآن کریم کو عامیانہ اور سوقیانہ محاورات پر ڈھالنا انتہائی جہالت وحماقت ہے، اور عقائد کے باب کو مدحی تخیلات پر محمول کرنا حد درجہ کی گمراہی اور الحاد ہے۔

۸۸ــــ نظمِ قرآن میں مدح کے موقعہ پر بھی حقیقت سے تجاوز روا نہیں رکھا گیا۔ قرآن کریم کی روش عامیانہ محاورات و مسامحات کی سی نہیں، اور نہ مقام مدح میں بے اندازہ و بے پیمانہ اٹکل بازی سے کام لیا جاتا ہے، اس لیے کہ حق تعالےٰ شانہٗ ہر چیز کی کُنہ سے واقف، اس کی حقیقت سے باخبر اوراس کے حقِ تعبیر سے آگاہ ہیں (کہ اس کو کن الفاظ سے تعبیر کیا جاتے ہ)، بخلاف بشر کے وہ مسکین ان تمام امور سے

سے قاصر ہے۔ اٹکل بازی (مجازفہ) نہ کرے تو کیا کرے؟ یہ اس کے بس کی بات نہیں کہ کسی طرح کم و بیش نہ کرے، اور کسی چیز کی حقیقتِ واقعیہ کو ٹھیک ناپ تول کر بیان کر دے، اور تقریب و تخمین سے کام نہ لے۔

۸۹ ——— پھر قرآن کریم کی مراد کی تعیین میں اگر اہلِ اجماع پر، جو کہ اہل حل و عقد ہیں۔ اعتماد نہ کیا جائے تو بہت ممکن ہے کہ کفر و اسلام کی تمیز ہی اُٹھ جائے، حق تعالیٰ کا ارشاد ہے: "اور جو شخص رسول کی مخالفت کرے گا۔ بعد اس کے کہ اس پر امر حق ظاہر ہو چکا تھا اور مسلمانوں کا راستہ چھوڑ کر دوسرے رستے ہو لیا تو ہم اس کو جو کچھ وہ کرتا ہے کرنے دیں گے اور اس کو جہنم میں داخل کریں گے اور وہ بہت ہی بُری جگہ ہے جانے کی"۔[۱] "سبیل المومنین" سے مراد اہل ایمان کا اتفاق و اجماع ہے۔ اور ضروریات دین میں تاویل بھی مسموع نہیں، شیخ اکبر فتوحات ص۲۵۷ ج۲ باب ۲۸۹ میں فرماتے ہیں۔ "تاویلِ فاسد کفر کی مانند ہے"۔

۹۰ ——— اور سب سے پہلا اجماع جو اس اُمت میں منعقد ہوا وہ مسیلمہ کذاب کے قتل پر اجماع تھا، جس کا سبب صرف اس کا دعویٰ نبوت تھا، اس کی دیگر گھناؤنی حرکات کا علم صحابہ کرام کو اس کے قتل کے بعد ہوا تھا جیسا کہ ابن خلدون نے نقل کیا ہے[۲] اس کے بعد قرناً بعد قرنٍ مدعیٔ نبوت کے کفر و ارتداد پر ہمیشہ اجماعِ بلا فصل رہا ہے، اور نبوتِ تشریعیہ یا غیر تشریعیہ کی کوئی تفصیل کبھی زیر بحث نہیں آئی۔

اور شاید مسیلمہ کذاب نے اپنا مطلب: "وَاَشْرِکْهُ فِیْ اَمْرِیْ" سے نکالا ہو گا کہ نبوت میں بھی شرکت ہو سکتی ہے۔ یہی مسیلمہ کذاب کا دعویٰ تھا اور یہی غلام احمد قادیانی کا دعویٰ ہے[۳] ہمارے پیغمبر برحق صلی اللہ علیہ وسلم کی مجمل تصدیق تو احادیث

---

[۱] ترجمہ مولانا اشرف علی تھانوی "سورۃ النساء آیت ۱۱۵ [۲] تاریخ ابن خلدون ص ۱۸۱ ج ۲۔

[۳] مسیلمہ کذاب کہتا تھا کہ مجھے محمدؐ کی نبوت میں شریک کر دیا گیا ہے۔ اور کذاب قادیان نے کہا کہ "تمام کمالات محمدیہ مع نبوت کے میرے آئینہ ظلیت میں منعکس ہیں۔ اس لیے میں بعینہٖ وہی خاتم الانبیاء ہوں گو ظلی طور پر سہی" (ایک غلطی کا ازالہ)۔ مترجم۔

شریف میں دجّال سے بھی آئی ہے[۱] لیکن محض اتنی بات اس کفر کو دفع نہیں کرتی، بہت سے کافر ہمارے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلّم کی اور ہمارے دین کی مجمل تصدیق کرتے ہیں لیکن ساتھ ہی کہتے ہیں کہ ہمارا دین بھی سچا ہے (اسی طرح قادیانی کا ہمارے دین کی تصدیق کرنا بھی دافع کفر نہیں)

۹۱ ـــــ حاصل یہ کہ ختم کمالات کو لفظِ خاتمیّت کے ساتھ تعبیر کرنا قرآن کریم کا عُرف ہرگز نہیں، قرآن کریم کا عُرف اس باب میں یعنی باہمی تفاضل کے بیان میں وہ ہے جو آیتِ کریمہ تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ الآیۃ[۲] میں اختیار کیا گیا ہے یہی طریق مُستقیم ہے اور یہی سادہ اور فطری طرزِ کلام ہے۔ اور (اس کے برعکس) ختم کمالات کو بغیر کسی قید لگائے 'خاتم' کہنا تاویل و تخریج (کے تکلف) کا محتاج بناتا ہے اور (مزید برآں یہ کہ یہ زمانۂ نزول قرآن کا عُرف نہیں بلکہ) زمانۂ مابعد کا عُرفِ جدید ہے کہ سوائے محاورہ رائج ہونے کے اس کا استعمال بھی مستحسن نہیں تھا، چہ جائیکہ وہ قرآن مجید میں مراد ہوتا کہ اس سے مغالطہ اندازی کا وہم ہوتا ہے چنانچہ پوری اُمّت نے 'خاتم' سے ختم زمانی سمجھا ہے نہ کہ صرف ختم کمالات۔ (اب اگر خدا تعالیٰ کی مراد فقط ختم کمالات ہوتی، جیسا کہ قادیانی ملاحدہ کہتے ہیں، تو اس سے لازم آئے گا کہ تیرہ سو سال تک 'خاتم النبیین' کا صحیح مفہوم معاذ اللہ 'معنیٰ قولِ در بطنِ قائل کا' مصداق رہا۔)

۹۲ ـــــ اور معلوم رہے کہ (جو امور) اصطفاء و اجتباء (کے باب سے ہوں ان) میں قرآن کریم کا طریقہ یہ ہے کہ (انہیں) حق تعالےٰ شانہٗ کی ذات کی جانب منسوب کیا جاتا ہے (اور خاتمیت بھی چونکہ اسی باب سے ہے) اس لیے (بظاہر طریقۂ قرآن کے) مناسب یہ تھا کہ وجعلناه خاتم النّبيّين فرمایا جاتا (یعنی ہم نے آپؐ کو خاتم النبیین بنایا) لیکن (یہاں) مقصود (چونکہ) یہ تھا کہ خاتم النبیین کا لفظ بطورِ لقب بندوں کی زبان پر جاری ہو (اس لیے صرف رسول اللہ و خاتم النبیین کو بحیثیت لقب کے ذکر فرمایا)

۹۳ ـــــ (خاتم المحدثین وغیرہ کا) عُرفِ جدید اس وجہ سے پیدا ہوا کہ لوگوں نے دیکھا

---

[۱] فتح الباری ص ۹، ج ۱۳ [۲] البقرہ، ۲۵۳

کہ کمالات کا رُخ دن بدن انحطاط کی جانب ہے (اس لیے انھوں نے کسی نابغہ کو دیکھ کر یہ سمجھا کہ آئندہ دورِ زوال میں ایسا بلند پایہ شخص کہاں پیدا ہو سکتا ہے ؛ پس مستقبل میں ناامیدی کے پیشِ نظر انھوں نے اس باکمال کو اس فن کا خاتم قرار دے دیا) مگر یہ نظر اور اعتبار حق تعالیٰ کے حق میں مفقود ہے۔ اس کی بارگاہِ عالی کے لیے زیبا نہیں کہ وہ مایوسانہ انداز میں یوں کہے کہ "افسوس! فلاں پیغمبر کمالات کو ختم کر گیا، اب اس جیسا کوئی دوسرا پیغمبر کہاں آسکتا ہے"۔ البتہ اس قسم کا کلام کہ "ہم نے فلاں پیغمبر پر کمالات ختم کر دیے۔ لہٰذا اب اس جیسا کوئی دوسرا پیغمبر، ہم نہیں لائیں گے؟" اگرچہ اس کی بارگاہ کے مناسب ہے، مگر قرآن کریم کی عبارت میں یہ مضمون نہیں۔ اور حق تعالیٰ کا یہ ارشاد کہ فلاں پیغمبر آخری ہے، بالکل سیدھی صاف اور واضح بات ہے (جس میں سے سرِ دیا تاویلات کی گنجائش نہیں اور نہ اس کے مقصد و مدعا کے سمجھنے میں کوئی اُلجھن ہے)

۹۴ــــــ اور تحقیق یہ ہے کہ خاتم المحدثین کا لفظ ختم کمالاتِ مخصوصہ کے اعتبار سے نہیں بولا جاتا، بلکہ "الناقص کالمعدوم" کے اصول پر ناقصوں کو کالعدم اور ناقابلِ اعتبار فرض کر کے یہ لفظ بولا جاتا ہے۔

یہ ہے اس لفظ کی تخریج من حیث الدلالۃ۔ جیسا کہ لا ریب فیہ میں علماء نے کہا ہے، (باقی اس سے بحث نہیں کہ جس موقعہ پر یہ لفظ بولا جاتا ہے وہاں واقعۃً ناقص کو بمنزلہ معدوم کے ٹھہرانا صحیح بھی ہے یا نہیں) مصداق جیسا کچھ بھی ہو ہُوا کرے صحیح ہو یا غلط!) کیونکہ یہ آدمی کا مجازفہ اور تخمینہ ہے، بادشاہِ علام الغیوب کی تحقیق نہیں۔ بہرحال یہ ترکیب کسی شئی کی انتہاء کو بیان کرنے کے لیے وضع کی گئی ہے، جس سے اس شئی کا ختم اور منقطع ہو جانا قطعی طور پر لازم ہے۔ اب خواہ یہ اعلانِ انقطاع بطور مسامحت اور حقِ مقام کی پوری رعایت کیے بغیر حرف زنی کے باب سے ہو، جیسا کہ اوساط الناس کا محاورہ ہے یا برسبیل تحقیق ہو، جیسا کہ علام الغیوب کے کلام میں واقع ہوا ہے اور (یہ نکتہ کبھی فراموش نہ کرنا چاہیے کہ) ناقص کو کالمعدوم اور ناقابلِ اعتبار تصور کرنے کا اصول انبیاءِ کرامؑ کے باب میں رائج نہیں ہے، بلکہ یہ شرعاً ممنوع ہے۔ جیسا کہ قرآن کریم کی سُوتوں

اسمائے حسنیٰ اور متعلقاتِ حضرتِ ربوبیت کے مراتب میں بھی یہ طرز ناروا ہے (کیونکہ ان امور میں سے کسی ایک کو ناقص اور لایعبأ بہ قرار دینا بدترین گستاخی ہے۔ بلاشبہ انبیاء کرام میں بعض حضرات بعض سے افضل ہیں، مگر ان حضرات کی ایک دوسرے سے) فضیلت کے بیان میں قرآن حکیم کا طریقہ (یہ نہیں کہ مفضول کو ناقابلِ اعتبار اور لا یعبأ بہ فرض کرکے کالعدم قرار دے دیا جائے۔ بلکہ اس کا طریقہ) وہی ہے جس کی مثال اوپر گذر چکی، (یعنی تِلْكَ الرُّسُلُ فَضَّلْنَا بَعْضَهُمْ عَلٰى بَعْضٍ[1]) مختصر یہ کہ علم اور فضائلِ کسبیہ کا باب چونکہ بشر کے دائرۂ اختیار میں ہے اس لیے ان امور میں اس کو عمل دخل ہے (کہ کونسی چیز قابلِ اعتبار ہے کونسی نہیں ہے اور کس چیز میں ناقص کو بمنزلہ معدوم کے قرار دے کر اس کے ناقابلِ اعتبار ہونے کا دعویٰ کیا جا سکتا ہے) بخلاف متعلقاتِ نبوت کے کہ حضرتِ ربّ العزّت کے سوا کسی کو ان میں اعتبارات پیدا کرنے کا اختیار نہیں۔

۹۵ــــــ اور ضرورت دونوں قسم کے افادوں کی پیش آتی ہے، کبھی کہتے ہیں کہ فلاں عہدہ اور منصب باقی نہیں رہا۔ اب کوئی شخص اس عہدے پر (تعینات ہو کر) نہیں آئے گا، اور مراد ہوتا ہے اس عہدہ کا بالکلیہ ختم اور بند کر دیا جانا۔ اور کبھی کہتے ہیں کہ آئندہ اس پائے کا آدمی پیدا ہونا مشکل ہے، یا اس کے مقابلہ میں دوسرے لوگ قابلِ شمار و اعتبار نہیں۔ اور اس قید کو ذکر نہیں کرتے، مواقع استعمال سے معلوم ہو جاتا ہے کہ کبھی کلام اصل شیٔ (کے ختم ہونے) میں ہے، اور کبھی (اعلیٰ) مراتب (کے ختم ہونے) میں۔ علماء کے باہمی تفاضل میں بھی مؤخر الذکر معنیٰ مراد ہوتے ہیں، نہ کہ اوّل۔ کیونکہ یہ لوگ اس میں نہ تو صاحبِ اختیار ہیں اور نہ حکم کرنے کا حق رکھتے ہیں۔

۹۶ــــــ اور مخفی نہ رہے کہ اہلِ عُرف خود بھی ان محاورات میں اپنے تسامح سے مطلع ہیں، اور ان کا تعامل ان کے مطلع ہونے کی خبر دیتا ہے۔ چنانچہ ایک زمانہ میں ایک شخص کو 'خاتم المحدثین' کے لقب سے یاد کرتے ہیں، لیکن جب اس کے بعد کوئی دوسرا کامل کھڑا ہو جائے تو اس کو بھی یہی لقب دے دیتے ہیں، اس سے معلوم ہوا کہ ان کی مراد ختم کمال کے لحاظ سے بھی آخریتِ حقیقیہ نہیں ہوتی، بلکہ اپنے زمانے کے اعتبار

---

[1] البقرہ : ۲۵۳

سے آخریت مراد ہوتی ہے۔ بلکہ ایک ہی زمانہ میں متعدد اشخاص کو بھی خاتم کہ دیتے ہیں، اور مقصد دوسروں سے کمال کی نفی کرنا نہیں ہوتا بلکہ اپنے مخصوص دائرۂ ذہن اور سانح وقتی کے لحاظ سے بات کرتے ہیں، تمام زمانوں اور تمام اشخاص کے لحاظ سے نہیں۔ کیونکہ یہ بات کبھی ان کے گوشۂ ذہن میں بھی نہیں آتی۔ کلام کا مفہوم عُرفِ متکلم کے دائرہ اور عُرفِ عام کے اعتبار سے لینا چاہیے۔ نہ کہ ایسا عموم جو متکلم کا مقصود ہی نہ ہو۔ جیساکہ متعنت لوگ لفظی مؤاخذات کرکے ایسے مناقشات کیا کرتے ہیں جو متکلم کے حاشیۂ خیال میں بھی نہ گذرے ہوں۔ اس کے باوجود اہل عُرف کا استعمال معنیٰ آخریت کے لحاظ سے یکسر خالی بھی نہیں ہوتا، ورنہ مبالغہ، جو ان کا اصل مقصود ہے غرت ہوجائے گا۔ مبالغہ اسی حالت میں باقی رہتا ہے کہ چونکہ اس سلسلہ کی حقیقی آخریت انہیں معلوم نہیں اس لیے کمال کا لحاظ کرتے ہوئے ممدوح کو آخر کہ دیتے ہیں۔

یہ تو ہے اہلِ عُرف کا اطلاق باعتبار اَزمنہ و اشخاص کے۔ اب دوسری طرف اللہ جلّ شانہٗ کے طرز کو دیکھو کہ اس نے ابتدائے آفرینش سے لے کر آج تک سوائے محمد رسول اللہ صلّی اللہ علیہ وسلّم کے کسی کو 'خاتم النبیین' کا لقب نہیں دیا، نہ ایک زمانہ میں، نہ متعدد زمانوں میں۔ نہ کسی دوسرے پر اس لفظ کا اطلاق کیا، نہ اس کی اجازت دی یہ قادیانی اشقیا۔ کسی لفظ کے مجازی اور تسامحی معنیٰ دیکھ لیتے ہیں تو لفظ کو اسی کے لیے موضوع ٹھہرا لیتے ہیں، گویا اب وہ معنی حقیقی میں استعمال کے لائق نہیں رہا، اور اس سے بکلّی منسلخ ہوگیا، اور لفظ کی گویا جدید وضع پیدا ہوگئی کہ اب اسے حقیقی معنی میں استعمال کرنا بھی جائز نہیں رہا، اور یہ غایت جہل و شقاوت ہے کہ عرفِ قرآن اور عرفِ عامیانہ میں امتیاز نہیں کرتے، اور ذرا احتیاط ملحوظ نہیں رکھتے، بلکہ جو کچھ سامنے آجائے بلا خطر تراشے اور ہانکتے رہتے ہیں۔ درحقیقت یہ دیدہ دلیری اور ڈھٹائی اس شخص کا کام ہے جو دراصل قرآن پر ایمان ہی نہ رکھتا ہو، بلکہ اپنے فہم سقیم اور طبعِ منحرف پر ایمان رکھتا ہو۔

۹۷ــــــ ایک بار احقر نے (اس موضوع پر) سطور ذیل لکھی تھیں:

مخفی نہ رہے کہ حق تعالےٰ کے ارشاد "وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ" کو عوام الناس کے قول "فلاں خاتم محققین ہے" پر قیاس کرنا انتہائی جہالت و نادانی کا کرشمہ ہے۔ کیونکہ اوّل تو یہ مقولہ ایک عامی محاورہ ہے جو تحقیق پر مبنی نہیں، بہت سے محاورات مقاماتِ خطابیہ میں استعمال ہوتے ہیں جن کا مدار تحقیق پر نہیں ہوتا، بخلاف ارشاد خداوندی کے کہ وہ سراسر تحقیق ہے اور حقیقتِ واقعیہ سے سرمو متجاوز نہیں۔ بلکہ قرآن کریم کے وجوہِ اعجاز میں سے ایک یہ بھی ہے کہ اس کے ایک کلمہ کی جگہ مخلوق دوسرا کلمہ نہیں رکھ سکتی، کیونکہ اس مقام کے حق اور حقیقتِ غرض کی گہرائی کا احاطہ انسانی طاقت سے خارج ہے۔

۹۸۔۔۔۔دوم: یہ کہ اس فقرہ کے قائل نے خود بھی تحقیق کا ارادہ نہیں کیا۔ کیونکہ نہ تو اسے غیب کا علم ہے اور نہ وہ پردۂ مستقبل میں چھپی ہوئی چیزوں سے باخبر ہے، کہ دوام کی رعایت رکھ کر بات کہتا۔ بخلاف باری تعالےٰ کے (کہ اس کے سامنے ماضی و مستقبل یکساں ہیں)

۹۹۔۔۔۔سوم: یہ کہ یہ فقرہ ہر شخص اپنے گمان کے موافق کہتا ہے اور ایک ہی زمانے میں متعدد لوگ کہتے ہیں، اور انہیں ایک دوسرے کے قول کی کوئی خبر نہیں ہوتی۔ بلکہ ایک شخص اس اطلاع کے باوجود کہ اس زمانے میں دیگر اصحابِ کمال بھی موجود ہیں، اس لفظ کا اطلاق کرتا۔ اور قطعی قرینہ پر اعتماد کرتا ہے کہ دوسرے لوگ خود مشاہدہ کرنے والے ہیں اس لیے میرے سامعین ایک ایسی چیز کے بارے میں، جسے وہ خود اپنی آنکھوں سے دیکھتے اور اپنے کانوں سے سنتے ہیں، میرے کلام کی وجہ سے غلط فہمی میں مبتلا نہیں ہوں گے۔

۱۰۰۔۔۔۔چہارم: یہ کہ ہر شخص کی مراد بس اس کے اپنے زمانے تک محدود ہوتی ہے، مستقبل سے اسے کوئی سروکار نہیں ہوتا۔

۱۰۱۔۔۔۔پنجم: یہ کہ اس قادیانی دجّال کے خیال کے مطابق نعوذ باللہ آئندہ آنیوالے ہر نبی پر ایک اعتبار سے "خاتم" کا اطلاق کر سکتے ہیں، اندریں حالت آیت کے مضمون کا کوئی حاصل اور نتیجہ ہی نہیں نکلتا۔

۱۰۲ـــــ ششم : یہ کہ جس صورت میں کہ (دجّال قادیان کے بقول) 'خاتم' کے معنی "مہر لگانے والا" کے لیے جائیں تو اس صورت میں اگر حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلّم کا زمانہ تمام انبیاء کرام سے مقدم ہوتا، جب بھی آپؐ خاتم بالمعنی المذکور رہو سکتے۔ حالانکہ یہ قطعاً بے معنی بات ہے۔ ایسی حالت میں مقدام المحققین بولتے ہیں، نہ کہ خاتم المحققین۔

۱۰۳ـــــ ہفتم : یہ کہ اس تقدیر پر حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلّم کو امّتِ مرحومہ کے ساتھ کوئی زائد خصوصی تعلق باقی نہیں رہ جاتا۔ حالانکہ آیت کا سیاق یہ ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کو امّت کے ساتھ ابوت کے بجائے ختم نبوّت کا علاقہ ہے، اور شاید آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کی نرینہ اولاد اسی واسطے نہیں رہی تاکہ آپؐ کے بعد نبوّت کی طرح بکلی منقطع ہو جائے۔ آیت کا مطلب یہ ہے کہ آپؐ سے علاقۂ ابوت مت تلاش کرو، بلکہ اس کی جگہ علاقۂ نبوت ڈھونڈو۔ اور وہ بھی ختمِ نبوت کا علاقہ۔ اور آپؐ کی نرینہ اولاد کے زندہ نہ رہنے میں یہ اشارہ تھا کہ آپؐ کے بعد سلسلۂ نبوّت باقی نہیں رہے گا۔ جیسا کہ بعض صحابہ مثلاً عبداللہ بن ابی اوفیٰ اور ابن عباسؓ کے الفاظ سے سمجھا جاتا ہے۔ دیکھئے شرح مواہب جلد ثالث، ذکر ابراہیمؑ۔ اور وراثتِ نبوت کے لیے جامع البیان اوائل سورۂ مریم مع حاشیہ، اور مواہب لدنیہ میں خصائص کی بحث دیکھئے۔ شرح مواہب ص۱۸۹ ج۶ میں ہے کہ "شاید (آیت کی) مراد بذریعہ تبنّی ابوت کی نفی اور علاقۂ رسالت و نبوت کا اثبات ہے، اور 'رجال' کی قید اس لیے لگائی گئی کہ صورتِ لفظ سے اولادِ صلبی کے حق میں بھی ابوت کی نفی مراد لیے بغیر تبنّی کی نفی نہیں ہو سکتی۔ یا ممکن ہے کہ بالغ مَردوں کے حق میں مطلقاً ابوت کی نفی مراد ہو۔" اور روح المعانی میں اس پر سیر حاصل کلام کیا ہے، غرضیکہ محاورۂ عامیہ، تحقیقی کلام نہیں، بلکہ تساہل اور تسامح پر مبنی ہے۔ اور اس کے نظائر احیاء العلوم مصنفہ امام غزالیؒ کے "باب آفاتِ لسان" میں ملاحظہ کیے جائیں، نیز جو کلام انھوں نے فخریہ القاب۔ مثلاً شاہنشاہ پر کیا ہے اسے بھی ملاحظہ کیا جائے۔ اور ممدوحین کے رُو برو ان کی تعریف و توصیف کی ممانعت معلوم ہی ہے، پس یہ محاورات نہ تو تحقیقی

لہ فتوحات میں بھی یہی سمجھا ہے منہ

ہیں، اور نہ شرعی ہیں (اس نوعیت کے غیر ذمہ دارانہ القاب و محاورات تو کیا شرعی ہوتے) چہ جائیکہ شارع علیہ السّلام نے بَرّہ نام کو بھی پسند نہیں فرمایا (کہ اس میں تزکیہ و توصیف کی جھلک تھی)

۱۰۴۔۔۔ ہشتم یہ کہ لفظ "ختم" کا مدلول یہ ہے کہ خاتم کا حکم و تعلق اس کے ماقبل پر جاری ہوتا ہے، اور سابقین اس کی سیادت و قیادت کے ماتحت ہوتے ہیں جس طرح کہ بادشاہ موجودین کا قائد ہوتا ہے، نہ کہ ان لوگوں کا جو ہنوز پردۂ عدم میں ہوں اور اسکی سیادت کا ظہور اور اس کے عمل کا آغاز رعایا کے جمع ہونے کے بعد ہوتا ہے، نہ کہ اس سے پہلے۔ گویا اجتماع کے بعد کسی قوم کا کسی کی آمد کے لیے منتظر اور چشم براہ ہونا اس امر کا اظہار ہے کہ معاملہ اسی کی ذات پر موقوف ہے۔ بخلاف اسکی برعکس صورت کے کہ (قائد آئے اور چلا جائے اور ماتحت عملہ اس کے بعد آئے)، اس صورت میں کسی قرینے سے اس امر کا اظہار نہیں ہوتا، بلکہ اس پیشرو کی برتری اور سیادت کا تصور) محض ایک معنوی اور ذہنی چیز ہے (جسکا خارج میں کوئی اثر و نشان نہیں ہوتا کہ اس پر کوئی دلیل و برہان ہے)۔ یہی وجہ کہ عاقب، حاشر اور مقفّی جو سب آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے اسمائے گرامی ہیں مابعد کے لحاظ سے نہیں (بلکہ ماقبل کے لحاظ سے ہیں، جیسا کہ ان کے معانی پر غور کرنے سے بادنیٰ تأمل معلوم ہو سکتا ہے) اور (خاتمیت سے یہ مراد لینا کہ چونکہ آپؐ کی نبوت "بالذات" ہے اور دوسروں کی نبوت "بالعرض" لہٰذا آپؐ سے استفادہ کے ذریعہ اب بھی نبوت مل سکتی ہے۔ خاتمیت کا یہ مفہوم غلط ہے کیونکہ) مابالذات اور مابالعرض کا ارادہ فلسفہ کی اصطلاح ہے، نہ تو یہ قرآن کریم کا عرف ہے، نہ زبان عرب ہی اس سے آشنا ہے، اور نہ قرآنِ کریم کی عبارت میں اس کی جانب کسی قسم کا اشارہ یا دلالت موجود ہے۔ پس اس آیت میں "استفادۂ نبوت" کا اضافی مضمون داخل کرنا محض خود غرضی اور مطلب براری کیلئے قرآن پر زیادتی ہے۔ البتہ سُنّت اللہ یہی واقع ہوئی ہے کہ ختم زمانی کا منصبِ عالی اسی شخصیت کے لیے تجویز فرمایا گیا جو قطعی طور پر امتیازی کمال میں سب سے فائق تھی اور تمام سابقین کو اس کی سیادت و قیادت کے ماتحت رکھا گیا۔

اور انبیاء کرام کو نبوت پیدا کرنے کے لیے نہیں بھیجا جاتا (کہ مہریں لگا لگا کر نبی پیدا کیا کریں) بلکہ سیادت وقیادت اور سیاست و ریاست کے لیے مبعوث کیا جاتا ہے۔ قوم نماز کے لیے پہلے جمع ہو تو اس کے بعد امام مقرر کرنے کی ضرورت پیش آتی ہے۔ یہی محمل ہے حق تعالےٰ کے ارشاد : یَوۡمَ نَدۡعُوۡا كُلَّ اُنَاسٍۭ بِاِمَامِهِمۡ[1] کا۔

پہلی اُمتوں میں انبیاء کرام تکمیلِ کار کے لیے رسولوں کے ماتحت ہوتے تھے، چنانچہ موسیٰ علیہ السلام کی دعا میں ہے، اشۡدُدۡ بِهٖۤ اَزۡرِیۡ وَ اَشۡرِكۡهُ فِیۡۤ اَمۡرِیۡ[2] نیز موسیٰ علیہ السلام کی درخواست کے جواب میں ارشادِ خداوندی ہے : سَنَشُدُّ عَضُدَكَ بِاَخِیۡكَ[3] اور حضرت خاتم الانبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم کے مقام میں کمال کا کوئی جزء باقی نہیں چھوڑا گیا (بلکہ کارِ نبوّت کی تکمیل من کل الوجوہ آپؐ کی ہی ذاتِ گرامی سے کرا دی گئی۔ لہٰذا اب کوئی منصب باقی نہ رہا جس کے لیے کسی نئے نبی کو مبعوث کیا جاتا۔ چنانچہ آپؐ کی شان تو یہ ہے) ؎

حسنِ یوسف، دمِ عیسیٰ، یدِ بیضا داری   آنچہ خوباں ہمہ دارند تو تنہا داری

۱۰۵۔ — اور ادھر یہ حدیث کہ "انبیاء کرامؑ اپنی قبروں میں زندہ ہیں، نماز پڑھتے ہیں"[4] ثابت ہے کہ حیات سے اعمالِ حیات مراد ہیں، نہ کہ صرف بقائے روح۔ کیونکہ یہ تو (مومن و کافر اور نبی وغیر نبی) سب میں مشترک ہے (پس یہ امر انبیاء کرام کے ساتھ مختص نہ ہوا حالانکہ حدیث سے اختصاص ثابت ہوتا ہے۔ الغرض جب آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے ذریعہ کارِ نبوّت کی تکمیل ہو چکی، اور پھر حیاتِ انبیاء کی بنا پر آپؐ اُمت میں زندہ موجود ہیں۔ گو پس پردہ ہوں، تو نئے نبی کی بعثت بے معنیٰ ہوئی۔)

اور انبیاء کرامؑ کی جانب سے اُمّت کی روحانی تربیت اور ان کی تکمیلِ باطنی جو ہوتی ہے وہ شاید ولایتِ نبوت کے اعتبار سے ہوتی ہوگی جو نبوت کا ایک جزء اور اس تحت میں مندرج ہے، اور ولایت خود جاری ہے۔ پس نبوت کا ایک جزو اختصاصی ہوا (یعنی حق جل شانہٗ کا کسی بندے کو پیغام رسانی کے منصب کے لیے تجویز کرنا اور

[1] سورۃ الاسراء : ۷۱، [2] سورہ طٰہٰ : ۳۱-۳۲ [3] سورۃ القصص : ۳۵ [4] فتح الباری ص ۳۵۲ ج ۶ -

دوسرا جزء اکتسابی ہے (اور وہ ہے ولایت) اور یہاں "ولایتِ نبی" کی بحث عارفین کے کلام میں دیکھ لی جائے۔

غرضیکہ نبوت ایک ظاہر و باہر منصب ہے، جو اللہ تعالےٰ شانہ کے (کسی بندے کو) خلیفہ مقرر کرنے اور (پھر اس کے لیے) اُمتوں سے عہد و میثاق اور بیعت لینے کے ذریعہ وقوع پذیر ہوتا ہے۔ جیسا کہ شریعت کی رُو سے منصبِ خلافت عقدِ بیعت کے ساتھ حاصل ہوتا ہے، بذریعہ وراثت حاصل نہیں ہوتا، اور نہ بطور سرایت۔ نیز نبوت فضائل لازمہ سے ہے، کمالاتِ متعدیہ سے نہیں، جیسا کہ ولایت ایک متعدی کمال ہے جو توجہ باطنی اور صرف ہمت سے متعدی ہو جاتا ہے۔ اور جیسا کہ معجزہ و کرامت کے مابین فرق ہے کہ اوّل الذکر نبی کی عقدِ ہمت کے بغیر ہوتا ہے، اور مؤخر الذکر میں ولی کا عقدِ ہمت ضروری ہے، اسی طرح زیرِ بحث مسئلہ کو سمجھنا چاہیے (کہ حصولِ نبوت میں نبی کی سعی و محنت کو دخل نہیں ہوتا۔ جب کہ حصولِ ولایت کے لیے کسب و سعی درکار ہے)

۱۰۶۔ــــــ اور اجزائے نبوت میں سے جو چیز قابلِ تعدیہ تھی ــــــ اور وہ ہے جزوِ ولایت جو نبوت کے تحت مندرج ہے ــــــ وہ تو متعدی و ساری ہوئی، اور جو چیز قابلِ تعدیہ نہیں وہ لازم رہی۔ اور وہ ہے خود نبوت جو اللہ تعالےٰ کی جانب سے خلافت بخشی و نامزدگی کے ذریعہ حاصل ہوتی ہے اور اُمتوں سے عہد و میثاق لینے اور منصۂ شہود پر منصبِ رسالت کے لیے کھڑا کرنے سے تمام پذیر ہوتی ہے۔ اور اُمت کی تکمیلِ ظاہر اسی منصبِ نبوت سے وابستہ ہے۔ "تکمیل ظاہر" سے میری مراد محض ظاہری و سطحی تکمیل نہیں، بلکہ ایسی ظاہر و باہر تکمیل مراد ہے جس میں کوئی خفا نہ ہو، بلکہ وہ علیٰ سبیل الاشتہار ہو پس حصۂ نبوت پوری اُمت کی علی الاعلان تکمیل کے لیے ہے، اور حصۂ ولایت خواص کی تکمیل کے لیے۔ اور وہ باطن ہے، نہ کہ ظاہر۔ اور امت میں ساری و متعدی ہے۔ پس نبوت کا جزءِ اخیر (جس پر نبوت کا تحقق موقوف ہے) جس طرح کہ علتِ تامہ کے جزءِ اخیر پر معلول کا تحقق موقوف ہوا کرتا ہے، وہ یہی استخلاف و تولیت ہے، جو

محض فعلِ الٰہی ہے اور بس. اب اگر تم نے اس نکتہ کو سمجھ کر اس کا صحیح وزن کیا تو تمام (قادیانی) وساوس سے ہمیشہ کے لیے نجات پا لوگے (کیونکہ قادیانی کی جعلی نبوت کی ساری عمارت اس ستون پر قائم ہے کہ اسے فیضانِ محمدیؐ سے نبوت حاصل ہوتی۔ اور گذشتہ بالا تحقیق سے ثابت ہوا کہ نبوت ایسا متعدی کمال ہی نہیں جو" فیضان "کے ذریعہ حاصل ہو جائے۔ یہ تو من جانب اللہ نامزدگی ہے، جس میں نہ کسی کے کسب و ریاضت کو دخل ہے، نہ افاضہ وفیضان سے یہ حاصل ہوتی ہے۔ اور نہ بطورِ وراثت وسرایت میسر آتی ہے۔ اس لیے فیضانِ محمدیؐ سے نبوت پانے کا دعویٰ کرنا ہی مدعی کی غلط بیانی اور حقیقت نبوت سے اس کی ناآشنائی کی دلیل ہے)

اور اگر خارج میں اس کی مثال چاہو تو تحصیلِ کمالاتِ امارت پر نظر کرو کہ عہدہ ولایت وگورنری کے لیے جن کمالات کی ضرورت ہے ان کا حصول تو کسبی ہے، لیکن کوئی شخص حاکم اور گورنر نہیں ہو سکتا۔ جب تک کہ بادشاہ کی جانب سے اس کی تقرری نہ ہو جائے (بلا تشبیہ اسی پر منصب نبوت کو قیاس کر لیا جائے کہ محض نفسِ استعداد کی بنا پر آدمی ایک چپراسی بھی نہیں بن سکتا۔ تاوقتیکہ حاکم مجاز کی جانب سے اس منصب پر معیّن نہ کر دیا جائے، تو محض ادعائے کمالات کی وجہ سے کوئی شخص نبی کیونکر بن سکتا ہے، جب تک کہ حق تعالیٰ کی جانب سے اس کی تقرری کا اعلان نہ ہو) اور یہ خیال نہ ہو کہ جب کمالات نبوت (انبیاء علیہم السّلام میں) سب کے سب پہلے ہی سے موجود تھے تو پھر یہ استخلاف اور تولیتِ الٰہی تو محض ایک بالائی (اور زائدسی) بات ہوتی، اور چنداں لائقِ قدر و منزلت نہ ٹھہری (کیونکہ انبیاء علیہم السلام کے کمالات میں تو اس استخلاف سے کوئی اضافہ نہ ہوا۔ یہ خیال سراسر غلط ہے) کیونکہ بارگاہِ خداوندی سے کسی شخصیت کو بحیثیت خلیفہ کے چُن لیا جانا بذاتِ خود ایک ایسا امتیازی شرف ہے جو تمام کمالات و فضائل سے بلند و بالا ہے" اور اللہ چُن لیتا ہے اپنے رسولوں میں سے جس کو چاہے، اور اللہ بڑی وسعت والا علم والا ہے۔"

۱۰۷ـــــ اور معلوم رہے کہ نبوت و رسالت کے درمیان مفہوم کے اعتبار سے تغایر (ہے

کہ دونوں کا مفہوم الگ ہے) اور (مصداق کے لحاظ سے دونوں کا ایک ہی محل ہیں) اجماع ہے۔ دونوں کے درمیان کُل اور جزء کی نسبت نہیں اور صدق کے اعتبار سے عموم وخصوص ہے کہ نبی عام ہے اور رسول خاص) المنزلہ آیت اِنَّہٗ کَانَ صِدِّیْقاً نَّبِیّاً کے[۱]

پس در اصل یہ دو الگ الگ وصف ہیں جو ایک محل میں جمع ہو سکتے ہیں، یا ان دونوں کے درمیان استلزام ہے (کہ رسالت، نبوت کو مستلزم ہے) پس یہ نہیں کہہ سکتے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم خاتم النبیین تو ہیں مگر خاتم الرسل نہیں، (کیونکہ رسالت نبوت کے بغیر نہیں پائی جا سکتی، پس جب آپ خاتم النبیین ہوئے اور آپ کے بعد کسی نبی کا آنا ممتنع ہوا تو اس سے از خود یہ لازم آیا کہ آپ خاتم الرسل بھی ہیں) اور آیت میں عام بمقابلہ خاص کے واقع نہیں ہوا، بلکہ اس نکتہ کی وجہ سے جو پہلے گذر چکا ہے نظمِ کلام کو خصوص سے عموم کی طرف بدل دیا گیا۔ اور اس قسم کی تبدیلی یا عموم اشخاص کے احاطہ کے لیے ہوتی ہے، یا کسی جزء حقیقت کے استیفاء کے لیے۔

اور یہ نہیں کہہ سکتے کہ "آپ ان نبیوں کے تو خاتم ہیں جو خدا سے خبر پاتے ہیں، مگر ان رسولوں کے خاتم نہیں جن کو بھیجا جاتا ہے۔" کیونکہ جس کو بھیجا جائے گا اسے خبر دیئے کے بغیر تو نہیں بھیجا جائے گا۔ آج کل کے عرف عام میں 'نبی' کا لفظ 'رسول' کے مقابلہ میں شائع ہے۔ جیسا کہ آیت کریمہ وَمَآ اَرْسَلْنَا مِنْ قَبْلِكَ مِنْ رَّسُوْلٍ وَّلَا نَبِیٍّ[۲] میں ایک قرأت شاذہ 'ولا محدث' کی زیادتی کے ساتھ آئی ہے (اس سے ان تینوں کا تقابل مفہوم ہوتا ہے) اور صدرِ کلام میں جو وما ارسلنا واقع ہے اس سے یہ بھی لازم نہیں کہ معطوف (نبی اور محدث) پر 'مرسل' کا اطلاق کیا جائے کیونکہ توابع میں بہت سی (ایسی) چیزیں قابل تسامح ہوتی ہیں (جو اصول میں نہیں روا ہوتیں) خلاصۂ آیت یہ ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم دائماً رسول ہیں، اور باعتبار مستقبل کے (قیامت تک کے لیے) علی الاطلاق رسول ہیں۔ اور انبیاء گذشتہ کے اعتبار سے آپ خاتم اور آخری نبی ہیں۔ اور آپ صلی اللہ علیہ وسلم کا یہ وصف غیر منقطع ہے۔

۱۰۸ ۔۔۔۔ اس شقی (قادیانی) نے قرآن کے مساوی مرتبہ کی وحی کا دعویٰ کیا (اندریں صورت

---

[۱] مریم ۱۹: ۴۱ [۲] الحج : ۵۲

اگرچہ اس نے نبوت کا دعویٰ (صراحتًہ) نہ بھی کیا ہوتا (تب بھی اس کے مدّعیٔ نبوت ہونے میں کوئی شبہہ نہ تھا، کیونکہ قرآن کی مثل قطعی وحی کسی نبی پر ہی نازل ہوسکتی ہے. چہ جائیکہ اس نے کھل کر) نبوت ورسالت کا بھی دعویٰ کیا اور (پھر اسی پر بس نہیں، بلکہ اس سے بڑھ کر) انبیاء کرام علیہم السّلام کی توہین کی، تمام اُمّتِ حاضرہ کی تکفیر کی، بہت سے ضروریاتِ دین کو ردّ کیا، شریعت لانے کا دعویٰ کیا انبیاء علیہم السّلام کے خصائص کا ادّعاء کیا۔ انبیاء کرام کی تعالی کی، دین کے متواترات میں تحریف کی، اور شریعت کے بعض متواتر عقائد ومسائل کا مذاق اُڑایا۔ اور یہ تمام امور باجماعِ اُمّت، کفرو الحاد اور زندقہ کی صورتیں ہیں۔

۱۰۹ ـــــ اور وہ کبھی انعکاس کو غیر تشریعی نبوت کے مغائر بھی کہتا تھا۔ چنانچہ کاویہ ص۱۰۷، ج۱ میں اخبار بدر (قادیاں، مؤرخہ ۰ا اپریل) ۱۹۰۳ء سے (قادیانی کا یہ قول) نقل کیا ہے (کہ "محی الدین بن عربی کہتے ہیں کہ نبوت غیر تشریعیہ جاری ہے، مگر میرا اپنا مذہب یہ ہے کہ یہ نبوت بھی مسدود ہے صرف انعکاسِ نبوت جاری ہے") پھر (اس کے باوجود نہ صرف غیر تشریعی نبوت کا، بلکہ) تصریح وتحدّی کے ساتھ صاحب شریعت ہونے کا دعویٰ بھی کیا۔ اور اگرچہ اس نے شریعتِ جدیدہ کا لفظ نہیں بولا، مگر اس کے افعال و اقوال کو وہ بھی لازم ہے۔ اور پہلے گذر چکا ہے کہ اس نے "صاحب شریعت" کی ایک تیسری قسم اختراع کرکے اپنے آپ کو اس قسم کا صاحب شریعت قرار دیا ہے جیسا کہ اربعین ۴ ص۶ (وصک) کے متن وحاشیہ میں (اپنے صاحب شریعت ہونے کا) چیلنج دیا ہے اور اپنی اُمّت بنائی، اور اس نئی قسم کی شریعت کے ذریعہ نجات کو اپنی اتباع میں منحصر ٹھہرایا، اور اپنے منکروں کو علی الاعلان کافر کہا۔ [1]

---

[1] عقائد مرزا ص۹، مرقع کادیانی ص۵۲، عجائبات مرزا ص۸: "پس میں وہی مظہر ہوں، پس ایمان لاؤ اور کافروں سے مت ہو"۔ از حقیقۃ الوحی ص ۱۳۲۔ ۱ دعشرۂ کاملہ ص ۵۵ از خط کادیانی و ترک مرزائیت ص ۵۲: "جو مجھے نہیں مانتا خواہ وہ زبان سے میرے حق میں کوئی بُرا لفظ نہ کہتا ہو، کافر ہے"۔ تحقیق لاثانی: "جبکہ خدا تعالیٰ (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

۱۱۰۔۔۔۔ "بروز" اہل تناسخ کی اصطلاح ہے جیسا کہ مزدک اور لاآن نے دعویٰ کیا تھا، ادیانِ سماوی، شریعتِ مطہّرہ اور تحقیقاتِ علماءِ اسلام میں اس کی کوئی اصل نہیں۔ اور نہ ظلّیت ہی دینِ اسلام کے محاورہ میں آئی ہے اور جب تک (قرآن و حدیث میں کسی لفظ کا) محاورہ جاری نہ ہو تب تک (اس لفظ کو مدار بناکر) نصوص میں تحریف کرنا زندقہ و الحاد ہے، اور محاورہ میں قیاس مسموع نہیں، جیسا کہ کوئی شخص فارسیوں کے محاورہ پر قیاس کر کے عربی میں "اکل الحلف" یا "اقتل السراج" کہنے لگے اور نہ پیغمبرِ اسلام (صلّی اللہ علیہ وسلّم) نے ہی اس (ظلّی و بروزی) حقیقت کو تسلیم فرمایا چنانچہ (حضرت علیؓ سے) فرمایا "تم کو مجھ سے وہی نسبت ہے، جو ہارونؑ کو موسیٰؑ سے تھی، مگر یہ کہ میرے بعد کوئی نبی نہیں"[۱] (اگر کسی ظلّی و بروزی نبوت کی گنجائش ہوتی تو آپ اس کو مستثنیٰ فرمادیتے)

اور تیس دجالوں والی حدیث[۲] (میں بھی آپؐ نے ظلّی و بروزی کا استثنائی کیے بغیر ہر مدعیِ نبوت کو دجّال و کذّاب قرار دیا) اور نہ قصرِ نبوّت میں کسی اینٹ کی جگہ باقی چھوڑی گئی (کہ ظلّی بروزی نبوت کو وہاں رکھ دیتے) اور حدیث دجّالین میں مدارِ حکم بس دعویٰ نبوت ہے، نہ کہ کسی خاص تعداد کا شمار۔

۱۱۱۔۔۔۔ اور آیت: هُوَ الَّذِیْ بَعَثَ فِی الْاُمِّیّٖنَ رَسُوْلًا مِّنْهُمْ الی قولہ۔ وَ اٰخَرِیْنَ مِنْهُمْ لَمَّا یَلْحَقُوْا بِهِمْ[۳] میں ملحدِ قادیان نے یہ نکتۂ الحاد پیدا کیا کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا دوبار مبعوث ہونا مقدر تھا۔ ایک دفعہ عرب کے اُمّیوں میں اور دوسری دفعہ آخرین منہم میں۔ چنانچہ آپ پہلی دفعہ بشکل محمدؐ مکّہ میں مبعوث ہوئے اور دوسری بار نعوذ باللہ مرزا غلام احمد کی بروزی شکل میں

(حاشیہ صفحہ گذشتہ) نے میرے پر ظاہر کیا ہے کہ ہر شخص جس کو میری دعوت پہنچی ہے اور اس نے مجھے قبول نہیں کیا وہ مسلمان نہیں" کا دیانی کا خط بنام ڈاکٹر عبدالحکیم خاں۔ "علاوہ اس کے جو مجھے نہیں مانتا وہ خدا اور رسول کو بھی نہیں مانتا" حقیقۃ الوحی ص ۱۶۳، اور اس کی عبارت عشرۂ کاملہ ص ۱۶ میں دیکھ لی جائے جس میں اس نے اپنی تحقیق کے مطابق حضرت مریم صدیقہؓ کی طرف زنا کی نسبت کی ہے۔ والعیاذ باللہ منہ

---

[۱] مشکوٰۃ ص ۵۱۰ [۲] مشکوٰۃ ص ۴۶۵ [۳] الجمعہ: ۲-۳

قادیان میں پیدا ہوئے۔ اس لیے مرزا غلام احمد، عین محمدؐ ہے، وہی خاتم الانبیاء ہے، اور مرزا غلام احمد کی بروزی بعثت، اپنی روحانیت میں محمدی بعثت سے بڑھ کر اقویٰ اور اکمل اور اشد ہے (دیکھو خطبۂ الہامیہ ص ۱۸۱) اس الحاد کے صاف معنی یہ ہیں کہ تیرھویں صدی کے خاتمہ پر مکّہ والی محمدی بعثت کا دور ختم ہو لیا، پہلی بعثت منسوخ ہو گئی اور چودھویں صدی سے قادیانی بعثت کا نیا دور شروع ہوتا ہے۔ نعوذ باللہ من الغباوۃ والغوایۃ۔ حالانکہ جس آیت کریمہ پر اس کفر و الحاد کی یہ ساری عمارت کھڑی کی گئی ہے اس کو) آنحضرتؐ کی دو بعثتوں سے، جو اس ممسوخ الفطرت ملحد نے ایجاد کی ہیں۔ ذرا بھی مس نہیں۔ تعدُّد نفسِ فعل میں نہیں بلکہ اس کے محل اور متعلّق میں ہے (پس آیت کا مفہوم یہ نہیں کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم جس طرح پہلی بار اُمّیوں میں تشریف لائے ہیں۔ اسی طرح 'آخرین' میں دوبارہ آئیں گے۔ بلکہ آیت کا مدعا یہ ہے کہ آپؐ کی یہی بعثت جو اُمّیوں میں ہوئی ہے وہ صرف عرب کے اُمّیوں تک محدود نہیں، بلکہ اس کا دامن قیامت تک بعد میں آنے والے عجمیوں پر بھی محیط ہے) اور آیت کا مضمون اس فقرہ کی مانند ہے: المبعوث الی الاسود والاحمر والمبعوث الی العرب والعجم۔ (کیا کوئی معمولی عقل و فہم کا آدمی بھی اس کے یہ معنیٰ کرے گا کہ آپؐ کی دو بعثتیں ہیں، ایک کالوں کی طرف اور دوسری گوروں کی طرف۔ ایک عرب میں اور دوسری عجم میں؟) اور یہاں تو اس قاعدے کی بھی حاجت نہیں جو نحویوں نے بیان کیا ہے کہ "توابع میں ان امور کو لائقِ مسامحہ سمجھا جاتا ہے جن کو اصول اور متبوعات میں نہیں سمجھا جاتا" اس قاعدے کی ضرورت شاید آیتِ احقاف: وَاذْكُرْ أَخَا عَادٍ إِذْ أَنذَرَ قَوْمَهُ بِالْأَحْقَافِ ، وَقَدْ خَلَتِ النُّذُرُ مِن بَيْنِ يَدَيْهِ وَمِنْ خَلْفِهِ[1] میں پیش آئے۔ فقہا نے اس سلسلہ میں بڑی موشگافیاں کی ہیں کہ کہاں قسم ایک ہوتی ہے اور کہاں متعدد؟ (مگر آیتِ زیرِ بحث میں تعددِ بعثت کا الحادی نکتہ ملحدِ قادیان کے سوا کسی فقیہ کو نہیں سوجھا) اور یہ ملحد، آیت هُوَ سَمَّاكُمُ الْمُسْلِمِينَ مِن قَبْلُ وَفِي هَٰذَا[2] میں کیا کہے گا؟ (کیا یہاں بھی تعددِ تسمیہ کا قائل ہوگا؟) اور میں

[1] الاحقاف ۲۱ [2] الحج: ۷۸

نے "عجائبات مرزا" میں دیکھا کہ اس نے واٰخرین منھم میں تقدیر عبارت "وفی اٰخرین رسولٌ منھم" سمجھی اور دو بغلتیں پیدا کر لیں۔ اور یہ مسخ فطرت ہے جو کسی ایسے شخص کو، جسے عربیت سے ادنیٰ مس بھی ہو، پیش نہیں آسکتی۔ کیونکہ زیر بحث آیت میں رسول کو آخرین میں سے نہیں فرمایا، بلکہ خود آخرین کو (جن کا مصداق اوّل اہل فارس ہیں) اُمیّوں میں سے فرمایا ہے (اور انہیں امّی اس لیے کہا گیا ہے) کہ یہ اہل عجم (بھی عربوں کی طرح) اہل کتاب نہیں تھے۔ پس فہم عبارت میں ایسی رُسوا کن غلطیوں کے باوجود اس سے کیا توقع رکھتے ہو؟ (نبوت یا مسیحائی کی؟ استغفر اللہ) ہاتھ اس کے دین و فہم سے یکسر اٹھالو۔ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم۔

۱۱۲ ـــــــ اور (مرزا قادیانی بروز و ظلّیت کے دعوٰی میں منفرد نہیں بلکہ) بہت سے زندیق ہمیشہ یہی کرتے آئے ہیں کہ کسی مشہور شخصیّت کے بعد جس کا شہرہ چار دانگ عالم میں تھا، یا تو اس کے حلول و بروز دعوٰی کر دیا، جیسا کہ (علی محمد) باب نے (مظہر ائمہ ہونے کا سنے دعوٰی) کیا تھا اور یا بہاء اللہ کی طرح اپنے استقلال اور شریعت سابقہ کے نسخ کا دعوٰی کیا، (اور لطف یہ کہ مرزا قادیانی نے اپنے دو بغلتی نظریے میں ان دونوں طریقوں کو جمع کر لیا، اپنی آمد کو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بروزی آمد قرار دینے میں باب سے نقش قدم کا تتبع کیا، اور آپؐ کی پہلی بعثت کے منسوخ ہونے کا اعلان کرنے میں بہاء اللہ کی پیروی کی، بہر حال) یہ اپنی اغراض مشئومہ کی بجا آوری کا ایک ڈھنگ ہے جو شیطان وقتاً فوقتاً بدقسمت اور بے توفیق لوگوں کو تلقین کرتا آیا ہے۔

۱۱۳ ـــــ البتہ "ظل اللہ" ایک محاورہ ہے ـــــــ (چنانچہ حدیث میں ہے: السلطان ظلّ اللہ فی الارض[1] یعنی "عادل بادشاہ زمین پر خدا کا سایہ ہے" اور بادشاہ کو خدا کا سایہ کہنا) یا تو سایۂ درخت کے ساتھ تشبیہ دینے کے اعتبار سے ہے کہ (جس طرح درخت کے سائے میں لوگ آرام کرتے اور تھک ہار کر پناہ لیتے

---

[1] جامع صغیر ص ۳۳ ج ۲ بحوالہ طبرانی و بیہقی۔

ہیں ۔ اسی طرح) اس کے سائے میں پناہ لیتے اور آرام پکڑتے ہیں ۔ یا یہ اضافت تشریف اور بیان بزرگی کے لیے ہے، جس طرح 'خدا کا گھر' وغیرہ (کے الفاظ اظہار شرف کیلئے بولے جاتے ہیں۔)

۱۱۴ ۔۔۔۔ (مرزا کو ظلّی نبوت کا دعویٰ ہے ، سوال یہ ہے کہ یہ ظلّی نبوت ، واقعۃً نبوت ہے یا نہیں ؟) اس ظلیت میں اگر نبوّت واقعۃً حاصل ہے تو "مہر نبوّت" ٹوٹ گئی، کیونکہ مہر نبوّت کا مقصد تو یہ تھا کہ نبوّت کسی حاصل نہ ہو، یہ مقصد تو نہیں تھا کہ ظاہری صورت کے اعتبار سے مُہر ٹوٹنے سے محفوظ رہے (خواہ سربمہر صندوق کے اندر کی ساری چیز چُرا لی جائے ؟) اور اگر نبوت واقعۃً حاصل نہیں تو (نبوّت کا دعویٰ کرنا اور اس کے) منکروں کو کافر کہنا بجائے خود کفر ہے۔

اور خیال ہے کہ اگر کسی کو کہا جائے کہ اس مقفّل صندوق کو نہ کھولنا اور وہ کھولے بغیر سالم صندوق ہی چُرا لے جائے ، یا یہ کہا جائے کہ اس صندوق کو نہ چُرانا ! اور وہ صندوق کو چھوڑ کر اس کے اندر سے سارا مال نکال لے جائے ۔ جس طرح کسی خانصاحب کی قبا کا قصہ ہے (تو کیا کوئی کہہ سکتا ہے کہ اس نے حکم کی تعمیل کی ہے اور قائل کے منشا کے مطابق عمل کیا ہے ؟ اور اگر اس کے باوجود وہ اصرار کرے کہ میں نے تو حکم کی تعمیل کی ہے تو یہی کہا جائے گا کہ یہ شخص، قائل کا مذاق اُڑاتا ہے۔ ٹھیک یہی مثال مرزا قادیانی کی ظلّی نبوّت کی ہے ۔ قرآن کریم نے اعلان کیا کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم سلسلۂ انبیاء کے آخری فرد ہیں آپؐ کے بعد خزانۂ نبوّت سربمہر کر دیا ۔ آئندہ کوئی شخص اس مُہر کو توڑنے کی جرأت نہ کرے ۔ غلام احمد قادیانی نے کہا کہ میں نے سیرتِ صدیقی کی کھڑکی سے گذر کر نبوّت پائی ہے اور مجھ پر ظلّی طور پر نبوّت محمدیؐ کی چادر چڑھائی گئی ہے، لہٰذا میرے دعوائے نبوّت سے ختم نبوت کی مُہر نہیں ٹوٹی ۔ دیکھئے "ایک غلطی کا ازالہ" از مرزا غلام احمد قادیانی) اور یہ درحقیقت قرآن و شریعت کے ساتھ تمسخر اور قائل (یعنی اللہ تعالےٰ) کی تحمیق ہے ۔ والعیاذ باللہ العظیم ۔ (اس سے معلوم ہوا کہ ظلیت بروز اور سیرتِ صدیقی وغیرہ الفاظ محض دعوائے نبوّت کی پردہ داری کے لیے تاویل اور سخن سازی ہے ۔۔۔) اور اس قسم کی تاویلیں اور سخن سازیاں بے ایمانوں کا گروہ ہمیشہ

کرتا آیا ہے (اسلام کی تیرہ چودہ سو سالہ تاریخ میں جن لوگوں نے بھی نبوت، مسیحیت یا مہدویت کا دعویٰ کیا انہوں نے کوئی نہ کوئی تاویل ضرور گھڑی، یہی حال دجالِ قادیان کا ہے۔)

۱۱۵ ــــــ اور (جس طرح مرزا نے ظلیت و بروز کی تاویلات سے نبوت کا دعویٰ کیا ہے، اسی طرح) اگر کوئی شخص چاہے تو الوہیت میں بھی بروز و ظلیت کا دعویٰ کر کے (نعوذ باللہ ظلی خدا بن سکتا اور) کفر کی طرح ڈال سکتا ہے۔ اور شاید اس لعینِ قادیان نے بروزِ الوہیت کا بھی دعویٰ کیا ہے۔ چنانچہ وہ اپنا یہ الہام گاتا ہے (جس میں خدا اس سے کہتا ہے) کہ: "(اے مرزا!) تو مجھ سے بمنزلہ میرے بروز کے ہے"۔ اور اس سے واضح تر حقیقۃ الوحی ص ۱۵۴ کی مندرجہ ذیل عبارت ہے:

"میرے وقت میں فرشتوں اور شیاطین کا آخری جنگ ہے، اور خدا اس وقت وہ نشان دکھائے گا جو اس نے کبھی نہیں دکھائے، گویا خدا زمین پر خود اُترے گا۔ جیسا کہ وہ خود فرماتا ہے: یوم یأتی ربک فی ظلل الغمام۔ یعنی اس دن بادلوں میں تیرا خدا آئے گا، یعنی انسانی مظہر کے ذریعہ سے اپنا جلال ظاہر کرے گا اور اپنا چہرہ دکھلائے گا"

(از علم کلام مرزا صفحہ ۴)

اور اس پر طرہ یہ کہ (خدائی بروز کے شوق میں) آیت بھی محرّف بھی نقل کی۔ اور مزید طرہ یہ کہ اسم احمد پر قبضہ کرنے کے لیے وہ اپنے تئیں جمالی رنگ میں پیش کیا کرتا ہے، مگر یہاں آکر اس کے شیطان نے اسے (فلسفۂ جمال) فراموش کرا دیا، اور جلال کا دعویٰ کر ڈالا۔ اور اس سے بھی واضح تر عبارت کاویہ ص ۸۳ میں دیکھئے۔

۱۱۶ ــــــ (مفہوم کلام کا) مدار الفاظ پر ہے یا علل و اغراض؟ (یہ ایک بہت ہی نازک اور دقیق بحث ہے) اور دونوں کے موقعہ محل کی تمیز کرنا (کہ کس جگہ الفاظ پر مدار ہے اور کہاں اغراض و مقاصد پر؟) یہ علم والوں کا کام ہے۔ الحاد و زندقہ کا کام نہیں۔ اور یہ اسود کاذب (غلام احمد قادیانی ایمان و علم دونوں سے محروم ہے۔ یہی وجہ ہے کہ اس نے ایک

غلطی کہ ازالہ" میں آیتِ ختمِ نبوت کی جو تقریر کی ہے وہ منشائے متکلم، نصوصِ قطعیہ، اصول شرعیہ اور اجماعِ اُمت کے خلاف اور سراسر الحاد و زندقہ ہے۔ اور ستم بالائے یہ کہ وہ اسی تقریر میں) اپنی نبوت کو "حقیقۃً" کہتا ہے اور محمدیت کو "ظلی" بانکتا ہے زندیقوں کی طرح عوام کو فریب دہی اور ملمع کاری کے سوا اور کوئی وظیفہ نہیں رکھتا۔ جہان میں ہمیشہ یونہی ہوتا آیا ہے۔

۱۱۷ــــــ اور (لعینِ قادیان نے تو حصولِ نبوت کے لیے 'فنا فی الرسول' کو شرط قرار دیا ہے لیکن) کوئی دوسرا شخص یہ دعویٰ کر سکتا ہے، کہ اس منصب کے حصول کے لیے 'فنا فی الرسول' بھی شرط نہیں، بس خالی ایمان کافی ہے، کیوں کہ فنا (نہ صرف یہ کہ) واجب نہیں، بلکہ منجملہ ان اصطلاحات کے ہے جو خیر القرون کے بعد اختراع کی گئیں، اور خلافِ ظاہر بھی ہے، بخلاف ایمان کے کہ وہ حق تعالیٰ کی جانب سے واجب اور مامور بہ ہے۔

۱۱۸ــــــ اور معلوم رہے کہ اس مخذول کے اُتباع واذناب اس کی رہی سہی کسر پوری کرنے کے لیے نئی نئی تحریفات تراشتے رہتے ہیں۔ اس کی تحریف تو یہی تھی جو ابھی گذری (کہ حصولِ نبوت کے لیے فناء فی الرسول۔ اور ظلیت کا دروازہ کھلا ہے) یا یہ کہ تشریعی نبوت کا دروازہ بند ہے۔ غیر تشریعی کا بند نہیں۔ یا یہ کہ شریعتِ جدیدہ کا آنا ممنوع ہے، مطلق شریعت ممنوع نہیں۔ مگر اس کے ناخلف اور تحریفیں کرتے ہیں، (مثلاً ایک تو) محاورۂ عامیہ (خاتم المحدثین) پر قیاس کرتا ہے (اس کی بحث گذر چکی) اسی طرح (دوسری تحریف) یہ کہ خاتم النبیین (کے معنی یہ ہیں کہ آپؐ) دوسروں کی نبوت کے لیے مُہرِ اعتبار ہیں (پس آئندہ وہی نبوت معتبر ہوگی جس پر آپؐ کی مُہر ہوگی) اور یہ معنیٰ بھی (خدا و رسول سے) تمسخر ہے۔ کیونکہ مُہرِ اعتبار اگر لگاتے ہیں تو اللہ تعالیٰ لگاتے ہیں (نہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم) اب اگر خاتم النبیین کے معنیٰ ہوں "نبیوں کی نبوت پر مُہرِ تصدیق ثبت کرنے والا" تو یہ خدا تعالیٰ کی صفت ہوتی اندریں صورت خدا تعالیٰ کو خاتم النبیین کہنا چاہیے نہ کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کو)

نیز 'خاتم' اس جگہ بدون تقدیر 'علیٰ' واقع ہے، جو مُہر لگانے کے معنیٰ کے لیے زیبا نہیں کیونکہ (خاتم النّبیّین کی ترکیبِ اضافی میں) مضاف الیہ مفعول بہ کے معنیٰ میں ہے نیز اس صورت میں 'لکن' کے ماقبل و مابعد کے درمیان ربط و اتّساق فوت ہو جاتا ہے، جو عربیت میں (استعمال 'لکن' کے لیے) شرط (قرار دیا گیا) ہے کیونکہ بالغ مَردوں میں سے کسی کا باپ ہونے اور اعتبارِ نبوّت کی مُہر ہونے کے درمیان کسی طرح بھی نسبتِ تبادُل نہیں، بلکہ دونوں بیک وقت جمع ہو سکتے ہیں اور اس سے وہ ربط و اتّساق فوت ہو جاتا ہے، جو 'لکن' کے لیے شرط تھا۔ شرطِ اتّساق کی بحث کتبِ اصول میں اور قصرِ قلب کی بحث کتبِ معانی میں دیکھ لی جائے، اور مغنی ابن ہشام میں تصریح کی ہے کہ لفظ 'لکن' نفی کے بعد ٹھیک 'بل' کے بمنزلہ ہے۔

۱۱۹۔۔۔۔ مَا كَانَ مُحَمَّدٌ اَبَآ اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِكُمْ کی نفی سے سے وہم ہوتا تھا کہ نہ معلوم اور کن کن چیزوں کی نفی ہوگی۔ اس وہم کے ازالہ کے لیے فرمایا "وَلٰكِنْ رَّسُوْلَ اللّٰهِ وَخَاتَمَ النَّبِيّٖنَ" یعنی یہ ثبت ہے۔ پس استدراک کی شرط پوری ہو گئی۔ اور ابوت اور ختمِ نبوت کے درمیان تدافُع ہے۔ کیونکہ ابوت توریث کو متضمن ہے، اور ختمِ نُبوّت عدمِ توریث کو متضمن ہے، پس قصرِ قلب کی شرط پوری ہو گئی۔

۱۲۰۔۔۔۔ البتّہ (قصرِ قلب میں اُن دو چیزوں کے درمیان، جن میں سے ایک کی نفی اور دوسرے کا اثبات کیا جاتا ہے، تدافع شرط ہے یا نہیں؟ اس مسئلہ میں علمائے معانی کی آراء مختلف نظر آتی ہیں۔ چنانچہ صاحبِ تلخیص تدافُع کو شرط قرار دیتے ہیں اور سکّاکی کے کلام سے مفہوم ہوتا ہے کہ شرط نہیں، بہر حال) جن لوگوں نے تدافع کو شرط قرار دیا انھوں نے اُس صورت میں جبکہ مخاطب دو چیزوں میں سے کسی چیز کا بھی معتقد نہ ہو (قصر کی ایک تیسری قسم) 'قصرِ تعیین' کا اضافہ کیا۔ چنانچہ خطیب قزوینی صاحب تلخیص نے یہی کیا ہے۔ اور سکّاکی نے تدافُع سے سکوت کیا تو قصرِ تعیین سے بھی سکوت کیا۔ اور احقر کے نزدیک (اس بحث میں قولِ فیصل یہ ہے کہ قصرِ قلب میں فی الجملہ تدافع ضروری ہے لیکن) تدافع میں

بس اسی قدر منافات کافی ہے جو لفظِ "اِمّا" بالکسر (جو اَحدالامرین کے لیے ہوتا ہے) کی تردید میں ہوا کرتی ہے، یعنی (تدافع کلّی ضروری نہیں، بلکہ) ایسا تدافع ہونا چاہیے جو بہ لحاظِ مقام، متکلم و مخاطب کی گفتگو میں منعقد ہوتا ہے، (بہرحال اگرچہ سکّاکی نے تدافع کو شرط قرار نہیں دیا، لیکن) اس کے باوجود (قصر کی تعریف میں سکّاکی کا یہ قول کہ "ثابت کرنا ایک چیز کا، نہ دوسری چیز کا۔ یا ثابت کرنا ایک چیز کا بجائے دوسری چیز کے" باعتبار غرضِ متکلم اور مقصودِ عبارت کے اپنی جگہ صادق و مطّرد ہے، خارج میں خواہ جیسا حال بھی ہو۔

۱۲۱ــــــ اور ہماری زیرِ بحث آیت میں ایک اور بات بھی لائقِ توجہ ہے، وہ یہ کہ (آیت میں ابوت اور ختمِ نبوت کے درمیان تقابل قائم کرکے ابوت کی نفی اور ختمِ نبوت کا اثبات کیا گیا ہے، اور) ابوت بذاتِ خود توریث کو متضمن و مستلزم ہے، پس (اگر ختمِ نبوت بھی توریث کیلئے ہو جیسا کہ قادیانی کہتے ہیں، تو) ابوت اور توریث کے درمیان تقابل قائم (کرکے ایک کی نفی اور دوسرے کا اثبات) کرنا کسی طرح بھی صحیح نہیں۔ اسی طرح آیت کریمہ: وما قتلوہ یقیناً بل رفعہ اللہ الیہ[1] میں (رفع سے رفعِ درجات مراد لینا غلط ہے کیونکہ کسی نبی کا شہید اور) قتل ہو جانا بذاتِ خود (اس کے) رفعِ درجات کو مستلزم ہے، اور (اس صورت میں قتل اور رفع کے درمیان) مقابلہ صحیح نہیں، اور نہ اس رفع سے اُس نزول کی، جو حدیث میں وارد ہے، مطابقت صحیح بیٹھتی ہے (قرآن کریم نے حضرت عیسٰی علیہ السلام سے قتل کی نفی کرکے اُن کے رفع الی السماء کا ذکر کیا ہے اور حدیثِ متواتر میں ان کے نزول من السماء کا ذکر ہے۔ اب اگر رفع و نزول دونوں جسمانی لیے جائیں، جیسا کہ مسلمانوں کا عقیدہ ہے، تب تو رفع و نزول کے درمیان مطابقت صحیح ہے، اور اگر مرزائی عقیدہ کے مطابق رفع سے بلندیٔ درجات مراد لی جائے تو اس کے مقابلہ میں نزول من السماء سے نعوذ باللہ پستی و ذلت مراد لینا ہوگی)[عـه]

عـه **فائدہ زائدہ:** حق تعالیٰ نے سورۂ آلِ عمران میں دو لفظ جمع کیے ہیں توفّی۔ یعنی اپنی چیز کو وصول کر لینا، اور رفع (یعنی اٹھا لینا) اور سورۂ نساء اور مائدہ میں ان دونوں لفظوں (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

[1] النساء: ۱۵۷

۶۵

بخلاف ما زید بشاعر ولکنہ کاتب کے کہ یہاں مقابلہ بہ لحاظ خصوصیتِ مقام کے سے ہے (کیونکہ متکلم اور مخاطب دونوں اس پر متفق ہیں کہ زید شعرو کتابت کے دونوں اوصاف سے متصف نہیں، بلکہ صرف ایک وصف اس میں پایا جاتا ہے، لیکن متکلم و مخاطب کا اس میں اختلاف ہے کہ زید میں جو وصف پایا جاتا ہے وہ شاعری ہے یا کتابت، مخاطب کا زعم ہے کہ وہ شاعری ہے کتابت نہیں، اور متکلم کا دعویٰ یہ ہے کہ وہ شاعری نہیں بلکہ کتابت ہے۔ اس لیے وہ مخاطب کے

(حاشیہ صفحہ گذشتہ) کو تقسیم کر دیا ہے چنانچہ سورۂ نساء میں ——— لفظ رفع بمقابلہ قتل کے ذکر فرمایا، اور مائدہ میں لفظ توفی بمقابلہ ما دمت فیھم کے ذکر کیا اس تقسیم و مقابلہ سے ان دونوں لفظوں کا مفہوم پورے طور پر واضح ہو گیا کہ آل عمران میں توفی کے معنی ہیں "اپنی چیز کو وصول کر لینا اور واپس لے لینا" جو مقابل ہے ان کے درمیان ٹھہرنے اور رہنے کے۔ اور رفع ایک ایسا امر اور ایسی چیز ہے جو قتل کے مقابل ہے۔ اس تحقیق سے ثابت ہوا کہ توفی اور رفع کا مفہوم اور مصداق الگ الگ ہے) یہ نہیں کہ توفی اور رفع تغایر مفہوم کے باوجود مصداق میں متحد ہوں، کہ دونوں سے طبعی موت مراد ہو، کیونکہ (اگر قرآن کریم کا مقصد یہ ہوتا کہ عیسیٰ علیہ السلام قتل نہیں ہوئے بلکہ طبعی موت سے مرے تو پھر) قتل کے مقابلہ میں ایسا لفظ آنا چاہیے تھا جو خاص طور سے صرف طبعی موت پر ہی دلالت کرتا، نہ کہ کوئی عام اور مبہم سا لفظ (جس سے طبعی موت کے معنیٰ تیرہ چودہ صدی میں کسی ایک عالم نے بھی نہیں سمجھے) کون نہیں جانتا کہ رفع جسمانی کے لیے تو یہی ایک لفظ رفع ہے۔ جبکہ موت کے لیے یہ لفظ موضوع نہیں۔ بلکہ اس کے لیے دوسرے صریح الفاظ موجود ہیں، کیونکہ اگر رفع کے معنیٰ "ان کے درمیان سے اٹھا لینا اور غائب کر دینا" بھی لیے جائیں تب بھی اس سے خاص موت طبعی کا مفہوم کسی طرح ادا نہیں ہوتا۔

اور رفع کے معنیٰ طبعی موت لینا اس لیے بھی غلط ہے کہ اس صورت میں، لفظ رفع نزول کے مطابق نہیں رہتا۔ حالانکہ حدیث میں نزول رفع کے مقابلہ میں بطور صنعتِ طباق کے آیا ہے (یعنی قرآن کریم تو اعلان کر رہا ہے کہ یہودیوں نے عیسیٰ علیہ السلام کو ہرگز قتل نہیں کیا۔ بلکہ اللہ تعالیٰ نے ان کو اپنی طرف یعنی آسمان پر اٹھا لیا۔ ادھر حدیث متواتر آپ کے (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

زعم کو رد کرنے کے لیے قصرِ قلب کے طور پر کہتا ہے کہ زید شاعر نہیں، بلکہ وہ کاتب ہے، اس تقریر سے معلوم ہوا کہ بہ لحاظ خصوصیت مقام کے شاعری اور کتابت کے درمیان تدافع اور تباؤل فریقین کو مسلّم ہے، لہٰذا مقابلہ صحیح ہے) مختصر یہ کہ یہ ترکیب (جس میں 'لکن' سے قبل نفی اور مابعد اثبات ہو) لامحالہ مقابلہ کے لیے ہے، باعتبار دلالتِ وضع کے بھی، اور باعتبار افادۂ عبارت از جانب متکلم کے بھی۔

(حاشیہ صفحہ گذشتہ) نزول من السماء کا اعلان کر رہی ہے اب اس 'رفع' اور 'نزول' کو آمنے سامنے رکھ کر دیکھو تو کون کہہ سکتا ہے کہ آیت میں 'رفع' کے معنی 'طبعی موت' کے ہیں)

اور سیاقِ کلام سے ظاہر یہ ہے کہ قرآن کریم دراصل اُس سبب کو بیان کرنا چاہتا ہے جس کی وجہ سے لوگوں پر اصل واقعہ مشتبہ ہو کر رہ گیا (چنانچہ قرآن کریم نے پہلے تو یہود کا یہ بے بنیاد دعویٰ نقل کیا کہ "انھوں نے مسیح بن مریم رسول اللہ کو قتل کر ڈالا" پھر اُن کے اس دعویٰ کی تردید کرتے ہوئے فرمایا کہ "انھوں نے نہ تو آپ کو قتل کیا، نہ صلیب دی، بلکہ انہیں اس معاملہ میں اشتباہ اور دھوکا ہوا، اور اسی اشتباہ کا کرشمہ ہے کہ جو لوگ اس بارے میں مختلف باتیں بناتے ہیں وہ شک شبہہ کی وادیوں میں بھٹک رہے ہیں، انھیں حقیقت واقعیہ کی کچھ بھی خبر نہیں، وہ محض اٹکل پچو قیاس آرائیاں کر رہے ہیں"

اب اس کے بعد موقعہ تھا کہ انھیں کھول کر بتا دیا جائے کہ ان لوگوں کے اشتباہ و حیرانی کا منشا اصل کیا ہے۔ چنانچہ فرمایا وَمَا قَتَلُوْهُ يَقِيْنًا بَلْ رَّفَعَهُ اللّٰهُ اِلَيْهِ یعنی لوگوں کے حیرت و اشتباہ میں مبتلا ہونے کا اصل سبب یہ ہے) کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام قتل نہیں ہوئے تھے بلکہ اس کے بجائے انہیں اٹھا لیا گیا تھا۔ ظاہر ہے کہ طبعی موت کبھی اشتباہ کا موجب نہیں ہوتی، (ہر شخص سر کی آنکھوں سے دیکھ سکتا ہے کہ فلاں شخص مر چکا ہے) اشتباہ کا موجب اگر تھا تو موت سے قبل آپ کا گم پایا جانا ہو سکتا تھا۔ اور (اسی کو قرآن نے بل رفعه اللّٰه الیه کہہ کر ذکر فرمایا۔ پس اگر 'رفع' کے معنی طبعی موت کے لیے جائیں تو چونکہ موت سے قبل کی گمشدگی (جو موجب اشتباہ تھی) یہاں مذکور نہیں (تو گویا قرآن کریم نے اشتباہ کا اصل
(باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

۱۲۲۔ ـــــ پھر کسی کی مُہر استعمال کرنا خیانت ہے، مُہر کو خود صاحب، مُہر استعمال کیا کرتا ہے، اور اس کی مُہرِ خاص دوسرے کے لیے جائز نہیں ہوتی۔ اسی وجہ سے آپؐ کے نقش پر نقش بنانے سے ممانعت آئی ہے[۱]۔ اس تقدیر پر کہ مہر خود آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم ہوں صاحب مُہر حق تعالےٰ شانہٗ ہیں اور مہر نبوت محسوس بھی تھی جو نبی کریم صلّی اللہ علیہ وسلم کی پشت مبارک پر (دونوں شانوں کے درمیان) ثبت تھی[۲]، اور ابو داؤد طیالسی کی روایت سے مستفاد ہوتا ہے کہ یہ 'مہر نبوّت'

(حاشیہ صفحہ گزشتہ) سبب بیان کرنا چاہا، مگر نعوذ باللہ اس کے بیان کرنے سے قاصر رہا کہ (جو چیز موجب اشتباہ تھی اس کو ذکر نہیں فرمایا اور جس کو ذکر فرمایا وہ موجب اشتباہ نہیں) حالانکہ اصل مقصود کو ترک کر دینا اور اس سے تعرض نہ کرنا اصل حقیقت پر پردہ ڈالنے کے مرادف ہے اور اصل مقصود کو چھوڑ کر اِدھر اُدھر کی غیر متعلق باتوں کو لے دوڑنا بلاغت نہیں، بلکہ کوتاہ بیانی اور ما فی الضمیر کے ٹھیک ٹھیک اظہار سے عجز و درماندگی ہے۔ (تعالی اللہ عن ذالك علوًّا کبیرًا)

اور (پھر یہاں آیت کریمہ میں تو 'قتل' اور 'رفع' کے درمیان تقابل قائم کرکے اول الذکر کی نفی اور مؤخر الذکر کا اثبات کیا گیا ہے، حالانکہ) 'قتل' کا تقابل لفظ 'موت' کے ساتھ بھی دائمی نہیں (بلکہ موت کا لفظ قتل پر بھی بولا جاتا ہے) چنانچہ حضرت یحییٰ علیہ السلام قتل ہوئے تھے، مگر قرآن کریم نے اسے 'یوم یموت'[۳] سے تعبیر کیا ہے، (اس سے ثابت ہوا کہ اگر 'رفع' کے معنیٰ 'موت' لیے جائیں تب بھی 'قتل' اور 'رفع' کے درمیان تقابل صحیح نہیں لہٰذا 'رفع' کے معنیٰ موت کسی طرح نہیں ہو سکتے، بلکہ 'رفع جسمانی' کے معنیٰ متعین ہیں، ورنہ قتل کی نفی اور 'رفع' کے اثبات کے کیا معنیٰ تھے؟

الغرض قرآن کریم نے وجہِ اشتباہ کو ذکر فرمایا۔ اور (وجہ اشتباہ تھی حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کا اُٹھا لیا جانا) اسی مقصد کے لیے قتل کی نفی کرتے ہوئے 'یقیناً' کا لفظ بڑھایا، ورنہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی سوانح عمری بیان کرنا قرآن کریم کا مقصد نہیں۔ موت طبعی (موجب اشتباہ نہیں ہو سکتی کیونکہ موت) تو اس وقت تک (قادیانی ملاحدہ کے نزدیک بھی واقع) نہیں ہوئی تھی، اور زمانۂ مابعد کی موت کو (اگر وہ بالفرض واقع ہوئی ہوتی) اس اشتباہ میں کیا دخل تھا؟ (کہ اس کا تذکرہ کیا جاتا) موت دنیا میں سبھی کو آتی ہے، اس سے آخر کونسا اشتباہ

---

[۱] مشکوٰۃ ص ۳۷۷ [۲] مشکوٰۃ ص ۵۱۷ [۳] مریم: ۱۵

دراصل اس امر کی علامت تھی کہ نبوت آپؐ پر ختم ہو چکیؐ۔ یہ نہیں کہ آپؐ سے بعد والوں کے لیے ہوتی، کیونکہ وہ تو آپؐ پر لگائی گئی تھی (اور اگر وہ بعد والوں کے لیے ہوتی تو آپؐ پر نہیں بلکہ ان پر لگائی جاتی)

۲۳ ا ـــــــ اور خاتم بمعنی مُہر، مُہر شدہ شئے کی حفاظت[اور] اس میں کسی دوسری چیز کو داخل ہونے سے روکنے کے لیے ہوتی ہے۔ جس کے لوازم میں سے ہے اس کا متعارف ومشہور اور واحد بالعدد ہونا۔ اگر کسی کی مُہر کسی دوسرے کے پاس برآمد ہو تو وہ خائن اور چور ہے، کیونکہ کسی شخص کی مُہر اس کی شخصیت اور نام کے قائم مقام ہوتی ہے۔ خاتم کا لفظ دراصل (مُہر کے معنی میں نہیں بلکہ) مُہر سے عام معنی کے لیے موضوع ہے یعنی وہ چیز جو مُہر کے لیے استعمال کی جائے، مثلاً وہ مٹی جو مُہر کے لیے استعمال ہوتی ہے' زمانۂ قدیم میں رواج تھا کہ لفافے کی پشت پر بیرونی جانب مُہر لگاتے تھے نہ کہ اندر (کے کاغذ پر) بعد ازاں یہ رواج تبدیل ہو گیا (اور لفافے کے اندر کی دستاویز پر مُہر لگانے لگے)

(حاشیہ صفحہ گذشتہ) پیدا ہو جاتا ہے، اشتباہ کا موجب تو وہ رفع جسمانی تھا جو اس وقت وقوع پذیر ہوا خوب سمجھ لو۔

اور چونکہ وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا مَّا دُمْتُ فِيهِمْ میں (حضرت عیسیٰ علیہ السلام جن لوگوں کے درمیان اپنی موجودگی کو بیان فرما رہے ہیں ان سے) ملک شام کے بنی اسرائیل مراد ہیں۔ نہ کہ کسی اور ملک کے لوگ۔ اس لیے اس کے مقابلہ میں جو فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي فرمایا اس تقابل سے اس کی مراد بھی متعین ہو گئی کہ یہاں 'توفّی' سے مراد موت نہیں، بلکہ معنی مذکور (یعنی قبض کر لینا اور اپنی چیز کو وصول کر لینا) مراد ہے۔ کیونکہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی موت تو اس ملحد کے نزدیک ایک طویل مدت کے بعد کسی دوسرے ملک (کشمیر) میں ہوئی، (اب اگر 'توفّی' سے مراد موت ہوتی تو پھر وَكُنْتُ عَلَيْهِمْ شَهِيدًا کے مقابلہ میں فَلَمَّا تَوَفَّيْتَنِي فرمانا غلط تھا، اس کے بجائے فلما سرت الی الکشمیر جیسے الفاظ فرماتے تاکہ تقابل صحیح ہوتا)

---

[۱] مسند طیالسی ص ۲۵۴

مہر لگانے کا یہ عمل مجموعی طور پر اس شئے کی حفاظت، اسے سربمہر کرنے اور اس کے تعارف کے لیے تھا اور اس مجموعہ سے اس ملفوف کا معتبر ہونا لازم آتا تھا' یہ نہیں کہ 'خاتم' کا لفظ موضوع ہی اعتبار کے لیے تھا (جیسا کہ قادیانی ملاحدہ نے سمجھا ہے) اور خاتم بمعنی انگشتری بھی اصل نہیں ہے بلکہ فرع ہے جو (آیت ختم نبوت میں) مناسب مقام نہیں ہے۔

۱۲۴۔۔۔۔۔۔ اور لفظ 'خاتم' قرآن مجید میں باعتبار ماضی کے تھا، اس مخذول نے اس کو مستقبل کے لیے رکھا اور درحقیقت (اس کا مصداق فرد واحد یعنی آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی ذات گرامی تھی، لیکن اس ملحد کی تعریف کے مطابق) یہ جزئی نہ رہا۔ بلکہ جنس ہو گیا۔ کیونکہ اس کے نزدیک انبیاء سابقین کی اتباع سے نبی بھی ہوتے رہے ہیں اور محدث بھی، پس خاتمیت حضرت خاتم الانبیاء کی خصوصیت نہ رہی اور وہ اپنے ہذیان میں خاتم کو کبھی اجراء کے لیے رکھتا ہے۔ اور کبھی انقطاع کے لیے۔ دیکھیے سودائے مرزا ص ۳۲، رسالہ ترک مرزائیت ص ۸۰ و ص ۳۸، حقیقۃ الوحی ۲۸۔

۱۲۵۔۔۔۔۔۔ حاصل کلام یہ کہ تحریف انعکاس خارج میں کوئی وجود نہیں رکھتی، بلکہ ایک بے معنی لفظ ہے اس کے باوجود اس تحریف کی بناء پر اس ملحد کا اپنے منکروں کو کافر کہنا خود اس کے حق میں موجب کفر ہے۔ بتعداد منکروں کے کہ کل امت حاضرہ ہے (چونکہ یہ ملحد ایک بے معنی بات کو کفر و ایمان کا مدار ٹھہرا کر کل امت حاضرہ کی تکفیر کرتا ہے۔ اس لیے امت کی تعداد کے مطابق اس کی طرف کفر عائد ہوگا)

اور یہ تحریف کہ "نبوت تشریعیہ کا دروازہ بند ہے، نبوت غیر تشریعی بند نہیں" نص قرآن کے خلاف ہے، کیونکہ 'خاتم' کا ذکر کرتے ہوئے اللہ تعالیٰ نے لفظ رسول سے لفظ نبیین کی طرف کلام کو جو تبدیل فرمایا۔ اس سے اصل مدعا اور محط فائدہ اسی خصوصیت کا ارادہ تھا کہ صرف صاحب شریعت رسولوں ہی کا نہیں بلکہ عام طور پر تمام نبیوں کا ختم ہونا سمجھا جاتے، خواہ ان کی نبوت تشریعی ہو یا غیر تشریعی، جیسا کہ اس کی تقریر بوضاحت گذر چکی ہے۔

اور خاتم کی یہ تحریف کہ آنحضرتؐ اعتبارِ نبوت کی مُہر ہیں جس پر آپؐ کی مُہر لگے گی آئندہ وہی نبوت معتبر ہو گی۔" یہ ان محذوراتِ باطلہ کے ساتھ ساتھ، جن کا ذکر اوپر گذر چکا ہے، کلام کے ربط واتساق کے لیے فرت کنندہ ہے۔

اور ظلیتؒ و بروز اور ہمہ قسم دیگر الفاظ سے مراد اگر انعکاس ہے تو اس کا حال گذر چکا کہ یہ ایک بے حقیقت سراب ہے۔ جو سفہاء اور ملاحدہ کو راستہ سے بھکانے والا ہے۔ اور اگر کوئی اور چیز ہے تو محض لقلقۂ لسانی اور زبانی جمع خرچ ہے کہ ملحدین اس نوعیت کے دعاویٔ بسیطہ اور جہل مرکب سے اپنے مریدوں کی راہ مارا کرتے ہیں۔ پس اس شقی کی تمام تحریفات اس کے ہمراہ اس کی قبر میں، کہ ہاویہ ہے، دفن ہو کر رہ گئیں۔ وقالوا الحمد للہ الذی ھدانا لھذا وما کنا لنھتدی لولا اَن ھدانا اللہ۔

۱۲۶ــــــ بعدازاں جاننا چاہیے کہ عالم قدیم بالنوع نہیں، جیسا کہ یہ ملحد (قادیانی) اور اس کا ناخلف (مرزا محمود) نغمہ الاپتے ہیں۔ بلکہ آسمانی دینوں کے عقیدے کے مطابق ماضی و مستقبل دونوں طرف سے محدود ہے۔ کیونکہ مستقبل تمام قوت سے فعل میں آ چکا ہے اور مسئلہ تجددِ امثال بھی، جو عارفین کے حقائق میں سے ہے، صحیح اور درست مسئلہ ہے۔ باقی رہا ماضی؛ پس اگرچہ بداہتِ وہم حکم کرتی ہے کہ وہ غیر متناہی بالفعل ہے۔ اور فیض کا معطل ہونا نامعقول۔ لیکن حقیقت یوں نہیں بلکہ عالم دونوں دونوں جانب سے غیر متناہی بمعنی لایقف عند حدّہٖ ہے، اور بس۔ اس لیے کہ قِدَم کی وسعت کو غیر متناہی حوادث پھیلا پھیلا کر پُر کر دینا، جیسا کہ فلاسفہ کا مذہب ہے، غیر معقول ہے۔ کیونکہ اس سے دو باتیں لازم آتی ہیں، حادث زمانی کا ازل میں پایا جانا اور قدیم کا حوادث سے متقوم ہونا (اور یہ دونوں) ناممکن بھی ہیں اور مقدمہ حقّہ ماثبت قدمہ امتنع عدمہ کے خلاف بھی۔ حقیقۃ الامر یہ ہے کہ جب ہم باری تعالیٰ سے

منہ رسالہ ترک ص ۴۴ (مگر ظلّی نبوت جس کے معنی ہیں کہ فیضِ محمدی سے وحی پانا وہ قیامت تک باقی ہے) ص ۲۹/۲۸ حقیقۃ الوحی۔ منہ

زمانہ کو رفع کرلیں۔ جو عرفاء و عقلائے کے درمیان متفق علیہ ہے۔ تو حوادث اپنے موطنِ حدوث میں ایک جانب سے آتے اور دوسری جانب جاتے ہیں۔

ع "ازیں در درآتے وازیں درخرام"

ہم نے آمد کی جانب کا نام مستقبل اور رفت کی جانب کا نام ماضی رکھ چھوڑا ہے اور بس، پس ماضی و مستقبل دونوں کوئی حقیقت واقعیہ نہیں رکھتے، بلکہ محض اعتباری و اضافی ہیں یعنی ہماری بہ نسبت، کہ ہم خود حادث ہیں، جو پہلے گذر چکا وہ ماضی ہے اور جو ہنوز پردۂ غیب میں ہے وہ مستقبل کہلاتا ہے۔ اور زمانہ خود بھی کوئی حقیقتِ واقعیہ نہیں رکھتا: بلکہ ایک امر انتزاعی ہے جو حوادث کے تجدّد اور نو بنو پیدا ہونے اور ختم ہونے سے اخذ کیا جاتا ہے اور بس سبحان الذی لا یتغیر ولا یتغیر۔ اس حالت میں اگر ارادۂ ازلیہ کسی حادث کے پیدا کرنے سے متعلق ہو جائے تو وہ حادث اپنی حقیقت کے مقتضیٰ کے مطابق عالم میں آموجود ہو گا تاکہ انقلاب حقائق لازم نہ آئے، جیسا کہ واجب تعالیٰ اگر کسی مخلوق کو پیدا کریں تو لامحالہ وہ چیز ممکن ہو گی نہ کہ واجب۔ اور یہ بھی ممکن نہیں کہ عالم کا ہر فرد تو حادث ہو، مگر مجموع من حیث المجموع قدیم ہو۔ بلکہ یہاں کُلِّ افرادی اور کُلِّ مجموعی کا حکم یکساں ہے۔

۱۲۷۔ اور جب حکمائے نے تصریح کر دی کہ جس چیز کے لیے بدایت ہے اس کے لیے نہایت بھی لازم ہے۔ اور دوامِ مستقبل کا ہم نے جواب دے دیا ہے کہ وہ صرف تجدّدِ امثال ہے، تو حدیثِ نبوی کے مطابق عمارتِ نبوّت بھی آغاز و انجام رکھتی ہے کہ اسے آدم علیہ السّلام سے شروع کر کے حضرت خاتم الانبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم پہ جو اس عمارت کی آخری اینٹ ہیں، ختم کر دیا گیا۔ اور اب تو صرف اس امر کی انتظار ہے کہ عالَم کے کوچ کا نقارہ بجا دیا جائے۔ گویا نظامِ عالم کی مثال ایک ایسے جلسہ کی تھی جو مجلسِ استقبالیہ کے طور پہ منعقد ہوا، اور صدر جلسہ کی آمد آمد کا اعلان ہوا، چنانچہ (حضرت عیسیٰ علیہ السّلام نے فرمایا:) "اور میں خوشخبری سُناتا ہوں ایک رسول کی، جو میرے بعد آئے گا۔ اس کا نام نامی 'احمدؐ' ہو گا۔"[۱] اور صدر کبیر کی تشریف

[۱] الصف: ۶

آور ہی ہوتی، انھوں نے خطبہ پڑھا اور جلسہ برخاست کر دیا گیا [1]

۲۸ لـــ ۱۔ احقر ایک نعت میں کہتا ہے: اے وہ ذات! جو اللہ تعالےٰ کی عطا کردہ سراپا رحمت ہے، بارش کی طرح اور سمندر کی مانند برسنے والا بادل ہے۔

۲۔ آپؐ کی معراج سات آسمانوں اور کرسی تک ہوتی، عرشِ بریں آپؐ کے قدموں کا فرش، اور سدرہ تخت گاہ ہے۔

۳۔ جہان کی چوٹی پر آپؐ کے پاؤں کا نقش ثبت ہوا، آپؐ صدرِ کبیر بھی ہیں اور بدرِ منیر بھی۔

۴۔ رسولوں کے ختم کنندہ، راستوں کے لیے ستارہ، ہدایت کی صبح، واللہ آپؐ بشیر ہیں اور الحق کہ آپؐ نذیر ہیں۔

۵۔ میدانِ محشر میں حضرتِ آدمؑ اور اولادِ آدمؑ آپؐ کے جھنڈے کے سائے میں ہوگی کہ آپؐ ہی امام و امیر ہیں۔

---

[1] اسمہٗ احمد کا مصداق وہ ذات گرامی ہے جس کے ذریعہ دنیا نے یہ نام، اور اس کے ساتھ نام رکھنا سیکھا، آپؐ کا یہ اسمِ مبارک بمنزلہ لقب کے ہے، اور محمدؐ بمنزلہ اسم محض کے ــــ آیت میں اسی مقصد کے لیے، یعنی لقب مبارک۔ احمدؐ۔ کی اطلاع دینے کے لیے اسمہ کا لفظ بڑھایا گیا، اسی طرح یٰزَکَرِیَّآ اِنَّا نُبَشِّرُکَ بِغُلٰمِ ںِاسْمُهٗ يَحْيٰى لَمْ نَجْعَلْ لَّهٗ مِنْ قَبْلُ سَمِيًّا (سورہ مریم:۷) میں یحییٰ کا اسم مبارک بمنزلہ لقب کے ہے، ورنہ آپ کی قوم میں آپؐ کا نام 'یوحنا' مشہور تھا، اور اسی نہج پر یہ آیت ہے، اِذْ قَالَتِ الْمَلٰٓئِكَةُ يٰمَرْيَمُ اِنَّ اللّٰهَ يُبَشِّرُكِ بِكَلِمَةٍ مِّنْهُ اسْمُهُ الْمَسِيْحُ عِيْسَى ابْنُ مَرْيَمَ الآیہ (آل عمران: ۴۵) 'مسیح' لقبِ گرامی ہے۔ ان آیات سے مقصود ان اسماءِ لقبی کی اطلاع دینا ہے، تاکہ یہ اسماءِ مبارکہ بھی قوم کو معلوم ہو جائیں۔ اور تم نے یہ مسئلہ کہ اسم، مسمّٰی کا عین ہوتا ہے یا غیر؟ سمجھ رکھا ہے تو معلوم رہے کہ ان آیات میں اسم، مسمّٰی کا غیر ہے، اور آیت مُحَمَّدٌ رَّسُوْلُ اللّٰهِ وَالَّذِيْنَ مَعَهٗ (الفتح: ۲۹) میں عین ہے۔ خوب سمجھ لو۔ منہ

۶۔ ایسا یکتا، جو ہر دائرۂ یکتا کا مرکز ہو، مرکز عالم تک آپؐ کی ذات گرامی ہے
اسے سب بے مثل و بے نظیر۔
۷۔ آپؐ کی اس اُمّت میں کوئی شخص نہیں جو احقر کی طرح کالا مُنہ اور سفید بال
لے کر آیا ہو۔

۱۲۹—۱۔ میں نے تجھ سے صحیح اور سچی بات کہی ہے، تاکہ تو راہ چلنے میں سست
نہ رہے۔
۲۔ اے مخاطب! مجھے میرے درد میں تنہا نہ چھوڑ! کیوں کہ یہ دین میرا اور
تیرا مشترک دین ہے۔
۳۔ اہلِ حق کے لیے ہمیشہ فتح قریب ہے۔ بس ہمت مردانہ سے کام لینا چاہیے۔
۴۔ میں اور تُو تو درمیان میں محض بہانہ ہیں، ورنہ اوّل و آخر سب کچھ وہی ہے۔
۵۔ دیکھو کہ اس ویرانۂ دنیا میں پھول اور کانٹے باغ میں یکجا پیدا ہوتے ہیں۔
۶۔ شب تاریک میں مشک تاتاری کو گم نہیں کیا اُس شخص نے جس نے (اس
کی) خوشبو کو تلاش کر لیا۔
۷۔ کل باتعش نے میرے کان میں کہا کہ یہ دو حرفی بات یاد رکھو۔
۸۔ حق کا جھنڈا بلند ہمیشہ رہے گا۔ عاجز بندو کے ہاتھ میں رہے گا۔
۹۔ جس نے اپنے مقصد میں کامیابی کا ارادہ کیا وہ اگر مقصد کو پہنچا تو راہِ راست
ہی سے پہنچا۔
۱۰۔ اے رب! اس بندۂ ملامت کو قیامت کے دن بائیں راستے نہ لے جائیو۔
۱۱۔ بطفیل حضرت محمدؐ عربی صلی اللہ علیہ وسلّم کے جو انبیاء کے ختم کرنے والے
رسول اور نبی ہیں۔
۱۲۔ آپؐ عالَم کے امام بھی ہیں اور خاتم بھی، آپؐ پر حق تعالےٰ کی جانب سے
بیشمار درود و سلام۔
۱۳۔ تمام جہانوں کے لیے رحمت ہیں، سرتاپا رحمت، پیدائش میں سب سے اوّل

اور بعثت میں سب سے آخر۔

۱۴۔ محشر میں تمام مخلوق کے سردار، کائنات کے آقا اور تمام مخلوق سے بہتر۔

۱۵۔ بروزِ قیامت آپؐ ہی صاحب حمد اور خطیب ہوں گے، آپؐ کی حمد ہی سے مقامِ محمود اور لواء الحمد کی عظمت عیاں ہوگی۔

۱۶۔ آدم علیہ السّلام اور ان کے سوا ساری مخلوق بغیر فرق کے آپؐ ہی کے جھنڈے تلے ہوگی۔

۱۷۔ نبوت کے فاتح و خاتم آپؐ ہیں، رفعت و بلندی کا مبداء و منتہا آپؐ ہیں۔

۱۸۔ جو جلسہ کہ اہم امور کے لیے منعقد ہوا وہ صدر جلسہ کا منتظر تھا اور پھر خاتمہ ہے (یعنی آپؐ کی آمد کے بعد بس بساطِ عالم لپیٹ دینے کا وقت ہے)

۱۹۔ اہلِ عرف (جو کسی عالم کو خاتم المحدثین کہہ دیتے ہیں وہ) اس ختمیت کو نہیں سمجھتے، کیونکہ اول سے ہی نظام کو نہیں جانتے۔

۲۰۔ چونکہ آپؐ مراتبِ جود میں فاتح تھے، وہ بھی وجود کا ایک موطن تھا

۲۱۔ خاتم کمال ہونا بجائے خود ایک اعلیٰ درجہ کا شرف ہے اس کو نقص کہنا الحاد ہے۔

۲۲۔ تمام سابقین کا آپؐ کی قیادت میں ہونا آپؐ کی سیادت کے لیے کافی ہے۔

۲۳، ۲۴۔ چونکہ آپؐ کمالات میں منتہیٰ تھے، اس لیے عالمِ ظہور میں اس کی یہ علامت ٹھہری کہ تمام سابقین آپؐ کے جلو میں ہوں اور آپؐ کے بعد کوئی آپؐ کے منصب کو پانے والا نہ ہو۔

۲۵۔ جب کوئی صاحبِ اختیار اپنے کام کو ختم کر دے تو کیا یہ اس پر اعتراض ہو سکتا ہے کہ یہ تو نقص ہے؟

۲۶۔ پہلے جو کچھ تھا بطورِ تمہید تھا، آخر وہ غایتِ کمال اور مقصدِ تخلیق کائنات آپہنچا

۲۷۔ یہ بدیہی بات ہے کہ ختم کمال بذات خود کمال ہے اس میں سوال و جواب اور چون وچرا کی گنجائش نہیں۔

۲۸۔ یہ کمال اگر (کسی کج فہم کے نزدیک) کسی دوسرے کمال کے معارض ہے (تو ہوتا رہے) متلاشئ حق کے نزدیک یہ عیب نہیں بلکہ ہنر ہے۔

۲۹۔ منصبِ نبوّت محض عنایتِ خداوندی سے حاصل ہوتا ہے نہ کہ تولید سے کہ پریشانی کا موجب ہوتا۔

۳۰۔ حق تعالےٰ کی جانب سے منصب نبوت پر فائز کیا جانا حصول نبوت کی شرط ہے : جیسا کہ خلیفہ کا تقرر بیعت سے ہوتا ہے۔

۳۱-۳۲۔ یہی معنیٰ ہیں اس حدیث کے کہ "جس نے اپنے زمانے کے امام کو نہ پہچانا اس کی موت جاہلیت کی موت ہے"۔[1] یعنی خلیفہ کی بیعت کے بغیر وہ احمق جنین کی طرح جہالت کی تاریکیوں میں ڈوبا ہوا ہے۔

۳۳۔ آپؐ نے ایسے شخص کے لیے جاہلیت کا عنوان اس لیے اختیار فرمایا کہ ایسا شخص اہل جاہلیت کی طرح ہدایت سے بے بہرہ ہے۔

۳۴۔ اہلِ جاہلیت کے یہاں ایسی امامت معروف نہ تھی کہ اسکا موصوف تلاش کیا جاتے۔

۳۵۔ سلسلہ سلطنت جاری ہوجانیکے بعد غلط فہمیوں کی بنا پر تجھے یہ تشریح بعدلذ فہم نظر آتی ہے۔

۳۶۔ اس کے سوا اس حدیث سے کوئی باطنی معنی مقصود نہیں، امام سے مراد وہی خلیفۂ معہود ہے

۳۷۔ نبی سے تھا لحاظ استحقاق کا۔ پس اشکال سے رستگاری حاصل ہوتی۔

۳۸۔ بہت سے بزخود غلط مدعی امامت کے جھوٹے دعویدار ہوتے ہیں۔ اس سلسلہ میں حق شناسی تیرا کام ہے۔

۳۹۔ پھر ہر شخص اپنے ذوق پر نہیں چلا کرتا، اور زمانہ کے اہل حل وعقد سے

---

[1] کنز العمال ج ۶ ص ۳۳ مطبوعہ حیدر آباد دکن ۱۳۷۷ھ

سرتابی نہیں کیا کرتا۔

۴۰۔ انبیاء کرامؑ کی سیرت، فطرت پر ہوتی ہے، ان کے یہاں فلسفہ آرائی، بناوٹ اور حرص و آز نہیں ہوتی۔

۴۱۔ مگر اس کو وہی شخص جانے جو کسی چیز کی تمیز رکھتا ہو اور انبیاء کرامؑ کے علم و عمل کا دوسروں سے امتیاز کر سکے۔

۴۲۔ پس قرآنِ کریم سے انبیاء کرام کا طریق، جو اُمتوں کے ساتھ ان سے سوال و جواب میں مذکور ہے، معلوم کرو گے تو تمہیں اُن کا طریق مبنی بر توکّل نظر آئے گا۔

۴۳۔ انہیں نہ سامانِ دنیا جمع کرنے کی فکر ہوتی ہے، نہ ان کی باتوں میں تناقض ہوتا ہے، نہ لاف و گزاف اور نہ مکر و فریب۔

۴۴۔ ان کا سب کچھ دین کے لیے ہوتا ہے، صبر و اخلاص اور یقین ان کا طریق ہے۔

۴۵۔ خدا کا فضل، سرایت کا مسئلہ نہیں، نبوت بھی بجز عنایت کے حاصل نہیں ہوتی۔

۴۶۔ نُبوّت بارگاہِ رحمانی کا فضل ہے، جیسا کہ بادشاہ کی جانب سے لقب یا خطاب ملتا ہے۔

۴۷۔ اور وہ لقب چونکہ بذاتِ خود نہایت عالی شان تھا، کمالات سے اور بھی دو بالا ہوگیا۔

۴۸۔ بغیر مادّہ کے بلا مثال پیدا کرنا بھی قدرت میں ہے۔ ہمیشہ مادّہ و صورت کے ساتھ ہی اشیاء کا وجود وابستہ نہیں۔

۴۹۔ پس حق تعالےٰ کی جانب سے کسی کو منصب نبوت پر فائز کرنے سے نبوت ملتی ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ حق تعالےٰ کے ارشاد کُنْ سے

چیزیں وجود پذیر ہوتی ہیں۔

۵۰۔ اور یہ نہ سمجھنا کہ نبوت محض لقب دینے کا نام ہے، نہیں! بلکہ میں نے جو کچھ کہا یہ سب تقریب الی الفہم کے لیے ہے۔

۵۱۔ نبوت اور کمالات نبوت کے درمیان، از روئے تحقیق، نوعی اختلاف ہے (کہ نبوت اور کمالات نبوت الگ الگ چیزیں ہیں پس نبوت تو بند ہے کمالات نبوت جاری ہیں)

۵۲۔ اس نے فاتح و خاتم ایک ہی شخصیت کو بنایا۔ تجھے خدا پر ایمان ہے یا کہ اس سے جنگ ہے؟

۵۳۔ فتح و ختم دونوں اس کی مشیت سے وابستہ ہیں، اے ایمان دوست! اس میں چون و چرا کیسی؟

۵۴۔ مشیت کا تعلق تمام زمانوں کے ساتھ یکساں ہے، پس اس میں زمانوں کا کیا سوال ہے (بس خدا نے جب تک چاہا نبوت کو جاری رکھا، اور جب چاہا بند کر دیا)

۵۵۔ تمام انبیاء سابقین آپ کے جھنڈے تلے ہیں، بس اس سے زیادہ تجھے کیا بحث ہے۔

۵۶۔ نبوت کسبی ہے یا کہ وہبی، اس فضول بحث سے تیرا کیا مطلب؟ (جبکہ نبوت کا دروازہ ہی بند ہے تو ظاہر ہے کہ نبوت نہ کسب سے حاصل ہو سکتی ہے نہ موہبت سے)

۵۷۔ جا! تو آپ کی سیادت پر ایمان رکھ، خدا کا کام خدا پر چھوڑ دے۔

۵۸۔ خصائص میں شرکت کیسی؟ وہبی کمالات سے کسبی کمالات کو کیا مناسبت؟

۵۹۔ جس نے کہا کہ "نبی، نبی ساز ہے" وہ مشیت الٰہی میں شریک بننا چاہتا ہے (کہ خدا کی مشیت کے خلاف وہ نبوت کو جاری رکھنا چاہتا ہے)

۶۰۔ اگر نبی کریم صلی اللہ علیہ وسلم سب سے پہلے تشریف لاتے ہوتے تو شاید یہ بات درست ہوتی، مگر آخر میں نہیں۔[1]

---

[1] اس شعر کا یہ مطلب بھی ہو سکتا ہے کہ اگر اس امت کے اندر دور اول میں کوئی (باقی حاشیہ اگلے صفحہ پر)

۶۱۔ ثولیت چونکہ نبوّت کا جزوِ اخیر ہے، اس لیے اسے شاہی انتخاب
سے بھی برتر سمجھو۔

۶۲۔ اگر اب بھی تم نے اس مقام کو نہیں سمجھا تو پھر قصۂ آدم و ابلیس پر غور کرو
(ابلیس کو یہی اعتراض تھا کہ آپ نے آدم کو کیوں چن لیا، کمالات تو مجھ میں زیادہ
ہیں۔)

۶۳۔ البتہ ولایت جو کہ نبوت کا گویا ایک شعبہ اور جزو ہے، وہ اُمّت کو نصیب ہے
(مگر اس جز کے حصول سے آدمی 'ولی' تو بن سکتا ہے، مگر نبی تو نہیں بن سکتا۔)

۶۴۔ لیکن نبوّت کا خطاب اور لقب جو حق تعالےٰ کی جانب سے عطا ہوتا ہے
اس میں قطعاً شراکت نہیں،

۶۵۔ نبوت کے علاوہ اگر کوئی کمال حاصل ہو تو انکار نہ کرو، کیونکہ وہ خطابات میں
سے نہیں، نہ وہ القاب میں سے ہے۔

۶۶۔ قطب الولایت شیخ عبدالقادر جیلانیؒ نے اسی طرف اشارہ کیا ہے انھوں
نے فرمایا کہ "اے انبیاء کرام کی پاکیزہ جماعت! تمہیں لقب دیا گیا ہے"۔

۶۷۔ 'فتوحات'[1] میں یونہی نقل کیا ہے اور 'یواقیت'[2] میں ایک لفظ زیادہ کیا ہے

۶۸۔۶۹۔ اور یہ جو اس کے بعد فرمایا کہ "ہمیں وہ چیز دی گئی جو تم کو نہیں دی گئی"۔ اس
سے مراد وہ حصہ ہے جو نبوت سے نیچے کی سطح کا ہے۔ یعنی تمہاری تقسیم کے
وقت جو کچھ پیچھے رہ گیا تھا، وہ عنایت الٰہی نے ہمیں عطا کر دیا ہے۔

۷۰۔ حق تعالےٰ سے دعا ہے کہ مجھے حق پر قائم رکھے اور مجھے آنحضرتؐ کی
نسبت اُمتی کی طرح شمار کرے (گو کہ اُمتی کہلانے کے بھی لائق نہیں)

۷۱۔ آپکے دین کی شوکت فراواں ہو جیو، تاکہ بندہ، بندِ غم سے آزاد ہو جائے۔

(حاشیہ صفحہ گزشتہ) نبی پیدا ہوا ہوتا تب تو واقعی آپؐ کو نبی ساز کہنا درست ہوتا، مگر جب تیرہ سو سال تک
اُمت میں کوئی نبی نہیں ہوا تو صرف مرزا غلام احمد قادیانی کے دعویٰ نبوت سے آپؐ کا نبی ساز بن جانا
کسی طرح بھی درست نہیں، بلکہ یہ بداھۃً مدعی نبوت کے جھوٹا ہونے کی دلیل ہے۔

[1] باب، ج ب ۱۵، ص [2] الیواقیت والجواہر للشعرانی ص ۳۹/۲ ج

۱۳۰ ــــــ یہاں پہنچ کر انبیاء کرام کی سیرت مقدسہ کا قرآنِ کریم اور کتبِ خصائص و سِیَر سے مطالعہ کرنا چاہیے۔ قرآن حکیم میں جو کچھ ان کے خطاب (سوال) وجواب کے سلسلہ میں آتا ہے اسے بغور پڑھو تو معلوم ہو گا کہ کس طرح ان حضرات کے معاملہ کی بنیاد امور ذیل پر قائم تھی، یعنی توکّل و یقین، صبر و استقامت، اولوالعزمی و بلند ہمتی، وقار و کرامت، انابت و اخلاص، فضل و اختصاص، یقین کی خنکی اور سینے کی ٹھنڈک، سفیدۂ صبح کی طرح انشراح و اعتماد، صدق و امانت، مخلوق سے شفقت و رحمت، عفت و عصمت، طہارت و نظافت، رجوع الی اللہ، وسائل غیب پر اعتماد، ہر حال میں لذاتِ دنیا سے بے رغبتی، سب سے کٹ کر حق تعالےٰ شانہٗ سے وابستگی، سامانِ دنیا سے بے التفاتی۔ مال و دولت سے بے توجہی، علم و عمل کی وراثت جاری کرنا اور مال و متاع کی وراثت نہ جاری کرنا۔ چنانچہ ارشاد ہے: "ہم وارث نہیں بنائے جاتے جو کچھ ہم چھوڑ جائیں گے وہ صدقہ ہے"[1] ترک فضول اور اس سے زبان کی حفاظت، ہر حالت اور معاملہ میں حق کا ساتھ دینا اور اس کی پیروی کرنا، ظاہر و باطن کی ایسی موافقت کہ اس میں کبھی بھی خلل اور رخنہ واقع نہ ہو۔ انہیں اتمامِ مقصد کے لیے باطل عذر، فاسد تاویلات اور حیلے بہانے تراشنے کی ضرورت نہیں ہوتی (کیونکہ یہ کذابوں کا سرمایہ اور نقد وقت ہے، چنانچہ کہا گیا ہے) کہ: "کسی شخص نے کبھی اپنے دل میں کوئی بات نہیں چھپائی، مگر اللہ تعالےٰ نے اس کے رخسارے کے صفحات اور اس کی زبان کی لغزش سے صادر شدہ الفاظ میں اسے ظاہر کر ہی دیا۔" اور ان حضرات کے کسی بھی معاملہ میں تہافت و تساقط اور تعارض و تناقض راہ نہیں پاتا، بلکہ پردۂ غیب اور کمین گاہِ قضاء قدر سے ان کے سامنے حق اس طرح کھل جاتا ہے جس سے پوری طرح شرح صدر ہو جائے۔ انہیں اطلاعات الٰہیہ اور مواعید ربّ ذوالجلال کے پورا ہونے میں کبھی رجوع اور تبدیلیٔ خیال کی ضرورت نہیں ہوتی۔ (جس طرح مرزا محمدی بیگم انجامِ آتھم، ڈاکٹر عبدالحکیم کی موت وغیرہ وغیرہ میں بھٹکتا رہا) ان کے باطن کے پاک اور طبیعت کے پاکیزہ ہونے کی وجہ سے ان کی روش میں ایسی یکسانیت ہوتی ہے کہ

[1] صحیح بخاری ج ۲ ص ۹۹۵ - مشکوٰۃ: ص ۵۰۵

تعارض و توفیق میں کسی حیلے بہانے کی حاجت نہیں ہوتی، جانبِ خدا کو جانبِ اغراض پر ترجیح دینا، مادی علائق اور رشتوں سے بے تعلقی اور اعراض، تمام حوادث و پیش آمدہ حالات میں حمد و شکر، یادِ حق اور ذکر الٰہی میں ہمہ دم مشغول رہنا، رب العالمین کے زیرِ عنایت علم لدنی کے ذریعہ فطرت سلیمہ کے مطابق لوگوں کی تعلیم و تربیت کرنا جس میں کسی قسم کی فلسفہ آرائی، اختراع اور تکلف کا شائبہ نہ ہو۔ تسلیم و تفویض، عبدیتِ کاملہ، طمانیتِ زائدہ، استقامتِ شاملہ، ان کے دین کا تمام ادیان پر غالب آنا اور ان کے ذریعہ ایمان اور خصائلِ ایمان کا چار دانگ عالم میں پھیل جانا۔ ان حضرات نے دنیا میں رہ کر کبھی چاپلوسی کا راستہ نہیں لیا، اور کیا مجال کہ کفار و جبابرہ کے مقابلہ میں اپنی ایک بات سے بھی کبھی تنزل فرمایا ہو، یا فراعنہ کی تخویف و تہدید اور ان کے ہجوم کی بناء پر اپنے راستہ سے انحراف کیا ہو، یا حرص و طمع اور سامانِ دنیا جمع کرنے کا معمولی دھبہ بھی ان کے دامن مقدس تک پہنچا ہو، یا حرص و ہوا اور حُبِ ماسوا نے کبھی انہیں اپنی طرف کھینچا ہو، اور ممکن نہیں کہ ان کے آپس میں علم و عمل کا اختلاف ہوا ہو، یا ایک دوسرے پر ردّ و قدح یا ایک دوسرے کی ہجو اور کسرشان کی ہو، نا ممکن ہے کہ انہیں اپنے کمالات پر کبھی ناز اور عُجب ہو، یا وہ اپنے تمام حالات میں کبھی بھی کبر و تعلّی اور نفس کے فریب میں مبتلا ہوں۔ خلاصہ یہ کہ جو کچھ بھی تھا عطیاتِ ربّانیہ سے تھا۔ انسانی کسب و ریاضت کے دائرے میں نہیں تھا۔ ارشادِ خداوندی ہے "اللہ خوب جانتا ہے جہاں رکھتا ہے اپنے پیغام" [1] (نیز ارشاد ہے :) "لیکن اللہ چن لیتا ہے اپنے رسولوں میں سے جس کو چاہے" [2]

پہلی آیت میں نبوّت و رسالت کو ایک امر ایجابی یعنی علم الٰہی کے حوالے فرمایا۔ اور دوسری آیت میں ایک امر غیر ایجابی یعنی مشیّت خداوندی کے ——— اور پیشتر دیکھا گیا ہے کہ جو امور کہ حق تعالیٰ کی جانب سے تخصیص اور اصطفاء و اجتباء کے باب سے ہوں، وہ ارادہ الٰہی کے حوالے کیے جاتے ہیں، جس میں اس امر پر تنبیہ ہوتی

---

[1] الانعام : ۱۲۴ [2] آل عمران : ۱۷۹

ہے کہ یہ امور کسبی نہیں ہیں۔

۱۳۱ــــــ مخفی نہ رہے کہ انبیاء کرام علیہم السلام کی جو اجمالی سیرت اوپر لکھی گئی ہے یا کسی دوسرے نے کچھ اور چیزیں لکھی ہیں ان سے یہ نہ سمجھنا کہ حقیقت نبوت بس اسی قدر ہے اور یہ کہ جو کچھ علماء نے لکھ دیا ہے وہ حقیقت نبوت کی تفہیم کے لیے کافی ہے۔ اور نبوت کی حقیقت وہ بھی نہیں جس کو یہ مخذول اصرار و تکرار کے ساتھ بیان کرتا ہے اور درحقیقت علماء سے سیکھ کر جھک چلاتا ہے کہ "نبوت عبارت کثرت مکالمہ الٰہیہ سے ہے" بلکہ یہ تمام امور نبوت کی ادھوری سی علامات ہیں جو راستہ کا پتہ نشان دیتی ہیں، اور کچھ سراغ بتاتی ہیں۔ ورنہ حقیقتِ واقعیہ کو سوائے انبیاء کرام کے، جو خود موصوف بہ نبوت ہیں، کوئی دوسرا نہیں جانتا، نہ کسی کی مجال اور طاقت ہے کہ اس قسم کے امور الٰہیہ کی کُنہ تک پہنچ سکے اور ان معاملات الٰہیہ و مقاماتِ ربانیہ تک اس کی رسائی ہو سکے۔ اس مضمون کو فتوحات باب ۳۰۲ میں تفصیل سے ذکر کیا ہے اور فرمایا ہے کہ "پس نبی کی آنکھ مشاہدۂ نبوت کے لیے کھلی ہے، اور ولی کی آنکھ مشاہدۂ ولایت کے لیے کھلی ہے اور مشاہدہ نبوت سے بند ہے" اھ "کسی کو خبر نہیں کہ اس دوست کی منزل گاہ کہاں ہے، بس اس قدر ہے کہ گھنٹی کی آواز آتی ہے" جس طرح کہ صلصلۃ الجرس (وحی کی حقیقت نہیں بس ایک علامت تھی)

۱۳۲ــــــ احادیث نبویہ سے معلوم ہوتا ہے کہ نبوت ایک ایسی حقیقت ہے جو بہت سے اجزاء رکھتی ہے، مگر ان اجزاء کی تفصیل نہیں بتائی گئی، ہاں! ان میں سے بعض اجزاء پر انقطاع کا حکم (ضرور) فرمایا ہے، اور مبشّرات کے قبیل سے کچھ حصہ باقی ہے اور یہ حکم باعتبار جزء اخیر علّت تامہ کے ہے، ورنہ وہ تمہیدی کمالات کہ نبوت اُن کی کرسی پر جلوہ آرا ہوتی ہے، یا مانند صورت مادہ پر، یا مثل حروف صاف تختی پر منقش ہوتی ہے یا مثل مشروط موقوف شرط و موقوف علیہ پر مرتب ہوتی ہے وہ کمالات جاری و ساری ہیں اور آیت کریمہ صراط الذین انعمت علیھم غیر المغضوب علیھم ولا الضالین[1] مع آیت کریمہ فاولئک مع الذین انعم اللہ علیھم من النبیین والصدیقین والشھداء والصالحین[2]

---
[1] الفاتحہ   [2] النساء: ۶۹

میں جس انعام کا ذکر ہے اسے ویسا ہی سمجھنا چاہیے جیسا کہ آیت : وَ اِذْ تَقُوْلُ لِلَّذِیْٓ اَنْعَمَ اللّٰہُ عَلَیْہِ وَ اَنْعَمْتَ عَلَیْہِ[۱] میں مذکور ہے، اور معیت ایسی سمجھنی چاہیے جیسی حدیث : اَنْتَ مَعَ مَنْ اَحْبَبْتَ[۲] میں اور آیت : اِنَّ اللّٰہَ مَعَ الصّٰبِرِیْنَ[۳] میں مذکور ہے۔ اور خود آیت بالا میں فرمایا ہے : وَ حَسُنَ اُولٰٓئِکَ رَفِیْقًا۔ اور اس آیت کا ترجمہ موضح القرآن میں خوب سمجھایا ہے کہ چھوٹوں کو بڑوں کے ساتھ رکھتے ہیں، جس طرح کہ خدام کو امراء کے ساتھ، کیونکہ صدرِ کلام میں اطاعت مذکور ہے جو اوّل مرحلہ ہے۔ اور انہی کمالات کی سرایت ہے جس نے اس جہول و مخذول (مرزا غلام احمد قادیانی) کو راستہ سے بھٹکا دیا، اور (ان کے متعدی ہونے کو اس نے از راہِ حماقت) نبوت کا متعدی ہونا سمجھ لیا۔

۱۳۳۔ اگر کوئی شخص فلسفہ بگھارتے ہوئے یہ کہے کہ ایک ہی حقیقت ہے جو (انبیاء کرام میں پائی جائے تو وہ نبوت کہلاتی ہے اور وہی جب غیر انبیاء میں (پائی جائے تو) ولایت کی طرف تبدیل ہو جاتی ہے۔ اسی طرح وحی و الہام، عصمت و محفوظیت اور معجزہ و کرامات (کو سمجھنا چاہیے) جس طرح کہ سورج کی روشنی (ضیاء) چاند کے کرہ میں پہنچ کر نور بن جاتی ہے یا جس طرح کہ اشیاء خارج میں اعیان ہیں۔ ذہن میں صورتیں ہیں اور آئینوں میں عکس ہیں۔ یا جس طرح کہ ایک ہی نوع کے اشخاص کے وجودات میں باہمی تفاوت ہے، جس کے رفع کرنے کی تمنا کرنا جہل ہے۔ یہ فلسفہ آرائی بھی چنداں قابلِ وثوق و لائقِ اعتماد نہیں کیونکہ تمام اشیاء مذکورہ مرتبہ قطعیت سے گر کر مرتبہ ظنیت میں آگئی ہیں، گویا وجوب سے امکان کی طرف پہنچ گئی ہیں۔ پس (اس قدر بیّن تفاوت کے بعد یہ فیصلہ کرنا کہ) یہ اختلاف عوارض کا اختلاف ہے؟ یا اختلافِ حقیقت؟ اور ان تمام اشیاء کا تفاوت آیا اسی طرح کا ہے جس طرح کہ اتحادِ حقیقت کے باوجود کسی نوع کے اشخاص میں تفاوت ہوا کرتا ہے یا کیا صورت ہے؟ یہ ایک ایسی چیز ہے جس کی اصل کُنہ کو علام الغیوب کے سوا کوئی نہیں جانتا ــــ کیا تم جانتے نہیں کہ ایمان میں کمی بیشی کے مسالہ میں آج تک تصفیہ نہیں

---

[۱] الاحزاب : ۳۷ [۲] مشکوٰۃ ص ۴۲۶ [۳] الانفال : ۴۶

ہوسکا، کہ آیا یہ کمی زیادتی عوارض میں سے ہے یا نفسِ ماہیت میں؟

۱۳۴ـــــ اور جیسا کہ متاخرین اہلِ معقول نے حصولِ اشیاء میں حصول باشباحہا کا فیصلہ کیا ہے، کسی دوسرے کی صفاتِ نفسیہ کے حصول کا اس کے ماسوا یقیناً کوئی راستہ نہیں ہے، الّا یہ کہ حصول اپنے ذاتی استحقاق سے ہو، بطور استفادہ نہ ہو۔ پس استفادہ بھی، جس کا یہ مخذول راگ گاتا ہے۔ اپنی ذات ہی کی طرف راجع ہوا۔ اور 'واسطہ فی الثبوت' جس میں واسطہ اور ذو واسطہ دونوں موصوف ہوتے ہیں اس میں عقلاء کا معرکہ ہے، بعض نے یہ سمجھا ہے کہ فعل جو فاعل سے صادر ہوتا ہے اس کا دوسرا سرا مفعول بہ پر پہنچ جاتا ہے، جس کا نام مفعول مطلق رکھا گیا، وہ کوئی علیحدہ حقیقت نہیں، البتہ فعل کا اثر ایک جداگانہ چیز ہے۔ پس ان مغالطوں میں پڑنا اور ان کی وجہ سے دین کی ضروریات و متواترات کو توڑ چھوڑ دینا الحاد و زندقہ کا کام ہے۔

۱۳۵ـــــ اور معلوم رہے کہ اس اُمّت کے اندر نبوّت جاری ہونے میں نہ تو اس اُمّت کا کوئی خصوصی کمال ظاہر ہوتا ہے اور نہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کا، کیونکہ پہلی اُمتوں میں اس کی تیر موجود ہے، اور استفادہ و عدمِ استفادہ کا فرق۔ جیسا کہ پہلے گذر چکا محض لغو ہے، خارج میں کوئی امتیاز و نشان نہیں رکھتا۔ صرف ایک ذہنی اختراع ہے جس کی حیثیت طفل تسلّی سے زائد نہیں[1]، پھر آخر کس معنی کی بناء پر خاتم النبیّین، صرف آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم ہی کو فرمایا گیا؟۔ اگر کہا جائے کہ "آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم بایں معنیٰ خاتم النبیین ہیں کہ، آپ کمالاتِ نبوت کے خاتم ہیں یعنی آپ نے کمالات و اجزاءِ نبوت کی مسافت کو اختتام تک پہنچا دیا اور ختم کر دیا ہے اگرچہ نبوّت کا دَور اور زمانہ ابھی باقی ہے" تو یہ بے معنیٰ تقریر نصِ قرآن کے خلاف ہے اس لیے کہ، نصِّ قرآن میں کہاں ہے کہ خاتم کمالات' کا لفظ فرمایا ہو؟ اور یہ کس کو حق ہے کہ قرآن کی نصِّ صریح سے باہر نکلے؟ قرآن نے تو اشخاص انبیاء کے ختم کرنے

---

[1] مفتی محمد عبداللہ صاحب لدھیانوی نے فتح مبین ص ۱۱ میں اس ملحد کی بعض عبارتیں اس مضمون کی نقل کی ہیں۔ منہ

والا فرمایا ہے اور یہ امر خود بھی ختم کمالات کی فرع ہے، اور اس بات کی علامت ہے کہ ختم زمانی کے ساتھ ختم کمال فرمایا گیا۔ اور اس قسم کی خاتمیت عالم تقدیر میں متقرر و ملحوظ بھی ہے اور (خارج میں) رائج و معمول بھی یہی ہے کہ ختم صوری کو ختم معنوی کی علامت قرار دیتے ہیں، اور یہ امر، واقع میں یا توفتح کے ساتھ ہوتا ہے یا ختم کے ساتھ۔ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم میں دونوں کو جمع فرما دیا گیا کہ آپ فاتح بھی ہیں اور خاتم بھی چنانچہ خسرو فرماتے ہیں:

شاہِ رُسُل و شفیع مرسل   خورشید پسین و نور اوّل

اور اس خاتمیت کی نظیر پہلوں میں موجود نہیں، پس (اب انصاف فرمایئے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا) امتیازی کمال یہ (خاتمیت صوری و معنوی) ہے یا سابق نہج پر ہونا؟

۱۳۶۔۔۔ اگر صاحب اختیار مالک کہے کہ میں فلاں منصب کو فلاں جگہ سے شروع کرکے فلاں کامل ترین فرد پر ختم کر دوں گا (مثلاً منصب نبوت کو آدم علیہ السلام سے شروع کرکے اکمل الانبیاء حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم پر ختم کر دوں گا) تو آیا یہ امر اہل عرف کے نزدیک بالبداہت کمال نہیں ہے؟ (اگر ہے اور یقیناً ہے تو آخر کیا وجہ ہے) کہ یہ ملاحدہ ایک بدیہی (صاف اور سیدھی سی) بات میں بھی شک اندازی کرتے ہیں (کہ نعوذ باللہ یہ تو نقص ہے) اور گذر چکا ہے کہ کسی کو 'خاتم المحدثین' جو کہا جاتا ہے اس کے معنی یہ نہیں کہ وہ شخص محدثین کی جماعت میں سے خاتم کمالات ہے، نہیں بلکہ یہ بھی "خاتم اشخاص محدثین" کے معنی میں ہے، البتہ (کلام الٰہی اور اس ..... محاورۂ عامیہ کے درمیان فرق یہ ہے کہ یہ محاورہ مسامحت اور ظن و تخمین پر مبنی ہے۔ جبکہ ملک علام کا کلام اس سے پاک ہے۔ واللہ یھدی من یشاء الی صراط مستقیم۔

۱۳۷۔۔۔ بالآخر آیت کریمہ کے خلاصہ کا دوبارہ اعادہ کرنا مناسب ہے کیونکہ حق جل شانہٗ ۔۔۔ کے کلام معجز نظام کے خصائص، اعتبارات مناسبہ اور لطائف و نکات کا سمجھنا اہل زمانہ کے لیے نہایت دشوار ہے۔ بلکہ انسانی طاقت سے بعید ہے الا

من اتی اللہ بقلب سلیم۔

۱۳۸ـــــ پس خود سمجھ لو کہ اس آیت کریمہ میں اہلِ جاہلیت سے خطاب نہیں کہ یہ آیت مدنی ہے اور نہ یہ اِنَّ شَانِئَکَ هُوَ الْاَبْتَرُ[1] کے مدعا پر ہے جو کہ مکی ہے اور اہلِ جاہلیت کے ردّ میں نازل ہوئی ہے، البتہ یہ آیت اس معروف رسم کی اصلاح کے لیے آئی ہے کہ لوگ تبنّی (لے پالک بنانے) کو وراثت پانے کے لیے مفید سمجھتے تھے، اور یہ رسم اِس زمانہ میں بھی تھوڑی بہت باقی ہے، اور نزول آیت کے وقت آپؐ کا کوئی صاحبزادہ بقیدِ حیات نہیں تھا۔ حضرت ابراہیم ابھی تولد نہ ہوئے تھے، اور دیگر صاحبزادگان گرامی اس سے پہلے گذر چکے تھے، پس بظاہر تبنّی کی رسم کا ابطال اس لفظ سے ہو سکتا تھا کہ تبنّی کچھ نہیں اور اس پر کوئی حکم مرتب نہیں ہوتا"، مگر اس کے بجائے قرآن کریم میں ایک عام مضمون کی طرف انتقال کیا گیا کہ محمد صلّی اللہ علیہ وسلّم تمہارے مردوں میں سے کسی کے باپ نہیں اور نہ آپؐ پسری اولاد کے سلسلہ کو جاری کرنے اور صاحبزادوں کے خاندان کو باقی رکھنے کے لیے تشریف لائے ہیں۔ البتہ آپ خدا تعالےٰ کے رسول اور انبیاء کے ختم کنندہ ہیں۔

۱۳۹ـــــ اور سلسلۂ کلام میں بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ ایک چیز سے دوسری چیز کی طرف جو مناسبِ مقام ہو یا اخص سے اعم کی طرف چلے جاتے ہیں، پس یہ آیت صرف مسئلہ تبنّی تک محدود نہیں رہی، بلکہ خاندانی وراثت کے سلسلہ میں پہنچ گئی۔ جہاں تک خصوصی طور پر شانِ نزول کے واقعہ کا تعلق ہے اس مسئلہ پر کلام آیت: مَا جَعَلَ اَدْعِیَاءَ کُمْ اَبْنَاءَ کُمْ[2] اور لِکَیْ لَا یَکُوْنَ عَلَی الْمُؤْمِنِیْنَ حَرَجٌ[3] میں پورا ہو چکا تھا۔ اس کے بعد سلسلۂ کلام مطلق توریث کی طرف آ نکلا، جیسا کہ معالم التنزیل میں ابن عباسؓ کا قول گذر چکا ہے۔ ابوت اپنے مفہوم میں دو جز رکھتی تھی ایک باپ بیٹا ہونے کا تعلق اس کے بدل میں رسالت کو رکھا گیا، دوم وراثت جاری ہونا، اس کے بدل میں ختم نبوت کو رکھا گیا۔ بس یہ وجہ ہے دو لفظ لانے کی۔

[1] بیشک تیرا دشمن ہی نسل بریدہ ہے۔ (الکوثر: ۳) [2] الاحزاب: ۴ [3] الاحزاب: ۳۷

۱۴۰ـــــ اور معلوم ہے کہ آپؐ کے پسری خاندان کو باقی رکھنا اور پھر ان کے اندر سلسلۂ نبوت کو باقی رکھنا ان دونوں باتوں کے درمیان کوئی عقلی یا شرعی تلازم نہیں، لیکن اہلِ عرف اور محبانِ صادق یہی چاہا کرتے ہیں کہ خاندان میں سلسلۂ وراثت باقی رہے اندریں حالت یہ خیال ذہن میں آسکتا تھا کہ نہ معلوم خاندانِ نبوۃ میں کون سا سلسلہ رہتا ہے سلسلۂ نبوت ، یا سلسلۂ خلافت و ولی عہدی ، یا وراثتِ مال کا سلسلہ ، وغیرہ. یہاں کسی قسم کا لزوم نہیں تھا ، لیکن تناسب ضرور تھا اور بہت ممکن ہے محبین کی تمنا بھی ہو اور ان کے اذہان میں یہ خیال گذر بھی رہا ہو، جیسا کہ علم میں بھی خاندانی وراثت نہیں، لیکن اگر خاندان میں علم باقی رہے تو اسے خاندانی علم کہا کرتے ہیں' اور یہی مناسب سمجھتے ہیں کہ باپ کی جگہ بیٹا عالم ہو، اور اسی نہج و طریق پر ہے آیت یرثنی ویرث مِنْ آلِ یَعْقُوْبَ [۱] اور آل ابراہیم ، آل یعقوب ، آلِ عمران ، آل یٰسین اور آل داؤد کا عنوان بھی اسی کے پیشِ نظر آیا ہے ، موضح القرآن میں سورۂ اعراف میں منصب خلافت و امامت اور امنت کے خاندان ہارونؑ میں رہنے کے بارے میں کچھ ذکر فرمایا ہے' اور اسی طرح آیت وورث سلیمانُ داودَ [۲] میں وراثتِ علم و نبوت مراد ہے. اور معالم التنزیل میں حضرت عطار سے نقل کیا ہے کہ "جب اللہ تعالےٰ نے فیصلہ کر دیا کہ آپؐ کے بعد کوئی نبی نہیں ہوگا تو آپؐ کو پسری اولاد ہی عطا نہیں فرمائی جو بلوغ کو پہنچتی"

۱۴۱ـــــ پس فرمایا کہ حضرت محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بارے میں تمہارے ذہنوں میں جو یہ خیال پیدا ہو سکتا تھا کہ وہ پسری خاندان کو جاری کرنے اور کسی نوعیت کی وراثت باقی رکھنے کے لیے ہیں' ایسا نہیں ہوگا۔ ہماری تقدیر میں وہ سلسلۂ نبوت کے ختم کرنے کے لیے ہیں ، اس لیے پسری خاندان میں ولی عہدی کا سلسلہ نہیں ہوگا، پس نبوت کا سلسلہ ظاہر ہے کہ بدرجہ اولیٰ نہیں ہوگا ، اور یہ بات پہلے گذر چکی ہے کہ اس آیت سے توریث نبوت بالاستفادہ کے سلسلہ کی نفی بدرجۂ اولیٰ ہو جاتی ہے ، نسبت بلاواسطہ

---

[۱] سورہ مریم : ۶ [۲] سورۃ النمل : ۱۶

کے، کیونکہ ابوت اوّلاً لذکر صورت میں زیادہ دخیل ہے۔

۱۴۲ ــــ حاصل یہ کہ "محمد صلے اللہ علیہ وسلم اجراء کے لیے نہیں بلکہ ختم کے لیے ہیں۔" اور آیت کریمہ کسی لزوم پر مبنی نہیں، بلکہ تناسب وقوع پر مبنی ہے، اور وہ بھی اسی درجہ میں جو کہ اذہان میں گذر سکتا تھا۔ اگرچہ یہ خیال گذرنا مسلمانوں ہی کی جانب سے ہو۔

اور محطِّ کلام میں یہ ضروری نہیں کہ ہم مَاکَانَ محمد ابا اَحَدٍ مِن رِّجَالِکُمْ میں اول وہلہ ہی سے اجرائے سلسلۂ نبوت کو محط ٹھہرائیں، بلکہ دوسرے مناسب سلسلوں کی نفی سے یہ بھی بطریق اولیٰ منفی ہوگیا اور ختم کلام یعنی وَلٰکِن رَّسُولَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّیْنَ، اس امر کی جانب خصوصی اشارہ کو متضمن ہے کہ صدرِ کلام میں اسی کا ارادہ کیا گیا۔ جیسا کہ تفتازانی نے کہا ہے کہ:

"اگر تم کہو کہ جب قصرِ قلب میں دو وصفوں کے درمیان تنافی متحقق ہے تو ایک کا اثبات خود بخود دوسرے کی نفی کو مشعر ہوگا، پس بطور حصر ایک وصف کی نفی اور دوسرے کے اثبات سے کیا فائدہ ہوا؟ جواب یہ ہے کہ اس میں فائدہ یہ ہے کہ اس سے مخاطب کی غلطی رفع کرنے پر تنبیہہ ہو جاتی ہے۔ کیونکہ مخاطب اصل واقعہ کے برعکس کا معتقد تھا۔ چنانچہ ہمارا قول "زید کھڑا ہے" اگرچہ نفی قعود پر دلالت کرتا ہے، لیکن اس سے یہ بات معلوم نہیں ہوتی کہ مخاطب کو اس کے قعود کا اعتقاد ہے اور جب ہم کہیں کہ "زید بیٹھا نہیں بلکہ کھڑا ہے" تو اس سے پتہ چلے گا کہ مخاطب زید کو بیٹھا سمجھتا تھا، متکلم اس کی غلطی کی اصلاح کرنا چاہتا ہے۔"[1]

اور اسی سبب سے تمام طرق قصر کے ساتھ نفی کے اجتماع میں تفصیل پیدا ہوئی۔

۱۴۳ ــــ اور اگر کہا جائے کہ 'لکن' ایک دوسری صورت میں بھی تلافیِ مافات کے لیے ہوتا ہے تو (جواب یہ ہے کہ) وہ بھی یہاں پوری پوری پائی جاتی ہے کہ ادنیٰ علاقہ کے بدلے میں اعلیٰ علاقہ رکھا گیا۔ باقی نوع سے جنس کی طرف، یا جنس الاجناس کی طرف انتقال کرنا یہ تقاضائے مقام پر منحصر ہے، جیسا کہ علماء نے استثنا مفرغ میں تقریر کی ہے خلاصہ یہ کہ ماکان محمد ابا احدٍ من رجالکم ولکن رسول

[1] مختصر المعانی ص ۱۹۰ بحث قصر بالعطف

اللہ وخاتم النبیین میں دو جملوں کا جمع کرنا(جن میں سے ایک منفی ہے اور دوسرا مثبت)اس مقصد کے ادا کرنے کے لیے جو گذر چکا۔ ورنہ ان مسائل کا بیان الگ الگ بھی ہو سکتا تھا۔ یہ ہے خلاصۂ مراد آیت کریمہ کا کہ عمریں ختم ہو جاتی ہیں، مگر وہ جلوہ نہیں دکھاتا۔(ترجمہ شعر)" تیرے حسن کے بارے میں ہر شخص ہر دم نئی بات کرتا ہے۔ اگر تیرے رُخ تاباں کی جلوہ نمائی ہو تو یہ قصے نہ رہیں"

خاتمہ

۱۴۴ــــ جاننا چاہیے کہ حق طلبی، حق پسندی اور حق نیوشی کا طریقہ یہ ہے کہ کلام معجز نظام کے قیود، کلام ملک علام سے ہی لیے جائیں، بلکہ ہر ایک حاضر الحواس متکلم کے کلام میں یہی طریقہ ہے، اپنی جانب سے اتباع ہویٰ اور اغراض نفس کی خاطر قیدیں لگانا، تقسیمیں نکالنا اور پھر کلام معجز نظام کے ٹکڑے کرکے اسے ان پر چسپاں کرنا الحاد و زندقہ کی اصل بنیاد ہے۔ پس جب حق تعالیٰ نے ایک بار تصریح فرما دی کہ "محمدؐ تمہارے مَردوں میں سے کسی کے باپ نہیں، بلکہ اللہ کے رسول اور نبیوں کے ختم کرنے والے ہیں" تو شیوۂ ایمان یہ ہے کہ تمام حیلوں بہانوں کو چھوڑ کر ہم آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کو "تمام نبیوں کا ختم کرنے والا" یقین کریں اور اسی پر ایمان لائیں۔ کیونکہ اسی عقیدہ کو سکھانے کے لیے تو یہ آیت آئی ہے۔ اور جب اللہ تعالیٰ نے کسی جگہ تقسیم و تقیید نہیں فرمائی تو ہمیں حق نہیں کہ زیغ والحاد کے شبہات کی بناء پر آیت کے عموم اور اطلاق کو خیرباد کہ دیں، کیونکہ یہ نص کے مقابلہ میں قیاس کو پیش کرنا ہے اور قیاس سے نص کا مقابلہ و معارضہ سب سے پہلے ابلیس نے کیا تھا۔ پھر اجماع بلا فصل بھی اس عقیدہ پر منعقد ہے اور دَورِ نبوت سے آج تک مسلسل یہی عقیدہ چلا آتا ہے، پس یہ عقیدہ ہمیشہ قطعی الثبوت رہا ہے اور یہ آیت اس کے اثبات میں قطعی الدلالت رہی ہے۔

۱۴۵ــــ اور جو کچھ یہ ملحد اور اس کے چیلے چانٹے اس عقیدۂ حقہ(ختم نبوت) کی مخالفت میں پیش کرتے ہیں وہ سب رُسوا کن مغالطے ہیں، یہ لوگ بارہا مناظروں

میں لاجواب اور ذلیل و رسوا ہوئے، مگر صد حیف کہ انہیں ہدایت نہ ہوئی، بلکہ اپنی انجمن سے مشاہرے سے کر ایمان کے بدلے کفر فریدتے رہے، ان کا طریقہ یہ ہے کہ محکمات و قطعیات کو شبہات و متشابہات کے ذریعہ مکدر کرتے ہیں اور رفتہ رفتہ ایمان سے خارج کر دیتے ہیں، کوئی دلیلِ عقلی یا سمعی ان کا متمسک نہیں ہے، بلکہ ان کا کُل سرمایہ بس ملحدانہ شبہات ہیں۔ چنانچہ ان میں سے بعض تم دیکھ سُن چکے ہو کہ زندقہ سے زیادہ نہیں ہیں، اور یہ آیت ان تمام شبہات پر حاوی ہے اور پہلے ہی سے ان کا فیصلہ کر چکی ہے۔

۱۴۶ ـــــ مثلاً وہ سورہ اعراف کی آیت[۳۵]: یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ اِمَّا یَاْتِیَنَّکُمْ رُسُلٌ مِّنْکُمْ یَقُصُّوْنَ عَلَیْکُمْ اٰیٰتِیْ الآیہ میں یہ سخن سازی کرتے ہیں کہ (یَاْتِیَنَّ استقبال کا صیغہ ہے اور) استقبال باعتبار زمانہ نزول کے ہے (گویا آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم اور آپؐ کی اُمت کو فرمایا جا رہا ہے کہ تمہارے پاس بہت سے رسول آئیں گے۔ اس سے ثابت ہوا کہ) نبوت جاری ہے۔ حالانکہ (یہ آیت خود قادیانی دعویٰ کے خلاف ہے، کیونکہ ان کا دعویٰ تو یہ ہے کہ آئندہ نبوت آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی اتباع کے واسطے سے ملا کرے گی، نہ کہ مطلقاً۔ جبکہ) اس آیت میں خاتم الانبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم کے اتباع کی کوئی قید نہیں، جو انھوں نے آیت ختم نبوت میں ایجاد کی تھی۔

علاوہ ازیں یہ شبہ نہایتِ غباوت و الحاد سے پیدا ہوا ہے (تحقیق یہ ہے کہ) حق تعالےٰ نے آدم علیہ السلام کا قصہ ذکر فرمایا (اور وہی بیان دور تک چلا گیا) اور درمیان میں کوئی کوئی جملہ لفظِ قُل کے ساتھ اُن امور کے بارے میں، جو بعد میں وقوع پذیر ہونے والے تھے، خاتم الانبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم کو خطاب فرمایا، اور کسی ضمنی فائدہ کی جانب راہنمائی اور تنبیہ فرمائی تاکہ دوبارہ از سر نو سلسلۂ سخن شروع کرنے کی ضرورت نہ ہو اور معاملہ دست بدست طے ہو جائے اور چار بار یٰبَنِیْٓ اٰدَمَ کے عنوان سے خطاب فرمایا، یہ تمام کلام اعادۂ خطابِ اول کے ساتھ اسی عہد سے متعلق ہے۔ (جو عالمِ ارواح میں تمام ذریتِ آدم سے لیا گیا تھا) اور استقبال بھی اسی کے اعتبار سے

ہے۔ اس کے بعد حضرت نوح، حضرت ہود اور حضرت صالح (علیہم السلام) کا قصّہ ذکر فرمایا (اس تقریر سے معلوم ہوا کہ آیت میں استقبال زمانۂ نبوّی کے اعتبار سے نہیں، بلکہ زمانۂ عہد کے اعتبار سے ہے)

اس آیت کو، جس میں بہت سے رسولوں کے آنے کی اطلاع دی گئی ہے، خاتم الانبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم سے مابعد کے زمانہ سے متعلق کرنا حضرتِ حق جلّ مجدہ کے ساتھ معارضہ و مقابلہ ہے، کیونکہ اس نے ایک بار ختم نبوّت کی نصِ قطعی نازل کر کے اپنی مراد کی تعلیم فرما دی ہے، سورۂ بقرہ کی ابتداء میں بھی اسی آیت کے قریب ارشاد ہوا ہے: قُلْنَا اهْبِطُوْا مِنْهَا جَمِيْعًا فَاِمَّا يَاْتِيَنَّكُمْ مِّنِّيْ هُدًى [1] اسی طرح سورۂ طٰہٰ میں بھی [2]

اسی طرح ذکر فرمایا، اور حضرت خاتم الانبیاءؐ کے حق میں قیامت سے متصل ہونا ذکر فرمایا اور (آپؐ کے اور قیامت کے) درمیان میں کسی اُمّت کو نہیں رکھا ______

حضرتِ آدمؑ اور ابتدائے آفرینش کے حق میں استقبال مناسب تھا، چنانچہ واقعہ بھی یہی تھا اور آیات کریمہ بھی اسی طرز پر وارد ہوئیں۔ پھر حق تعالےٰ کو یہ بھی حق حاصل ہے کہ زمانۂ لاحق میں زمانۂ سابق کے بارے میں خطاب فرمائیں، جبکہ حکم اس طرز کے مناسب ہو (بہر حال اس آیت سے اجرائے نبوت پر استدلال کرنا قادیانی ذہنیت کا اعجوبہ ہے، ورنہ تیرہ صدیوں کی) اُمت کے کسی شخص کا ذہن ان آیات میں (اجرائے نبوّت کے) کسی وہم کی طرف نہیں گیا اور نہ ان آیات میں اس وہم کی کوئی ادنیٰ گنجائش ہے۔ اس ملحد کو تعلیم شیطان کی بنا پر جداگانہ نبوت کا دعویٰ کرنا تھا اس لیے (شیطان نے پہلے اسے دعویٰ نبوت تلقین کیا اور) بعد ازاں یہ تمام اُماد سکھائے اور اس کے اذناب و اتباع، علم و عمل اور نیتِ صحیحہ ہر چیز سے عاری ہیں، سوائے کفر و عناد، عداوت حق و اہلِ حق اور شر و فساد کے۔

۴۷ ______ اور مثلاً یہ کہ آیت وَاَتْمَمْتُ عَلَيْكُمْ نِعْمَتِيْ [3] میں الحاد کرتے ہیں کہ یہ آیت اس اُمت پر اتمام نعمت کا اعلان کرتی ہے اور سب سے بڑی نعمت نبوت ہے، جب

[1] البقرہ: ۳۸ [2] طٰہٰ: ۱۲۳ [3] المائدہ: ۳

اس کو وہ نہ ملی تو نعمت پوری کیونکر ہوئی؟) حالانکہ آیت کی مراد واضح ہے کہ "میں نے نعمت کا کوئی جز نہیں چھوڑا جو تم کو عنایت نہیں کر دیا" اور یہ منافی ہے اس بات سے کہ نعمت کا کوئی جزء جدید ابھی باقی ہو جو عنایت نہ کیا گیا ہو مگر جو نعمت عطا کی جا چکی اس کی بقاء کے منافی نہیں۔ بخلاف آیت "خاتم النبیین" کے کہ وہ اشخاصِ انبیاء کے ختم ہونے کا اعلان کرتی ہے اور یہ کسی دوسرے شخص کی آمد کے منافی ہے۔ وہی خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم ہیں جو تا قیامت پوری انسانیت کے لیے نبی ہیں، اور آپؐ ہی کا دورِ نبوت باقی ہے۔ جس طرح آپؐ کی حیاتِ طیبہ میں کوئی دوسرا نبی نہیں تھا (تھا تو مسیلمہ کذاب تھا) اسی طرح آپؐ کے مابعد کے زمانہ میں بھی کوئی دوسرا نبی نہ ہوگا (اگر ہوگا تو مسیلمہ کذاب کا بھائی ہوگا)

اور جب یہ کہا جائے کہ فلاں شخص پر ہم نے سلطنت کے تمام اجزاء پورے کر دیے تو یہ ایک الگ مضمون ہے جسکی مراد بالکل واضح ہے اور جب کہا جائے کہ فلاں شخص کو ہم نے خاتمِ سلاطین بنا دیا تو یہ دوسرا مضمون ہے کہ وہ بھی بجائے خود واضح ہے۔

اصل بات یہ ہے کہ اجزاءِ شئ الگ چیز ہے اور عمرِ شئ ایک دوسری چیز ہے۔ اجزاء کے پورا کر دینے سے اس کی عمر پوری نہیں ہو جاتی، بلکہ اجزاء کے پورا ہونے کا مطلب یہ ہے کہ وہ چیز ناقص نہیں رہی، اور ختمِ اشخاص کے ساتھ عمر ختم ہو گئی اور وہ سلسلہ باقی نہ رہا۔ اور مالک کار پرداز نے وہ کام ہی چھوڑ دیا اور جب کوئی شخص اپنا کام چھوڑ دے تو اس کے ساتھ معارضہ کیسا؛ اور اس کی مراد کی تحریف کیوں کی جائے؟

۱۴۸۔۔۔ غرضیکہ ختمِ نبوت کو ایک بار سیکھ کر اسے دائمی اور پختہ عقیدہ بنا لینا چاہیے اور پھر اسے ہر قسم کی بحث و تمحیص سے بالاتر سمجھنا چاہیے۔ اس کے بعد جو چیز بھی ذخیرۂ سمع و نقل سے سامنے آئے اس کی تفسیر و تشریح اسی کے موافق کرنی چاہیے، کیونکہ ختمِ نبوت کا عقیدہ ضروریاتِ دین میں سے ہے۔ یعنی ان امور میں سے جو پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم کی تعلیم و تبلیغ سے ہر خاص و عام تک

لہ المائدہ : ۳

پہنچ سکتے ہیں ـــ اس قسم کے امور، دین کے اندر ایک طے شدہ مفہوم اور ایک ثابت شدہ حقیقت رکھتے ہیں کہ کسی کے ظنّ و تاویل پر ان کے مفہوم کا مدار نہیں، اور نہ ان میں تاویل اور قیاس آرائی کی گنجائش ہے (بخلاف ظنّیات کے کہ ان میں تاویل کی گنجائش ہوتی ہے اور ہر مجتہد کے نزدیک جو مفہوم طے ہو وہی اس کے لیے واجب العمل ہوتا ہے) اور اگر دین کی ہر چیز (لوگوں کے ظنّ و تخمین اور تاویل پر) دائر رہا کرے تو دین کی کوئی حقیقت محصّلہ ہی باقی نہیں رہتی۔

اور کسی حکم کا ضروریاتِ دین میں سے ہونا نقلِ متواتر اور اشتہار و استفاضہ کے ساتھ ہوتا ہے (کہ صدرِ اوّل ہی سے وہ حکم مشہور و مستفیض اور متواتر نقل ہوتا رہا۔ جس کی وجہ سے وہ قطعی الثبوت ہوگیا) حکم خواہ کوئی ہو، خواہ فرض کا ہو، خواہ استحباب کا، خواہ اباحت کا۔

اور کبھی قطعیت، دلیل عقلی قائم ہونے سے بھی، جو دلیل نقلی کے مساعد ہو، پیدا ہو جاتی ہے، لیکن یہ لازمی نہیں ہے، بلکہ جب کوئی عقیدہ اُمّت میں طبقۃً بعد طبقۃٍ متواتر رہا اور اہل حلّ و عقد کے درمیان اس عقیدہ میں کوئی اختلاف رُونما نہیں ہوا بلکہ سب کے یہاں متفق علیہ رہا، تو وہ قطعی ہے۔

اور تواتر کبھی اسناد کے ساتھ ہوتا ہے۔ کبھی طبقہ و توارُث کے ساتھ، اور کبھی قدر مشترک کے ساتھ۔ یہ تمام تواتر کی قسمیں ہیں، اور یہی متواترات "سبیل المومنین" ہے جو قرآن کریم نے آیت ذیل میں ذکر فرمایا ہے۔ ومن یشاقق الرسول من بعد ما تبین له الهدیٰ ویتبع غیر سبیل المؤمنین نوله ما تولی ونصله جهنم وساءت مصیرا[1]۔

ترجمہ: "اور جو شخص رسول کی مخالفت کرے گا بعد اس کے کہ اس کو امرِ حق ظاہر ہو چکا تھا اور مسلمانوں کا رستہ چھوڑ کر دوسرے رستہ ہو لیا تو ہم اس کو جو کچھ وہ کرتا ہے کرنے دیں گے۔ اور اس کو جہنم میں داخل کریں گے اور وہ بُری جگہ ہے جانے کی۔"[2]

---

[1] النساء: ۱۱۵ [2] بیان القرآن از حکیم الامت تھانویؒ

۴۹ا۔۔۔ بعد ازاں مخفی نہ رہے کہ اگر کوئی شخص کہے کہ "فلاں عمارت کو میں نے ختم کر دیا" تو چونکہ اس نے یہ بات اپنی حالت کے مشاہدہ اور اپنے ارادہ کے پیشِ نظر کہی ہے کیونکہ وہ مالک مختار ہے، پس اس کی مراد میں تحریف کرنا (اس کے مطلب کو بگاڑنا) صادق اور راست باز لوگوں کا کام نہیں، مگر کسی کا یہ کہنا کہ "فلاں شخص خاتم المحدثین ہے" اس نے آخر کس چیز کا مشاہدہ کرکے یہ بات کہی ہ کیونکہ نہ تو وہ علمِ غیب رکھتا ہے، اور نہ اسے حالات پر احاطہ حاصل ہے۔ لامحالہ یہ بات محض تخمینہ اور مجازفہ ومسامحہ کے طور پر ہوگی۔ بخلاف علام الغیوب اور مالک الملک کے، (کہ اس کا ارشاد سراسر تحقیق اور خود اپنے فعل سے متعلق ہے) پس غور کیجئے کہ اس قسم کے تفاوت اور حالات کے مختلف ہونے سے بات کہاں سے کہاں پہنچ جاتی ہے ہ اور بسا اوقات ایسا ہوتا ہے کہ مرادِ لفظ کی تعیین اس بناء پر نہیں ہوتی کہ لفظ اسی معنی میں منحصر ہے، بلکہ حالات واغراض کی بناء پر اور بغیر کسی اختلاف کے اس معنٰی میں کثرتِ استعمال وتکرار وغیرہ کے ساتھ بھی محاورات کے معنٰی متعین ہوجاتے ہیں۔ اور محاورات میں روزمرہ (ان امور سے سابقہ پیش آتا ہے، مگر ان لوگوں کو وہاں) کیوں یہ تباہی پیش نہیں آتی، صرف نصوص ہی میں یہ آفت رُونما کیوں ہوتی ہے ہ بہرحال توفیق خداوندی درکار ہے۔۔۔ اور اگر اس قسم کے امور میں بھی کوئی شخص فہم رسا نہیں رکھتا اور دعوئی ہمہ دانی کے باوصف کفروایمان میں تمیز نہیں کرپاتا تو اس سے ہاتھ اُٹھا لینا چاہیے، کیونکہ جیسا کہ حدیث[1] میں ہے، یہ زمانہ، غالیوں کی تحریف اور باطل پرستوں کے غلط دعووں کا ہے۔

۵۰ا۔۔۔ ان مفتروں کی حالت سے معلوم ہوتا ہے کہ اگر حق تعالےٰ قسم کھا کر بھی فرماتے کہ میری مراد یہ ہے کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کسی قسم کا کوئی نبی بھی نہیں بھیجوں گا۔ (نہ تشریعی، نہ غیر تشریعی، نہ حقیقی، نہ نقلی یا ظلی) تو یہ کہیں گے کہ "جی ہاں! لفظ تو یہی ہیں جو آپ نے فرمائے، لیکن آپ کی مراد یہ ہے کہ فلاں طریقہ سے آپ اس سلسلہ کو جاری

[1] مشکوٰۃ ص ۳۶

ہی رکھیں گے"۔ اور اگر فرماتے کہ نہیں یہ بھی نہیں۔ تو یہ کہیں گے کہ "جی ہاں بظاہر تو ایسا ہی ہے، لیکن آپ کے باطن میں یہ ہے"۔ بتائیے ہر بات کی اُلٹ توجیہ کا سلسلہ کہیں جا کر رکنے کا ہے؟ اور جب مخاطب یہ فیصلہ کر چکا ہو کہ اسے بہر حال متکلم کی ہر بات کو اُلٹ معنی پر محمول کرنا ہے تو حق تعالےٰ کسی بھی حقیقت کے ادا کرنے سے (نعوذ باللہ) قاصر رہیں گے اور کسی مطلب و مدّعا کو ادا کرنے کا راستہ ہی بند ہو جائے گا، اندریں صورت اگر کوئی شخص قرآن کے بارے میں کہتا ہے کہ یہ آخری کتابِ الٰہی ہے، اس کے بعد کوئی کتاب نہیں اور اس کی مراد آخریتِ حقیقی ہو مگر اس کے ہاتھ میں اس مراد کے ادا کرنے کا کوئی ذریعہ نہیں ہو گا (کیوں کہ قادیانی ملاحدہ اس میں بھی تاویل کا کوئی چکر چلا دیں گے) واللہ ولی التوفیق۔

۱۵۱۔۔۔اور اب نبوت کو ختم اور سر بمہر کرنے کی حکمت سمجھنا چاہیے، معلوم رہے کہ اس حقیقت (یعنی نبوت) کو مالکِ ملک اور صاحبِ اختیار نے آدم علیہ السّلام کے عہد سے شروع کیا، جہاں سے بنو آدم کا آغاز ہوا ہے، اور خاتم الانبیاء حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر، جو خاتمۂ دنیا پر تشریف لاتے ہیں، پورا فرما دیا، اور دین کے کامل اور نبوت کے ختم ہونے کا اعلان کر دیا۔ اس ختم سے مقصود، جیسا کہ ابن کثیرؒ اس حقیقت کو پہنچے ہیں۔ یہی ہے کہ آپؐ کے بعد کوئی ملحد و زندیق اور دجّال و کذّاب درمیان میں نہ گھسے، یا سر بمہر خزانہ میں سے کوئی چیز نہ اٹھائے، جب تک اُمت اس عقیدہ پر قائم رہے گی، رحمتِ الٰہی کے زیرِ سایہ رہے گی اور جب انحراف کرے گی تو یہ امر موجبِ تفرقہ ہو گا اور اس سلسلہ میں تشریعی و غیر تشریعی کا کوئی فرق نہیں (بلکہ بلا استثناء ہر قسم کی نبوت کا دروازہ بند ہے) اس لیے کہ جب (نئے نبی کے آنے سے) ایمان میں اضافہ ہو سکتا ہے (کہ نئے نبی پر ایمان لانا دین کا ایک نیا رکن بن جاتے) تو (شریعتِ جدیدہ کے ذریعہ) اعمال میں اضافہ کیا دشوار ہے! پس (اُمتِ محمدیہ میں) اگر اور پیغمبر آئیں اور منکروں کی تکفیر کریں تو (ظاہر ہے کہ اُمّت میں افتراق پیدا ہو گا، اور) یہ اختلافِ رحمت نہیں، بلکہ اس میں اُمّت

مرحومہ کے اتحاد کی بیخ کنی، ان کی خیر و برکت کا ابطال، صلاح و فلاح اور کامیابی کا خاتمہ، ایک دوسرے کی تکفیر کا فتح باب، اتفاق و اتحاد کا سدِّ باب اور مقصد الٰہی کا۔ کہ آپؐ کے بعد کوئی دجّال درمیان میں نہ گھسے ــــ معارضہ و مناقضہ ہے (ترجمۂ شعر) "میں اس حالت میں سفر کرتا ہوں کہ میں نے اپنے دل پر تیری محبت کی مہر لگا دی ہے تاکہ کوئی دوسرا اس میں نہ سمائے۔" اور اسی سبب سے ختم کا اعلان فرمایا" تاکہ دجل و زندقہ کی رگ کٹ جائے، یہ اُمت ٹکڑیوں میں تقسیم ہو کر ایمان کو پارہ پارہ نہ کرے، فتنہ و فساد، لڑائی دنگا، خونریزی و غارت گری اور شقاق و نفاق میں نہ پڑے اور فساد فی الارض اور فتنۂ طویل و عریض کا موجب نہ ہو۔

۱۵۲ــــ پس اس حکمت کا اس شقی کے وسوسہ سے کہ "نبوت نبی ساز ہونی چاہیے" موازنہ کرو، اور پھر انصاف کرو کہ اُمّتِ مرحومہ کے حق میں (رحمت "قادیاں کی جعلی نبوت سے پاک) در حقیقت یہ اعلانِ ختمِ نبوت رحمت تھا، جس کو الحاد و غباوت کی وجہ سے یہ نہیں سمجھا، کیونکہ خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم پر کامل ایمان رکھنے کے باوجود اس نبوتِ جدیدہ کے منکروں کی تکفیر کرنا ان کے حق میں رحمت کی نفی کرنا ہے (قادیانی نظریہ" اجرائے نبوت رحمت ہے" کے مطابق چودہ صدیوں میں صرف ایک مرزا غلام احمد قادیانی مَوردِ رحمت بنا، جب کہ اس فردِ واحد کے مَوردِ رحمت بننے سے اُمت کے کروڑوں افراد جو قادیانی نبوت کے منکر ہیں، موردِ لعنت ٹھہرے) پس ایک طرف ان اشقیاء کو رکھو جن کو اس نے نام نہاد نبی بنایا ہے (اور وہ صرف مرزا کی ذات ہے) اور دوسری طرف جماہیرِ اُمت کی تعداد کو رکھو اور پھر دیکھو کہ کیا موازنہ ہے (آیا اجرائے نبوت کے قادیانی نظریہ سے اُمّتِ مرحومہ کے حق میں رحمت کا پلّہ بھاری ہوا یا لعنت کا؟) اُمّت کے حق میں جس چیز کو رحمت کہہ سکتے ہیں وہ یہ ہے کہ پوری اُمّت کا ایک ہی دین و ایمان ہو، ایک ہی کتاب و نبی ہو، ایک ہی دستورِ ہدایت ہو، ایک ہی ملت ہو، ایک ہی سبیل المؤمنین ہو اور وہ سب ایک ہی راستے پر چلیں۔ اور یہ بات سابقین کے حق میں متعذر نہ تھی۔ ابن کثیرؒ اسی مضمون کو بیان

کرتے ہوئے فرماتے ہیں: "یہ بات آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے شرف میں سے ہے کہ آپؐ کو خاتم النبیین بنایا۔ اور آپؐ کو تمام مخلوق کی جانب مبعوث کیا گیا" آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی ذات گرامی پر نبوت ختم ہو جانے کو ابن کثیر شرفِ نبوی قرار دیتے ہیں، اور پہلے گذر چکا ہے کہ یہ امر بالکل واضح اور بدیہی ہے، اور ان مخذولوں کی شک اندازی بدیہیات میں شک اندازی ہے۔ طبرانی نے ابومالک اشعریؓ سے آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کا یہ ارشاد گرامی نقل کیا ہے کہ: "یہ دین نبوت و رحمت کی شکل میں شروع ہوا، اور خلافت و رحمت ہونے والا ہے۔"

درحقیقت، رحمت میں خیر عام مقصود ہوتی ہے، اس کے مقابلہ میں معدودے چند افراد کی تکمیل کوئی وزن نہیں رکھتی (اور قادیانیوں کے نظریہ اجرائے رحمت سے تو معدودے چند افراد بھی مستفید نہ ہو سکے، بلکہ صرف فردِ واحد کے لیے یہ نظریہ ایجاد کیا گیا، کیونکہ قادیانیوں کا عقیدہ ہے کہ آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے بعد غلام احمد کے سوا کوئی نبی نہیں ہوا، اور غلام احمد کے بعد بھی قیامت تک کوئی نبی نہیں ہوگا" گویا خاتم النبیین مرزا غلام احمد قادیانی ہے۔ الغرض قادیانی جو نعرہ زور شور سے لگاتے ہیں کہ "اُمّت محمّدیہ میں نبوت کا جاری ہونا رحمت ہے" اس کی حقیقت صرف یہ نکلی کہ فرد واحد یعنی مرزا غلام احمد قادیانی مورد رحمت ہوا اور کروڑوں کی تعداد میں اُمّت کافر اور مورد لعنت ٹھہری۔ اب انصاف فرمائیے کہ ایک فرد کی خاطر کروڑوں افرادِ اُمّت کو کافر اور خارج از ایمان ٹھہرانا کیا اُمّت کے حق میں رحمت ہے؟) جب بات موازنۂ رحمت پر پہنچی (کہ آیا اسلامی عقیدۂ ختم نبوت موجب رحمت ہے یا قادیانی عقیدۂ اجرائے نبوت؟) تو اس نکتہ کا خوب وزن کر لینا چاہیے۔

۱۵۳ —— باقی رہا معاملہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آسمان سے نازل ہونے کا پس وہ کوئی امر زائد نہیں (جس پر نئے سرے سے ایمان لانا فرض ہو) بلکہ وہ پہلے ہی سے ایمانیات میں شامل ہے۔ لہٰذا ان کی تشریف آوری سے ایمانیات میں اضافہ نہ ہوا (جبکہ مرزا کے دعویٰ سے ایمان میں ایک نئی نبوت کا اضافہ ہوا، اور

(اس نبی نبوت کے نہ ماننے والے کافر ٹھہرے) اور مقصود بالذات عام ہدایت اور عام انسانوں کی تربیت ہے، رسولوں کی بعثت (اسی غرض کے واسطے ہے، گویا وہ) بالواسطہ مقصود ہے۔ اور معلوم ہے کہ جس وقت مختلف جوانب سے کشاکش اور مصالح کے درمیان تعارض ہو (کہ ایک جانب کی مصلحت کا تقاضا کچھ ہے، اور دوسری جانب کی مصلحت کا تقاضا اس کے برعکس ہے) تو اس وقت ان تمام امور میں سے خوب سے خوب تر اور مناسب سے مناسب ترین کو لیا جاتا ہے۔ (اس اصول تجاذب کے پیش نظر یہ دیکھنا ہو گا کہ اُمّت مرحومہ کے حق میں عقیدۂ ختم نبوّت کی برکت سے اوّل سے آخر تک پوری اُمّت کا ملّتِ واحدہ، دین واحد اور نبی واحد پر متفق و متحد ہونا اَرفق و اَنسب ہے یا غلام احمد قادیانی کی نبوت سے کروڑوں اربوں افرادِ امت کا کافر بن جانا زیادہ بہتر و موزون ہے۔)

۱۵۴ــــ آیاتِ قرآن حکیم کی بناء، کلماتِ تنزیل کا مطمح نظر اور ان سب کا محیط فائدہ اور مسقطِ اشارہ یہی ہے کہ قرآن کے بعد ایسی کوئی کتاب، کوئی وحی اور کوئی خطاب موجود نہیں جس پر کہ ایمان لانا باقی اور واجب ہو، جو وحی کہ انبیاء کرامؑ سے مخصوص ہے، وہ اللہ تعالےٰ نے آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے بعد نہیں رکھی بلکہ بطورِ مفہومِ مخالف کے، جو دلالت کی ایک قسم ہے، اس کی نفی فرمائی ہے۔ چند آیات ملاحظہ ہوں:

وَالَّذِيْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ وَبِالْاٰخِرَةِ هُمْ يُوْقِنُوْنَ [1]

لٰكِنِ الرّٰسِخُوْنَ فِي الْعِلْمِ مِنْهُمْ وَالْمُؤْمِنُوْنَ يُؤْمِنُوْنَ بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَآ اُنْزِلَ مِنْ قَبْلِكَ [2]

يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْٓا اٰمِنُوْا بِاللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْ نَزَّلَ عَلٰي رَسُوْلِهٖ وَالْكِتٰبِ الَّذِيْٓ اَنْزَلَ مِنْ قَبْلُ [3]

وَلَقَدْ اُوْحِيَ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ [4]

اَلَمْ تَرَ اِلَى الَّذِيْنَ يَزْعُمُوْنَ اَنَّهُمْ اٰمَنُوْا بِمَآ اُنْزِلَ اِلَيْكَ وَمَا

---

[1] البقرہ: ۴ [2] النسآء: ۱۶۲ [3] النسآء: ۱۳۶ [4] الزمر: ۶۵

اُنزِلَ مِنْ قَبْلِكَ [1]

كَذٰلِكَ يُوْحِيْ اِلَيْكَ وَاِلَى الَّذِيْنَ مِنْ قَبْلِكَ اللّٰهُ الْعَزِيْزُ الْحَكِيْمُ [2]

(ان تمام آیات میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے قبل کی وحی کا ذکر ہے اور اس پر ایمان لانے کا حکم دیا گیا ہے مگر آپؐ کے بعد کی وحی کا کہیں ذکر نہیں، نہ اس پر ایمان لانے کا حکم دیا گیا، حالانکہ اگر آپؐ کے بعد بھی وحی نبوت کا سلسلہ جاری ہوتا تو اس کا ذکر بدرجۂ اولیٰ ہونا چاہیے تھا تاکہ اُمت گمراہ نہ ہوتی)

اور (ختم نبوت پر) استدلال کی یہ نوع (شیخ ابن عربیؒ نے) فتوحات میں ذکر فرمائی ہے، جس پر یہ قادیانی ملاحدہ افترا کرتے ہیں کہ وہ (حضرت خاتم النبیین صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد بھی) بقاء نبوت کے قائل تھے، شیخ نے باب ۷۳ کے سوال ۱۵ کے وصل میں تصریح کی ہے کہ نبوت سے ان کی مراد شرعی اصطلاح نہیں بلکہ معنی لغوی ہے۔

۱۵۵۔۔۔۔پھر معلوم رہے کہ یہ غیر تشریعی نبوت، جو (شیخؒ کی اصطلاح میں) فیوض و کمالات اور ولایت و مبشرات سے عبارت ہے، وہ شیخؒ کے نزدیک نبوت کی کوئی قسم نہیں، بلکہ اس کا ایک جزء ہے۔ اسی طرح تشریعی نبوت بھی (ان کے نزدیک نبوت کا) ایک جزء ہے۔ (لہٰذا فرداً فرداً ان میں سے کسی پر نبوت شرعیہ صادق نہیں آتی، کیوں) کہ جب تک تمام اجزاء جمع نہ ہوں کُل صادق نہیں آیا کرتا۔ یہ مقسم کلی کی مانند نہیں جو اپنی اقسام پر صادق آتا ہے، جیسا کہ ان ملحدوں نے سمجھا ہے اور شیخ نے خود بھی اس کی تصریحات فرمائی ہیں۔ حاصل یہ کہ شیخ کے نزدیک نبوت کا ایک جزء باقی ہے، جو کُل کا مصداق نہیں ہوتا۔ نبوت کی کوئی جزئی یا اس کی کوئی قسم باقی نہیں (جس پر نبوت صادق آسکے)

۱۵۶۔۔۔۔آیاتِ (ختم نبوت) کی ایک اور قسم وہ آیات ہیں جن میں اول سے آخر تک اس اُمّت کی وحدت کو ملحوظ رکھ کر اسے امتِ واحدہ فرمایا، مثلاً مندرجہ ذیل آیات۔

(۱) كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ اُخْرِجَتْ لِلنَّاسِ الآية [3]

---

[1] النساء: ۶۰ [2] الشوریٰ: ۳ [3] آل عمران: ۱۱۰

(۲) وَكَذٰلِكَ جَعَلْنٰكُمْ اُمَّةً وَّسَطًا لِّتَكُوْنُوْا شُهَدَاءَ عَلَى النَّاسِ وَيَكُوْنَ الرَّسُوْلُ عَلَيْكُمْ شَهِيْدًا [۱]

(۳) فَكَيْفَ اِذَا جِئْنَا مِنْ كُلِّ اُمَّةٍ بِشَهِيْدٍ وَّجِئْنَا بِكَ عَلٰى هٰٓؤُلَاءِ شَهِيْدًا [۲]

۱۵۷۔۔۔۔ اور دلائلِ ختمِ نبوت کی ایک اور قسم وہ ہے جو مندرجہ ذیل نوعیت کی آیات میں ہے:

(۱) وما ارسلنا من قبلك من رسول الآیہ (الانبیاء: ۲۵)

(۲) وما ارسلنا من قبلك من رسول ولا نبی الآیہ (الحج: ۵۲)

(۳) وما ارسلنا قبلك من المرسلین (الفرقان: ۲۰)

(جن میں آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم سے قبل رسول بھیجنے کا ذکر ہے بعد میں نہیں) اور بطور طرد و عکس کے (اس قسم کی آیات بھی دلیل ختمِ نبوت ہیں جن میں آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی وحی کی پیروی کرنے اور اس کے غیر کی پیروی نہ کرنے کا حکم فرمایا ہے۔ مثلاً) اِتَّبِعُوْا مَآ اُنْزِلَ اِلَيْكُمْ مِّنْ رَّبِّكُمْ وَلَا تَتَّبِعُوْا مِنْ دُوْنِهٖٓ اَوْلِيَاءَ (الاعراف: ۳)

۱۵۸۔۔۔۔ اور معلوم ہے کہ اگر آپؐ کے بعد کسی قسم کی نبوت مقدر ہوتی اور اس کے انکار پر کفر کا فتویٰ جاری ہوتا تو یقیناً خدا تعالیٰ کی جانب سے مؤکد وصیت ہوتی کہ دیکھو! بعد میں بھی انبیاء آئیں گے، ایسا نہ ہو کہ اس وقت (ان پر ایمان نہ لانے کی وجہ سے) ہلاک ہو جاؤ۔ ظاہر ہے کہ انبیاء گذشتہ کے ذکر سے زیادہ اہم بعد میں آنے والا انبیاء کا تذکرہ تھا، کیونکہ سابقین پر اجمالی بھی ایمان کافی ہے۔ خواہ ان کی تعداد کچھ ہی ہو، مگر بعد میں آنے والوں سے تو اس اُمّت کو معاملۂ ایمان درپیش تھا (کتنی عجیب بات ہے کہ قرآن کریم انبیاء سابقین کا تذکرہ تو بار بار کرتا ہے، لیکن بعد میں آنے والے کسی نبی کی طرف ادنیٰ سے ادنیٰ اشارہ تک نہیں کرتا۔ چلیے یہ بھی نہ سہی) اس سے کم کیا ہوگا کہ (رسولوں پر ایمان لانے کے سلسلہ میں "من قبل" کی قید ہی کو حذف کر دیا جاتا (کیونکہ اگر بعد میں بھی رسولوں کی آمد باقی تھی تو ظاہر ہے) کہ یہ

قید بے موقع اور موجب مغالطہ تھی۔

اس نوع کی آیات (جن میں "من قبل" کی قید لگا کر بعد میں آنے والے رسولوں کی نفی کر دی گئی ہے) کافی سے زیادہ ہیں[1] اجمالاً مفاتح کنوز القرآن میں دیکھ لی جائیں کہ ان میں سے ایک آیت اس مغالطہ کے مقابلہ میں، جو ان ملاحدہ نے آیت فَاُولٰٓئِكَ مَعَ الَّذِیْنَ اَنْعَمَ اللّٰہُ الآیہ (النساء: ۶۹) میں تراشا ہے، کافی ہے، اور باقی تعداد اہلِ حق اور اہل ایمان کے لیے فاضل رہ جاتی ہے، واللّٰہ المستعان۔

۱۵۹۔۔۔۔ پس ایک طرف اس قدر آیات بینات، جو عقیدہ ختم نبوت پر مبنی اور اس مقصد کی خبر دیتی ہیں اور ناظرین نے جن کی تعداد یک صد تک پہنچا دی ہے[2]، نازل کرنا اور دوسری طرف زمانۂ ما بعد کی جانب کوئی اشارہ و التفات نہ کرنا منشاء خداوندی اور مطمحِ نظرِ الٰہی کا پتہ دیتا ہے کہ زمانۂ مابعد میں کسی قسم کی کوئی نبوت باقی نہیں ہے، زمانۂ ما بعد کی نُبوت اور "وحی نُبوّت" کا قرآن میں (کہیں نام و نشان نظر نہیں آتا بلکہ وہ یکسر) گم اور ناپید ہے، ورنہ (اگر نُبوّت کی کوئی قسم باقی ہوتی تو ناممکن تھا کہ قرآن نہ صرف اسے چھوڑ جاتا، بلکہ ہر جگہ "من قبل" کی قید لگا کر اس کی نفی کرتا جاتا، کیونکہ) یہ طریق بندوں کی ہدایت و راہنمائی کا طریق نہیں ہے۔ (ترجمہ شعر) "اور میں نے لوگوں کے تمام عیوب میں اس سے بڑھ کر کوئی عیب نہیں دیکھا کہ آدمی قدرت کے باوجود ادھوری بات کہے۔"

۱۶۰۔۔۔۔ اور اسی طرح ذخیرۂ احادیث میں جو دو صد احادیث ختم نبوت کے موضوع میں وارد ہیں اور جو (اس قدر مشہور اور متواتر ہیں کہ صدر اسلام سے لے آج تک) برسر منبر علی رؤس الاشہاد تمام لوگوں کو سُنائی جاتی رہی ہیں ان میں بھی کسی قسم کی نُبوّت کے جاری رہنے کی طرف اشارہ نہیں۔۔۔ ان میں بعض احادیث میں تو علی الاطلاق انقطاع نبوت کا اعلان کیا گیا ہے (مثلاً انا خاتم النبیین، لا نبی بعدی)

[1] المعجم المفہرس لالفاظ القرآن میں "من قبلک" والی آیات کی تعداد (۴۲) لکھی ہے۔

[2] اس کے لیے حضرت اقدس مفتی محمد شفیع مہتمم دار العلوم کراچی کا رسالہ "ختم نبوت فی القرآن" قابلِ دید ہے۔ مترجم

اور بعض علی الخصوص غیر تشریعی نبوت کے انقطاع میں وارد ہیں، مثلاً بخاری و مسلم اور مسندِ احمد وغیرہ کی حدیث جو حضرت ابوہریرہؓ سے مروی ہے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا:

"بنو اسرائیل کی سیاست و قیادت انبیاء علیہم السلام کے سپرد تھی، جب ایک نبی کا انتقال ہو جاتا اس کی جگہ دوسرا نبی آجاتا اور میرے بعد اب کوئی نبی نہیں ہوگا۔ ہاں خلفاء ہوں گے اور بہت ہوں گے۔ عرض کیا گیا۔ پس آپؐ ہمیں کیا حکم فرماتے ہیں؟ فرمایا: جس سے پہلے بیعت ہو جائے پس اس کی بیعت کو پورا کرو، ان کو ان کا حق ادا کر دو، (اپنا حق ان سے نہ مانگو) کیونکہ اللہ تعالیٰ ان کی ماتحت رعیت کے بارے میں ان سے خود ہی بازپرس کرے گا۔" (مشکوٰۃ ص ۳۲۰)

(یہ حدیث دو وجہ سے غیر تشریعی نبوت کے انقطاع کی دلیل ہے، اوّل یہ کہ) یہ انبیاء بنی اسرائیل، جو بنی اسرائیل کی سیاست، و قیادت کرتے تھے، شریعتِ تورات پر عامل تھے، کوئی دوسری شریعت نہیں رکھتے تھے (گویا غیر تشریعی نبی تھے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے اس حدیث میں فرمایا ہے کہ اب میرے بعد اس قسم کے انبیاء بھی نہیں ہوں گے، اس سے ہر ادنیٰ فہم کا آدمی بھی سمجھ سکتا ہے کہ اس حدیث میں غیر تشریعی نبوت کے انقطاع کو بیان فرمایا گیا ہے ـــــ دوم یہ کہ) اس حدیث میں اُس چیز کو بھی ذکر فرما دیا جو نبوت کے بدل میں باقی رہنے والی تھی، اور وہ ہے خلافت، نہ کہ کسی قسم کی نبوت ـــــ (اب اگر کسی قسم کی نبوت اس اُمت میں جاری ہوتی تو لامحالہ اس کا ذکر فرماتے)

۱۶۱ ـــــ اور پہلے گزر چکا ہے کہ نبوّت بھی استخلاف ہے، اسی بناء پر عورتوں میں نبوت نہیں رکھی گئی، نبوّت انبیاء کرام کی تکمیلِ ذات کے لیے نہیں ہوتی، کیونکہ یہ تکمیل، نبوّت کا ایک جزء ہے جو اس کے تحت مندرج، اور ساری و متعدی ہے، پس جو کمالات کہ بطورِ تسبیب متعدی رکھے گئے ہیں وہ اب بھی متعدی ہیں اور پہلے بھی متعدی تھے۔ بخلاف استخلاف، اختصاص اور تشریع کے، کہ یہ عطیۂ خداوندی پر منحصر ہیں۔ اس

خنبنت کو نفی کرنا در اصل ایجاب بالذات و بالطبع کا عقیدہ ہے، جو دین سماوی کے سراسر مخالف ہے۔

۱۶۲ــــ پس (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی حیات و نزول کے قطعی مسئلہ ہیں) شبہات اُٹھانا، مثلاً مسیح ابن مریم کے اور اس دین کے درمیان بیگانگی اور اجنبیت پیدا کرنا، مسیح ناصری اور مسیح محمدی میں تفریق کرنا، اور یہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی طویل حیات اور ان کا رفع جسمانی، آنحضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم پر ان کی فضیلت کا موجب ہے اور اس کو ہماری غیرت برداشت نہیں کرتی، یہ تمام شبہات شیطان کی تعلیم سے ہیں، جو ان حرماں نصیب لوگوں کے سینوں میں چارزانو بیٹھ کر القا کرتا ہے اور یہ لوگ اس قسم کے شبہات کے ذریعہ احمقوں کو ایمان سے خارج کر دیتے ہیں۔ ورنہ یہ امور نہ موجب فضیلت ہیں۔ اور نہ خدا تعالےٰ کے ساتھ اس کے اختیارات میں منازعت ہو سکتی ہے۔

(ترجمہ اشعار) "بابرکت ہے وہ ذات جس نے جاری کیے تمام امور حکمت کے ساتھ، جیسے چاہے۔ نہ ظلم کا ارادہ کیا، نہ کسی کی حق تلفی کا۔ پس نہیں تیرے لیے اس چیز کے سوا جو اللہ تعالےٰ نے چاہی، اب تجھے اختیار ہے خواہ خوش رہ یا غم سے گھٹ کر مرجا"

۱۶۳ــــ پھر سمجھنا چاہیے کہ کسی شخص کی آخریت و خاتمیت متعدد وجوہ سے ہو سکتی ہے (اور کبھی یہ ہوتا ہے کہ ایک چیز ایک اعتبار سے متوخر ہوتی ہے اور دوسرے اعتبار سے مقدم) مثلاً کسی محل میں لوگ یکے بعد دیگرے جمع ہورہے ہیں پس جو شخص کہ سب سے آخر میں پہنچا وہ آمد کے لحاظ سے آنے والوں میں سب سے آخر ہے اگرچہ باہر جانے میں وہ سب سے اول رہے گا۔ جیسا کہ (حدیث نبوی) نحن الاٰخرون السابقون میں (اس مضمون کی جانب) اشارہ ہوا ہے (کہ آنے میں ہم سب سے آخر میں آئے، لیکن فضل و کمال اور دخولِ جنت میں ہم سب سے آگے نکل گئے) اور اسی طرح جو مہر کہ ملفوف پر لگائی جاتی ہے۔ وہ وضع میں مؤخر ہوتی ہے اور کھولنے میں سب سے مقدم (کہ سب سے پہلے مہر کو توڑا جاتا ہے) اسی مضمون کی جانب حضرت عیسیٰ علیہ السلام نے مسندِ طیالسی (ص ۳۵۴) کی حدیث میں حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے حق میں ارشاد فرمایا ہے۔ (دیکھئے پیراگراف ۱۱۴

۴۶)

۱۶۴ـــــ اور حدیث شفاعت (میں آتا ہے کہ تمام انبیاء کرام شفاعت کبریٰ سے گریز فرمائیں گے اور بالآخر یہ منصب آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر آ ٹھہرے گا، شفاعت کے اس مفصل واقعہ) سے اور تمام انبیاء کرامؑ کے (شفاعت کبریٰ کے منصب کو حضرت) خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلّم کے حوالہ کرنے سے (ایک اہم ترین نکتہ) معلوم ہوا (وہ یہ) کہ جو شخصیت کہ منتہائے کمال ہو اس کا باعتبار زمانے کے بھی سب سے مؤخر ہونا سُنّتِ الٰہیہ میں اس کے منتہائے کمال ہونے کی علامت ہے اور حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم (کی خاتمیت و آخریت) میں یہی امر ملحوظ ہے (یہی وجہ ہے) کہ جستہ جستہ (اہم ترین) واقعات کے ضمن میں آپ ہی کی ذاتِ گرامی پر معاملہ کا توقف ظہور پذیر ہوتا رہا۔ یوں آپؐ کی خاتمیتِ زمانی ایک اور حقیقت کو ادا کرنے کے لیے ایک صورت اور پیرایہ بن گئی اور وہ تھا آپؐ کا کمالات میں انتہاء کے آخری مرتبہ پر فائز ہونا۔ اور یہی صورت لیلۃ الاسراء کی نماز اور آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی امامت میں ظہور پذیر ہوئی (کہ تمام انبیاء کرامؑ (غالباً اپنی بعثت کی ترتیب سے) بیت المقدس میں جمع ہوتے رہے اور سب سے آخر میں حضرت خاتم الانبیاء صلّی اللہ علیہ وسلم کی تشریف ارزانی ہوئی، اور انبیاء علیہم السلام کی مقدس محفل میں امامتِ کبریٰ کے لیے جبریل امین نے ہاتھ پکڑ کر آپؐ کو آگے کر دیا جس سے ایک تو یہ معلوم ہوا کہ پہلے آنے والے تمام حضرات، سب سے بعد میں آنے والی شخصیت کے منتظر اور چشم براہ تھے، جس طرح کہ تمام حاضرین جلسہ "مہمان خصوصی" کے منتظر ہوا کرتے ہیں۔ دوسرے انبیاء کرام کی امامت کبریٰ "سب سے آخر میں آنے والے" پر موقوف تھی۔ جب تک خاتم الانبیاءؐ کا ورودِ مسعود نہیں ہوا نماز شروع نہ ہو سکی۔ تیسرے جو سب کے بعد آیا تھا وہی سب کے آگے کیا گیا۔ یہ گویا نحن الاٰخرون السابقون کا عملی ظہور تھا۔ ان تمام وجوہ سے معلوم ہوا کہ آپؐ کی آخریت وخاتمیتِ زمانی دراصل آپؐ کے علوِ مرتبت اور سیادت و برتری کا ایک حسین ترین مظہر ہے۔ صلّی اللہ علیہ وسلّم۔)

۱۱۴

۱۶۵۔۔۔۔ پس نبوت کوئی تولیدی محکمہ نہیں، جیسا کہ یہ ملحد (قادیانی) ہانکتا ہے (کہ خاتم الانبیاءؐ کی مُہر سے نبی پیدا ہوا کرتے ہیں) بلکہ یہ منصبِ نبوت، ربّ العزت کی جانب سے استخلاف (خلیفہ سازی) اور ولی عہدی (نامزدگی) ہے۔ عقد بیعت اور اخذِ بیعت میں خاتم الخلفاء پر مقصد کا اتمام ہوتا ہے اور تولید میں استخلاف۔۔۔ جو عظیم تر منصب اور اعلیٰ شرف ہے۔۔۔ معطل ہو کر رہ جاتا ہے۔ استخلاف میں اہلِ حل و عقد اور سابقین کی حاضری ہوا کرتی ہے، جبکہ تولید باعتبار مؤخر کے ہوتی ہے۔ اور استخلاف کا حق یہ ہے کہ خلیفہ نامزد کرنے والا یہ کہے کہ "میں نے فلاں شخص کو ان پر خلیفہ مقرر کر دیا" اور یہی امرِ استخلاف، آیت کریمہ: وَ اِذْ اَخَذَ اللّٰہُ مِیْثَاقَ النَّبِیِّیْنَ الآیہ (آل عمران: ۸۱) میں ظاہر ہوا، جو سلسلۂ نبوت کو بنی اسرائیل سے بنی اسمٰعیل کی جانب منتقل کرنے میں کام آیا۔

۱۶۶۔۔۔۔ اور (آیت کریمہ: واذ اخذ اللہ میثاق النبیین میں جس نبی کیلئے عہد لینے کا ذکر ہے اس سے مراد حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، کیونکہ "النبیین" سے انبیاء بنی اسرائیل مراد ہیں اور آنے والے نبی کو ان سب کا "مصدق" فرمایا گیا، اور جیسا کہ آیت میں فرمایا گیا) وہ مُصَدِّق باہر سے آیا نہ کہ ان کے درمیان (اور ظاہر ہے کہ ایسا رسول صرف آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم ہیں، جو بنو اسرائیل سے نہیں بلکہ ان کے باہر سے یعنی بنو اسمٰعیل سے ہیں) اور یہی تورات کی تصریح ہے کہ:

یاقیم	کاموخ	متخیخ	مقربخ	"نابی	
قائم کرے گا	تیری مانند	تیرے بھائیوں سے	تیرے قرب سے	ایک نبی	ترجمہ:
	تشماعون"	الاو	الوھخ	لخ	
	تم سنو گے۔	اس کی طرف	تیرا خدا	تیرے لیے	

اور اسکندرانی، جو علمائے یہود میں سے تھے بعد ازاں مشرف باسلام ہوئے، انھوں نے بشارات کتب مقدسہ میں، بنی یشماعیل کا لفظ نقل کیا ہے جو کہ حضرت اسماعیل علیہ السلام کے نام کی صاف تصریح ہے۔

اور اگرچہ (مصدقٍ کا لفظ) حضرت عیسٰی علیہ السلام (کے حق میں) بھی آیا ہے، چنانچہ (۵۵) فرماتے: مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيَّ مِنَ التَّوْرَاةِ (آل عمران: ۵۰) لیکن زیر بحث آیت میں (وہ آنے والے رسول کا مصداق نہیں ہو سکتے، کیونکہ اول تو وہ خود اسرائیلی ہیں، نہ کہ باہر سے آنے والے، دوسرے، حق تعالیٰ اس آیت میں) تمام نبیوں کو ایک طرف رکھ کر اس "آنے والے رسول" کو لاتے ہیں، اور اسے کسی مخصوص کتاب کا نہیں بلکہ تمام ما معھم کا مُصدق قرار دیتے ہیں اور یہ وصف صرف خاتم الانبیاءؐ پر صادق آتا ہے، چنانچہ سورۃ بقرہ (آیت: ۸۹) میں فرمایا: وَلَمَّا جَاءَهُمْ كِتَابٌ مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ. (ترجمہ: "اور جب آئی ان کے پاس ایسی کتاب اللہ کی جانب سے جو تصدیق کرنے والی ہے ان تمام کتابوں کی جو ان کے پاس ہیں" اور اسی سورہ کی آیت: ۱۰۱ میں ارشاد ہے:) وَلَمَّا جَاءَهُمْ رَسُولٌ مِّنْ عِندِ اللَّهِ مُصَدِّقٌ لِّمَا مَعَهُمْ (ترجمہ: "اور جب آیا ان کے پاس وہ رسول، اللہ کی طرف سے جو تصدیق کرنے والا ہے ان تمام کتابوں کی جو ان کے پاس (پہلے سے نازل شدہ) ہیں"۔ اور یہ عنوان (مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ) دعوت میں زیادہ مؤثر ہے بہ نسبت (سورہ بقرہ کی آیت ۹۷ میں اختیار کردہ عنوان) فَإِنَّهُ نَزَّلَهُ عَلَىٰ قَلْبِكَ بِإِذْنِ اللَّهِ مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ کے۔ کیونکہ مؤخر الذکر آیت میں کتاب کا حال مذکور ہے، ان لوگوں سے اسے زیادہ تعلق نہیں، اسی طرح کا عنوان سورۃ انعام (آیت: ۹۲) میں اختیار فرمایا، "تاہم یہ عنوان بھی بلفظ عام ہے۔ اور سورۃ بقرہ (آیت: ۴۱) میں ہے:۔ وَآمِنُوا بِمَا أَنزَلْتُ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُمْ۔ (اور آیت: ۹۱ میں ہے) وَهُوَ الْحَقُّ مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَهُمْ۔ اور سورۃ نساء (آیت: ۴۷) میں ہے: آمِنُوا بِمَا نَزَّلْنَا مُصَدِّقًا لِّمَا مَعَكُم یہ تمام آیتیں "ما مع" کے عنوان سے ہیں اور سورۃ مائدہ (آیت: ۴۸) میں ہے: مُصَدِّقًا لِّمَا بَيْنَ يَدَيْهِ مِنَ الْكِتَابِ۔ یہاں "الکتاب" سے عام کتب سابقہ مراد ہیں۔ اور (اس کے برعکس) عیسٰی السّلام کے حق میں سورۃ مائدہ (آیت: ۴۶)

سورہ صف (آیت : ۶) اور سورۃ آلِ عمران (آیت : ۵۰) میں (مصدق کا لفظ) من التوراۃ کی قید کے ساتھ آیا ہے نہ کہ من الکتاب کی قید کے ساتھ۔ (خلاصہ یہ کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام تورات کے مصدق تھے اور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم عام کتبِ سابقہ کے مُصدّق ہیں، اس لیے آیتِ "میثاق النّبیین" میں جس رسولِ مصدق کا ذکر ہے اس سے حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم مراد ہیں) پھر (آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کا انبیاء سابقین کے لیے مصدق ہونا کسی جگہ تو) 'معکم' کے عنوان (سے ذکر فرمایا) اور (کہیں) ما بین یدیہ من الکتاب کے عنوان (سے۔ اور جیسا کہ ابھی اوپر گذر چکا ہے کہ ان دونوں عنوانوں) کے درمیان بھی (ایک دقیق ولطیف) فرق ہے، جسے ملحوظ رکھا گیا۔

۱۱۷۔۔۔۔۔۔ محل میں جمع ہونے والوں کی مذکورہ بالا مثال میں، جب کوئی شخص اندر بیٹھ کر کسی ضرورت کے لیے باہر نکل آتے اور رفعِ ضرورت کے بعد پھر واپس آجاتے پس اگر دوبارہ آنے کی حرکات کا شمار کریں تو کہہ سکتے ہیں کہ آخری آمد، اس شخص کی آمد ہے، مگر چونکہ یہ آمد مقاصد میں لائقِ اعتبار نہیں، اس لیے محافل و مجالس میں پہلی آمد ہی کا اعتبار کرتے ہیں، اور یوں کہتے ہیں کہ سب سے آخر میں فلاں شخص آیا تھا، اس شخص کو (جو مجلس سے اُٹھ کر کسی ضرورت کے لیے باہر گیا تھا اور پھر واپس آگیا) آخر میں آنے والا نہیں کہتے ہیں۔ اور جب یوں کہیں کہ فلاں 'خاتم النبیین' ہے تو یہ باعتبار پیدائش اور بعدیّتِ اشخاص کے ہے، جیسا کہ اس کا اجمالی بیان پہلے گذر چکا ہے اور اس میں شک اندازی کرنا بدیہیات میں تشکیک ہے جو لائقِ التفات نہیں اور جب بات اشخاص پر پہنچی۔ اور ان کا تعدّد ہر ایک کی شکل وصورت اور چہرہ مہرہ کے اعتبار سے ہے، نہ کہ استقلال و اتّباع ایسے ذہنی و معنوی امور کے اعتبار سے، جو تمایزِ وجوہ میں لغو ہے۔ تو یقیناً کسی نئے شخص کا آنا آیتِ خاتم النبیین کے منافی ہے، کیونکہ وہ ایک الگ شخص

ہے اور چہرہ مُہرہ اور قالب الگ رکھتا ہے، اور اسی (تغایرِ اشخاص) کے اعتبار آیت ختم نُبوّت آتی ہے، اور اس مُراد میں تحریف کرنا زندقہ و الحاد ہے۔ البتہ پہلوں میں سے کسی شخص کا جس سے مراد حضرتِ مسیح بن مریم علیہما السلام ہیں، دوبارہ لانا (آیتِ خاتم النبیین کے منافی نہیں کیونکہ کسی نئے شخص کو تو نہیں لایا گیا، بلکہ خاتم النبیین صلّی اللہ علیہ وسلم سے پہلے کے) ایک شخص کا دوبارہ لانا ہوا، کیونکہ یہ تو وہی پہلا شخص ہے اور اس کا دوبارہ لانا (ختم نبوت کے منافی نہیں ــــ بلکہ یہ) اس امر کی علامت ہے کہ حضرت خاتم النّبیّین صلّی اللہ علیہ وسلم کے بعد سلسلۂ انبیاء کا کوئی نیا فرد باقی نہیں رہا، اس لیے تکرار و اعادہ کی ضرورت لاحق ہوتی۔ خاتم کی خاتمیت اس امر کو مقتضی نہیں کہ پہلے کے سب لوگ مر کر فنا ہو گئے، جیسا کہ آخر المہاجرین اور آخر الاولاد کا لفظ پہلوں کی فنا کو مستلزم نہیں۔

۱۶۸ــــ پس ان امور میں شک اندازی کرنا دراصل بدیہی امور میں شک اندازی ہے، اس طرح کے شبہات ڈال ڈال کر شیطان رجیم احمقوں اور بے ایمانوں کا مذاق اڑاتا ہے۔ الاصابہ میں لکھا ہے کہ: "لا نبی بعدی" کی نفی کو اس معنیٰ پر محمول کرنا واجب ہے کہ آئندہ کسی شخص کے حق میں نبوت جدیدہ کا انشاء نہیں ہوگا، اس سے کسی ایسے نبی کے موجود ہونے کی نفی نہیں ہوتی جو آپؐ سے قبل منصبِ نبوتؐ سے سرفراز کیا جا چکا ہو۔[1] واللہ یختص برحمتہ من یشاء

۱۶۹ــــ بعد ازیں معلوم رہے کہ علماء کلام کو "فضیلت" کی تفسیر میں بحث ہے، اکثر علماء اس کو کثرتِ ثواب کے معنی میں لیتے ہیں۔ اور شاید ابن حزمؒ نے کچھ اور ہی سمجھ لیا کہ انھوں نے یہ مسئلہ نقل کر کے کہ "ازواجِ مطہرات، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کے ساتھ جنت کے ایک ہی مکان میں ہوں گی"۔ اس پر ایک ایسی تفریع بٹھاتی ہے جسے جمہور علماء تسلیم نہیں کرتے۔ دراصل مکان و منزل میں اشتراک اور چیز ہے، اور منزلت و مکانت میں اشتراک امر دیگر ہے۔ چونکہ یہ حقیقت فی نفسہا موجود بھی ہے اور مقصود بھی، ــــ اس لیے اس کو لغو قرار دینا اور اس کے لفظ کو اس کی نوعیت سے خالی

---

[1] الاصابہ: ابن حجرؒ ص ۴۲۵ - ج ۱ - ترجمہ خضر علیہ السلام

کر دینا یقیناً تحریف ہے۔

اسی طرح صراط الذین انعمت علیہم (میں جس انعام کا ذکر ہے وہ) ایک مستقل حقیقت ہے، جو حصولِ نبوت کو نہیں چاہتی (ورنہ اگر یہ انعام حصولِ نبوّت کو مستلزم ہو تو دو باتوں میں سے ایک لازم آئے گی۔ یا یہ کہ انبیائؑ کے سوا کوئی شخص منعَم علیہ نہیں، یہ نصِ قرآن سے باطل ہے یا یہ کہ جس قدر منعَم علیہ ہوتے وہ سب نبی تھے، اور یہ بھی بالبداہت باطل ہے) اور اس کو اپنے موضوع سے نکالنا (اور اس سے حصولِ نبوّت پر استدلال کرنا) ایک موجود اور اٹل حقیقت کو مٹانا ہے۔ ظاہر ہے کہ بلا دلیل ایسا کرنا الحاد کی ایک قسم ہے۔

اسی طرح رفع و نزول کے الفاظ جو (حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے بارے میں قرآن و حدیث میں وارد ہیں، وہ) صنعتِ طباق کی بناء پر مکشوف المراد ہیں (یہی وجہ ہے کہ تمام کی تمام اُمّت اسلامیہ نے قرآن کریم کے لفظ ورافعك الیّ اور بل رفعه الله الیه سے رفعِ جسمانی سمجھا ہے، اور رفع کے مقابلہ میں احادیثِ متواتر میں نزولؔ رجوعؔ اور ہبوط کے الفاظ وارد ہیں، بیشتر لفظ نزول استعمال ہوا ہے، جس کے معنی تمام اُمّت نے آسمان سے اُترنے کے سمجھے ہیں اور رفع و نزول کے مفہوم میں اُمّت کے کسی ایک لائق اعتبار فرد کو بھی اختلاف نہیں ہوا، ایسے قطعی المراد اور واضح المعنیٰ الفاظ کو) ان کے موضوع اور ان کی نوعیت سے خالی کرنا (اور یہ کہنا کہ رفع سے مراد رفعِ درجات ہے اور نزول سے مسیح علیہ السّلام کے کسی مثیل کا پیدا ہونا مراد ہے، یہ خدا و رسول کے منشاء کی عین ضد اور اجماعِ اُمّت کے قطعی مخالف ہے، جو بدترین) الحاد ہے۔

۱۷۰ـــــ اگر بادشاہ کی دعوت کریں تو حشم و خدم اور نوکر چاکر بھی (خدمت کے لیے) اسی منزل و مکان میں رہیں گے۔ لیکن عزّت و وجاہت اور منزلت و مکانت میں وہ شریک نہیں، پس ضیافت اور رہائش گاہ میں شریک ہونا بھی ایک حقیقت ہے، جو (بادشاہ کے طفیل دوسروں تک بھی) ساری و متعدی ہے۔ لیکن وجاہت

و منزلت میں شرکت نہیں، نہ یہ ساری و متعدی ہے۔

اور معیت کے بھی بے شمار مراتب ہیں. آیت کریمہ " فاولٰئک مع الذین انعم اللہ علیہم[1] " میں جس معیت ، کا ذکر ہے اس سے یہی معیتِ متعدیہ مراد ہے، اور وہ بھی مراتب کثیرہ رکھتی ہوگی ۔ وجاہت مختصہ میں معیت مراد نہیں۔

اور کسی کو کسی کے ساتھ رکھنا اور اس کے متعلقین میں سے شمار کرنا ایک وسیع و عریض میدان رکھتا ہے، وہ اختصاصات خاصہ کیا تو بھی جمع ہو سکتا ہے پس جیسا کہ مثال مذکور میں بادشاہ کا امتیاز حشم و خدم کی معیت کے باوجود محفوظ ہے اسی طرح فیوضِ نبوّت کے حال کو ، جو متعدی ہیں، اور اصلِ نبوّت کو جو متعدی نہیں، سمجھ لینا چاہیے۔

تولیدِ نبوّت (بایں معنی کہ ایک نبی اپنے فیضان نبوّت سے دوسرے کو نبی بنا دے) سابقین میں بھی نہیں تھی، بلکہ حق تعالیٰ کی جانب سے متعدد انبیاء کرام کو مبعوث کیا جاتا تھا، کبھی وہ زمانے پر منقسم ہوتے تھے، کبھی اقوام پر، اور کبھی ایک ہی زمانہ اور ایک ہی قوم میں الگ الگ) وظائف و اعمال کے اعتبار سے (الگ الگ نبی ہوتے تھے۔ اور خاتم الانبیاء صلّی اللہ علیہ وسلّم کے بعد یہ امر مقدر نہ تھا. بلکہ تمام کمالات، تمام مکارم اخلاق اور تمام محاسن افعال ایک ذات گرامی میں جمع کر کے کار نبوت کی تکمیل کر دی گئی۔ پس جو چیز پہلوں میں متعدی تھی وہ اب بھی متعدی ہے۔ (یعنی نبوت کے فیوض و برکات) اور نفسِ نبوّت نہ اس وقت متعدی تھی اور نہ اب متعدی ہے۔

۱۷۱ـــــــ اور آیت کریمہ الیوم اکملت لکم دینکم (واتممت علیکم نعمتی الآیۃ[2] میں جس اتمام نعمت کا ذکر ہے اس) نعمت کا اتمام حضرت رسالت پناہی صلی اللہ علیہ وسلم کے وجود مسعود کی برکت سے پوری مجموعہ اُمّت کی جانب منسوب ہو سکتا ہے، نہ کہ ہر ہر فرد کی جانب ۔ اس نکتہ کو بھی یاد رکھو۔

---

[1] "پس یہ لوگ ان حضرات کے ساتھ ہوں گے جن پر اللہ تعالیٰ نے انعام فرمایا ہے"۔ (النساء: ۶۹)

[2] "آج میں نے کامل کر دیا تمہارے لیے تمہارا دین، اور پوری کر دی تم پر اپنی نعمت"۔ (المائدہ: ۳)

اور اسی آیت کریمہ سے حضرت فاروق اعظم رضی اللہ عنہ نے اقتباس کرتے ہوئے کہا تھا:

"میں اللہ تعالیٰ کے رب ہونے پر، اسلام کے دین ہونے پر، قرآن کے امام و پیشوا ہونے پر، اور حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے نبی ہونے پر بصدق دل راضی ہوا۔"

(ترجمہ شعر) آپؐ سے پہلے بہت سے انبیاء آئے اور آپؐ اگرچہ آخر میں تشریف لائے
مگر سب کے پیشوا آپؐ ہی ہیں۔"

قادیانی دین و مذہب کے بارے میں چند سوالات اور ان بددینوں کی دعوت و ملت کی مکاریوں کا بیان

۲،۱ــــ سوال ۱: تمہارا دین کیا ہے؟ سوال ۲: اور وہ تم لوگوں کو کس طریقہ سے پہنچا: تواتر سے یا کسی اور طریق سے؟

سوال ۳: ایمان و کفر کی تعریف کیا ہے۔ سوال ۴: اور اس کی دفعات بطور معیار کون کون سی ہیں؟

سوال ۵: (مرزا کا دعویٰ ہے کہ: "خدا کا کلام اس قدر مجھ پر نازل ہوا کہ اگر وہ تمام لکھا جائے تو بیس جز سے کم نہیں ہوگا۔" (حقیقۃ الوحی ص ۳۹۱) سوال یہ ہے کہ: قادیانی وحی، جو بقدر بیس جزو کے (قرآن کریم سے) زائد ہے اس کا اضافہ کیا حکم رکھتا ہے؟ (کیا وہ بھی قرآن کی طرح قطعی ہے؟ کیا اس پر ایمان لانا بھی قرآن کی طرح فرض ہے؟ کیا اس سے بھی احکام شرعیہ ثابت ہوسکتے ہیں؟ کیا اس پر عمل کرنا بھی واجب ہے؟ کیا اس کو بھی قطعی طور پر کلام اللہ کہا جاسکتا ہے یا نہیں؟ کیا نماز میں اس کی بھی تلاوت جائز ہے یا نہیں؟ کیا اس کے کسی ایک لفظ یا فقرے کا منکر بھی کافر ہے یا نہیں؟)

سوال ۶: جب مرزا ہندوؤں کے وید کی بھی تصدیق کرتا (اور اس کے کلام الٰہی

ہونے کا قطعی عقیدہ رکھتا) ہے[1] تو قرآن پر اس کا کیا احسان ہوا اور اس کے ساتھ مرزا کو کیا خصوصیت ہوتی ؟ سوال ۷:۔ ایک طرف تو مرزا محمدی ہونے کا دعویدار ہے اور دوسری طرف ہندوؤں کے مذہبی راہنماؤں کا "اوتار" کہلاتا ہے ، سوال یہ ہے کہ) محمدی ہونے کے باوجود، کرشن وغیرہ (ہندو راہنماؤں) کا بروز ہونا کیونکر ممکن ہے ؟

سوال ۸: مرزا نے حاشیۂ تریاق القلوب میں 'بروز' کو 'جنم' کے ساتھ تعبیر کیا ہے۔ اندریں صورت مرزا کے 'بروز' اور ہندوؤں کے 'آواگون' کے درمیان کیا فرق ہے ؟ علاوہ ازیں مرزا نے بروز کے معنیٰ 'اوتار' بھی ذکر کیے ہیں ، دیکھئے عشرۂ کاملہ ص ۴۶ اور کاویہ ص ۳۹

۱۷۳۔۔۔۔ سوال ۹ تمہارے نزدیک تواتر (کی تعریف ، اس) کا اور اس کے منکر کا کیا حکم ہے ؟ سوال ۱۰ اور قرآن کریم کا تواتر کس نوعیت کا ہے ؟ سوال ۱۱ تمہارے نزدیک وہ کون سا ضابطہ ہے جس سے (کسی آیت یا حدیث کی) قطعی مراد ثابت ہو سکے؟

سوال ۱۲ تمہارے نزدیک دینِ محمدی (علیٰ صاحبہ الصلوٰۃ والسّلام) یا نصوص میں سے کوئی چیز ثبوت اور دلالت کے لحاظ سے قطعی بھی ہے یا نہیں ؟

۱۷۴۔۔۔۔ سوال ۱۳ کیا مرزا کو جھوٹ بولنے کی عادت بھی تھی یا نہیں ؟ اور اپنے مراقی ہونے کا اقرار بھی کیا یا نہیں ؟ (اور یہ بھی فرمائیے کہ جو شخص جھوٹا اور مراقی ہو کیا وہ

---

[1] مرزا کا قول ہے کہ "ہندوستان میں ایک نبی گذرا ہے جس کا نام 'کاہن' تھا" دیکھئے سودائے مرزا ص ۳۱ ، تتمہ چشمۂ معرفت ص ۱۰ ، فتح قادیان ص ۲۷ اور حقیقۃ الوحی ص ۲۰۹ ۔ اور اس سے قریب ترمزورہ الامام ص ۲۱ میں۔

نیز مرزا قادیانی لکھتا ہے :

"ہم وید کو بھی خدا کی طرف سے مانتے ہیں ، خدا کی تعلیم کے موافق ہمارا پختہ اعتقاد ہے کہ وید انسانوں کا افترا نہیں۔ ہم خدا سے ڈر کر وید کو خدا کا کلام جانتے ہیں"۔ مرزا قادیانی کی آخری تصنیف "پیغام صلح" ص ۲۳ ، جو اپنی ہلاکت سے ایک دن پہلے لکھی۔ بحوالہ علم کلام مرزا ص ۶۸ اور تاریخ مرزا ص ۲۲۔ منہ

ولی، مجدد اور مسیح ہو سکتا ہے ؟) **سوال ۱۴** اور مرزا فحش کلامی بھی کیا کرتا تھا یا نہیں؟[1] **سوال ۱۵** اور مرزا کو قرآن کریم بھی حفظ تھا یا نہیں ؟ (اگر نہیں تھا تو بعثت ثانی میں کیوں بھول گیا ؟) **سوال ۱۶** اور (مسیح ابن مریم کی علامات میں لکھا ہے کہ وہ حج کریں گے۔ سوال یہ ہے کہ) مرزا نے حج بھی کیا یا نہیں ؟ (اگر جواب نفی میں ہے تو وہ مسیح صادق ہوا یا مسیح کاذب ؟) **سوال ۱۷** اور (اگر مرزا کے حج نہ کر سکنے کا یہ عذر پیش کیا جائے کہ مکہ و مدینہ کے لوگ مرزا کو کافر اور زندیق سمجھتے تھے اور اس کے قتل کے درپے تھے، چونکہ مرزا کو اپنی جان کا خطرہ تھا اس لیے فریضۂ حج ادا نہیں کر سکا تو اس عذر نامعقول کو پیش کرنے سے پہلے اس بات پر غور کر لیا جائے کہ) کیا مرزا نے یہ الہام بھی شائع کر رکھا تھا یا نہیں کہ "اللہ تعالےٰ تجھ کو (مرزا کو) لوگوں سے محفوظ رکھے گا" (مرزا کا یہ نام نہاد الہام شائع شدہ ہے، اس کے باوجود حج کو کیوں ترک کیا ؟ کیا مرزا کا یہ الہام غلط تھا ؟ یا اسے قرآن و حدیث کی طرح اپنے الہام پر بھی ایمان نہیں تھا ؟

علاوہ ازیں جب رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلّم کا ارشاد ہے کہ حضرت مسیح ابن مریم علیہما السّلام حج و عمرہ کریں گے، اِدھر مرزا کو حج و عمرہ کبھی خواب میں بھی نصیب نہ ہوا، تو کیا مرزا کو "مسیح بن مریم" ماننے سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کی پیش گوئی غلط نہیں ہو جاتی ؟ اور کیا اس سے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی تکذیب لازم نہیں آتی؟)

۱۷۵ سوال ۱۸ اور کیا مرزا نے یہ الہام بھی شائع کیا کہ (اللہ تعالےٰ فرماتے ہیں کہ) "میں رسول (یعنی مرزا) کے ساتھ ہوں، جواب دیتا ہوں، غلطی بھی کرتا ہوں اور درست بھی" اور اس الہام کی جو احمقانہ طویل مرزا نے کی ہے اسے اشد العذاب (ص ۶۸) میں ملاحظہ فرمائیے اور اس کا اصل ماخذ اظہار الحق کے چھٹے باب سے ذرا پہلے دیکھئے۔

سوال ۱۹ اور مرزا نے خدا کا بیٹا ہونے کا الہام بھی شائع کیا یا نہیں ؟ مثلاً انت منی بمنزلۃ ولدی انت منی بمنزلۃ اولادی۔ یعنی خدا مرزا سے کہتا ہے کہ اے مرزا تو مجھ سے ایسا ہے جیسے میرا بیٹا۔ اور تو مجھ سے ایسا ہے جیسی میری اولاد

---

[1] مرزا کی فحش کلامی کے نمونے دیکھنے ہوں تو رسالہ "مغلظات مرزا" ملاحظہ فرمائیے۔ مترجم

(دیکھئے تذکرہ طبع دوم صفحات ۲۱۴۔ ۴۳۶۔ ۶۳۶) جبکہ مرزا کو یہ بھی دعویٰ ہے کہ اس کے تمام دعوے حقیقت واقعیہ پر مبنی ہیں، نری شاعری نہیں۔

۱۷۶ا۔۔۔۔۔۔۔ سوال ۲۰ اور مرزا نے نبوت کا دعویٰ کیا ہے یا نہیں ؟ [لہ] سوال ۲۱ اور اسی طرح شریعت کا دعویٰ بھی کیا ہے یا نہیں ؟ (دیکھئے اشد العذاب ص۳۱) سوال ۲۲ اور (اپنے دعویٰ کے انکار پر) مرزا نے تمام اُمت حاضرہ کو کافر ٹھہرایا ہے یا نہیں ؟ سوال ۲۳ اور انبیاء کرامؑ کی توہین بھی کی ہے یا نہیں ؟ سوال ۲۴ اور حضرت عیسیٰ (علیٰ نبینا و علیہ الصلوٰۃ والسلام) پر اپنا غصہ ٹھنڈا کرنے اور سینے کی آگ بجھانے کے لیے جو توہین آمیز تحقیقی و تعریضی فقرے چست کرتا ہے اُن میں اگرچہ بعض جگہ دوسروں کا حوالہ دیتا ہے (کہ مثلاً یہودی یوں کہتے ہیں۔ عیسائیوں کی کتابوں میں یوں لکھا ہے) لیکن در حقیقت خود اپنے ہی سینے کا زہر اُگلتا ہے چنانچہ جس بات کو ایک جگہ کسی کے حوالے سے نقل کرتا ہے اسی بات کو دوسری جگہ اپنی تحقیق کے طور پر پیش کرتا ہے (اور حضرت عیسیٰؑ کے حق میں ایسے توہین آمیز کفریہ کلمات بکتا ہے جن سے انبیاء کرام کی نبوت اور خدا تعالیٰ کی خدائی باطل ہو جاتی ہے مثلاً) اخبار بدر (قادیان) مورخہ ۹ ر مئی ۱۹۰۰ء مرزا قادیانی کا یہ قول نقل کرتا ہے کہ،

> " فرمایا ایک دفعہ حضرت مسیح زمین پر آئے تھے تو اس کا نتیجہ یہ ہوا تھا کہ کئی کروڑ مشرک دنیا میں ہوگئے۔ دوبارہ آکر وہ کیا بنائیں گے ؟ کہ لوگ ان کے آنے کے خواہش مند ہیں" (بحوالہ مرقع کادیانی ص ۱۲)

مرزا کا یہ فقرہ اول تو خدا تعالےٰ پر اعتراض ہے (کہ نعوذ باللہ اس نے غلطی سے ایک ایسے شخص کو نبی بنا کر بھیج دیا جس کے آنے سے بجائے ہدایت پھیلنے کے دنیا کروڑوں مشرکوں سے بھر گئی۔ اب آئندہ خدا کو ایسی غلطی نہیں چاہیے کہ دوبارہ اسی شخص کو پھر دنیا میں بھیج دے۔ استغفر اللہ) دوسرے، یہ فقرہ دلالت

لہ کوئی انسان زا بے حیا نہ ہو تو اس کے لیے اس سے چارہ نہیں کہ میرے دعویٰ کو اُسی طرح مان لے جیسا کہ اس نے آنحضرتؐ کی نبوت کو مانا۔" عجائبات مرزا ص۱۲ منہ

کرتا ہے کہ نبوت کے معنیٰ مرزا کے نزدیک صرف قوم کا مصلح اور مُدبّر ہونا ہے، اور بس۔ (پس جن انبیاء کرام کی آمد سے ان کی قوموں کی اصلاح نہ ہوئی یا ان کے تشریف لے جانے کے بعد ان کی قومیں بگڑ گئیں وہ مرزا کے نزدیک نبی نہ ہوں گے اور ان کی تشریف آوری عبث ٹھہرے گی) اور مرزا کی یہ فقرہ بازی تو دوسروں کے حق میں ہے اور خود اپنے بارے میں ایسی تعلّی آمیز لافیں ہانکتا ہے جن سے ابلیس بھی شرمندہ رہ جائے اور اخبار بدر مورخہ ۷ نومبر ۱۹۰۲ء ص ۱۰ میں مرزا کا یہ قول نقل کیا ہے۔

"یحییٰ جو نشہ نہیں پیتے تھے تو اس سے معلوم ہوا کہ اس وقت بھی حرام تھی
مسیح نے مُرشد کی تقلید کیوں نہ کی"

اور مرزا نے از روئے انجیل بھی شراب کو حرام قرار دیا ہے، اس کے باوجود حضرت مسیح علیہ السلام کو شراب نوشی کا مرتکب قرار دیتا ہے۔ دیکھئے "مرزائیت کی تردید" ص ۹۵ ۔ اور ص ۱۰۳ میں مرزا کا یہ قول نقل کیا ہے کہ "یسوع درحقیقت بوجہ بیماری مرگی کے دیوانہ ہوگیا تھا" (ست بچن ص ۱۷۱ کا حاشیہ)

۱۷۷۔ سوال ۲۵ اور مرزا اپنی پارے وحی کا قرآن کریم پر اضافہ کرتا ہے اور ان تمام ارشادات نبویہ کو، جو اس کی وحی کے موافق نہ ہوں، معاذ اللہ ردّی کی ٹوکری میں پھینکنے کے لائق سمجھتا ہے اور یہ بھی کہتا ہے کہ قرآن کریم کی وہی تفسیر لائق اعتبار ہے جو اس کی وحی کے ذریعہ کی جائے (اس کے خلاف خواہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بیان فرمودہ تفسیر ہو، یا صحابہؓ، تابعینؒ، تبع تابعینؒ کی، یا تمام ائمہ مفسرین کی، یہ سب غلط ہیں) سوال یہ ہے کہ مرزا کی ان لن ترانیوں کے بعد اسلام کی کوئی حقیقتِ واقعیہ باقی رہ جاتی ہے یا اس کی بیخ و بنیاد یکسر اکھڑ جاتی ہے؟

۱۷۸۔ سوال ۲۶ ایک شخص قرآن و حدیث کے الفاظ کا سرے سے انکار کر دیتا ہے اور دوسرا شخص گو الفاظ کا انکار نہیں کرتا، مگر مرزا غلام احمد کی طرح) ان کے قطعی اور متواتر معنیٰ کا انکار (کرتا ہے اور قرآن و حدیث کو اپنے خود ساختہ معنی پہنا کر ان کا مفہوم مسخ) کر دیتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ ان دونوں کے درمیان کیا فرق

رہا ؟ اور نتیجہ کے لحاظ سے کیا تفاوت نکلا ؟ (چکڑالوی فرقہ بھی متواترات دین کا انکار کر کے قرآن کی من مانی تشریح کرتا ہے ، اور ٹھیک یہی تکنیک مرزا اور مرزائیوں کی ہے ، آخر) تمہارے درمیان اور اہلِ قرآن (چکڑالویوں) کے درمیان کیا فرق ہے ؟ اور اسماعیلی فرقہ اور دیگر ملاحدۂ باطنیہ کے (اور مرزا کے) درمیان اصل اصول میں آخر کیا فرق ہے ؟ کہ یہ سب لوگ بھی باطنی اور حلولی ہوئے ہیں (اور مرزا بھی۔ اب اگر ان باطنیہ کی تاویلیں کفر و زندقہ ہیں تو مرزا ان سے کس بات میں کم ہے ؟)

سوال ۱۷۸ جب مرزا نے قرآن کریم سے بیس پارے زائد وحی قادیان میں اتار لی ، اپنی وحی کے خلاف ارشاداتِ نبویہ کو ردّی کی ٹوکری میں ڈال دیا (اور قرآن کریم کی وہ تفسیریں جو گذشتہ تیرہ صدیوں میں لکھی گئیں وہ سب غلط ٹھہریں کیونکہ وہ قادیانی وحی کی روشنی میں نہیں لکھی گئیں) اور تمام اُمّت کو کافر و مشرک قرار دے ڈالا تو اس کے بعد اب مرزائیوں کی کون سی چیز اہل اسلام کے ساتھ مشترک رہ گئی ؟

۱۷۹ ـــــ سوال ۱۷۹ کیا مرزا کسی ایسی حرکت کا ، جس کو عرف عام میں بے ایمانی (دغا بازی اور مکاری) کہا جاتا ہے ، ارتکاب بھی کیا کرتا تھا یا نہیں ؟ مثلاً :

الف : محمدی بیگم (سے آسمانی نکاح) کی پیش گوئی کو تقدیرِ مُبرم ٹھہرایا (اور بار بار اعلان کیا کہ یہ پیش گوئی اس کے صدق و کذب کا معیار ہے ، اگر یہ پیشگوئی پوری نہ ہوئی تو دُنیا گواہ رہے کہ وہ جھوٹا ہے) لیکن جب (آسمانی نکاح کی پیش گوئیوں کا) یہ سارا طومار دروغِ بے فروغ نکلا (اور محمدی بیگم تو کجا ؟ اس کا سایہ دیکھنا بھی مرزا کو ساری عمر نصیب نہ ہوا) تو کیسی کیسی بے ایمانیاں کیں اور کیسی کیسی رکیک تاویلیں تراشیں۔

ب : اسی طرح پادری آتھم کی (موت سے متعلقہ) پیش گوئی میں (مرزا نے دروغ بافی ، اور عیاری و مکاری کا مظاہرہ کیا کہ پندرہ دن تک مرزا آتھم سے مباحثاتی کُشتی لڑتا رہا ، جب دیکھا کہ میدان اس کے حریف کے ہاتھ میں ہے تو لے سے الہامی

حریف سے چت کرنا چاہا، اور اعلان کر دیا کہ اس کا حریف پندرہ مہینے کے اندر اندر بسزائے موت ہاویہ میں گرایا جائے گا۔ اور اگر اس مدت میں نہ مرے تو مرزا کا منہ کالا کیا جائے گا، اس کے گلے میں رسہ ڈالا جائے گا، اور لوگ جس قدر چاہیں اس کے سر پر جوتے لگائیں، جو چاہیں سزا دیں۔ مگر آتھم نے مرزا کو الہام میں بھی شکست دے ڈالی اور مقررہ میعاد کے اندر مرنے سے انکار کر دیا۔ کوئی باحمیت ہوتا تو اس ذلت آمیز شکست پر ڈوب مرتا، یا کم از کم اتنی اخلاقی جرأت تو دکھاتا کہ اپنے حریف کے سامنے اپنی ناکامی کا اعتراف ہی کر لیتا۔ لیکن مرزا نے اپنی تجویز کردہ سزا سے بچنے کے لیے کیا کیا حیلہ سازیاں نہ کیں)

ج: اور اپنے قصیدۂ اعجازیہ کے جواب کا وقت مقرر کرنے میں مرزا نے بمقابلہ مولوی ثناء اللہ صاحبؒ کے کیسی کیسی بے ایمانیاں کیں؟

د: اور پیر مہر علی شاہ صاحب گولڑوی (کو مرزا نے مقابلۂ تفسیر نویسی کی خود دعوت دی، اور جب وہ مرزا کی شرائط کے موافق لاہور آئے تو مرزا کو ان) کے (سامنے آنے کی جرأت نہ ہوئی، اور جب) مقابلۂ تفسیر نویسی (سے گریز اختیار کرنے کا الزام عائد ہوا تو اس) کے جواب میں (مرزا نے کس قدر سخن سازیوں سے کام لیا؟) [1]

ہ: اور مرزا کے مخالفوں کو معمولی چھینک بھی آئی تو اس کو بھی مرزا نے اپنے معجزات کی فہرست میں ٹانک لیا۔

و: اور حضرت مسیح علیہ السّلام کی زلزلہ اور طاعون کی پیش گوئیوں کو لغو اور مہمل قرار دیا، اور اپنے حق میں انہی کو "معجزہ" شمار کیا۔

ز: جب احادیث کی کوئی من مانی تحریف سمجھ میں نہ آئی تو انہیں ضعیف اور موضوع کہہ کر رد کر دیا اور جب کوئی تحریف سوجھ گئی تو انہی احادیث کو

---

[1] ان امور کی تفصیل کے لیے رسالہ "الہامات مرزا" مؤلفہ مولانا ثناء اللہ صاحب اور "رئیس قادیان" مؤلفہ مولانا ابو القاسم رفیق دلاوری کا مطالعہ فرمائیے۔ مترجم

مسخ کر کے استدلال میں پیش کر دیا۔

ح : دوسروں کے (دعویٰ نبوّت کو) ردّ کرنے کے لیے قاعدے تراشنا اور محض ہوائے نفس کی خاطر اپنی ذات کو ان قاعدوں سے مستثنیٰ اور مخصوص کرکے اپنی ذات کے لیے ان کی ضد اور نقیض ثابت کرنا۔ جیسا کہ آخر حقیقۃ الوحی ص۳۹۱ میں کیا ہے۔ گویا عقل و نقل اور آدمیّت و اخلاق کے سارے قوانین و اصول صرف دوسروں کے واسطے ہیں (خود اس کی ذات پر لاگو نہیں ہوتے) کیونکہ وہ سلطانی اختیارات رکھتا ہے، اور 'سائبہ' اور 'حام' ہے۔ دوسروں کے لیے فلسفہ بگھارنا اور علّتیں نکالنا۔ اور اپنے حق میں اختصاص و اصطفاء کی لافیں ہانکنا۔

ط : اور جب یہ بات تسلیم کرانا مقصود تھی کہ مثیل مسیح کی آمد کا دروازہ کھلا ہے اس وقت ہزار مثیلِ مسیح کا آنا بھی اس کے نزدیک جائز تھا۔ لیکن جب مطلب نکل آیا تو صرف ایک مخصوص شخص۔ یعنی خود بدولت مرزا۔ مثیل مسیح نکلا، اور پھر دروازہ بند ہوگیا۔ گویا یہی ایک بلّی تھی جو تھیلے سے باہر نکل آئی۔

۱۸۰ ۔۔۔ اجرائے نبوّت کے لیے قادیانی یہ مغالطہ پیش کیا کرتے ہیں کہ جس طرح شہنشاہِ اعظم کے ماتحت بہت سے بادشاہ ہوا کرتے ہیں، اور یہ اس کی عظمت کی دلیل ہے، اسی طرح آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے ماتحت انبیاء کا اس امت میں آنا آپؐ کی عزّت و قدر کو دوبالا کرتا ہے، مگر اس (شہنشاہی اور شاہی کی مغالطہ آمیز مثال میں کھلا ہوا مغالطہ ہے اس لیے کہ (اوّل تو نبوت کو بادشاہت پر قیاس کرنا ہی بالبداہت غلط اور مقام نبوت سے ناآشنائی کی دلیل ہے، دوسرے، بادشاہ کے ماتحت اس کے نائبوں کا ہونا اس کی عظمت کی دلیل نہیں بلکہ اگر بنظرِ غائر دیکھا جائے تو اس کا منشاء بادشاہ کا عجز و درماندگی اور کوتاہ دستی ہے، (چنانچہ) نائب کا تقرر اگر شہنشاہ کے بعد کے لیے ہے تو اس کا سبب یہی تو ہے کہ وہ خود (چونکہ) موجود نہیں رہا (اس لیے بذاتِ خود کارِ سلطنت انجام دینے سے عاجز ہے) اور کار سلطنت کو

(چونکہ) جاری رکھنا ہے اسے ختم نہیں کرتا (اس لیے لامحالہ کسی نائب کی ضرورت لاحق ہوتی) اور اگر نائب کا تقرر خود شہنشاہ کے عہد میں ہوا ہے. پس اگر کاروبار سلطنت میں مدد لینے کے لیے ہے تو اس کے دستِ نارسا کے سبب ہے (کہ وہ بذاتِ خود یہ سارے کام انجام دینے سے قاصر ہے) اور اگر وہ سلطنت کو (مثلاً گورنروں یا شہزادوں پر) تقسیم کر دیتا ہے. تب بھی یہ اس کے دستِ نارسا کا نتیجہ ٹھہرا (الغرض بادشاہ کے ماتحتوں کا سلطنت میں دخیل ہونا اس کی عزت و توقیر کی نہیں بلکہ عجز و تقصیر کی علامت ہے) اور (اس تقریر سے معلوم ہوا ہوگا کہ) خاتمیت کو شہنشاہیت پر قیاس کرنا (اوّل تو) قیاس مع الفارق (ہے، پھر اس) کے (ساتھ) ساتھ یہ نہایت رکیک (سطحی اور بودا) قیاس ہے۔ (ایسی اٹکل پچو قیاس آرائی جھوٹے نبی کے "دانشمند" حواریوں ہی کا حصّہ ہے، لطف یہ کہ) کسی زمانے میں یہ مُلحد (قادیانی) کہا کرتا تھا:۔

"اگر آپؐ کے بعد بھی اُمّت کے خلیفوں اور صُلَحاء پر نبی کا لفظ بولا جانے لگتا، جیسا کہ موسیٰ کے بعد کے لوگوں پر بولا جاتا رہا، تو اس میں آپؐ کی ختم نبوت کی ہتک تھی۔"

اخبار الحکم قادیان ۱۷ اپریل ۱۹۰۳ء ص ۹ کالم ۲۔ بحوالہ فتح مبین، مفتی عبداللہ لدھیانوی جس میں اس مضمون کے دیگر حوالے بھی قادیانی کتابوں سے نقل کیے ہیں (مندرجہ بالا عبارت میں مرزا نے اعتراف کیا ہے کہ خاتم النبیین صلّی اللہ علیہ وسلّم کے بعد کسی شخص پر نبی کا لفظ بولا جانا آپؐ کی ختم نبوت کی ہتک کا موجب ہے، لیکن جب شیطان نے اسے دعوائے نبوت کی پٹی پڑھائی تو) اس کے بعد (خوفِ خدا اور مخلوق سے حیا کو بالائے طاق رکھ کر) اس کے برعکس کا نظریہ ایجاد کر لیا (کہ آپؐ کے بعد سلسلۂ نُبوّت کے جاری رہنے میں آپؐ کی عزّت اور اس کے بند ہونے میں آپ کی توہین ہے۔ اور) اس (تناقض) کے ساتھ (مزید طرّہ یہ کہ) دورۂ محمدی (علی صاحبہا الصلوٰۃ والتسلیمات کے تیرہ سو سالہ طویل

عرصہ) میں (مرزا نے) اپنے نفسِ کافر کے سوا اب تک کسی (صحابی، تابعی، غوث، ولی، قطب، مجدّد) کو منصب نبوت میں جگہ نہیں دی۔ (گویا اب ساری مرزائی منطق کا خلاصہ یہ ہوا کہ مرزا کو نبی مانو تو آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلّم کی عزت باقی رہتی ہے۔ ورنہ نعوذ باللہ آپؐ کی عزت کیا۔ نبوّت بھی باطل ہو جاتی ہے۔)

۱۸۱ــــ اور (اوّل تو نبوت کو شہنشاہیت پر قیاس کرنا ہی غلط ہے جیسا کہ ابھی گذرا، دوسرے) یہ قطعی واضح اور بیّن بات ہے کہ شہنشاہی اور شاہی کے سلسلہ میں بھی (جس پر قادیانیوں نے نبوّت کو قیاس کیا ہے) بادشاہ اپنی بارگاہ کے خصوصی امتیازات اور خصائص کسی دوسرے کے لیے تجویز نہیں کیا کرتا، بلکہ اگر کوئی شخص ان میں بادشاہ کی نقالی کرے تو اسے (بجرمِ بغاوت) سزا دیا کرتا ہے۔ اور یہاں خود نبوت خصائص میں سے ہے۔ پس اسی (نکتہ) میں تو کلام ہے (کہ مرزا نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی نبوتِ کبریٰ کی۔ جو آپؐ کی اعلیٰ ترین خصوصیت ہے۔ نقالی کرتے ہوئے نبوّت کا دعویٰ کر ڈالا، اب انصاف سے کہو کہ کیا وہ بجرمِ بغاوت دنیا میں کفر وارتداد کا مرتکب اور آخرت میں فی النار والسقر کی سزا کا مستحق نہیں ہے؟) اور (یہ بھی بتاؤ کہ جب آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کی نبوّت اور خصائص شرعاً وعقلاً غیر متعدی ہیں تو وہ مرزا کی طرف متعدی کیسے ہو گئے) ان اختصاصات کے غیر متعدی اور لازم ہونے میں (اور پھر مرزا کی طرف ان کے منتقل ہو جانے میں تو صریح تناقض اور قلبِ موضوع ہے۔ آخر اس عُقدہ کے) حلّ کی کیا صورت ہے؟ (اور اگر کہو کہ ہم نبوّت کو غیر متعدی تسلیم نہیں کرتے۔ تو اول تو یہ بداہت شرعی و عقلی کا انکار ہے، دوسرے اس کے باوجود بھی اشکال رفع نہیں ہوتا) کیونکہ (اس سے تو انکار نہیں کیا جا سکتا کہ نبوت کے) بعض خصائص و امتیازات (ایسے) ہیں (جو نبی کی ذات سے مختص ہوتے ہیں، ورنہ اگر کسی غیر نبی میں وہ خصائص پائے جائیں تو پھر نبی اور غیر نبی کے درمیان کوئی فرق باقی نہیں رہتا، اور یہ شرعاً وعقلاً محال ہے) اور اگر وہ خصائص متعین ہوں (مثلاً نبوت، وحی، عصمت

وغیرہ تب تو ظاہر ہے کہ کسی دوسرے میں ان کے پائے جانے کا اعتقاد باطل ہوگا) اور اگر متعین نہ بھی ہوں تب بھی ان کا اعتقاد تو ہے (کہ نبی کی بعض خصوصیتیں ایسی ہیں جو غیر نبی میں نہیں پائی جا سکتیں) تو پھر انہی غیر متعین خصائص کے متعدی ہونے (یا نہ ہونے) میں کلام ہوگا۔ وعلی ھذا القیاس (جس چیز کے بارے میں بھی تم دعویٰ کرو گے کہ یہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم سے کسی دوسرے کو بھی منتقل ہو سکتی ہے، اس کے بارے میں ہمارا یہی جواب ہوگا کہ پھر یہ چیز آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت نہ رہی، کوئی اور چیز پیش کرو۔ تھک ہار کر تمہیں تسلیم ہی کرنا پڑے گا کہ نبوتِ محمدی (علی صاحبہا الصلوٰۃ والسلام) آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خصوصیت ہے، کسی دوسرے کی طرف منتقل نہیں ہو سکتی۔ اور جب یہ تسلیم ہو لیا تو خود بخود یہ بھی مان لیا کہ مرزا قادیانی کا دعوائے نبوت بالاستفادہ سراسر دروغِ بے فروغ اور نبوتِ محمدی سے بغاوت ہے۔ و ھو المراد)

پھر (یہ بھی فرمائیے کہ) یہ خصائصِ نبوی چونکہ عقلاً و شرعاً موجود ہیں، جیسا کہ مقدمۂ زاد المعاد میں ان کا کچھ حصہ قلم بند کیا گیا ہے، اور رسول اللہ اور نبی اللہ کی اضافت، بیت اللہ کی اضافت کی طرح (تشریف و تخصیص کے لیے) ہے۔ پس کیا ان خصائص کو نصوص اور منقولات سے تلاش کرنا چاہیے یا اپنی خواہشات اور قیاس آرائیوں سے تراشنا مناسب ہوگا؟ اور اس سلسلہ میں رجم بالغیب اور اندھیرے میں تیر تکے لگانا موزوں ہوگا، یا مالک الملک اور صاحبِ اختیار کا فرمودہ سر آنکھوں پر رکھنا واجب ہوگا؟ (اگر اس سلسلہ میں عقلِ نارسا کے تیر تکے کافی نہیں بلکہ خدا و رسولؐ کے ارشادات کی ضرورت ہے تو مرزائیوں کو کان کھول کر سن لینا چاہیے کہ آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے احادیث متواترہ میں وختم بی النبیون (اور ختم کیے گئے میرے ساتھ نبی) کو اپنے خصائص میں بیان فرمایا ہے، نبی تو آپؐ کی آمد کے ساتھ ختم ہوتے، اب بتائیے کہ مرزا قادیانی کون ہوا؟ نبوت کی جھوٹی نقالی کرنے والا دجّال و کذّاب ہوا یا نہیں؟)

(حاشیہ اگلے صفحہ پر)

۱۸۲ـــــــ موضوعاتِ کبیر کے آخر میں حدیث : لَوْ عَاشَ اِبْرَاهِيْمُ لَكَانَ صِدِّيْقًا نَّبِيًّا[1] کے ذیل میں ملّا علی قاریؒ کی یہ عبارت کہ "تشریعی نبوّت کا انقطاع مراد ہے" (قادیانی ملاحدہ اسے اپنے کفر والحاد کی سند میں پیش کیا کرتے ہیں، اس سبب ضروری ہے کہ اس کے ہر پہلو پر سیر حاصل بحث کی جائے. اس سلسلے میں سب سے پہلے تو یہ) معلوم رہے کہ صوفیہ ہر (شرعی) نبوت کو تشریعی قرار دیتے ہیں. گویا نبوتِ تشریعیہ سے مُراد ہے شرعی نبوت ، اور غیر تشریعی نبوت سے مراد ہے غیر شرعی نبوت. یہ تعبیر عوام کے لیے زیادہ قابلِ فہم ہے. اور حافظ ابن تیمیہؒ نے "اصل حکم کو باقی رکھ کر اس کے اوصاف کو منسوخ کرنا" انبیاء سابقین کا وظیفہ قرار دیا ہے ، مثلاً : مطلق کو مقید کرنا ، عام میں تخصیص کر دینا ، مجمل کی توضیح و تشریح کرنا ، اور جزئیات کی تشریع کرنا. اگر مُلّا علی قاریؒ نے اسی (صوفیانہ) اصطلاح پر اپنی تقریر کی بنیاد رکھی ہو تو (مستبعد نہیں ، کیونکہ ان پر حضرات صوفیاء اور ان کی اصطلاحات کا گہرا نقش ہے. اگرچہ) یہ ایک ایسا امر ہے جو اصطلاحِ مشہور کے خلاف ہے (تاہم مُلّا علی قاری کا کلام قواعدِ شرعیہ کے خلاف نہیں، کیونکہ) نبوت غیر تشریعیہ سے مُراد احکامِ شرعیہ کی خبر اور اطلاع دینا نہیں بلکہ اسرار و معارف سے روشناس کرانا اور ان کی اطلاع دینا ہے.

۱۸۳ـــــــ اور یہی منشاء و مدعا ہے شیخ (عبدالقادر) جیلانی (قدس سرّہ) کے اس قول کا کہ : "اے انبیاء کی جماعت ! تمہیں نام دیا گیا ہے اور ہمیں لقب" مطلب یہ کہ "نام" تو بغیر لحاظ کسی وصف کے ہوتا ہے ، اور قیود سے معرا ہوا کرتا ہے.

---

[1] "اگر میرا بیٹا ابراہیم رضؓ زندہ رہتا تو صدیق نبی ہوتا" ابن ماجہ ص ۱۰۸

(حاشیہ صفحہ گذشتہ) [2] مرزا صاحب "ظلّی نبوّت" کے مدعی تھے ، اور ظلّی کے معنی "جھوٹی" مرزا صاحب نے ازالہ اوہام[3] میں بیان فرماتے ہیں ، یوں بھی ظلّی عکس اور نقل کو کہتے ہیں. اس لیے مرزا صاحب کی تفسیر کے مطابق "ظلّی نبوت" کے معنی ہوتے "نبوت کی جھوٹی نقالی" (مترجم)

بخلاف لقب کے کہ وہ عارضی اور بلحاظ کسی وصف کے طاری ہوتا ہے۔ گویا اطلاق اور تقیید کے لحاظ کے علاوہ وہ القاب زائل بھی ہو سکتے ہیں جیسا کہ (امیر المؤمنین خلیفہ کا لقب ہے، مگر اسی وقت تک ہے جب تک کہ وہ خلیفہ ہو۔ خلافت سے معزول ہو جائے تو امیر المؤمنین کا لقب بھی زائل ہو جائے گا۔ چنانچہ) خلفائے عباسیہ کو، ان کے معزول ہونے کے بعد کسی نے امیر المومنین نہیں کہا۔ پس انبیاء علیہم السّلام کو اسم لازم، وہبی اور مطلق دیا گیا ہے اور اولیاء کو عارضی، مقید اور کسبی لقب ملا ہے جو کہ زائل بھی ہو سکتا ہے۔ اسی طرح شیخ کا یہ قول کہ: "ہمیں وہ چیز دی گئی ہے جو تم کو نہیں دی گئی" یعنی ہمیں وہ چیز دی گئی ہے جو انبیاء کے منصب سے فروتر تھی، نہ کہ اس سے اعلیٰ و ارفع۔ یا محض مغائر مراد ہے (یعنی نبوت اور اس کا میدان، ولایت سے بالکل الگ تھلگ ہے) اسی طرح ان کا قول کہ "ہم نے ایک ایسے سمندر میں غوطے لگائے ہیں کہ انبیاء علیہم السّلام اس کے (اگلے) ساحل پر بھی نہیں ٹھہرے" (اس کا مطلب بھی یہی ہے کہ دریائے ولایت انبیاء کرام کے لیے پایاب ہے، ان کا مقام اس سے کہیں اعلیٰ وارفع ہے کہ وہ اسی کے ساحل پر ٹھہر جائیں)

۱۸۴۔ صوفیاء کرام نے نبوت بمعنی خبر دادن کو منقسم بنا کر شعبۂ خبر دہی ولایت کو بھی اس کے تحت درج کر دیا ہے اور اس کا سبب شاید اس حدیث کی مانند ہے کہ: "نہیں باقی رہا نبوت میں سے کچھ بھی سوائے مبشرات کے۔"[۱]
جبکہ استثناء غیر منقطع لیا جائے، یا اس حدیث کی مانند ہے کہ "رویاء صالحہ نبوت کا چھیالیسواں حصہ ہے۔"[۲] یا جیسا کہ آیت یوم نحشر المتقین الی الرحمٰن وفدا میں تقریر کی گئی ہے کہ مراد بارگاہِ رحمانیت سے ہے عہ

عہ شیخ ابن عربی نے نبوت لغویہ بمعنی خبر دادن کی تصریح فتوحات کے باب ۷۳، سوال ۱۹ میں فرمائی ہے، نیز فصوص الحکم میں فص عزیری میں دیکھنا چاہیے۔ منہ۔

[۱] مشکوٰۃ ص ۳۹۴ [۲] مریم: ۸۵

۱۸۵۔۔۔۔۔۔متبادر یہ ہے کہ ملا علی قاریؒ کی مراد یہ ہوگی ختم زمانی کو دو چیزیں لازم ہیں، ایک یہ کہ آپؐ کے بعد کسی قسم کی نئی نبوت وجود میں نہیں آئے گی۔ دوم یہ کہ اگر انبیاء سابقین میں سے کوئی فرد واپس آتا تو اس کی حیثیت وہی ہوتی جو کسی نبی کی دوسرے نبی کے ملک میں ہوتی ہے اور وہ اس شریعت کا تبع ہوتا، جیسا کہ حدیث میں ارشاد ہوا ہے کہ "اگر موسیٰ علیہ السلام زندہ ہوتے تو ان کو بھی میری اتباع کے بغیر چارہ نہ ہوتا"۔[1] کیوں کہ ان کی اتباع کا موجب اس کے سوا کچھ نہیں ہے کہ یہ دورہ، دورۂ محمدی ہے اور یہ امر بھی مفروض و مقدر ہے نہ کہ محقق اور واقع۔ جیسا کہ ملّا علی قاری نے 'مرقاۃ' میں باب فضائل علیؓ میں اس کی تقریر تام فرمائی ہے۔ پس ایک جزو مراد کو انھوں نے 'موضوعات' میں ذکر کیا ہے اور دوسرے جزو کو 'مرقاۃ' شرح شفاء' اور 'شرح فقہ اکبر' میں۔

۱۸۶۔۔۔۔۔۔موضوعات میں ان کا کلام اس مفروضہ کی صورت بیان کرنے میں ہے کہ فرض کیجئے اگر حضرت ابراہیم (رضی اللہ عنہ) زندہ رہتے تو کس طرح کے نبی ہوتے (رہا یہ کہ وہ زندہ کیوں نہیں رہے تو) ان کی زندگی سے جو چیز مانع ہوئی اس کو انھوں نے (یہاں) ذکر نہیں فرمایا (البتہ ما قبل کی عبارت میں وہ اس کو بھی ذکر فرما چکے ہیں، جیسا کہ آگے تشریح میں ان کی تصریح نقل کی گئی ہے) اور وہ مانع حضرت ابراہیمؓ کے حق میں یہی ہے کہ نبوت منقطع ہو چکی جس کی طرف آیت کریمہ نے اشارہ فرمایا ہے کہ ابوت کے بجائے نبوت ہے۔ گویا مشیتِ الٰہیہ نے حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلّم کے بارے میں ابوت کے بجائے دائمی نبوت کو رکھا ہے، اور چونکہ آپؐ کے بعد نبوت مقدر نہ تھی اس لیے ابوت بھی مقدر نہ ہوئی (اور اسی لیے صاحبزادگان گرامی بقیدِ حیات نہ رہے) چنانچہ حضرت عبداللہ ابن ابی اوفیٰ نے یہی سمجھا ہے (جیسا کہ ان کا قول) صحیح بخاری کتاب الادب میں (منقول ہے)

---

[1] مشکوٰۃ ص ۳۰

تشریح:۔۔۔ اسماعیل بن ابی خالد کہتے ہیں کہ میں نے ابن ابی اوفیٰ رضی اللہ عنہ سے دریافت کیا کہ آپ نے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کے صاحبزادۂ گرامی حضرت ابراہیمؓ کی زیارت کی ہے، فرمایا: مات صغیراً، ولو قضی ان یکون بعد محمد صلی اللہ علیہ وسلم نبیٌّ عاش ابنہ، ولکن لا نبیّ بعدہٗ۔ یعنی "وہ صغرسنی ہی میں خدا کو پیارے ہو گئے تھے، اور اگر تقدیر خداوندی کا فیصلہ یہ ہوتا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کے بعد کوئی نبی ہو تو آپؐ کے صاحبزادہ گرامی حیات رہتے، مگر آپؐ کے بعد نبی ہی نہیں (اس لیے صاحبزادے بھی زندہ نہ رہے)۔"

(صحیح بخاری باب من سمی باسماء الانبیاء۔ صفحہ ۹۱۴ جلد۲)

اور یہی حضرت ملا علی قاریؒ نے لکھا ہے، چنانچہ وہ موضوعات کبیر میں ابن ماجہ کی حدیث: "لو عاش ابراہیمؑ الخ" کے ذیل میں لکھتے ہیں:

"الا انّ فی سندہ ابو شیبۃ ابراھیم بن عثمان الواسطی، وھو ضعیفٌ لکن لہٗ طرق ثلٰثۃ یقوّی بعضھا بعضًا، ویشیر الیہ قولہٗ تعالیٰ: "مَا کَانَ مُحَمَّدٌ اَبَا اَحَدٍ مِّنْ رِّجَالِکُمْ وَلٰکِنْ رَّسُوْلَ اللّٰہِ وَخَاتَمَ النَّبِیّٖنَ" فانہ یوُمی بانّہٗ لم یعش لہ ولدٌ یصل الی مبلغ الرجال، فانّ ولدہٗ من صلبہ یقتضی ان یکون لُبّ قلبہ، کما یقال: "الولد سرّ لابیہ"۔ ولو عاش وبلغ اربعین، وصار نبیًّا لزم ان لا یکون نبیًّا خاتم النّبیّین۔"

(موضوعات کبیر حرف "ل" ص ۵۹ مطبوعہ مجتبائی قدیم)

ترجمہ:۔ "اس حدیث کی سند کا ایک راوی ابو شیبہ ابراہیم بن عثمان الواسطی ضعیف ہے، تاہم اس کے تین طرق ہیں، جو ایک دوسرے کے مؤید ہیں اور ارشاد خداوندی: "وخاتم النبیین الخ" بھی اسی جانب مشیر ہے، چنانچہ یہ آیت اس بات کی طرف اشارہ کرتی ہے کہ آپؐ کا کوئی صاحبزادہ زندہ نہیں رہا جو بالغ مردوں کی عمر کو پہنچتا۔ کیونکہ آپؐ کا بیٹا، آپؐ کی صلب مبارک سے تھا، اور یہ امر اس کو مقتضی تھا کہ وہ آپؐ کا ثمرۂ دل (یعنی آپؐ کے محاسن وکمالات کا جامع) ہوتا۔ جیسا کہ مثل مشہور ہے

"بیٹا باپ پر ہوتا ہے" اب اگر وہ زندہ رہتا اور چالیس کے سن کو پہونچ کر نبی بن جاتا تو اس سے لازم آتا ہے کہ آپ خاتم النبیین نہ ہوں"

مُلا علی قاریؒ کی تصریح بالا سے واضح ہو جاتا ہے کہ :-

الف :- آیت خاتم النبیین میں ختم نبوت کے اعلان کی بنیاد نفی ابوت پر رکھ کر اشارہ اس طرف کیا گیا ہے کہ آپؐ کے بعد ہمیں کسی کو نبوت عطا کرنا ہوتی تو ہم آپؐ کے فرزندان گرامی کو زندہ رکھتے۔ اور انہیں یہ منصب عالی عطا فرماتے، مگر چونکہ آپؐ پر سلسلۂ نبوت ختم تھا۔ اس لیے نہ آپؐ کی اولاد نرینہ زندہ رہی، نہ آپؐ کسی بالغ مرد کے باپ کہلائے۔

ب :- ٹھیک یہی مضمون حدیث "لو عاش ابراھیم لکان صدیقاً نبیاً" کا ہے، یعنی آپؐ کے بعد اگر کسی قسم کی نبوت کی گنجائش ہوتی تو اس کے لیے صاحبزادہ گرامی کو زندہ رکھا جاتا، اور وہی نبی ہوتے۔ گویا حدیث نے بتایا ابراہیمؓ اس لیے نبی نہ ہوئے کہ آپ کے بعد نبوت کا دروازہ ہی بند تھا۔ یہ نہ ہوتا تو وہؓ زندہ بھی رہتے اور "صدیق نبی" بھی بنتے۔

ج : مُلا علی قاریؒ برملا تصریح کرتے ہیں کہ "اگر صاحبزادہ گرامی سیدنا ابراہیمؓ زندہ رہ کر نبی بن جاتے تو اُس سے آپؐ کا خاتم النبیین نہ ہونا لازم آتا" حالانکہ علی قاریؒ ہی یہ بھی تصریح کرتے ہیں کہ "اگر وہ نبی ہوتے تو غیر تشریعی نبی ہوتے"۔ کیا مُلا علی قاریؒ کا صاف مطلب یہ نہیں کہ غیر تشریعی نبی کی آمد سے بھی خاتمیت محمدیہ ——— باطل ہو جاتی ہے، کیا اس کے بعد بھی کوئی شخص، بقائمیٔ عقل و خرد۔ یہ کہہ سکتا ہے کہ مُلا علی قاریؒ کے نزدیک غیر تشریعی نبوت کا دروازہ آپؐ کے بعد کھلا ہے ؟

کتنی عجیب بات ہے کہ محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے "لُبِّ قلب" کے غیر تشریعی نبی ہو جانے سے تو مُلا علی قاریؒ کے بقول آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خاتمیت باطل ہو جاتی ہے، لیکن ایک قادیانی مغل بچہ کے۔ نعوذ باللہ۔ محمد رسول اللہ اور خاتم النبیین بن بیٹھنے سے خاتمیت کی مُہر نہیں ٹوٹتی۔ قادیانیوں کے ظلم و ستم بدعقلی و بدفہمی،

ضلال و گمراہی اور الحاد و تحریف کی کوئی حد ہے ؟

۱۸۷ــــــ گویا حضرت مُلّا علی قاریؒ اس امر کی تقریر کے درپے ہیں کہ اگر بالفرض حضرت ابراہیمؓ زندہ رہ کر نبی ہوتے تو کس طرح کے نبی ہوتے ؟ یہ نہیں کہ انہوں نے آپؐ کے بعد نبوت غیر تشریعیہ کے وجود میں آنے کو جائز قرار دیا ہے (نہیں بلکہ) اس دلیل کے ساتھ انھوں نے نبوت تشریعیہ کے انقطاع کو ثابت کیا ہے اور دوسرے دلائل کے ساتھ نبوت غیر تشریعیہ کے منقطع ہو جانے اور اس کے وجود میں نہ آسکنے کو ثابت کیا ہے۔

۱۸۸ــــــ اور مخفی نہیں کہ حدیث نے اس مفروضہ میں زمانۂ ماضی کا ذکر کیا ہے مستقبل کا نہیں، حالانکہ مستقبل کی نفی ازبس ضروری تھی، اس کی وجہ یہی ہے کہ شریعت کی نظر میں زمانۂ مستقبل میں نبوت باقی نہیں ہے۔ پس ختم نبوت سے جو بات لازم ہے وہ یہ ہے کہ اگر کوئی گذشتہ نبی دورۂ محمدی میں آئے تو صاحب شریعت نہ ہوگا۔ اور مستقبل میں کسی نئے نبی کی محض آمد بھی ممکن نہیں۔ حاصل یہ کہ بغیر تشریع کے نبوّت کا باقی رہنا انبیاءِ گذشتہ کے حق میں ہے۔ اور مستقبل کے حق میں محض ایک مفروضہ ہے۔

۱۸۹ــــــ اور صاحب مجمع البحارؒ کہتے ہیں کہ اس عنوان میں مطمح نظر اور نقطۂ نگاہ صرف حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی تشریف آوری ہے (کہ وہ قرب قیامت میں جب آسمان نازل ہوں گے اور چالیس سال تک دنیا میں تشریف فرما رہیں گے تو وہ اپنی شریعت نافذ نہیں کریں گے، بلکہ شریعت محمدّی کی پیروی کریں گے) اور روح المعانی[1] میں اس حدیث کی سند میں ابوشیبہ واسطی کو ذکر کیا ہے، جو بالاتفاق ضعیف ہے، جیسا کہ فتح القدیر باب تراویح میں نقل کیا ہے۔ حاصل یہ کہ یہ حدیث نہیں، اور خیال ہوتا ہے کہ شاید (یہ) کسی صحابی (کا قول ہے جو انہوں) نے آیت کریمہ وَاذْكُرْ فِي الْكِتَابِ إِبْرَاهِيمَ إِنَّهُ كَانَ صِدِّيقًا نَّبِيًّا[2] سے اقتباس کیا ہے اور بس۔ پس ہر شخص

---

[1] تذکرۃ الموضوعات ص۸۶ [1] ص ۴۱ ج ۲۲ [2] اور یاد کر کتاب میں ابراہیمؑ کو، بیشک وہ تھا صدیق نبی۔ (مریم: ۴۱)

نے اس کی تصحیح کی ہے اس نے غلطی کی ہے۔

۱۹۰۔۔۔۔۔ ملاّ علی قاریؒ کے کلام کا حاصل یہ ہے کہ (اس حدیث میں) نبوت تشریعیہ کا انقطاع مراد ہے، اور نبوت غیر تشریعیہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حق میں، بعد از نزول، حالت بقاء ہے، نہ کہ نئی نبوت کا وجود میں آنا۔ اور موسیٰ علیہ السلام کے حق میں مقدّر و مفروض ہے اور حضرت ابراہیم (صاحبزادہؓ) کے حق میں بھی مفروض ہے لیکن ان دونوں کے حق میں مانع جُدا جُدا ہے۔ ملاّ علی قاریؒ کا یہ مطلب نہیں کہ غیر تشریعی نبوت علی الاطلاق باقی ہے۔ نہیں! بلکہ یہ عہدہ اور منصب ہی بند ہو چکا ہے یہ صورت نہیں کہ عہدہ تو باقی ہے، مگر کوئی شخص اس عہدہ سے سرفراز نہیں ہوگا، جیسا کہ انقطاع اجتہاد کی صورت ہے۔ (کہ اجتہاد مطلق کا دروازہ بند نہیں، لیکن قرنِ رابع کے بعد لوگوں میں اجتہاد کی صلاحیت نہیں رہی۔ اس کے برعکس حدیث کا منشاء یہ ہے کہ صاحبزادہ ابراہیمؓ میں نبوت کی صلاحیت موجود تھی، مگر چونکہ باب نبوت مسدود ہو چکا تھا اس لیے ان کی حیات مقدر نہ ہوئی۔ ورنہ نبوت کا دروازہ اگر کھلا ہوتا تو وہ لازماً زندہ رہتے اور اگر زندہ رہتے تو یقیناً نبی ہوتے)

حاصل یہ کہ انہوں نے معین اشخاص کو مستثنیٰ کرنے کے بجائے ایک عنوان مقرر کر دیا، تاکہ محض استثناء غیر موجّہ نہ ہو جائے (بلکہ اس کے عنوان کے تحت مندرج ہونے کی وجہ سے مدلّل اور موجّہ ہو جائے) اور یہ عنوان ان کی نیت میں تین اشخاص میں منحصر ہے، ایک محقق (یعنی حضرت عیسیٰ علیہ السلام، کہ وہ بعد از نزول نبی ہوں گے، مگر تبع شریعت محمدیہ ہوں گے) اور دو مقدر و مفروض (ایک حضرت موسیٰ علیہ السلام کہ وہ بالفرض زندہ ہوتے تو تبع شریعت محمدیہ ہوتے، اور دوسرے حضرت صاحبزادہ ابراہیمؓ کہ اگر وہ بالفرض زندہ رہ کر نبی ہوتے تو تبع شریعت محمدیہ ہوتے۔ پس ان دونوں صاحبوں کے حق میں تبعِ شریعت محمدیہ نبی ہونا محض مفروض و مقدر ہے، محکی اور واقع نہیں) اور پھر دونوں کے حق میں ناممکن ہونے کی وجہ بھی الگ الگ ہے (موسیٰ علیہ السلام کے حق میں آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم کے دَور

تک زندہ نہ رہنا اور صاحبزادہؓ کے حق میں ختم نبوت کی وجہ سے زندگی مقدر نہ ہونا)

پھر ملّا علی قاریؒ نے نبوت تشریع کو انقطاع کے زیرِ عنوان رکھا اور نبوت غیر تشریعیہ کو فرض کے زیرِ عنوان۔ تاکہ حدیث: لو عاش ابراھیم کے مقدم و تالی کے درمیان جو ملازمہ ہے اس) استلزام کی صورت بیان کر سکیں۔ گویا انہوں نے (تعبیر کے لحاظ سے) انقطاع میں دو مرتبے پیدا کر دیے ہیں (کہ ایک کو "انقطاع" کے ساتھ تعبیر کیا اور دوسرے کو "فرض و تقدیر" کے ساتھ) اور یہ نہیں کہ سکتے کہ انھوں نے امکانِ عقلی میں مرتبے متعین کیے ہیں، کیونکہ لفظ منضبط نہیں اور موہم ہے، بلکہ انہوں نے ایک قسم پر انقطاع کا اطلاق کیا ہے اور دوسری قسم پر فرض و تقدیر کا۔ کیونکہ یہ مفروض انکے نزدیک ثابت شدہ ہے پس انہوں نے یہ چاہا کہ انقطاع کے دونوں مرتبوں کو ایک ہی عنوان کے تحت شامل کر دیں۔

اور جیسا کہ نبوت کے وہبی ہونے اور اس کے مصاحب ریا ضت وکسب ہونے (کے حدود) کا ضبط دشوار ہے اور نبوت فی الواقع وہبی ہے۔ لیکن بے استحقاق نہیں، اور نہ ارادۂ اتفاقی کا کرشمہ ہے، اسی طرح امکانِ عقلی کے مراتب کا ضبط دشوار ہے (ملّا علی قاری کے کلام کی یہ توجیہ تو اصطلاح مشہور کے مطابق ہے) اور اگر وہ صوفیا کرام کی اصطلاح پر گئے ہوں تو (جیسا کہ پہلے گزرا) یہ بھی ممکن ہے۔ جیسا کہ مرقاۃ میں التحیات کی بحث میں انھوں نے صوفیا کی تحقیق نقل کی ہے اور اکثر یہ عنوان انہی سے سرزد ہو کر علمائے ظاہر تک پہنچا ہے اور چونکہ یہ روایت فی الواقع ثابت نہیں اس لیے درست اور صحیح یہی ہے کہ اس کی تفسیر انقطاع نبوت علی الاطلاق کے ساتھ کی جائے کہ آپؐ کے بعد نئی نبوت کا وجود نہیں ہوگا۔

۱۹۱ ـــــ اور معلوم رہے کہ یہاں دو مضمون ہیں، ایک یہ کہ یہ عہدہ منقطع ہو چکا، دوم یہ کہ نبی اُمّی صلی اللہ علیہ وسلّم اشخاص انبیاء کے خاتم ہیں، یہ دونوں مضمون نصوص میں وارد ہوئے ہیں۔ انقطاعِ عہدہ کا مضمون مثلاً حضرت عائشہؓ

کی حدیث میں وارد ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "نبوت جاتی رہی اور مبشرات باقی رہ گئے" جو جامع ترمذیؒ وغیرہ میں مروی ہے۔ اور یہ مضمون کسی بھی شخص کے بعہدۂ نبوت آنے کے منافی ہے، خواہ کوئی نیا نبی ہو، یا پرانا۔ اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام بوقت نزول (بلاشُبہ نبی ہوں گے، نبوت ان سے سلب نہیں کرلی جائے گی، مگر چونکہ ان کی نُبوّت کا دَور ختم ہوچکا اس لیے) نبوت کے اختیارات نہیں رکھتے ہوں گے (جیساکہ کوئی بادشاہ دوسرے ملک میں جائے تو ہرچند کہ وہ سلطنت سے معزول نہیں مگر اس ملک میں اس کے شاہی اختیارات نافذ نہیں ہوتے)

رہا ختم اشخاص کا مضمون ؛ پس وہ کسی سابق نبی کی آمد کے منافی نہیں اور لفظ خاتم النّبیّین سے یہی متبادر ہے اور حضرت عائشہ صدیقہ کا یہ ارشاد کہ "آپؐ کو خاتم النّبیّین کہو، مگر یہ نہ کہو کہ آپؐ کے بعد کوئی نبی نہیں"[۲] اسی حقیقت پر مبنی ہے، ان کا مقصد یہ ہے کہ کوئی ملحد (ختم نبوت کی آڑ لے کر) حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول کی نفی پر استدلال نہ کرے۔

۱۹۲ ــــــ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی آمد نبوت کی تجدید نہیں، بلکہ وہی ذات ہے جو پہلے تھی اور وہی صفتِ نبوت ہے جو انہیں پہلے سے حاصل تھی۔ البتہ ان کے آسمان سے نازل ہونے کی حرکت نئی ہے۔ اس کی مثال ایسی ہے کہ کوئی نبی اپنی عمر کے دوران کسی کام کے لیے کسی ملک میں جا آئے (رہا یہ شُبہہ کہ اگر وہ بعد از نزول نبی ہوں گے تو ان کا صاحب شریعت ہونا بھی ضروری ہے۔ اس کا حل یہ ہے کہ ان کی شریعت کا دور آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی بعثت تک محدود تھا اس لیے بلا شُبہہ وہ صاحب شریعت ہیں، مگر اپنے دَور میں۔ اس تقریر سے ثابت ہوا کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کا نزولِ آسمانی، آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی خاتمیت کے منافی

---

[۱] ترمذی ص ۵۱ ج ۲۔ ابواب الرؤیا [۲] دُرّ منثور ص ۲۰۴ ج ۵ -

نہیں) بلکہ ان کی آمد (ختم نبوت کی مستقل دلیل ہے کیونکہ یہ) اس امر کی علامت ہے کہ انبیار کرام کا سلسلہ (حضرت محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم پر) ختم ہوچکا ہے، اس لیے دجال، جس نے "مسیح" کا منصب اختیار کر رکھا تھا، اس کو قتل کرنے کے لیے مسیح ہدایت کو لایا گیا، جن کی آمد ایک شیٔ کا بعینہ اعادہ و تکرار ہے، نہ کہ از سرِ نو کسی شیٔ کا وجود پذیر ہونا۔

اس ملحد نے کسی کتاب کے حاشیہ میں منتخب کنز العمال (ص ۸۵/۶) باب نزول عیسٰی وخروج یاجوج وماجوج از قسم افعال سے اُرِیْتُ ابْنَ مَرْیَمَ کا لفظ نقل کر کے اسے رؤیا پر محمول کیا ہے، حالانکہ یہ حضرت نواس بن سمعانؓ کی حدیث ہے جو صحیح مسلم میں مروی ہے اس میں کوئی مغالطہ نہیں، اور اس میں آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم نے پورا قصہ بصیغہ استقبال بیان فرمایا ہے جو اس کے رُویا ہونے کے منافی ہے اور اخبار بالغیب کے قبیل سے ہے

۱۹۳ــــ نیز ملا علی قاریؒ کا یہ قول: "یہ حدیث ارشاد خداوندی: خاتم النبیین کے خلاف نہیں، کیوں کہ معنی یہ ہیں کہ آپ کے بعد کوئی نبی نہیں آسکتا کہ آپؐ کے دین کو منسوخ کر دے، اور آپؐ کی اُمت سے نہ ہو" اغلب یہ ہے کہ اپنے قول "کیوں کہ معنی یہ ہیں" الخ سے وہ حدیث کے معنی بیان کر رہے ہیں نہ کہ آیت کے۔ کیونکہ انھوں نے ماقبل میں حدیث پر ہی کلام کیا ہے، اور اسی سے یہ معنی اخذ کیے ہیں۔ آیت اسی معنی پر ہے جو اُمت نے اس سے سمجھا ہے۔ البتہ حدیث کے معنی خفی تھے جو انھوں نے ذکر دیے، آیت کریمہ نے مفروض صورتوں کی طرف کوئی اشارہ نہیں کیا، البتہ حدیث نے اس فرضی صورت سے آگاہ کیا، پس وہی بیانِ معنی کی محتاج تھی۔ یا ان کا مقصد مرادِ مقام کو بیان کرنا ہے اور یہ عنوان بھی عام نہیں، بلکہ حضرت عیسٰی علیہ السلام کی تشریف آوری کے پیش نظر ہے۔ واللہ اعلم و علمہ احکم۔

۱۹۴ــــ سوال ۲۹: اور جب مرزا کرشن کا بروز ہے، اور وید کو خدا کا کلام

سمجھتا ہے تو اسے ہندو کہنا سزاوار ہے یا نہیں ؟ اسے محمدی کیوں کہا جائے۔ ہندو کیوں نہ کہا جائے ؟ اور اس کے الہام کے مطابق اس کو "جے سنگھ بہادر رودر گوپال" اور "برہمن اوتار" کیوں نہ کہیں ؟ دیکھیے کادیہ ص۳۲۹ ۔ تتمہ حقیقۃ الوحی ص ۸۵۔

۱۹۵ــــ سوال ۳۰ اور اگر پچاس کروڑ قوم ایک ٹولے کو کافر اور خارج از اسلام قرار دیتی ہو، اور یہ ٹولہ بھی اقل قلیل ہونے کے باوجود تمام جماہیر اُمت کو کافر کہتا ہو تو کیا یہ دونوں ایک قوم ہیں (مولانا ثناء اللہ امرتسری نے مرزائیوں کے دونوں گروہوں کی مجموعی تعداد ان کے اخبار سے ۵۵ ہزار نقل کی ہے)

۱۹۶ــــ سوال ۳۱ (مرزا اپنی نبوت کے زمانے میں بارہ برس حیات عیسیٰ کا قائل رہا، اور بعد میں اسے شرک عظیم قرار دے دیا، گویا وہ نبی اور صاحب وحی ہونے کے باوجود شرک عظیم میں مبتلا رہا، اب سوال یہ ہے کہ) آیا نبی اپنی نبوت اور وحی کے زمانہ میں مشرک بھی ہو سکتا ہے ؟ اور اگر وحی کے معنیٰ سمجھنے میں وہ اپنی موت کے وقت تک مغالطہ میں رہا تو اس امر کا کیا یقین ہے کہ وہ صاحب وحی ہونے کے دعویٰ میں حق پر تھا ؟ (مرزا کے بہت سے "الہامات" ایسے ہیں جن کی تشریح اس نے ایک وقت میں کچھ کی، اور پھر ایک مدت کے بعد کوئی واقعہ رونما ہو تو کہہ دیا کہ بس میرے الہام کا یہی مطلب تھا، پھر کوئی اور واقعہ پیش آیا تو کہا کہ پہلے مجھ سے "الہام" کی تشریح میں اجتہادی غلطی ہوتی ہے دراصل الہام کا منشا یہ نہ تھا۔ اور بعض الہام تو ایسے ہیں کہ مرتے دم تک، ان کا مطلب نہیں سمجھ سکا، سوال یہ ہے کہ جس شخص کی الہامی تشریح قابل اعتماد نہیں، اس کے الہام پر کیا وثوق ہو سکتا ہے۔ ؟ اور اس امر کی کیا دلیل ہے کہ ادعائے وحی میں اسے ٹھوکر نہیں لگی ؟)

۱۹۷ــــ سوال ۳۲ مرزا نے اپنے ادعاء نبوت کی مدت خود کیا بیان کی ؟ اور اپنے جس ناخلف کے حق میں "فخر رسل" ہونے کا الہام ذکر کیا (یعنی مرزا محمود)

وہ کیا کہتا ہے ؟ (مرزا نے "ایک غلطی کا ازالہ" میں لکھا ہے کہ اسے نبی اور رسول کا خطاب براہین احمدیہ کی تصنیف کے زمانہ (۱۸۸۰ء) میں مل چکا تھا، مگر اس کا ناخلف مرزا محمود کہتا ہے کہ ۱۹۰۱ء یا ۱۹۰۲ء میں مرزا پر نبوت کی حقیقت کھلی تھی۔ ورنہ اس سے پہلے مرزا بھی اپنے آپ کو "غیر نبی" ہی سمجھتا تھا)

۱۹۸ــــــ سوال ۳۳: نبوت کا معیار خود مرزا نے کیا مقرر کیا، اور اس کے اتباع و اذناب نے کیا سمجھ رکھا ہے ؟ یا بس یہی کہ اعتراضات میں انبیاءؑ کے ساتھ مشارکت کافی ہے، یعنی اس کی نبوت کی بس یہی دلیل ہے کہ جو اعتراضات اس پر وارد ہوتے ہیں وہ دوسروں پر بھی وارد ہیں ۔ ؟

۱۹۹ــــــ سوال ۳۴: بابی اور بہائی جو کہ مہدویت و نبوت کے دعوی میں بھی اور اکثر تعلیم میں بھی مرزا کے ساتھ شریک ہیں، بلکہ مرزا کی تعلیم انہی سے سرقہ ہے۔ کیا وجہ ہے کہ تم ان کی تصدیق نہیں کرتے ؟ حالانکہ ان کی تعلیمات و تحریفات تمہاری تعلیمات و تحریفات کے مماثل ہیں ؟

۲۰۰ــــــ سوال ۳۵: مرزا نے اپنی بعض کتابوں مثلاً براہین احمدیہ وغیرہ میں بعض عقائد مسلمانوں کے موافق درج کیے ہیں (مثلاً عقیدۂ ختم نبوت، اور حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے آسمان پر اٹھائے جانے اور قرب قیامت میں دوبارہ نازل ہونے کا عقیدہ) حالانکہ انہی کتابوں میں الہام کا دعوی بھی پیٹ بھر کر کیا تھا، لیکن کچھ عرصہ بعد انہی عقائد کی نفی کر کے انہیں شرک قرار دیا، (گویا حضرت اس وقت بھی صاحبِ الہام تھے جب ان عقائد کو اپنی الہامی کتابوں میں درج فرما رہے تھے، اور اس وقت بھی، جبکہ انہی عقائد کو شرک ٹھہرا رہے تھے۔ سوال یہ ہے کہ مرزا کے الہامات) حق و باطل کے درمیان فیصلہ کا معیار (ہیں یا نہیں ؟ اگر کہو کہ معیار حق و باطل ہیں تو ــــــ یہ فرمائیے کہ ان کا معیار ہونا) کس وقت سے شروع ہوتا ہے ؟ اور اس کے مریدوں کو یہ تمیز کہاں سے حاصل ہوئی (کہ فلاں تاریخ سے پہلے کے الہامات حق و باطل کے درمیان فیصلہ نہیں کرتے، اور بعد

کے الہامات سے حق و باطل کا فیصلہ ہوتا ہے؟ سوچ سمجھ کر جواب دیجئے)

۲۰۱ ــــــ سوال ۳۶ مرزا کہتا ہے کہ "فقیر جلالی رنگ میں نہیں بلکہ جمالی رنگ میں آیا ہے، ممکن ہے کہ کوئی مسیح جلالی رنگ میں آئے اور مولویوں کی تمنا پوری ہو جائے" اور یہ کہ "مجھے مسیح ماننے سے کون سا تفاوت عظیم واقع ہو گیا۔ وہی دین ہے جو پہلے تھا" پس وہ علوم و معارف کونسے ہیں جو اس نے پیش کیے، اور جن سے محققینِ اُمت ناآشنا تھے؟ ان علوم کی فہرست پیش کر دو تاکہ دیکھا جائے کہ اگر اس نے کوئی صحیح بات کہی ہے تو محققین نے پہلے سے بیان کر رکھی ہے، اور اس بدون ہمت نے سرقہ کیا ہے ورنہ اس نے جو کچھ کہا وہ لغو و باطل اور "کالائے بد بریش خاوند" کا مصداق ہے۔

۲۰۲ ــــــ سوال ۳۷ بروز کے بارے میں اس کے خیالات (پر غور کرنے سے معلوم ہوتا ہے کہ) اگر اس نے کبھی نافہمی اور مآل نااندیشی کی بناء پر کوئی بات کہی ہو گی (تو کہی ہو گی ورنہ) بالآخر وہ تناسخ کی طرف راجع ہیں جو کہ ہندوؤں کا بنیادی اصول ہے۔ جیسا کہ البیرونی کی کتاب الہند میں ہے۔ پس اس کو ہندوکیوں نہ کہیں۔ بروز کی تفسیر کادیہ میں ص ۱۰۹ براہین سے دیکھئے۔

۲۰۳ ــــــ سوال ۳۸ تم لوگوں کو جمہور اہل اسلام کے ساتھ کون کون سے اصولی عقائد میں اختلاف ہے؟ اور حج و زکوٰۃ کا حکم کیا ہے؟

۲۰۴ ــــــ سوال ۳۹ مرزا کے وہ الہامات، جو وعید پر مشتمل ہیں اور جن کا مصداق اور مقول لہٗ مذکور نہیں، وہ خود مرزا کے حق میں کیوں نہ سمجھے جائیں، جبکہ وہ وعدہ کے الہامات کو بدون صیغۂ خطاب کے اپنے حق میں سمجھتا ہے (تو اسی طرح ہم کیوں نہ سمجھیں کہ اس کے دعویٰ نبوت کاذبہ پر اس کو وعید کا الہام ہوا ہو) خاص طور پر وہ الہام جو بلفظ خطاب ہو، (وہ تو قطعاً مرزا کے حق میں ہی سمجھنا چاہیے) اور (اگر یہ شبہہ ہو کہ جب مرزا دعویٰ نبوت کی وجہ سے کافر و مرتد ہوا تو اس کو وعید کا الہام کیسا؟ اس کا جواب یہ ہے کہ) خود مرزا کہتا ہے

ـــــــــ
۱؎ ص ۳۸

کر فاسق (کافر، اور چوہڑے چمار) بھی اخبار غیب کا مورد ہیں (اور ان کو بھی بعض وقت سچے خواب آجاتے ہیں، اور ان کو الہام ہو جاتا ہے) مثلاً الہام "پیٹ پھٹ گیا" رسالہ ترک مرزائیت ص ۸۸ میں دیکھئے اور عشرۂ کاملہ ص ۴۲ اور سودائے مرزا ص ۲۰۔

حالانکہ مرزا خود ہیضے میں مرا، (لہٰذا وہی اس الہام کا مصداق نکلا) "کمترین (یعنی مرزا) کا بیڑا غرق ہوگیا" "(مرزا پر) دشمن کا خوب وار نکلا"

۲۰۵ــــسوال نمبر ۴۰ اور اس کے خیالات جن کا نام اس نے علوم و معارف رکھ چھوڑا ہے، وہ اکثر یورپ کے جذبات کی ترجمانی، عقلی استبعادات اور ذاتی و طبعی فلسفہ مزاجی پر مشتمل ہیں، اس کے برعکس انبیاء علیہم السّلام کے علوم میں عقل و قیاس کے گھوڑے نہیں دوڑائے جاتے بلکہ وہ اخبار بالغیب کیا کرتے ہیں اور کشف کونیات کے بارے میں مرزا نے جو کچھ کہا (کہ فلاں واقعہ یوں ہوگا) وہ اکثر و بیشتر غلط اور جھوٹ نکلا اور اس کے الہامات کا بیشتر حصّہ اپنی تعلّی اور خودستائی پر مشتمل ہے۔ پس اس کو فلسفی منش، کاہن اور اٹکل بازکیوں نہ کہا جائے؛ کیونکہ کہانت خلقی اور جبلی بھی ہوتی ہے جیسا کہ ابن خلدون نے لکھا ہے[1] (اور مرزا نے تو سیالکوٹ کی ملازمت کے دوران اس کی مشق بھی بہم پہنچائی تھی، جیسا کہ رئیس قادیان میں مولانا رفیق دلاوری نے نقل کیا ہے) یا اس کو مراقی کہا جائے جس کا وہ خود بھی معترف ہے، (چنانچہ ملفوظات احمدیہ جلد دوم ص ۴۷۶ مطبوعہ ربوہ میں اخبار الحکم جلد ۵ نمبر ۴۰ ص ۵-۶ ۳۱ اکتوبر ۱۹۰۱ء کے حوالہ سے مرزا کا یہ قول نقل کیا ہے:

> "میرا تو یہ حال ہے کہ باوجود اس کے کہ دو بیماریوں میں ہمیشہ
> مبتلا رہتا ہوں پھر بھی آج کل میری مصروفیت کا یہ حال ہے
> کہ رات کو مکان دروازے بند کرکے بڑی بڑی رات تک

---

[1] مقدمہ ابن خلدون ص ۸۸۔

بیٹھا اس کام کو کرتا رہتا ہوں، حالانکہ زیادہ جاگنے سے
"مراق کی بیماری" ترقی کرتی جاتی ہے اور دورانِ سر کا دورہ
زیادہ ہوجاتا ہے۔")

یا اس کو ملحد و زندیق کہا جائے، کیونکہ اس نے اپنے پوشیدہ قلبی عزائم
کے اظہار میں تدریج اور سہج روی سے کام لیا۔ (عشرہ ص ۲۵) اور وقت کا منتظر رہا
چنانچہ اوّلاً وہ بعض انبیاء پر اپنی تفضیل کا قائل تھا، رسالہ ترک مرزائیت میں اس
کا یہ قول نقل کیا ہے کہ: "مسیح ابن مریم کے نام سے خاص طور پر مجھے مخصوص
کرکے وہ میرے اوپر رحمت اور عنایت کی گئی جو اس پر نہیں کی گئی"۔ تتمہ
حقیقۃ الوحی ص ۱۵۲۔ پھر خاتم الانبیاء پر برتری کا دعوٰی بھی کیا، تریاق القلوب
ص ۱۰۳، مطبوعہ ۱۹۲۲ء۔ اور اس کے مشکلات (کے بارے میں اس کی عبارت)
رسالہ ترک مرزائیت، ص ۳۶ میں ملاحظہ کی جائے۔

۲۰۶ ـــــ اور کبھی کبھی وہ اپنے خیالات کی بنیاد اغراض مدسوسہ پر نہیں رکھتا
بلکہ وقتی طور پر جو خیال ذہن میں آگیا ہانک دیا۔ چنانچہ کاویہ ص ۱۰۷ میں بدر
۱۹۰۳ء سے نقل کیا ہے کہ اس نے شیخ اکبر کا قول ترک کرکے انعکاس نبوت کو
جاری رکھا ہے نہ کہ نبوت غیر تشریعیہ کو۔ حالانکہ یہ اس کے غیر تشریعی نبوت کے
دعوٰی کے بعد کا زمانہ ہے، کیونکہ بقول اس کے ناخلف (مرزا محمود) کے اس
کے دعوٰیِ نبوت کا زمانہ ۱۹۰۱ء ہے۔

۲۰۷ ـــــ اور معلوم رہے کہ ایک مدت تک وہ شریعت کے یہی معنی سمجھتا
رہا کہ وہ جدید احکام پر مشتمل ہو، جیسا کہ علماء سمجھتے ہیں، اور یہ معقول المعنی بھی ہے
اور اس مدت کے دوران وہ قرآن کریم کی آیات و کلمات کا اپنی وحی کی حیثیت
سے سرقہ کرنے کو شریعت نہیں سمجھتا تھا، اور "نئی شریعت" کی قید کے
بغیر اپنے سے شریعت کی نفی کرتا تھا۔ بعد میں شیطان نے اسے تعلیم دی
کہ اس سرقہ آیاتِ قرآنی ہی کو شریعت کہے اور اپنے تئیں صاحب شریعت

قرار دے۔ چنانچہ وہ اسی طرح کرنے لگا، اور اس وسوسہ کے القاء کے بعد
تقیید کا محتاج ہوا (کہ میں صاحب شریعت تو ہوں مگر شریعت جدیدہ نہیں رکھتا)
اور اب (جبکہ اس نے صاحب شریعت ہونے کا دعوٰی کر دیا تو) یہ کہنا بھی
کافی نہیں کہ نبوت غیر تشریعیہ باقی ہے، بلکہ (اس کے دعوٰی کے مطابق) نبوت
تشریعیہ بھی باقی ہے مگر نئی شریعت نہیں۔

۲۰۸ـــــ پس یہ نوعیت ہے اس کے "علوم و معارف" کی، کہ محض ہذیانِ وقتی
ہے یعنی آغاز و انجام کو سمجھے بغیر جس وقت جو جی میں آیا کہہ دیا، جس طرح کے
وساوس و خطرات قلب میں پیدا ہوا کرتے ہیں۔ (انہیں وساوس کو وہ
علوم و معارف سمجھتا ہے) کہ تحدی اور دعاوی کی بناء انہیں وساوس پر رکھتا ہے
اور اس کے پسرِ ناخلف نے "حقیقۃ النبوۃ" میں اس ملحد کی بعض عبارتیں نقل کی
ہیں (جن کا مضمون یہ ہے) کہ ہر نبوت میں نئے احکام کا ہونا ضروری ہے (مثلاً
ذیل کی عبارت)

"اسلام کی اصطلاح میں نبی اور رسول کے یہ معنٰی ہیں کہ وہ کامل
شریعت لاتے ہیں، یا بعض احکامِ شریعت سابقہ کو منسوخ
کرتے ہیں، یا نبیٔ سابق کی اُمّت نہیں کہلاتے۔"

(اخبار الحکم قادیان جلد ۳ ۲۹ــ ۱۸۹۹ء)

اور اس وقت وہ اپنے لیے نبوّت کے دوسرے معنٰی ایجاد کرتا تھا۔

اور اس سے بھی عجیب تر بات یہ ہے کہ خود اپنے کلام کے انجام کو نہیں
سمجھتا۔ چنانچہ ایک موقعہ پر اس بات کا عذر بیان کرتے ہوئے کہ اس پر نبی کا
اطلاق کیوں ضروری ہے۔ لکھتا ہے:

"اگر خدا تعالٰی سے غیب کی خبریں پانے والا نبی کا نام نہیں
رکھتا تو بتلاؤ کہ کس نام سے اس کو پکارا جائے اگر کہو کہ اس
کا نام محدّث رکھنا چاہیے تو میں کہتا ہوں کہ تحدیث کے

معنیٰ لغت کی کسی کتاب میں اظہار غیب کے نہیں"۔

(ایک غلطی کا ازالہ)

گویا عذر یہ ہے کہ سوائے نبی کے اور کوئی لفظ اس معنیٰ کے لیے اور اس کے دعویٰ کے لیے مناسب نہیں، اور لفظ محدث بھی مطابق نہیں۔ حالانکہ قبل ازیں اسی بنیاد پر اس نے محدثیت کا دعویٰ خدا تعالیٰ کے حکم سے کیا تھا، چنانچہ لکھتا ہے" نبوت کا دعویٰ نہیں بلکہ محدثیت کا دعویٰ ہے جو خدا تعالیٰ کے حکم سے کیا گیا"۔ (عشرہ کاملہ۔ بحوالہ ازالہ اوہام ص ۱۳۱)

پس یہ نہ سمجھا کہ جب محدثیت کا دعویٰ خدا کے حکم سے کر چکا ہوں تو محدثیت میرے دعوے کے غیر مطابق کیونکر ہو سکتی ہے؟ بہرحال اب تک وہ نبی کے اطلاق میں عذر معذرت اور حیلے بہانے کرتا تھا، بعد ازاں کھل کر نبوت کاملہ حقیقیہ کا دعویٰ کر دیا، اور اس نبوت کے منکروں کو کافر قرار دیا۔ پس اس کی عمر بھر کے اقوال و خیالات ایسے نہیں جس طرح کہ کسی پابندِ ضبط مصنف کا کلام ہوتا ہے کہ اگر تعارض نظر آتے تو) توفیق و تطبیق تلاش کی جائے۔ اور نہ اس کے تمام اقوال تدریج پر محمول ہیں، جیسا کہ اس کا ناخلف راگ الاپتا ہے، بلکہ کم علمی اور قلتِ فہم کی وجہ سے متناقض ہیں کہ سانح وقتی کے طور پر جو خیال جس وقت ذہن میں آیا، ہانک دیا۔

۲۰۹ـــــ بہرحال مرزا نے نبوت تامہ کا دعویٰ کیا اور توبہ نہیں کی، پس کافر و مرتد مرا، اسی طرح اس کی دونوں جماعتیں بھی۔ کہ ایک جماعت تو اس کے متناقض دعاوی کو واردات غیبیہ کی تبدیلی اور تدریج پر تقسیم کرتی ہے اور دوسری جماعت ان متعارض و متناقض دعاوی میں توفیق و تطبیق کی جویاں ہیں، حالانکہ وہ درحقیقت اندھے کی طرح سینہ زور ہے کہ دوڑتے وقت کچھ نہیں دیکھتا، خواہ گڑھے میں گر جائے، ٹھوکر کھائے یا کسی چیز سے ٹکرا کر سر پھوڑ لے وہ نت نئی تحریف پر جو ذہن میں آئے، اپنے دعووں کی بنیاد رکھ لیتا ہے،

اور کوئی حقیقت واقعیہ اس کے ذہن نہیں ہے، بلکہ جو کچھ خیال میں آجاتا ہے ایک مدت تک اسے گاتا رہتا ہے اور بار بار اسی کو دہراتا رہتا ہے، اور جب کوئی اور چیز ذہن میں آجاتی ہے تو ہذیان کی طرح اسی کو چلانا شروع کر دیتا ہے، پہلی اور پچھلی عبارتوں کے تفاوت اور تناقض کی جانب بسا اوقات اس کا ذہن ہی نہیں جاتا، نہ وہاں تک اس کے فہم کو رسائی ہے۔ اور اپنی اور دوسروں کی عبارتوں کے فرق کو اکثر وہ سمجھتا ہی نہیں، نہ امتیاز کر سکتا ہے، اور کبھی بعد کے زمانہ میں پہلے زمانہ کی باتیں کرنے لگتا ہے، جس سے یہ تاثر دینا چاہتا ہے کہ گویا تناقض و تہافت نہیں۔

۲۱۰ــــــ اس کے چیلے چانٹے اب تک اس کے خبط و خلط، تہافت و تساقط، تعارض و تناقض اور جہل بسیط و مرکب کی اصلاح میں جان و ایمان کی بازی ہار چکے ہیں اور کئی فرقوں میں بٹ چکے ہیں، ایک دوسرے کی تکفیر بھی کرتے رہتے ہیں تاہم ان سے کچھ نہ بن پڑا، اور انہیں حقیقت حال کی خبر نہ ہوتی اس کی تعلیم اور ذخیرہ کتب اس فارسی شعر کا مصداق ہے (جس کا ترجمہ یہ ہے کہ) "کتے کو سات دریاؤں میں نہلاؤ (مگر وہ پاک نہیں ہوگا بلکہ اس کے برعکس) جس قدر بھیگے گا اتنا ہی زیادہ پلید ہوگا۔" واللہ غالبٌ علی امرہٖ

۲۱۱ــــــ اور در حقیقت وہ خود سابقین کی مراد کو نہیں سمجھتا، اور نہ اپنے مہمل کلام ہی کے مقصد و مدعا کو جانتا ہے اور اس کے مرید ہاویہ کے گڑھے میں گرے ہوتے ہیں۔ مرزا نے نقول اور حوالہ جات میں خود بھی بہت سے مغالطے کھائے ہیں اور دوسروں کو جان بوجھ کر بھی بہت سے مغالطے دیئے ہیں۔ حیات عیسیٰ علیہ السلام کے مسئلہ میں اس نے امام مالکؒ، امام بخاریؒ، حافظ ابن حزمؒ اور حافظ ابن تیمیہؒ پر یہ افتراء کیا ہے کہ وہ موت کا عقیدہ رکھتے تھے، حالانکہ یہ قطعی خلاف واقعہ دروغ بے فروغ ہے، اور جب ان حضرات کی کتابوں کی صریح نقول سے عقیدۂ حیات دکھایا جائے تو اس کے چیلے مجالس اور مناظروں

ہیں ذلیل اور رسوا ہو جاتے ہیں، اور میدان خالی دیکھ کر پھر بھی الحاد و مغالطہ اور کذب بیانی سے باز نہیں آتے۔

۲۱۲۔۔۔۔۔۔ مرزا قرآن کی مناسبت سے اس قدر محروم تھا کہ بڑی کثرت سے آیات کو محرف اور غلط نقل کرتا ہے اور قرآن کی جانب ایسے ایسے مضامین منسوب کرتا ہے، جن کا رائحہ بھی قرآن میں موجود نہیں، اور صحیح بخاری جیسی مشہور کتاب پر افتراء کیا کہ اس میں ھذا خلیفۃ اللہ المہدی موجود ہے، جو اس کی ذلت و رسوائی کا موجب ہے، اور اس نے اپنے معاصرین پر دیدہ و دانستہ بہت سے افتراء کیے اور ان تمام امور کو ناظرین نے ثابت کر کے شائع کیا، مگر اس کے مریدوں کو کسی طرح ہدایت دستیاب نہ ہوئی۔ "اور جس کو اللہ ہی نور (ہدایت) نہ دے اسے کہیں سے بھی روشنی نہیں مل سکتی"۔

۲۱۳۔۔۔۔۔۔ مرزا قرآن کریم کی بہت سی ایسی آیات کو عیسیٰ علیہ السلام کی موت کے بارے میں قرار دیتا ہے، جو ان کی موت سے ادنیٰ مس تک نہیں رکھتیں؛ اور اس نے جہل تام و عام کی بنا پر یہ نہ جانا کہ احادیثِ نزول، جن کو اپنی غرض برآری کے لیے بحال رکھتا ہے، وہ اسی قرآن سے مستفاد ہیں، کسی اجتہاد سے یا اسرائیلیات سے ماخوذ نہیں۔ پس ضروری ہے کہ قرآن کریم میں اس سلسلہ میں کچھ فرمایا ہو اور وہ تعبیرِ نزول کے مناسب ہوگا نہ کہ اس سے بے جوڑ، پس قرآن کریم نے موت کا لفظ (حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے حق میں) ذکر نہیں کیا، کیونکہ قرآن و حدیث کے درمیان اسلوب لفظی میں منافرت کا پایا جانا بھی بہت بڑا نقص اور زبردست مغالطہ ہے۔ حدیث و قرآن کے درمیان شرح و متن کی نسبت ہونی چاہیے، یہ نہیں کہ وہ کسی اور جہان کی بات کرے، اور یہ کسی اور جہان کی۔ یہ ممکن نہیں کہ قرآن کریم تو ان کی موت کا اعلان کرے اور حدیث ان کے رجوع و نزول کی تصریح کرے، کیوں کہ اس صورت میں حدیث مرادِ قرآن کو بیان کرنے والی نہیں رہتی، بلکہ منشیٔ قرآن کے مناقض ہو جاتی ہے (حالانکہ حدیث

تو مرادِ قرآن کو بیان کرنے والی ہے، چنانچہ ارشادِ خداوندی ہے) "پھر بیشک ہمارے ذمّہ ہے اس کا بیان کرنا"۔[1] (نیز ارشاد ہے) "اور نہیں اتاری ہم نے آپ پر کتاب مگر اس مقصد کے لیے کہ آپ بیان کریں ان کے سامنے اس چیز (کی اصل حقیقت) کو جس میں انھوں نے اختلاف کر رکھا ہے"۔[2]

۱۴ــــ حدیث کو لازم ہے کہ قرآن کے اسلوب کی اتباع کرے، اور اگر اسلوب تبدیل کرے تو اس کی اطلاع دے۔ کلام کو ایسے پوشیدہ اغراض پر جن کا کوئی شمّہ بھی مخاطب نے نہ سونگھا ہو اور نہ وہ کسی کے حاشیۂ خیال میں کبھی گذرے ہوں، مبنی کرنا ہدایت نہیں بلکہ دانستہ گمراہ کرنا ہے۔ نہ یہ بات کسی سلیم الفطرت سے کبھی وقوع میں آتی ہے اور نہ حدیث میں اس کی نظیر واقع ہوئی ہے۔ آیا صرف یہی ایک جگہ ہے کہ اُمّت یہاں تباہ ہوئی، اور اسی جگہ جو اس ملحد کے الحاد اور اس کی نفسانی خواہش کی پیروی کا موقع ہے۔ کوتاہی ہوئی اور نزولِ عیسیٰ کی حقیقت کے بیان کرنے کی اس ملحد کو چھوڑ دیا؟

پیغمبرِ اسلام صلی اللہ علیہ وسلم سے پے درپے احادیث ہیں، جو تواتر کی حد کو پہنچی ہوئی ہیں۔ اور جن کی تبلیغ علی رؤس الاشہاد تمام لوگوں کے سامنے کر دی گئی ہے۔ ایک بار بھی اس مراد کی جانب اشارہ نہیں فرمایا (کہ حضرت عیسیٰ سے مراد قادیان کا دہقان مرزا غلام احمد ہے، اور اس کے نزول سے مراد اس کا شکمِ مادر سے پیدا ہونا ہے) اور (کیا یہ ممکن ہے کہ آپ نے پوری اُمّت کو باطل پر چھوڑ دیا (کہ تمام اُمّت عیسیٰ سے سیّدنا عیسیٰ ابن مریم صاحبِ انجیل ہی سمجھتی رہی) اور آپ نے (نعوذ باللہ) اس گھناؤنے امر کو روا رکھا ہے۔ جو کام کسی کے ایک لفظ سے نکل سکتا ہو اور وہ اتنی زحمت بھی گوارا نہ کرے اس سے بڑھ کر باطل پرست کون ہو سکتا ہے۔

حالانکہ رفع و نزول میں قرآن و حدیث کے درمیان صنعتِ طباق ہے (کہ قرآن

---

[1] القیامہ: ۱۹ [2] النحل: ۶۴

نے رفع کا ذکر کیا اور حدیث نے اس کے بالمقابل نزول کو بیان فرمایا، جس سے واضح ہوتا کہ) نزول سے وہ معنی مراد ہیں جو مصداق رفع کا مقابل ہوں۔ بالفرض اگر نزول کا ذکر موت کے بعد ہوتا اس وقت اس کا محمل دریافت کیا جا سکتا تھا، نہ کہ اس وقت جبکہ نزول کا ذکر رفع کرنے کے بعد ہوتا ہے اور (اس سے ہر شخص سمجھ سکتا ہے کہ رفع کے بعد نزول کا ہونا) ایک ہی سلسلہ کی کڑی ہے

۲۱۵ـــــــ غرضیکہ یہ اسود کاذب، عیوب و نقائص کا مجمع اور معجون مرکب ہے اور شاید دنیا میں کم ہی کوئی شخص ایسا ساقط الحواس اور ماؤف الدماغ ہوا ہوگا، اور اس کے باوجود افضل الرسل ہونے کا دعویٰ رکھتا ہے۔ "اللہ بڑے زبردست صاحب انتقام ہیں"۔ چنانچہ حق تعالیٰ نے مرض ہیضہ اور اسہال و نفے کا قہر نازل کرکے، جو اس کی پُرخوری کا نتیجہ تھا، اس کی شہ رگ کاٹ ڈالی جو اس کے ناخلف ہے کے بقول اس کے دعویٰ نبوت کے بعد سات سال کے عرصہ میں ہوئی۔

۲۱۶ـــــــ مخفی نہ رہے کہ اس زمانے کے ملحدین کوئی الحاد اور وسوسۂ شیطانی از خود گھڑ کر اسے بزعم خویش "ایک طے شدہ علمی حقیقت" ٹھہرا لیتے ہیں اور پھر اہل حق سے مطالبہ کرتے ہیں کہ (اگر ہمارا یہ نظریہ غلط ہے تو) اس کا صریح رد قرآن سے نکال کر دکھاؤ اور چونکہ یہ بات ہر جگہ میسّر نہیں کہ دنیا میں کسی کو جو وسوسہ بھی لاحق ہوا کرے قرآن کی نص صریح اس کی تردید کیا کرے اس لیے وہ اپنی جماعت میں بغلیں بجاتے ہیں (کہ دیکھو مولوی قرآن کی رُو سے ہمارے دعوے کو نہیں توڑ سکتے) گویا کسی الحاد کا ایجاد کر لینا ہی کافی ہے۔ خواہ وہ علم کا کوئی اثر و نشان اور دلیل و برہان رکھتا ہو یا نہ رکھتا ہو۔

اور کبھی کبھی ہم نے یہ بھی دیکھا ہے کہ ملحدین اہل حق سے مطالبہ کرتے ہیں کہ ہمارے دعویٰ کی تردید علماء سابقین سے پیش کرو (حالانکہ اصولی طور پر یہ مطالبہ ہی غلط ہے، اس لیے کہ جب علماء سابقین کے زمانہ میں اس نظریہ کا کوئی قائل ہی نہ تھا تو وہ اس کی تردید کیوں کرتے؟ تاہم) جب پیش کر دیا جائے تو کہتے ہیں کہ

حدیث میں نہیں آیا، اور جب حدیث پیش کر دی جائے تو کہتے ہیں قرآن میں نہیں آیا، اور جب قرآن سے پیش کر دیا جائے تو کہتے ہیں کہ صرف ایک بار آیا ہے، مزید تاکید نہیں فرمائی، اسی طرح ایک مرحلہ سے دوسرے مرحلہ کی طرف فرار کرتے رہتے ہیں، چنانچہ احقر کو یہی واقعہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے نزول من السماء کے سلسلہ میں پیش آیا تھا (مرزائیوں کی طرف سے کہا گیا کہ "من السماء" کی قید کسی حدیث میں نہیں آئی، اور جب) میں نے بیہقی کی کتاب الاسماء والصفات سے یہ تصریح پیش کی تھی (تو کہنے لگے دوسری حدیثوں میں نہیں)

پس خوب یاد رکھنا چاہیے کہ کسی الحاد کے صحیح وصواب ہونے کے یہ کافی نہیں کہ اس کا ردّ قرآن سے میسّر نہیں، اور نہ اہلِ حق کو اس سلسلہ میں کوئی اضطراب اور پریشانی لاحق ہونی چاہیے، بلکہ کبھی نئے نظریہ کا ایجاد کرنا ہی بجائے خود الحاد ہوا کرتا ہے،

اور کبھی ملحدین اپنی جانب سے ایک عنوان اختراع کر کے اہلِ حق سے مطالبہ کرتے ہیں کہ یہ لفظ اور یہ عنوانِ خاص قرآن وغیرہ سے پیش کرو، ورنہ ہمارا نظریہ ثابت ہے۔ حالانکہ حقیقت واقعیہ یہ ہے کہ کسی الحاد کے بطلان کے لیے یہی کافی ہے کہ ذخیرۂ دین اور نصوص شرعیہ میں اس کا کوئی وجود نہ ہو، یہ ضروری نہیں کہ ہر چیز کی تردید قرآنِ کریم میں موجود ہو اور پھر اسی لفظ کے ساتھ ہو جو وہ چاہتے ہیں، اور یہ بھی نہیں کہ "احمق کو لوٹا نہ جائے تو مامور بن بیٹھے"۔

۲۱۷ـــــ اور مرزا، قلت علم، کثرت جہل، طبعی کبر و تعلی، تنگ مزاجی، تنگ ظرفی، دوں فطرتی اور کم حوصلگی کے سبب معمولی قسم کے پیش پا افتادہ امور کو غیبی عطیات اور آسمانی انعامات سمجھ لیتا ہے اور پھر یہ تصور کر لیتا ہے کہ حقائق غیبیہ میں سے کوئی حقیقت اس کے علم و ادراک کی گرفت سے باہر نہیں ہے، اور اسی پندار اور خوش فہمی کے بل پر وہ الٰہیات و نبویات کے مسائل میں الجھتا ہے اور دریدہ دہنوں اور بازاریوں کا سا کلام کرتا ہے،

(ترجمہ اشعار) خواجہ سمجھتا ہے کہ وہ بھی کچھ پونجی رکھتا ہے، حالانکہ خواجہ کا سرمایہ غرور پندار کے سوا کچھ نہیں"۔ "خلوت نشین جاہل کے خیالات بالآخر دین و دنیا کی بیخ کنی کر دیتے ہیں"۔

۲۱۸ــــــ بروز، کا لفظ شاید کسی ایک آدھ صوفی کے کلام میں، بمعنی فیضِ روحانی و تربیت باطنی استعمال ہوا تھا، اور اتحاد، کا لفظ عشاق کے کلام میں؛ محبوب سے ہمرنگی اور فنائے محبّانہ سے عبارت تھا، یہ جاہل ان الفاظ کو کثرت سے استعمال کرتا ہے اور بزعم خود سمجھتا ہے کہ میں نے صوفیہ کی مراد کی ٹھیک ٹھیک ترجمانی کر دی، حالانکہ فی الحقیقت اس کے ذہن میں ان الفاظ کا کوئی مصداق نہیں ہوتا، اس کا کل سرمایہ زبانی جمع خرچ، دوسروں کے الفاظ نقل کر لینا اور ان کی بھونڈی نقالی ہے۔ (عارف رومیؒ نے صحیح فرمایا ؎

حرفِ درویشاں بدزدد مردِ دوں تا بہ پیشِ جاہلاں خواند فسوں

وہ چونکہ بروز اور 'اتحاد' کی صوفیانہ اصطلاحات کے مفہوم سے ناآشنا تھا اس لیے) رفتہ رفتہ صریح "تناسخ" کے گڑھے میں جا گرا، اور 'بروز' کی تفسیر 'جنم' اور 'اوتار' کے ساتھ کر ڈالی، جو کہ ہندوؤں کا بنیادی اصول ہے۔

۲۱۹ــــــ (مرزا غلام احمد نے اپنی نبوّت کا ثبوت یہ پیش کیا ہے کہ نبوّت کے معنی ہیں خدا سے خبر پاکر پیشگوئیاں کرنا، اور یہ تعریف چونکہ مجھ پر صادق آتی ہے لہٰذا میں نبی ہوں۔ حالانکہ نبوّت کا یہ تصوّر اس قدر گھٹیا ہے کہ اس کے ماتحت ہر نجومی، پنڈت، رمّال، جفّار، اڑڑ پوپو نبوت کا دعویٰ کر سکتا ہے اور جب مرزا سے کہا جائے کہ تیری اپنی تعریف کے مطابق بھی نبوت کی تعریف تجھ پر صادق نہیں آتی، کیونکہ جو پیشگوئیاں تو نے بڑی شدّ و مد سے کی تھیں اور انہیں اپنے صدق و کذب کا معیار ٹھہرایا تھا وہ بھی تیری تشریح کے مطابق پوری نہ ہوئیں بلکہ سب کی سب جھوٹ نکلیں تو اس کے جواب میں مرزا کہا کرتا ہے کہ میری نبوت کا ثبوت بس یہی کافی ہے کہ جو اعتراض مجھ پر کیا جائے وہ ہر ایک

نبی پر پڑتا ہے۔ سوال یہ ہے کہ) کیا کسی شخص کی نبوت کا ثبوت بس یہی کافی ہے کہ نبوت کو ایک گھٹیا سی چیز بتایا جائے، اور انبیاء کرام پر اعتراض جڑ دیے جائیں یا کسی ثابت شدہ اور مسلّمہ اصول کے ماتحت نبوت کا ثبوت پیش کرنا اور اس پر دلائل قاطعہ پیش کرنا بھی ضروری ہے؛ (اگر جواب شق ثانی میں ہے تو مرزا نے انبیاء کرامؑ اور ہمارے آنحضرت صلی اللہ علیہ وسلم پر اعتراض کر کر کے نامۂ عمل کیوں سیاہ کیا؟)

۲۲۰ ——— مرزا کہتا ہے کہ پیشگوئیوں میں کسی قدر نقصان اور خفا رہ جاتا ہے لہٰذا پیشگوئی کا جو حصہ پورا ہو جائے اس سے فائدہ اٹھانا چاہیے، پہلے لوگوں کو بھی یہی ٹھوکر لگی۔ انھوں نے دیکھا کہ ان کے خیالی تصورات کے مطابق سابقہ پیشگوئیاں مدعیانِ نبوت پر صادق نہیں آئیں اس لیے ایمان سے محروم رہ گئے اس کے جواب میں کہا جا سکتا ہے کہ کسی مدعی پر پیشگوئی کے بعض اجزا کا صادق آنا اور بعض کا صادق نہ آنا اس کے صدق و کذب میں اشتباہ و التباس کا موجب ہے[1]، اور اشتباہ و التباس کی حالت میں نفع کا یقین نہیں ہو سکتا (اور یقین نہ ہو تو ایمان بے سود ہے) اور اگر یوں ہے تو یوں بھی ہے۔ پس مرزا کا یہ مشورہ اخلاص و خیرخواہی کا مشورہ نہیں، بلکہ خود غرضی، تلبیس اور دغا فریب پر مبنی ہے، (ترجمہ شعر) "بہت سے ابلیس (مرزا کی طرح) آدمی کی شکل میں ہوتے ہیں، پس ہر ہاتھ میں ہاتھ نہ دینا چاہیے۔"

۲۲۱ ——— کیا الہام بھی ملکۂ انشاء پردازی کی طرح ہے اور طبیعت کی آمد و سلیقہ پر منحصر ہے؛ اکثر دیکھا گیا ہے کہ مرزا کتب سابقہ میں کوئی چیز دیکھ کر رَٹ لگا لیتا ہے اور پھر اس کے مطابق الہام گھڑ لیتا ہے۔ مثلاً اخطئ واصیب کا الہام اور مثلاً عمانوئیل (کی پیدائش) کا الہام، جو سراسر جھوٹ بھی نکلا۔

---

[1] اور مرزا غلام احمد قادیانی پر تو مسیح کی پیشگوئی اتنی بھی صادق نہیں آتی جتنی کہ ماش کے دنے پر سفیدی۔ پس مرزا کا کذب روز روشن کی طرح واضح ہے۔ مترجم۔

اور کبھی مرزا اپنے پاس سے ایک مہمل اور بے معنی بات، جس کی کوئی حقیقت محصلہ نہیں ہوتی گھڑ لیتا ہے اور پھر اس کے مطابق الہام بنا لیتا ہے۔ مثلاً "تو بمنزلہ میرے بروز کے ہے" کا الہام۔ جس کی کوئی حقیقت کتب سماویہ میں نہیں۔

۲۲ ــــــ ایسے وہمی اور شکی امور کہ جن کا یا تو ثبوت ہی معلوم نہ ہو۔ یا یہ گمان ہو کہ راوی سے فرو گذاشت ہوئی ہے اور اس سلسلہ کی کوئی کڑی چھوٹ گئی ہے، ایسے امور سے قطعیات پر اعتراض کر کے انہیں منہدم کر دینا کیا یہ ایمانداری کا کام ہے؟ چنانچہ اس فرقہ نے عصمتِ انبیائؑ کے باب میں یہی وطیرہ اختیار کیا۔ اور مجہول الحال امور کے ذریعہ دین کے قطعیات اور متواترات کو درہم برہم کر ڈالا۔ حالانکہ اس نام نہاد وحی میں جس کو یہ ملحد سرقہ کر کے اور ادھر اُدھر سے جوڑ کر بناتا ہے۔ تواتر ہی کا سہارا لیتا ہے۔

چونکہ اس ملحد کی غرض دین کو درہم برہم کرنا تھا اور وہ جانتا تھا کہ وہ اپنی خانہ ساز پیشگوئیوں میں ذلیل و خوار ہوگا اس لیے اس نے پہلے سے یہ تدبیر کی کہ تمام انبیاء کرام کی پیشگوئیوں پر خاک اڑائی جائے اور انہیں غلط ٹھہرایا جائے، تاکہ بوقت ضرورت کام آئے، اور ایک طے شدہ اصول پہلے سے تیار رہے (کہ نعوذ باللہ انبیاء کرام اپنی وحی کا مطلب نہیں سمجھتے اور وہ غلط سلط پیش گوئیاں کر دیا کرتے ہیں۔ چنانچہ مرزا ازالہ اوہام میں لکھتا ہے:

> "مسیح کے معجزات اور پیشگوئیوں پر جس قدر اعتراض اور شکوک پیدا ہوتے ہیں میں نہیں سمجھتا کہ کسی اور نبی کے خوارق یا پیش خبریوں پر کبھی ایسے شبہات پیدا ہوتے ہوں کیا تالاب کا قصہ مسیحی معجزات کی رونق دور نہیں کرتا، اور پیشگوئیوں کا حال اس سے بھی زیادہ تر ابتر ہے، کیا یہ بھی کوئی پیشگوئیاں ہیں کہ زلزلے آئیں گے۔ مری پڑے گی، لڑائیاں ہوں گی، قحط پڑیں گے اور اس سے زیادہ قابل افسوس یہ امر ہے کہ جس قدر مسیح کی پیشگوئیاں غلط نکلیں اس قدر

صحیح نکل نہیں سکیں...... اور بھی بہت سی پیشگوئیاں ہیں جو صحیح
نہیں نکلیں، مگر یہ بات الزام کے لائق نہیں، کیونکہ امور اخباریہ کشفیہ
میں اجتہادی غلطی انبیاء سے بھی ہو جاتی ہے، حضرت موسیٰ کی
بعض پیشگوئیاں بھی اُس صورت پر ظہور پذیر نہیں ہوئیں جس صورت
پر حضرت موسیٰ نے اپنے دل میں اُمید باندھ لی تھی، غایت مافی الباب
یہ ہے کہ حضرت مسیح کی پیشگوئیاں اوروں سے زیادہ غلط نکلیں"
(ص ۶، ۷، ۸ طبع اوّل)

۲۲۴۔۔۔۔۔۔انبیاء علیہم السلام کی توہین سب سے پہلے ابلیس نے کی تھی، اور اس نے حق تعالیٰ سے مناظرہ کیا کہ آپ کو یہ حق حاصل نہیں کہ کسی شخص کو کمالات کسبیہ کے بغیر شرف بخشیں اور عطیات سے نوازیں، حق تعالیٰ نے فرمایا کہ مجھے کسی کو فضیلت و شرف عطا کرنے کا اور داد و دہش کا از خود اختیار ہے۔ مگر ابلیس نے اس اختیار کو ناروا سمجھا، اور کسی شخص پر اس کی جسمانی ساخت اور اس کے اجزاء ترکیبی سے زائد انعام کرنے کو غیر معقول ٹھہرایا۔ گویا وہ حق تعالیٰ کے اختیاراتِ سلطانی کے مزاحم تھا۔ بعد ازاں یہ شقی (مرزا) نہ صرف یہ کہ شیطان کے نقشِ قدم پر چلا، بلکہ اس سے بھی چار قدم آگے نکل گیا، اسی ابلیسی نظریہ کے تحت اس نے حضرت عیسیٰؑ کی توہین کر کے اپنے پوشیدہ خبث و کفر کا اظہار کیا (چنانچہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کے قرآنی معجزات کو شعبدہ بازی اور مسمریزم قرار دے کر لکھتا ہے:

"مگر یاد رکھنا چاہیے کہ یہ عمل ایسا قدر کے لائق نہیں جیسا کہ عوام الناس اس کو خیال کرتے ہیں اگر یہ عاجز اس عمل کو مکروہ اور قابلِ نفرت نہ سمجھتا تو خدا تعالیٰ کے فضل و توفیق سے امید قوی رکھتا تھا کہ ان اعجوبہ نمائیوں میں حضرت ابن مریم سے کم نہ رہتا" (ازالہ اوہام حاشیہ ص ۳۰۹)

اس سے اس کی غرض یہ ہے کہ حضرت عیسیٰ علیہ السلام کی عظمت و وقعت مسلمانوں کے دل سے نکال ڈالے اور ان کی مسند پر خود قابض ہو جائے (چنانچہ وہ صاف

صاف اپنے مدعا کا اظہار کرتا ہے کہ:

ابنِ مریم کے ذکر چھوڑو　　　اس سے بہتر غلام احمد ہے۔ (نعوذباللہ)

حالانکہ ع "کہاں عیسیٰ کہاں دجال ناپاک" ـــــ یہی وجہ ہے کہ اس نے ہندوؤں کے پیشواؤں سے یہ معاملہ روا نہیں رکھا، بلکہ ان کی عظمت و توقیر کا اظہار کرکے انہیں اپنی جانب مائل کرنے کی کوشش کی۔

۲۲۴ ـــــ کسی مسئلہ میں ایسے متشابہات سے، جن کی طرف ذہن بھی نہ جاتا ہو، استدلال کرنا اور اس باب میں محکمات کو چھوڑ دینا الحاد نہیں تو اور کیا ہے، چنانچہ اس ملحد نے ان امور کو، جو کتابوں میں بددین و بے ایمان لوگوں کے وساوس و شبہات کے طور پر ذکر کیے گئے ہیں جمع کرکے انہیں اپنا دین و مذہب بنا لیا ہے، اور جب کسی اسلام سے بچلانا چاہتا ہے تو اس کے نصوص میں شیطانی شبہات کھڑے کر دیتا ہے اور جب اپنی جانب کھینچنا چاہتا ہے تو طمع کاری کے ساتھ مناسبتیں پیدا کرتا ہے اور نصوصِ قطعیہ کو استعارہ و مجاز پر محمول کرنے کی تاویل جس کو اس نے اپنے ذخیرۂ الحاد کا موضوع بنا رکھا ہے اس کے ذریعہ وہ اکثر اسلامی عقائد اور بعض احکام شرعیہ، مثلاً زکوٰۃ، حج اور جہاد سے سبکدوش ہو چکا ہے اور اس کے مریدعن قریب دیگر احکام سے بھی بے باق ہو جائیں گے اور صرف الفاظ کی گردان کافی ہوگی، اور ذخیرۂ آخرت اور ہدیۂ بارگاہِ الٰہی کے لیے لے دے کر چند تاویلیں رہ جائیں گی اور بس۔ کیونکہ ہم نے دیکھا ہے کہ وہ افعال میں بھی استعارہ مانتا ہے۔ چنانچہ کشتی نوح ص ۴۷ میں لکھتا ہے:

"مریم کی طرح عیسیٰ کی روح مجھ میں نفخ کی گئی، اور استعارہ کے رنگ میں مجھے حاملہ ٹھہرایا گیا اور آخر کئی مہینے کے بعد، جو ۱۰ مہینے سے زیادہ نہیں، بذریعہ اس الہام کے مجھے مریم سے عیسیٰ بنایا گیا"

اس فعلی استعارہ کو سن رکھو جو اس کے خاص علوم میں سے ہے اور جس کے ذریعہ وہ خارج میں حاملہ بھی ہو سکا۔ پس اس استعاراتی حمل کے ذریعہ جب

وہ عیسیٰ کو جنم دے کر خود عیسیٰ بن سکتا ہے تو دیگر افعال کے بارے میں یہ کیوں نہیں کہا جا سکتا کہ مثلاً ہم نے استعارہ کے طور پر زکوٰۃ دے دی، استعارہ کے طور پر حج کر لیا، استعارہ کے طور پر نماز پڑھ لی، اور استعارہ کے طور پر روضۂ اطہر میں دفن ہو گئے۔ وغیرہ وغیرہ)

۲۲۵—— مرزا نے دنیا کا کوڑا کرکٹ جمع کرنے میں کوئی حیلہ اور کسر باقی نہیں چھوڑی، مثلاً اپنی تصویر فروخت کرنا، زکوٰۃ کا مال سمیٹ کر اسے اپنی خواہشات میں صرف کرنا، اور اس کے مصارفِ شرعیہ کو ساقط کر دینا، مریدوں پر انواع و اقسام کے چندے لازم کرنا، اور جو بر وقت چندہ نہ بھیجے اسے بیعت سے خارج کر دینا—— اور مخالفوں کی تذلیل کے لیے ان کی موت کے وقت کی تصویریں شائع کر کے مرزا نے اپنے ضمیر اور خمیرِ باطن کی خبر دی ہے کہ اس کا سینۂ ظالم کی قبر سے زیادہ تنگ و تاریک ہے۔ اور مخاطبوں پر اثر ڈالنے کے لیے انبیاء کرام اور کتبِ سماویہ کی تعبیر و خطاب کی نقالی کرتا ہے۔ مثلاً کثرت سے قسمیں کھانا۔ بنی نوع انسان سے ہمدردی کا اظہار کرنا۔ اور مخالفین کی تردید میں ان کی دعوت کے پہلو پر زور دینا، ان سے خیر خواہی دلسوزی کی نمائش، مخالفوں کی جانب سے اپنی مظلومی کی فریاد۔ اور ان امور کے اصرار و تکرار کو بھی ساتھ رکھتا ہے، اور جو چیزیں اس کے مخالف تھیں انہیں بد سے بدتر تشبیہات اور بھونڈی مثالیں دے دے کر مسخ کیا، اور ہر ممکن طریقہ سے ان کی قباحت کا اظہار کر کے احمقوں کو الّو بنایا، وہ علم و دلیل کے دائرے میں محدود نہیں رہتا، چنانچہ احادیث طیبہ میں حضرت عیسیٰ علیہ السلام سے متعلق قتل خنزیر وغیرہ کی جو علامات آنحضرت صلّی اللہ علیہ وسلّم نے ارشاد فرمائیں، مرزا نے ان کا ایسا مذاق اور تمسخر اڑایا جس کی توقع کسی سنجیدہ اور با اخلاق آدمی سے نہیں کی جا سکتی۔ گھٹیا ذہنیت کے کمینہ طبع لوگ جن کا مطمحِ نظر محض اپنی مطلب براری ہوا کرتا ہے، یہ ان کا وطیرہ ہے کہ وہ اخلاقِ فاضلہ کی حدود کے پابند نہیں ہوتے مرزا کے جتنے مرید ہم نے دیکھے ہیں ان سب کو دیانت و امانت اور حیا۔ و

اخلاص سے تہی دامن پایا ہے۔ اور خود مرزا نے گذشتہ جھوٹے مدعیانِ نبوت کا مطالعہ کیا، اور اس بات کو پیش نظر رکھا کہ کن کن طریقوں سے ان کی دعوت کو فروغ ہوا اور کن کن وجوہ سے ان کی تحریکیں کامیاب ہوئیں) وہ تعبیرات میں ہر ممکن طریقہ سے اثر ڈالنے کی کوشش کرتا ہے یعنی کتب سماویہ کی نقالی، انبیاء کرام سے تشبّہ اور مدعیانِ نبوّت کی خوشہ چینی۔ لیکن یہ سب کچھ تعبیرات کی نقالی اور چرب زبانی تک محدود ہے اس ظاہری صورت کے باطن میں صحیح دلیل اور حقانیت کا ذرا بھی مادہ نہیں، بلکہ اس کی کل کائنات شبہات اُٹھانا، مخاطب کو تدریجاً پھسلانا، اور آہستہ آہستہ حق سے برگشتہ کرنا ہے، جیسا کہ تحفۂ اثنا عشریہ میں دعوت باطنیہ کے مراتب ذکر کیے ہیں۔ اور گمان غالب یہ ہے کہ اس نے 'باب' اور 'بہا' کی کتابوں کے علاوہ شیعہ متصوفین، جنہوں نے فلسفہ کو تصوف بنا ڈالا تھا، ان کی کتابوں کا مطالعہ کر کے ان سے بھی سرقہ کیا ہے کہ یہ کتابیں خاصی مقدار میں ہیں اور بہت سی فارسی زبان میں ہیں۔ یہ اس لیے کہ میں نے فتوحات کے علوم تک اس کی رسائی نہیں پائی، اور اس نے حضرات صوفیہ کے حقائق و معارف میں سے کسی ایک بات کو بھی ٹھیک ٹھیک نہیں سمجھا۔ وہ الٰہیات میں ایسی سوقیانہ تشبیہات دیتا اور تعبیر کرتا ہے کہ سُن کر بدن کے رونگٹے کھڑے ہو جاتے ہیں، اور وہ اپنی طرف سے حقائق باطلہ کی اختراع کر لیتا ہے۔ مثلاً حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کی دوبارہ بعثت کا عقیدہ (گھڑ کر خود کو محمد رسول اللہ کی حیثیت دینا) اور پھر ان من گھڑت نظریات کے موافق نصوص دین میں نت نئی تحریفیں کرتا ہے، یہ ہے وہ چیز جس پر اس کے چیلے ایمان فروخت کرتے ہیں اور ان زٹلیات کو علوم و معارف سمجھتے ہیں۔

۲۲۹ —— اور وہ جب کسی شخص سے مایوس ہو جاتا ہے کہ وہ اس کے جال کا شکار نہیں ہوگا تو ہر قسم کی فحش کلامی اور مغلظات سے اس کی تواضع کرتا ہے، اور ذلیل و رسوا کرنے میں کوئی کسر نہیں چھوڑتا، اور جو کام بھی کرتا ہے بس اسی کی چکی پیستا رہتا ہے۔

۲۲۷ ــــــ ایک طرف تو ضرورۃ الامام، حقیقۃ الوحی اور ازالہ اوہام وغیرہ میں وہ
اپنے الہامات میں نصرت وشوکت کا دعویدار ہے اور یہ کہ اسے یقین کی ـــــــــ
لذت محسوس ہوتی ہے جس سے اس کا قلب پُر ہو جاتا ہے اور اسے اپنے
الہامات پر شرحِ صدر کے ساتھ اسی طرح قطعی ایمان ہے جس طرح کہ قرآن کریم پر۔
لیکن اس شوری شوری کے بعد موت مسیح اور اپنی نبوت سے متعلقہ الہامات
میں اس نے جس بے یکینی کا مظاہرہ کیا ہے اسے حمامۃ البشریٰ ص۲ میں دیکھئے۔
بحوالہ عشرۂ کاملہ۔ اور سُنا گیا ہے کہ مرزا کہا کرتا تھا کہ اگرچہ میں نے براہین احمدیہ
میں حیات عیسیٰ کا عقیدہ لکھ دیا تھا۔ اور لکھا بھی تھا (قرآن کریم اور خود اپنے) الہامات کے
حوالے سے (دیکھئے براہین ص ۴۹۸، ۴۹۹، ۵۰۵)۔ مگر حیات عیسیٰ کا میں شروع ہی سے
قائل نہ تھا، اور میں نے اپنے اصل عقیدہ کو مسلمانوں کے خوف سے چھپائے رکھا
اس سلسلہ کی تھوڑی سی بحث عشرۂ کاملہ ص ۳۵ میں بحوالہ حمامۃ البشریٰ ص۱ دیکھ لی جائے

۲۲۸ ــــــ وہ ایک طرف تو حضرت عیسیٰ علیہ السّلام کے بارے میں سوقیانہ استبعادات
پیش کرتا ہے، لیکن دوسری طرف خود اپنے بارے میں ان سے کہیں بڑھ کر مستبعد
اور خلاف عقل باتوں کا دعویٰ کرتا ہے۔ مثلاً حق تعالیٰ کا اس کے سامنے اپنے
چہرہ سے پردہ اُٹھا دینا اور اس کے ساتھ ہنسی مذاق کرنا، دیکھئے ضرورۃ الامام۔
اور کبھی ایسے (الہامات) کا دعویٰ کرتا ہے جو حیاء اور انسانیت کے دائرے سے
خارج ہیں، مثلاً مرزا کا عورت بن جانا اور اللہ تعالیٰ کا اس پر "رجولیّت کی طاقت" کا
اظہار کرنا، دیکھئے عشرۂ کاملہ ص ۳۲ [1]

---

[1] مرزا کے ایک خاص مرید قاضی یار محمد صاحب بی، اے، ایل پلیڈر ٹریکٹ ۳۴ موسوم بہ
اسلامی قربانی' مطبوعہ ریاض ہند پریس امرتسر میں لکھتے ہیں:
"حضرت مسیح موعود نے ایک موقعہ پر اپنی حالت یہ ظاہر فرمائی کہ کشف کی حالت آپ پر
اس طرح طاری ہوئی کہ گویا آپ 'عورت' ہیں، اور اللہ تعالیٰ نے رُجولیّت کی طاقت
کا اظہار فرمایا سمجھنے والے کے واسطے اشارہ کافی ہے"۔ استغفراللہ۔ مترجم

۲۲۹ــــــ اس کا وطیرہ ہے کہ انبیاء علیہم السلام کی پیشگوئیوں پر خاک ڈالتا ہے، ان کے بعض اجزاء پر اعتراضات کی بوچھاڑ کر کے یہ ثابت کرتا ہے کہ وہ اپنے تمام اجزاء کے ساتھ پوری نہیں ہوئیں، وہمی امور اور شبہات کے ذریعہ قطعیات کو منہدم کر کے انہیں مٹی میں ملانا چاہتا ہے اور ان کے اندر طرح طرح کے شبہات اٹھاتا ہے، تاکہ جب اس کی نام نہاد پیش گوئیاں غلط نکلیں تو جواب کا سامان پہلے سے موجود ہو۔ پس جب تک انبیاء کرام سے برابری مطلوب ہو تب تک تو انہیں اعتراضات میں شریک غالب بناتا ہے، یعنی اس کی بہ نسبت انبیاء کرام پر زیادہ اعتراض ہیں، اور جب اس کے اپنے اختصاص کی نوبت آتی ہے تو اپنے اضغاث احلام کو "غیب مصفّٰی" کا نام دیتا ہے (گویا انبیاء کرام کی پیشگوئیاں تو غلط اور لائق اعتراض ہیں، اور "غیب مصفّٰی" تک رسائی مرزا کی خصوصیت ہے۔ نعوذ باللہ)

۲۳۰ــــــ وہ معجزات کی شان گھٹاتا اور بڑے بڑے معجزات کا، مختلف تاویلوں سے انکار کرتا ہے۔ مثلاً معجزۂ شق القمر کو چاند گہن بتانا، معراج نبوی کو کشف ٹھہرانا، اور مُردوں کے زندہ کرنے کو مسمریزم قرار دینا اور اس کے اعجاز کا انکار کرنا ــــ چھوٹے چھوٹے معجزوں کو برقرار رکھتا ہے تاکہ اپنے حقیر اور پیش پا افتادہ امور کو معجزات کے دائرے میں لا سکے۔ مثلاً چندہ ملنا، اور لوگوں کا اس کے ہاتھ پر بیعت کرنا کہ ہر چندے کو اور ہر بیعت کنندہ کی بیعت کو ایک مستقل "معجزہ" شمار کر کے اس نے اپنے معجزات کی تعداد کم از کم دس لاکھ لکھی ہے۔ اور حضرت خاتم الانبیاء صلی اللہ علیہ وسلم کے معجزات کی تعداد تین ہزار بتاتی ہے۔

حق تعالیٰ اُمتِ مرحومہ پر رحم فرماتے اور اس لعین کے الحاد و ارتداد سے نجات دلاتے۔

وصلی اللہ تعالیٰ علیٰ خیر خلقہٖ محمد والہٖ واصحابہٖ واتباعہٖ الیٰ یوم الدین۔

محمد یوسف لدھیانوی عفا اللہ عنہ
مجلسِ تحفظِ ختمِ نبوت پاکستان۔ ملتان

۸ شوال المکرم ۱۳۹۵ھ

اشاریہ

○ آیات

○ احادیث

○ اسمأ

○ کتابیات

مرتب:
محمد یوسف لدھیانوی

ا— آیات

امنوا بما نزّلنا مصدقاً لما معکم : ۱۶۶
اتّبعوا ما انزل الیکم من ربّکم : ۱۵۷
اذ قالت الملائکۃ یا مریم : ۱۲۷
اشدد بہ ازری : ۱۰۴
اللہ اعلم حیث یجعل رسالتہ : ۱۳۰
الم تر الی الذین یزعمون انہم آمنوا : ۱۵۴
الیوم اکملت لکم دینکم : ۳۰، ۴۸-۱۶۱
انّ شانئک ہو الابتر : ۱۳۸
انّ اللہ مع الصابرین : ۱۳۲
تلک الرسل فضّلنا بعضہم علی بعض : ۹۱
ثمّ انّ علینا بیانہ : ۲۱۳
ربنا وابعث فیہم رسولاً منہم : ۶
سنشد عضدک باخیک : ۱۰۴
صراط الذین انعمت علیہم : ۱۰، ۱۳۲-۱۶۹
فاولئک مع الذین انعم اللہ علیہم : ۱۳۲- ۱۵۸-۱۶۰-
فانّہ نزّلہ علی قلبک : ۱۶۶
فکیف اذا جئنا من کل امّۃ بشہید : ۴۹- ۱۵۶-
قلنا اہبطوا منہا جمیعاً : ۱۲۶
کذالک یوحی الیک والی الذین من قبلک : ۱۵۴-
کنتم خیر امّۃ اخرجت للناس : ۴۹-۱۵۶
لکن الراسخون فی العلم منہم : ۱۵۴
لکیلا یکون علی المؤمنین حرج : ۱۳۹
لیکون الرسول شہیدا علیکم : ۴۹
ما کان محمد ابا احد من رجالکم : ۲، ۱۸-۷۵ ۹۷-۱۱۹-۱۴۲-۱۴۳-۱۴۴
محمد رسول اللہ والذین معہ : ۱۲۷
مصدقاً لما بین یدیہ من الکتاب : ۱۶۶
مصدقاً لما بین یدیّ من التوراۃ : ۱۶۶
من اللہ ذی المعارج : ۳۵
وامنوا بما انزلت مصدقاً لما معکم : ۱۶۶
واذ اخذ اللہ میثاق النبیّین : ۷۷-۱۶۵ ۱۶۶
واذ تقول للذی انعم اللہ علیہ : ۱۳۲
واذ قال ربک للملائکۃ انی جاعل فی الارض خلیفۃ : ۵۴
واذکر اخا عاد : ۱۱۱
واذکر فی الکتاب ابراہیم : ۱۸۹

وازواجہٗ امہاتہم ؛ ۱۹

واشرکہٗ فی امری ؛ ۹۰

وانّا لہٗ لحافظون : ۳۰

وکان رسولاً نبیاً : ۱۸

وکذالک جعلنٰکم اُمّۃً وسطاً ؛ ۴۹-۱۵۶

وکنت علیہم شہیداً مّا دمت فیہم : ۱۲۱

والذین ہم بآیاتنا یؤمنون : ۴۸

والذین یؤمنون بما انزل الیک وما انزل من قبلک : ۱۵۴

ولکنّ اللہ یجتبی من رسلہ من یشاءُ : ۱۳۰

ولقد اوحی الیک و الی الذین من قبلک : ۱۵۴

ولمّا جاءہم کتابٌ من عند اللہ : ۱۶۶

ولمّا جاءہم رسولٌ من عند اللہ : ۱۶۶

وما ارسلنا قبلک من المرسلین : ۱۵۷

وما ارسلناک الّا رحمۃً للعالمین : ۴۸

وما ارسلنا من قبلک من رسول ولا نبیّ : ۱۸ - ۱۵۷

وما انزلنا الیک الکتاب الّا لتبیّن : ۲۱۳

وما جعل ادعیاءکم ابناءکم : ۱۳۹

وما علّمناہ الشعر : ۸۷

وما قتلوہ یقیناً بل رفعہ اللہ الیہ : ۱۲۱

ومبشراً برسول یاتی من بعدی اسمہٗ احمد : ۱۲۷

ومن یشاقق الرسول من بعد ما : ۸۹-۱۴۸

وورث سلیمان داؤد : ۲۱ - ۱۴۰

وہو الحق مصدقاً لما معہم : ۱۶۶

ویوم نبعث فی کل امّۃ بشہید علیہم : ۴۹

ویوم یموت : ۱۲۱

ہو الذی بعث فی الامّیین رسولاً منہم : ۱۱۱

ہو سمّاکم المسلمین من قبل و فی ہذا : ۱۱۱

یاایہا الذین آمنوا آمنوا : ۱۵۴

یابنی آدم امّا یاتینکم رسلٌ منکم : ۱۴۶

یازکریّا انّا نبشرک : ۱۲۷

یتنزّل الامر بینہن : ۳۵

یرثنی ویرث من آل یعقوب : ۲۱-۱۴۰

یوم نحشر المتقین الی الرحمٰن وفداً : ۱۸۴

یوم ندعوا کل اناس بامامہم : ۱۰۴

۴۔ احادیث

انت مع من احببت : ۱۳۲
انتَ منّی بمنزلۃ ہارون من موسیٰ : ۲۲ - ۱۱۰
انّ اللّٰہ بدأ ہٰذا الامر نبوۃً ورحمۃً : ۱۵۲
ان اللّٰہ عزّ و جلّ کتب مقادیر الخلق : ۴۶
ان مثلی و مثل الانبیاء ... بنیٰ داراً : ۱۳ - ۱۱۰ - ۱۲۶
ان النّبوۃ والرسالۃ قد انقطعت : ۴۱ - ۴۴
انی عند اللّٰہ مکتوب خاتم النبیّین : ۲۲ - ۴۶
الانبیاء احیاءٌ فی قبورہم یصلّون : ۱۹ - ۱۰۵
قل و من یعص اللّٰہ و رسولہ : ۵۴ -
بین کتفیہ خاتم النبوۃ و ہو خاتم النّبیّین :
۴۶ - ۱۲۲
حدیث شفاعت : ۴۶ - ۱۲۲ - ۱۲۳ - ۱۲۴
حدیث ثلٰثین دجال : ۱۱۰
حدیث تصدیق دجّال : ۹۰
حدیث نزول عیسیٰ من السماء : ۲۱۶
حدیث نواس بن سمعان : ۱۹۲
حدیث نہی نقش بر نقش نبوی : ۱۲۲
خلق اللّٰہ الخلق فمن خلق اللّٰہ : ۲۵
ذہبت النبوّۃ و بقیت المبشّرات : ۱۹۱
الرّؤیا الصالحۃ جزءٌ ... من النبوۃ : ۱۸۴
السلطان ظلّ اللّٰہ فی الارض : ۱۱۳
کنت اوّل النّبیّین فی الخلق : ۴۴
لا نبیّ بعدی : ۸۳
لا تخیّروا بین الانبیاء : ۸۳
لا نورث ، ما ترکناہ صدقۃٌ : ۲۱ - ۱۳۰
لم یبق من النبوۃ الا المبشّرات : ۱۸۴
لو عاش ابراہیم لکان صدیقاً نبیّاً : ۱۸۲
لو کان موسیٰ حیّاً لمّا وسعہٗ الّا اتّباعی : ۱۸۵
مرّ نبیّ و معہ رجل و مرّ نبیٌّ و معہ رجلان : ۸۱
من مات و لم یعرف امام زمانہ : ۱۲۹
نحن الآخرون السابقون : ۴۶ - ۱۴۳
وختم بی النبیون : ۱۸۱
ہٰذا خلیفۃ اللّٰہ المہدی : ۲۱۲

انّ اللّٰہ لما حکم ان لا نبی بعدہ لم یعطہ ولداً ذکراً یصیر رجلاً : ۱۴۰
قولوا خاتم النّبیّین : ۲۷ - ۱۹۱ -
مات صغیراً ولو قضی ان یکون بعد محمد صلّی اللّٰہ علیہ وسلّم نبی عاش ابنہ ، ولکن لا نبی بعدہ : ۱۸۶
یریہ لو لم اختم بہ النّبیّین لجعلت لہٗ ابناً یکون بعدہ نبیّاً : ۴۶

۳۔ اسماءؔ

آدم علیہ السلام : ۶ ، ۳۲ ، ۳۴ ، ۴۶ ، ۵۴ ، ۵۵
۹۱ ، ۶۶۶ ، ۱۲۷ ، ۱۲۵/۵ ، ۱۲۹ (شعر ۱۹ ، ۹۲)
ابراہیم علیہ السلام : ۶ ، ۴۶ - ۱۴۰ ، ۱۸۹
ابراہیمؓ بن النبی صلّی اللہ علیہ وسلّم : ۱۰۳ ، ۱۳۸
۱۸۲ ، ۱۸۶ ، ۱۸۷ ، ۱۹۰
ابراہیم بن عبدالرحمٰن العذری : ۱۴۹
ابن ابی شیبہؒ : ۴۶
ابن تیمیہ : ۱۸۲ ، ۲۱۱
ابن حجر : ۱۹۸
ابن حزمؒ : ۱۶۹ - ۱۸۲
ابن خلدون : ۵۸ - ۹۰ ، ۲۰۵
ابن سعد : ۴۶
ابن عباسؓ : ۶۶ ، ۸۱ ، ۱۰۳ ، ۱۳۹ ، ۱۸۲
ابن عمرؓ : ۱۹۲
ابن کثیر : ۴۸ ، ۱۵۱ ، ۱۵۲
ابن مسعودؓ : ۷۸
ابن ہشامؒ : ۱۱۸
ابوامامہؓ : ۳۲
ابوبکر صدیقؓ : ۲۱
ابوداؤد سجستانی : ۱۱۰
ابوداؤد طیالسی : ۱۲۲
ابوشیبہ ابراہیم بن عثمان الواسطی : ۱۸۶ ، ۱۸۹
ابوعبیدہ ، امام لغت : ۶۶
ابومالک اشعری : ۱۵۲
ابوہریرہؓ ۲۵ - ۴۶ ، ۸۱ ، ۱۹۰ ، ۱۹۳
ابویعلیٰ : ۱۹ - ۱۰۵
احمد صلّی اللہ علیہ وسلّم : ۱۲۷
امام احمد : ۳۲ ، ۴۶ ، ۱۹۰
اسکندرانی : ۱۹۶
اسماعیل علیہ السلام : ۱۸ - ۱۹۹
اسماعیل بن ابی خالد : ۱۸۷
اشرف علی تھانوی حکیم الامت ۸۹ ۱۴۸
انسؓ : ۱۹ - ۴۴
باب ، علی محمد : ۱۱۲ ، ۲۲۵
بخاری ، امام محمد بن اسماعیلؒ : ۱۹۰ - ۲۱۱
البزّار : ۱۹ ، ۱۰۵
بغوی : ۴۶
بہاء اللہ : ۱۱۲ ، ۲۲۵
البیرونی : ۲۰۲
بیہقی : ۱۹ ، ۱۰۵ - ۱۴۹ - ۲۱۶

ترمذی : ۴۴، ۱۱۰

تفتازانی : ۱۴۲

ثناء اللہ امرتسری، مولانا : ۱۶۹ - ۱۹۵

جبریل علیہ السلام : (۱۶۴)

حاشر : ۱۰۴

خسروؒ : ۱۳۵

خضر علیہ السلام : ۱۹۸

خطیب قزوینی : ۱۲۰

داؤد علیہ السلام : ۲۱ - ۱۴۰

دجال اکبر : ۹۲ - ۷۰ - ۹۰ - ۱۹۲ - ۲۰۵

رفیق دلاوری، مولانا ابوالقاسم ۱۶۹، ۲۰۵

رومی شیخ جلال الدین : ۲۱۸

زکریا علیہ السلام : ۱۲۷

زیدؓ : ۹،

سعد بن ابی وقاصؓ : ۲۲ - ۱۱۰

سکاکی : ۱۲۰

سلیمان علیہ السلام : ۲۱ - ۱۴۰

شعرانی : ۵۷

شہاب الدین مقتول : ۳۵

شہرستانی : ۵۴

شیخ اکبر محی الدین ابن عربی : ۸۱ - ۸۹ - ۱۰۹ - ۱۵۴ - ۱۵۵ - ۱۸۴ - ۲۰۹

صالح علیہ السلام : ۱۴۲

طبرانی : ۱۵۲

عائشہ صدیقہؓ : ۲۷، - ۱۹۱

عاصم، امام قرأت : ۹۶

عاقب : ۱۰۴

عبدالحکیم خان، ڈاکٹر ۱۰۹، ۱۳۰،

عبدالعزیز محدث دہلوی، شاہ : ۸۲، ۸۳

عبدالقادر جیلانی، شیخ المشائخ : ۱۲۹، ۹۹، ۱۸۳

عبدالقادر محدث دہلوی شاہ : ۱۸ - ۴۸

عبداللہ آتھم، پادری : ۱۳۰، ۱۶۹

عبداللہ بن ابی اوفیٰؓ : ۱۰۳ - ۱۸۶

عبداللہ بن عمرو بن عاصؓ : ۴۶

عبداللہ لدھیانوی، مفتی ۱۳۵، ۱۸۰

عدی بن حاتمؓ : ۵۴

عرباض بن ساریہؓ : ۳۲

عطاءؒ تابعی :

علیؓ : ۲۲، ۲۳، ۴۹، ۱۱۰، ۱۲۲، ۱۸۵

علی قاری : ۱۸۲، ۱۸۵، ۱۸۶، ۱۸۷، ۱۹۰، ۱۹۳

عمرؓ : ۱۶۱

عمران : ۱۴۰

عیسیٰ علیہ السلام : ۱۰، ۲۷، ۴۶، ۶۰، ۷۷، ۱۰۴، ۱۱۰، ۱۲۱ - ۱۲۷، ۱۵۴، ۱۹۲، ۱۹۴، ۱۹۶، ۱۹۷، ۱۹۹، ۱۶۴، ۱۶۶، ۱۶۹، ۱۸۹ تا ۱۹۴، ۱۹۶، ۲۱۰، ۲۱۳، ۲۱۴، ۲۱۶، ۲۲۲، ۲۲۳، ۲۲۴، ۲۲۵، ۲۲۷، ۲۲۸

غزالی : ۱۰۳

کرشن : ۱۶۷، ۱۹۴

لامان : ۱۱۰

مالک، امام : ۲۱۱

محمد انور شاہ کشمیریؒ : ۳

محمد شفیع، مفتی : ۱۵۸

محمدی بیگم : ۱۳۰، ۱۶۹

محمود، قادیانی : ۶۵، ۱۲۶، ۱۹۶، ۲۰۹

مریم صدیقہؑ : ۱۰۹ - ۱۲۶

مزدک : ۱۱۰

مسلم، امام : ۵۴ - ۴۶ - ۱۹۰

مسیلمہ کذاب : ۹۰

متقیؒ : ۱۰۴

موسیٰ علیہ السلام : ۱۰، ۲۲، ۴۶، ۴۸، ۶۴، ۱۰۴، ۱۱۰، ۱۲۹، ۱۸۵، ۱۹۰، ۲۲۲

مہر علی شاہ گولڑوی : ۱۶۹

نواس بن سمعانؓ : ۱۹۲

نوح علیہ السلام : ۶، ۴۶، ۸۱، ۱۴۶

ہارون علیہ السلام : ۲۲، ۸۱، ۱۱۰، ۱۴۰

ہود علیہ السلام : ۱۴۶

الہیثمی : ۱۹

نظامیؒ : ۴۵

یار محمد، قادیانی، قاضی : ۲۲۸

یحییٰ علیہ السلام : ۱۲۱، ۱۲۷، ۱۴۰، ۱۶۷

یٰسین علیہ السلام : ۱۰۴

یعقوب علیہ السلام : ۲۱ - ۱۴۰

یوسف علیہ السلام : ۱۰۴

یونس بن متی علیہ

اقوام و قبائل

بنو اسرائیل : ۱۰، ۱۲، ۱۵، ۱۹، ۶۴، ۷۷، ۸۱، ۱۹۰، ۱۹۹

بنو اسماعیل : ۷۷، ۱۹۹

بنو جرہم : ۱۸

فارس : ۱۱۱

قوم عاد : ۱۱۱
عجم : ۱۱۱
عرب : ۱۱۱
یاجوج و ماجوج : ۷۰

مقامات

احقاف : ۱۱۱
بیت المقدس : ۳۶
حیدرآباد دکن : ۴۹ ۱۲۹ (شعرا۳)
سیالکوٹ : ۲۰۵
قادیان : ۶۴ - ۶۵ ، ۷۱ ، ۱۰۹ ، ۱۵۲ ، ۱۶۷ ، ۱۸۰ ، ۲۰۵ ، ۲۰۸
کراچی : ۱۵۸
لاہور : ۱۶۹
مدینہ طیبہ : ۱۳۸ ، ۱۶۴
کرکرمہ : ۱۶۴
ہندوستان : ۱۶۲

ملل و مذاہب

اسماعیلی : ۱۶۸
بابی : ۱۹۹
باطنیہ و حلولیہ : ۵۶ - ۱۶۸ - ۱۸۸
بہائی : ۱۹۹
چکڑالوی : ۱۶۸
شیعہ متصوفہ : ۲۲۵
صابئین : ۶۰
نصاریٰ : ۵۶
ہنود : ۵۶ ، ۱۶۲ ، ۱۹۴ ، ۲۰۲ ، ۲۲۳ -
یہود : ۵۶ - ۱۲۱ - ۱۴۹ - ۱۶۷

۴۔ کتابیات

احیاء العلوم : امام غزالیؒ : ۱۰۳

اربعین : قادیانی ۶۹، ۱۰۹

ازالہ اوہام : ۲۰ : ۲۰۸، ۲۲۲، ۲۲۳، ۲۲۷

اسلامی قربانی : قاضی یار محمد قادیانی : ۲۲۸،

اشد العذاب : سید مرتضیٰ حسن چاندپوریؒ : ۶۴، ۶۵، ۶۹، ۱۶۵، ۱۶۷،

الاصابہ فی معرفۃ الصحابہ : ۱۶۸

اظہار الحق : مولانا رحمت اللہ کیرانویؒ : ۱۶۵

اکلیل شرح مدارک التنزیل : ۷۹

انجیل : ۱۶۶، ۲۱۴

الہامات مرزا : مولانا ثناء اللہ امرتسریؒ : ۹۵

ایک غلطی کا ازالہ : ۲۱، ۶۹، ۹۰، ۱۱۴، ۱۱۶، ۱۹۷، ۲۰۸

اخبار بدر قادیان : ۱۰۹، ۱۶۶، ۲۰۶

براہین احمدیہ : قادیانی : ۱۹۷، ۲۰۰، ۲۰۵، ۲۲۷،

بیان القرآن : ۱۴۸

پیغام صلح : قادیانی : ۱۶۲

تاریخ ابن خلدون : ۹۰

تاریخ مرزا : مولانا امرتسریؒ : ۱۶۲

تحفہ اثنا عشریہ : ۲۲۵

تحقیق لاثانی : محمد یعقوب پٹیالوی : ۱۰۹

تذکرہ : قادیانی : ۱۱۵، ۱۶۵

تذکرۃ الموضوعات ۱۸۹

ترک مرزائیت : مولانا لال حسین اختر : ۹۳، ۹۴، ۱۰۹، ۱۲۴، ۱۲۵، ۲۰۴، ۲۰۵

تریاق القلوب : قادیانی : ۷۴، ۱۶۲، ۲۰۵

تفسیر ابن کثیر : ۴۸

تفسیر اکلیل : ۷۹

تفسیر جامع البیان : ۱۰۳

تفسیر جلالین : ۹۶

تفسیر دُرِّ منثور : ۷۶، ۱۹۱

تفسیر روح المعانی : ۷۸، ۱۰۳، ۱۸۹

تفسیر معالم التنزیل : ۶۹، ۱۳۹، ۱۴۰

تلخیص المفتاح : ۶، ۱۲۰

تورات : ۱۲۲

توضیح مرام : قادیانی : ۶۹

جامع ترمذی : ۳۱، ۴۴، ۱۹۱

جامع صغیر: سیوطی: ۱۱۳
چشمۂ مسیحی: قادیانی: ۱۰
چشمۂ معرفت: ۱۶۲
حالات قادیانی: ۶۸
حقیقۃ النبوۃ، مرزا محمود قادیانی: ۶۴، ۲۰۸
حقیقۃ الوحی: ۵۷، ۶۴، ۶۵، ۶۶، ۷۳، ۱۰۹
حقیقۃ الوحی، قادیانی: ۱۵، ۱۱۵، ۱۲۴، ۱۲۵، ۱۶۲،
۱۶۹، ۱۹۴، ۲۰۵، ۲۲۶۔
اخبار الحکم قادیان: ۶۴، ۶۵، ۱۸۰، ۲۰۵،
۲۰۸
حمامۃ البشریٰ: قادیانی: ۲۲۷
ختم نبوت فی القرآن: ۱۸۵
خصائص کبریٰ: سیوطی: ۲۲
خطبۂ الہامیہ: قادیانی: ۱۱۱
رئیس قادیان: ۱۶۹، ۲۰۵
روح المعانی: ۶۸، ۱۴۳، ۱۸۹
زاد المعاد: ۱۸۱
ست بچن قادیانی: ۱۶۶
سنن ابن ماجہ: ۱۶۲، ۱۸۶
بیہقی: ۱۱۳
سودائے مرزا: ۱۲۴، ۱۶۲، ۲۰۴

شرح السنۃ: بغوی ۳۲، ۴۶
شرح شفا: ملا علی قاری: ۱۸۵
شرح فقہ اکبر: ملا علی قاری: ۱۸۵
شرح مواہب: زرقانی: ۱۰۳
شمائل ترمذی: ۴۶
صحیح بخاری: ۱۳، ۴۹، ۸۱، ۱۳۰، ۱۹۰، ۱۸۶، ۲۱۲
صحیح مسلم: ۴۶، ۵۴، ۸۱، ۱۹۰، ۱۹۲
ضرورۃ الامام: قادیانی: ۶۴، ۹۴، ۱۶۲، ۲۲۶
عجائبات مرزا: ۱۰۹، ۱۱۱، ۱۶۶
عشرہ کاملہ: ۶۴، ۱۰۹، ۱۶۲، ۲۰۴، ۲۰۵،
۲۰۸، ۲۲۶، ۲۲۹
عقائد مرزا: ۱۰۹
عقیدۃ الاسلام: ۷۹
علم کلام مرزا: ۱۱۵ - ۱۶۲
فتح الباری: ۱۹، ۴۲، ۹۰، ۱۰۵
فتح القدیر: ۱۸۹
فتح قادیان: ۱۶۲
فتح مبین: ۱۳۵، ۱۸۰
فتوحات مکیہ: ۶، ۳۴، ۴۴، ۸۱، ۸۹،
۱۰۳، ۱۲۹/۹۹، ۱۳۱، ۱۵۴، ۱۸۴، ۲۲۵
فصوص الحکم: ۱۸۴

قاموس: ۲
قصیدۂ اعجازیہ: مرزا قادیانی: ۱۶۹
الکاویہ علی الغاویہ: ۷۱، ۱۰۹، ۱۱۵، ۱۶۲، ۱۹۴، ۱۹۶، ۲۰۲، ۲۰۶
کتاب الاسماء والصفات: بیہقی: ۲۱۲
کتاب الفصل: ابن حزم: ۵۲
کتاب المدخل: بیہقی: ۱۴۹
کتاب الملل والنحل: شہرستانی: ۵۴
کتاب الہند: البیرونی: ۲۰۲
کرامات الصادقین: قادیانی: ۶۸
کشتیٔ نوح: قادیانی: ۲۲۴
کنز العمال: ۱۲۹
مجمع البحار: ۱۸۹
مجمع الزوائد: ۱۹، ۱۰۵
مختصر المعانی: ۱۴۲
مراقِ مرزا: ۱۰، ۶۴
مرزائیت کی تردید: ۱۶۲
مرقاۃ المفاتیح: ۱۸۵، ۱۹۰
مرقع قادیانی: ۱۰۹، ۱۶۲
مسند احمد: ۳۲، ۴۶، ۱۹۰
مسند طیالسی: ۴۶، ۱۲۳، ۱۶۲، ۱۹۳،
مشکوٰۃ المصابیح: ۲۲، ۲۵، ۳۲، ۴۴، ۸۱، ۸۲، ۱۱۰، ۱۲۲، ۱۳۰، ۱۳۹، ۱۴۰، ۱۴۳، ۱۸۴، ۱۸۵
مصباح العلیہ: ۶۳، ۶۹
معالم التنزیل: ۶۲، ۱۳۹، ۱۴۰
المعجم المفہرس لالفاظ القرآن: ۱۵۸
معجم طبرانی: ۲۲، ۱۱۳
مغلظات مرزا: ۱۶۴
مغنی ابن ہشام: ۴، ۱۱۸
مفتاح کنوز القرآن: ۱۵۸
مقدمہ ابن خلدون: ۵۸ - ۲۰۵
ملفوظات احمدیہ: ۲۰۵
منتخب کنز العمال: ۱۹۲
مواہب لدنیہ: ۴۶ - ۱۰۳
موضح القرآن: ۱۸، ۴۸، ۳۲، ۱۴۰
موضوعات کبیر: ۱۸۴، ۱۸۵، ۱۸۶
نزول المسیح: مرزا قادیانی: ۶۹
وید: ۱۶۲، ۱۹۴
الیواقیت والجواہر: ۵۶، ۱۲۹/۹۹

تعارف

مجلس تحفظ ختم نبوت پاکستان

از حضرت مولانا سید محمد یوسف بنوری

بسم اللہ الرحمن الرحیم

"مجلس تحفظ ختم نبوت" مسلمانوں کی ایک خالص غیر سیاسی

مذہبی ملی اور تبلیغی تنظیم ہے جس کا مقصد وحید اسلامیان عالم کا اتفاق و اتحاد، ناموس رسالت وختم نبوت کی پاسبانی اور منکرین ختم نبوت کا رد و تعاقب رہا ہے، قیام پاکستان کے بعد خطیب العصر امیر شریعت حضرت مولانا سید عطاء اللہ شاہ بخاری نے تمام سیاسی جھمیلوں سے الگ تھلگ ہو کر اپنے رفقاء سمیت دعوت اسلام، تبلیغ دین اور رد قادیانیت کے لیے زندگی وقف کر دی، اور اس پاکیزہ مقصد کے لیے "مجلس تحفظ ختم نبوت" کی بنیاد ڈالی، بحمد اللہ ان کے اخلاص کی برکت سے "مجلس" کا فیضان دور دور تک پھیل چکا ہے، پاکستان اور دوسرے بہت سے اسلامی ممالک میں قادیانیوں کو مسلمانوں سے علیحدہ ایک غیر مسلم اقلیت قرار دیا جا چکا ہے، ملک کے بڑے بڑے شہروں کے علاوہ بعض بیرونی ممالک میں بھی مجلس کے دفاتر اور فاضل مبلغ کام کر رہے ہیں، قادیانیوں کے عالمی مرکز ربوہ میں ریلوے کی جامع مسجد تعمیر ہو چکی ہے، جس میں ختم نبوت کے مبلغ اور مدرس خطابت اور تدریس کی خدمات انجام دے رہے ہیں، مجلس کے صرف "شعبۂ تبلیغ" پر تقریباً ڈیڑھ لاکھ روپیہ سالانہ صرف ہو رہا ہے۔

نئے تقاضے اور نئے منصوبے | قادیانیوں کے بارے میں پاکستان قومی اسمبلی کے تاریخی فیصلہ نے قادیانیت کو موت و حیات کی کشمکش میں ڈال دیا ہے، ہزاروں سعادت مند افراد قادیانی ارتداد کے جال سے نکل کر حلقۂ اسلام میں داخل ہو چکے ہیں، جس سے قادیانیوں کی کمر ٹوٹ گئی ہے، اور انہوں نے زندگی اور موت کی آخری جنگ لڑنے کے لیے اپنی پوری قوت اور اثاثہ جھونک دینے کا فیصلہ کیا ہے، چنانچہ اِدھر اندرون ملک ان کی سازشوں کے جال وسیع سے وسیع تر ہو گئے ہیں، جس کے نتیجے میں مسلمانوں اور قادیانیوں کے بہت سے مقدمے

عدالتوں میں چل رہے ہیں، اور وہ مسلمانوں کو مرتد بنانے کی کئی نئی اسکیمیں شروع کر چکے ہیں، اُدھر بیرونی ممالک میں انہوں نے تحریک ارتداد کو تیز سے تیز تر کر دیا ہے، اور کروڑوں روپیہ مسلمانوں کے ایمان پر ڈاکہ ڈالنے کے لیے خرچ کیا جا رہا ہے، قادیانیوں کی یہ تمام کوششیں انشاءاللہ رائیگاں جائیں گی، اور سازشوں کے جو کنوئیں وہ مسلمانوں کے لیے کھود رہے ہیں انشاءاللہ ان میں خود ہی گر کر تباہ و برباد ہوں گے، تاہم اس میں شک نہیں کہ ان حالات میں "مجلس تحفظ ختم نبوت" کا کام بجائے سمٹنے کے اور بھی پھیل گیا ہے، اور اس کی ذمہ داریوں میں کمی ہونے کے بجائے کئی گنا اضافہ ہو گیا ہے، پہلے جہاں ہزاروں روپے اس کے اخراجات کے لیے کافی تھے، اب وہاں اب لاکھوں کی ضرورت، چنانچہ قادیانیت کے خلاف مسلمانانِ عالم کی عام بیداری کی وجہ سے قریباً ان تمام ممالک سے، جہاں قادیانی اپنی مرتدانہ سرگرمیوں میں مصروف ہیں، مسلمانوں کی جانب سے تقاضے آ رہے ہیں کہ وہاں ختم نبوت کے پاسبان بھیجے جائیں، جو قادیانیوں کے دانت کھٹے کریں، مجلس بیرونی ممالک میں وفود بھیجنے کا انتظام کرتی ہے، چنانچہ گزشتہ ایک وفد افریقی ممالک گیا، ایک انڈونیشیا کی دعوت پر بھیجا گیا، ایک متحدہ عرب امارات کے مطالبہ پر روانہ کیا گیا، لیکن اس سے بڑھ کر ضرورت اس بات کی ہے کہ تحفظ ختم نبوت کے اس کام کو، جو ساری دنیا میں پھیل چکا ہے مزید مستحکم اور وسیع بنیادوں پر منظم کیا جائے، جس کی تدابیر حسب ذیل ہیں:

۱۔۔۔ بیرونی ممالک کے نمائندوں کو پاکستان بلایا جائے، انہیں یہاں کچھ عرصہ رکھ کر انہیں قادیانیت کے تمام اسرار و رموز سے واقف کرایا جائے، اور وہ اپنے علاقوں میں جا کر مستقل طور پر تحفظ ختم نبوت کے لائحہ عمل کے مطابق قادیانیوں کا تعاقب کریں، اس منصوبے پر لاگت کا ابتدائی تخمینہ ایک لاکھ روپیہ سالانہ ہے، بحمداللہ رمضانِ مبارک کے بعد سے اس کا آغاز کیا جا رہا ہے

۲۔۔۔ ختم نبوت کی دعوت کے لیے نئے علماء کرام شریک مجلس کیے جائیں، اور انہیں تربیت دے کر اندرون و بیرون ملک تبلیغی خدمات اور ردّ قادیانیت کے لیے تیار کیا جائے، اس تربیتی کورس کے لیے فی الحال پندرہ افراد کا انتخاب تجویز کیا جا رہا ہے۔ اس منصوبے پر جماعت کا ۷۵ ہزار روپیہ سالانہ خرچ ہوگا،

۳۔۔۔ مجلس کی ضروریات اور اس کا کام اتنا پھیل چکا ہے کہ اس کے لیے مرکزی دفتر کی موجودہ عمارت کافی نہیں اسلیے ملتان ہی میں ایک اچھے موقع پر قطعۂ اراضی اڑھائی لاکھ روپے کے مصارف سے خرید لیا گیا ہے۔ اس کی سہ منزلہ عمارت کا نقشہ منظور ہو چکا ہے، اور تعمیر کا آغاز کر دیا گیا ہے، یہ عالمی تبلیغی مرکز ایک عالی شان جامع مسجد

دارالاقامہ، دارالضیوف، پریس، اور دفاتر کی عمارات پر مشتمل ہوگا، اس عظیم ترین منصوبہ کے مصارف کا اندازہ تخمینہ چالیس لاکھ کے قریب ہے۔

۴۔ قادیانیوں کے عالمی مرکز "ربوہ" میں، جہاں ۴۷ء سے پہلے کسی مسلمان کا گزر بھی ممکن نہیں تھا، وہاں اب مسلمانوں کی آبادی کی صورت کی سکیم تیار کی جارہی ہے، وہاں مسلمانوں کے لیے سب سے اہم ترمسئلہ یہ ہے کہ انکی معاش کے لیے صنعتی کاروبار کا انتظام کیا جائے اور وہاں مسلمانوں کے لیے مکانات کی تعمیر کا بندوبست کیا جائے

۵۔ بحمداللہ "مجلس تحفظ ختم نبوت" کو "ربوہ" میں تقریباً نو کنال رقبہ حاصل ہوگیا ہے۔ اس میں جامع مسجد، مدرسہ، دارالاقامہ، پریس، دفاتر، عملہ کیلئے کوارٹرز کی تعمیرات کا مسئلہ سب سے زیادہ اہمیت کا حامل ہے، چونکہ یہ علاقہ (مرزائیوں کے دل کی طرح) بالکل بنجر ہے، نہ پانی ہے، نہ بجلی، نہ سڑک، اسلیئے اس بنجر زمین میں، جو کفر کی نحوست سے بالکل شور ہے، ختم نبوت کا پودا لگانا بہت ہی جفاکشی اور کثیر سرمائے کا محتاج ہے، یہ مجلس کے کام کا مختصر سا خاکہ پیش کیا گیا، جیسا کہ پہلے عرض کرچکا ہوں "مجلس تحفظ ختم نبوت" کسی خاص فرد یا جماعت کا ادارہ نہیں بلکہ مسلمانانِ عالم کا ایک اجتماعی ملی ادارہ ہے اور ناموسِ رسالت کی حفاظت و پاسداری کا فریضہ تمام مسلمانوں کا اجتماعی فریضہ ہے، اسلیئے ہم سب کا فرض ہے کہ مسئلہ ختم نبوت کی حفاظت کے لیئے اپنی اپنی استطاعت کے مطابق کام کریں۔

○